PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

EIGHTH SESSION OF SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Wednesday, the 22nd January, 1969

چہار شنبہ - ۳ ذیقعة ۱۳۸۸ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9.00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, H. K. in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

(پ ۱۴- سورہ ۱۶- ع ۲۱- آیات ۱۱۲ تا ۱۱۵)

اور اللہ ایک ایسی بستی کی مثال بیان کرتا ہے کہ جہاں ہر طرح امن وچین کا دور دورہ تھا ہر طرف سے رزق بافراغت چلا آتا تھا۔ مگر ان لوگوں نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی تو اللہ نے انکے اعمال کے سبب بھوک وخوف کا لباس پہنا کر ناشکری کا مزہ چکھا دیا۔ اور اُن کے پاس انہیں میں سے ایک پیغمبر آیا تو اُنھوں نے اُس کو جھٹلایا پس ان کو عذاب نے آپکڑا اور وہ ظالم لوگ تھے۔

اللہ نے جو تم کو حلال وطیب رزق عطا کیا ہے پس اسے کھاؤ اور اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرو اگر تم اسی کی عبادت کرتے ہو۔

البتہ اس نے تم پر مردار، خون، سور کا گوشت اور جس چیز پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے حرام کر دیا ہے۔ ہاں اگر کوئی مجبور و ناچار ہو جائے بشرطیکہ بغاوت وسرکشی مقصود نہ ہو تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: Now the Question Hour. Mr. Muhammad Umar Qureshi.

MONTHLY RENT OF BUILDING OF DISTRICT FAMILY PLANNING BOARD, LAHORE.

***14252. Mr. Muhammad Umar Qureshi**: Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) the date on which the District Family Planning Board, Fazlia Colony, Lahore, was established ;

(*b*) the present strength of staff working in the said Board ;

(*c*) whether it is a fact that the office of the said Board is housed in a rented building ; if so, the name and address of its owner ;

(*d*) the monthly rent of said building alongwith the total amount paid as rent by the Department uptil May, 1968 ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) The office of the District Family Planning Board was established at 8-Fazalia Colony, Lahore, on 1st August 1965.

(*b*) The present strength of staff working in the Board is as follows :—

(*i*)	Executive Officer	...	1
(*ii*)	District Technical Officer	...	1
(*iii*)	Statistical Assistant	...	1
(*iv*)	Accountants	...	2
(*v*)	Steno Typist	...	1
(*vi*)	Store-Keeper	...	1

(*vii*)	U. D. Cs.	...	3
(*viii*)	L. D. Cs. (Lower Division Clerks)	...	5
(*ix*)	Senior Clerk	...	1
(*x*)	Junior Clerk	...	1
(*xi*)	Tracer	...	1
(*xii*)	Projectionist	...	1
(*xiii*)	Drivers	...	7
(*xiv*)	Helper	...	1
(*xv*)	Peons	...	3
(*xvi*)	Aya	...	1
(*xvii*)	Chowkidar	...	1

(*c*) The office of District Family Planning Board is housed in a rented building (8-Fazlia Colony, Lahore). The name and address of the owner of the building is as follows :—

" Begum Khurshid Aziz, c/o M. Abdul Aziz, 51/A, Ferozepur Road, Lahore ".

(*d*) The monthly rent of the said building, was Rs. 900 (rupees nine hundred) per month from 1st August 1965 to 31st October 1967. This monthly rent was raised to Rs. 1,050 with effect from 1st November 1967, because of the construction of additional accommodation. The total rent paid to the owner of the house till May, 1968, is Rs. 31,650 (rupees thirty-one thousand, six hundred and fifty only).

ملک محمد اسلم خاں - جناب والا - کیا میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ کتنے اور کمرے بنائے تھے جس کی بنا پر آپ نے کرایہ اتنا بڑھا دیا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - کمروں کا تو مجھے معلوم نہیں لیکن اضافہ ضرور کیا گیا تھا جس کی وجہ سے کرایہ ڈیڑھ سو سے زیادہ ہو گیا -

ملک محمد اسلم خاں - کتنی نسبت سے وہ کرایہ بڑھا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - اضافے کے مطابق کرائے کی نسبت بڑھائی گئی -

سید عنایت علی شاہ - میں جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب محکمہ اپنے لئے کوئی دکان کرایہ پر لینا چاہتا ہو تو کیا اس لئے یہ ضروری نہیں ہوتا کہ کرایہ کی تشخیص کسی ماہر سے کرائی جائے ؟

Parliamentary Secretary : The rent was fixed by P. W. D. authorities.

بابو محمد رفیق - جناب والا - پالیمنٹری سیکرٹری صاحب نے بتایا ہے کہ ان کا محکمہ ہزاروں روپے کرایہ میں دیتا ہے کیا محکمہ کے زیر غور اپنی buildings بنانے کی تجویز ہے تاکہ یہ ہزاروں لاکھوں روپیہ بچ سکے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - بلڈنگ بنانے میں زیادہ روپیہ خرچ ہوتا ہے - اگر ایسا نہ ہو تو سب لوگ اپنی بلڈنگیں بنا لیں اور کوئی شخص کرایہ پر نہ رہے -

مثر ہاشم لاسی - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بتائیں گے کہ کرایہ بڑھانے کے اسباب کیا تھے - کیا مالک مکان نے کہا تھا یا انہیں خود محسوس ہوا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - بلڈنگ میں addition کی گئی تھی جس کی ہمیں ضرورت تھی -

---

BUILDING OF FAMILY PLANNING INSTITUTE LAHORE.

* **14253. Mr. Muhammad Umar Qureshi**: Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) the total number of rooms in the building presently occupied by the Family Planning Institute, Mecleod Road, Lahore ;

(*b*) the name and address of the owner of the said building .

(*c*) the rent of this building, the amount paid as rent so far as well as the amount of rent outstanding against the Department ;

(*d*) whether it is a fact that the rent of the said building was got assessed by the Department from an architect ; if so, his name ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) (*a*) There are 10 large rooms, 5 small rooms, 4 bath rooms, 2 out-houses, and 3 verandahs.

(*b*) Dr. M. K. Toosy, S. Q. A., S. K. , 40-Ahmed Park, Lahore.

(*c*) The rent of this building is Rs. 1,380 per mensem. The rent so far paid comes to Rs. 49,680. No rent is outstanding at the moment against the West Pakistan Family Planning Board.

(*d*) The rent of the building was not assessed by any Architect or Engineer.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب سپیکر ۔ میرے پہلے سوال کے جواب میں انہوں نے فرمایا تھا کہ جب کوئی مکان کرایہ پر لیا جاتا ہے تو یہ پہلے اس کے کرایہ کی تشخیص کراتے ہیں ۔ اس سوال کے جواب میں انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ کرایہ کی تشخیص نہیں کرالی گئی تھی ۔ اگر انہوں نے یہ خلاف قانون کام کیا تو کیوں کیا اور ان کے پاس اس کا کیا جواز ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ پہلے سوال میں پوچھا گیا تھا کہ آیا rent assess کرایا گیا تھا ۔ میں نے کہا کرایا گیا تھا ۔ میں نے کوئی اصول نہیں بتایا تھا کہ ہمیشہ ایسا کیا جاتا ہے ۔ موجودہ سوال میں صحیح پوزیشن یہی ہے اس کا rent assess نہیں کرایا گیا ۔ اس میں دس بڑے کمرے ہیں پانچ چھوٹے کمرے ہیں ، چار غسل خانے ہیں ۔ دو آوٹ ہاوسز ہیں اور تین برامدے ہیں ۔ اتنا بڑا مکان تھا اس کا یہ کرایہ موزوں سمجھا گیا اس لئے محکمہ کو کرایہ assess کرانے کی ضرورت محسوس نہ ہوئی ۔ انہوں نے پندرہ سو روپیہ کرایہ مانگا تھا ۔ ۱۲۰ روپے خود ہی کم کرائے ۔ مکان مرکزی جگہ میں واقع ہے اس کا کرایہ assess کرانے کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی ۔

بابو محمد رفیق ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ بتائیں گے کہ قانون کی یہ ہدایات نہیں ہیں کہ پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی یا کسی اور محکمہ سے آپ کرایہ assess کرائیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ مجھے معلوم نہیں ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ کرایہ اس لئے assess نہیں کرایا گیا ہے کیونکہ مالک مکان ڈاکٹر طرسی وہی ہونگے جو سیکرٹری ہیلتھ رہ چکے ہیں اور یہ چونکہ ان کا محکمہ ہے اسلئے ان کا مکان آپ نے خود کرایہ پر لیا ہو ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جی وہی ہیں جو پہلے سیکرٹری تھے ۔

خان اجون خان جدون ۔ کیا یہی وجہ تھی کہ اس کے مکان کا rent assess کرانے کی ضرورت محسوس نہ کی گئی ؟

پالیمنٹری سیکرٹری ۔ میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ کرایہ جو انہوں نے مانگا تھا اور جو ہم نے بعد میں مقرر کرایا وہ بڑا معقول اور موزوں ہے زیادہ نہیں ہے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب عالی ۔ انہوں نے بابو رفیق صاحب کے جواب میں فرمایا ہے کہ انہیں rules کا پتہ نہیں کہ اگر کوئی محکمہ مکان کرایہ پر لینا چاہے تو پہلے اس کا کرایہ پی ۔ ڈبلیوں ۔ ڈی سے assess کرائے تو کیا اس افسر کے خلاف کوئی کارروائی کی جائیگی جس نے اس rule کی خلاف ورزی کی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے یہ کرایہ موزوں تھا میں سمجھتا ہوں اگر کوئی ایسا رول ہوتا ہے تو ضرور اس پر عمل کیا جاتا ۔ اس میں ڈیپارٹمنٹ کی discretion تھی ۔

بابو محمد رفیق ۔ جناب والا ۔ میں ان کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ یہ گورنمنٹ کے basic رولز ہیں ۔ پرائمری سکول کی عمارت کے لئے دس روپیہ کرایہ دینا ہو تو وہ بھی assess کراتے ہیں ۔ کیا وہ دریافت کرکے اگلی بار بتا سکینگے کہ اس کا کرایہ کیوں assess نہیں کرایا گیا ؟

Parliamentary Secretary : I will look into it sir.

وزیر صحت (بیگم زاہدہ خلیق الزمان) ۔ جناب والا ۔ جب یہ مکان لیا گیا تھا اس وقت طوسی صاحب سیکرٹری نہیں تھے ڈائریکٹر تھے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ اگر یہ رول ہے کہ اسے assess کرانا چاہئیے تو ہم اسے کرالیں گے ۔

بابو محمد رفیق ۔ جب یہ رول ہے تو وہ کیا وجوہات تھیں کہ اس rule کے خلاف یہ کارروائی کی گئی اور یہ assess نہیں کرایا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ ہم انکوائری کرالیں گے ۔

وزیر صحت - جناب والا - دس پندرہ کمروں کا مکان ہے انسران نے ۱۳۸۰ روپے مقرر کئے تھے -

مسٹر سپیکر - کس افسر نے یہ مکان لینے پر رضا مندی دی تھی اور کون سے افسر نے آرڈر پاس کیا تھا کہ اسے لے لیا جائے - ہاؤس یہ معلوم کرنا چاہتا ہے ؟

وزیر صحت - دوبارہ سوال دے دیں - میں معلوم کرنے کے بعد بتا دونگی -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - یہ کہتے ہیں کہ اسے assess کرا لیں گے - اگر اب اسے کم رقم پر assess کیا گیا تو کیا وہ زائد رقم محکمہ سے وصول کی جائیگی یا اس افسر سے جس نے غلط کام کیا ؟

Mr. Speaker : Next question.

PROVIDING HEALTH FACILITIES IN FORMER SIND KOHISTANI AREAS

*14272. **Mr. Muhammad Umar Qureshi :** Will the Minister for Health be pleased to state : —

(*a*) area and population of Kohistani areas of Tharparkar, Sanghar, Nawabshah, Khairpur, Sukkur, Dadu and Larkana Districts ;

(*b*) the present number of Government Hospitals, Dispensaries and Health Centres in said areas along with the number of those which are proposed to be opened and the local thereof ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum): (*a*) The area and population of Kohistan Areas of the District is as follows :—

Name of the District	*Area In Sq. Miles*	*population*
1. Tharparkar	62·4	3,461
2. Sanghar	*Nil.*	Question does not arise.
3. Nawabshah	350	7735
4. Khairpur	1011	6362
5. Sukkur	119	*Nil*
6. Dadu	2009	29145
7. Larkana	193	1539

(*b*) There is a Local Government Dispensary incharge of an Assistant Medical Officer in Mahal Kohistan Area of Dadu district and a Dispensary in Kohistan Area of Khairpur District. In addition, there is a Red Cross Dispensary in Kohistan Area of Nawabshah District.

Sanghar District has no Kohistan Area and the Kohistan Area of Sukkur district has no population. The population of Kohistan Area of Larkana district is too small and widely dispersed to justify a medical aid facility in the area. The Kohistan Areas in the remaining three districts (Tharparkar, Nawabshah and Khairpur) will be covered through the Rural Health Programme by the provision of a Health Centre for each Union Council in the said area.

———

FOREIGN QUALIFIED T. B. SPECIALISTS

*14277. **Mr. Muhammad Umar Qureshi**: Will the Minister for Health be pleased to state:—

مسٹر محمد عمر قریشی - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ بتائیں گے کہ دیگر ہیلتھ سنٹر جو قائم کرنے تھے - ان کے متعلق یہ سکیم کب سے آپ کے زیر غور ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - سیکنڈ پلان پیریڈ سے -

(*a*) the number of foreign qualified T. B. Specialists presently working in the Government Hospitals in the Province, alongwith their names and designations;

(*b*) names of the places at which each of the said doctors had remained posted since acquiring said qualifications as well as the name of the places where they are working at present;

(*c*) whether it is a fact that the expenses on the training of the said doctors in the foreign countries were met by the Government; if so, the amount of expenditure per doctor ?

Parlimentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum): (*a*) Five.

1. Dr. Abdul Khaliq, WPHS-I.	Medical Superintendent, Fatima Jinnah T. B. Sanatorium. Quetta.
2. Dr. Mohib-ur-Rehman Qazi, WPHS-I.	Medical Superintendent, T. B. Sanatorium, Dadar.
3. Dr. Muhammad Ehsan Khan, WPHS-I	Medical Superintendent. Gulab Devi Hospital, Lahore.
4. Dr. Muhammad Iqbal Yad, WPHS-I	Director, T. B. Control and Training Centre, Karachi.

5. Dr. Shafi Muhammad Qureshi, WPHS-I.	Deputy Medical Superintendent, Ojha Sanatorium, Karachi.
(*b*) *Name of Doctor*	*Places at which remained posted since acquiring foreign qualifications.*
1. Dr. Abdul Khaliq.	1. Medical Superintendent, T. B. Sanatorium, Kotri. 2. Medical Superintendent, T. B. Sanatorium, Quetta.
2. Dr. Mohib-ur-Rehman Qazi.	1. Superintendent, Provincial Laboratory. 2. Deputy Medical Superintendent, Dadar. 3. Civil Surgeon, Bannu. 4. Deputy Medical Superintendent, Dadar. 5. Incharge T. B. Survey Team, West Pakistan. 6. Deputation to Nigeria. 7. Medical Superintendent, Dadar.
3. Dr. Muhammad Ehsan Khan.	1. Medical Superintendent, T. B. Hospital, Sargodha. 2. Medical Superintendent, T. B. Sanatorium, Quetta. 3. Medical Superintendent, T. B. Sanatorium, Samli,

	4. Medical Superintendent, Gulab Devi Hospital, Lahore.
4. Dr. Muhammad Iqbal Yard.	1. Assistant Director, T. B. Control and Training Centre, Karachi. 2. Director T. B. Control and Training Centre, Karachi.
5. Dr. Shafi Muhammad Qureshi.	1. Medical Officer (Class II), T. B. Control and Training Centre, Karachi. 2. Assistant Director, T. B. Control and Training Centre, Karachi. 3. Deputy Medical Superintendent, Ojha Sanatorium, Karachi.

(c) No.

بابو محمد رفیق ۔ کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بتائیں گے کہ پیرا (ج) میں انہوں نے وہاں کوئی خرچ نہیں کیا ۔ کیا یہ ڈاکٹر جو اپنا خرچ کرکے فارن ٹریننگ حاصل کرکے آتے ہیں آپ ان کی حوصلہ افزائی کے لئے انہیں کوئی الاؤنس وغیرہ نہیں دیتے ۔ کیا آپ انہیں سپیشل الاؤنس وغیرہ دیتے ہیں ؟

وزیر صحت ۔ ان کی ایڈیشنل کوالیفیکیشن کے مطابق انہیں کچھ ایڈیشنل increments دیئے جاتے ہیں ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ نمبر ۴ پر ڈاکٹر محمد اقبال یاد ہے یہ کراچی میں کتنے عرصہ سے ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ تقریباً آٹھ سال سے ۔

Mr. Speaker : This question was put and so many supplementaries were asked about that.

SCHEME FOR WELFARE DESTITUTES.

***14370. Mr. Muhammad Umar Qureshi :** Will the Minister for Social Welfare be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the scheme for the welfare of destitutes had been introduced in Lahore and Bahawalpur Divisions on experimental basis ; if so, the results thereof ;

(*b*) in case the said scheme has proved successful whether the same will be introduced in Khairpur and Hyderabad Divisions also ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) No.

(*b*) Question does not arise.

مسٹر محمد عمر قریشی ۔ جناب والا ۔ کیا حکومت نے محتاجوں کی بہبود کی سکیم کو نظر انداز کر دیا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ ہم نے محتاجوں کی سکیم کو نظر انداز نہیں کیا ۔

مسٹر محمد عمر قریشی ۔ اگر نہیں کیا تو اس پر حکومت کیا کارروائی کر رہی ہے ؟ کیا آپ نے کوئی سکیم بنائی ہے اور اس پر چل رہے ہیں ؟ آپ نے جواب میں کہا ہے کہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ آپ نے پوچھا یہ ہے ۔

"Whether it is a fact that the scheme for the welfare or destitutes had been introduced in Lahore and Bahawalpur Divisions on experimental basis."

ہم نے جواب دیا ہے کہ راولپنڈی ، لاہور اور بہاولپور ڈویژنوں میں کوئی سکیم نہیں ہے ۔ اس کے بعد آپ نے پوچھا ہے کہ اگر وہ کامیاب ہوئی ہے تو کیا آپ اسے خیرپور اور حیدر آباد میں جاری کرینگے ۔ میں نے کہا ہے کہ سکیم ہی نہیں ۔

CHARGING EXAMINATION FEE FROM RECRUITS BY MEDICAL SUPERINTENDENTS

* **I4951. Pir Ali Gohar Chishti** : Will the Minister or Health be pleased to state :—

(*a*) whether the Medical Superintendents of District Headquarters Hospitals in the Province are entitled to charge examination fee from recruits to various Government posts when sent to them by the Recruting Departments with a letter of request for medical examination :

(*b*) whether victims and injured persons are also charged such fee when sent by police for examination ;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, what are the rules on the subject ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) No. (from Provincial Government Employees).

(*b*) No.

(*c*) The question does not arise.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ کیا فاضل پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کو یہ علم ہے کہ اس سوال کے جواب میں صورت حال

ایسی نہیں ہے جیسا کہ آپ نے کہا ہے حقیقت میں ان دونوں طبقوں کے لوگوں سے فیس لی جاتی ہے ۔ گورنمنٹ ملازمین سے بھی فیس لی جاتی ہے اور جو پولیس زخمی آدمی دے کر جاتی ہے ان سے بھی فیس لی جاتی ہے ؟

Parliamentary Secretary : We have no information, Sir.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ اگر ایسی صورت حال ہو تو کیا آپ اس کا تدارک کرنے کے لئے تیار ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ اگر آپ کوئی ایسا کیس بتائیں تو یقیناً ہم action لیں گے ۔

PERSONS CHALLANED UNDER THE WEST PAKISTAN PURE FOOD ACT

*14953. **Pir Ali Gohar Chisti** : Will the Ministor for Health be pleased to state : -

(*a*) the Division-wise number of persons challaned under the West Pakistan Pure Food Act during 1966, 1967 and 1968 ;

(*b*) number of those amongst them who were (*i*) convicted by the subordinate courts (*ii*) acquitted by the appellat ecourts and (*iii*) the number of accused persons who were awarded the sentences of whipping ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*), (*b*) The information given in the form of statementis placed on the table of Assembly.*

*Please see Appendix I at the end.

FAMILY PLANNING OFFICERS APPOINTED IN DISTRICT JHANG.

* **15010. Chaudhri Muhammad Idrees** : Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) the names of Family Planning Officers appointed in district Jhang during the year, 1968 alongwith their following particulars :—

(*i*) place of birth, (*ii*) educational institutions from which they passed their Matriculation, Intermediate and B. A. Examination and (*iii*) the marks obtained by them in each examination from Matriculation till their highest edcational Degree ;

(*b*) the number of applications received for the said posts alongwith the following particulars :—

(*i*) name of each applicant ; (*ii*) place of his residence and (*iii*) educational qualifications and marks or Division obtained in each examination ;

(*c*) whether the above said posts were advertised ; if so ; a copy of the advertisement to placed at the Table of the House ;

(*d*) whether it is a fact that scooters have been provided to some of the Family Planning Officers stationed in District Jhang ; if so, (*i*) the number of Scooters so provided, (*ii*) the names of the officers provided with these scooters, (*iii*) the dates of their entry into service, (*iv*) the places of their posting and (*v*) the purposes of distribution of these scooters ;

(*e*) whether petrol and repair charges of the said scooters will be borne by Government or by the said Officer ;

(*f*) the amount expended on petrol and repair charges of each scooter up to 30th November, 1968 ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*), (*b*), (*c*), (*d*), (*e*), (*f*). The information is placed on the table of the House*

*Please see appendix II at the end

چودھری محمد ادریس - جناب سپیکر - میں آپ کی توجہ سوال کے حصہ (الف) کی طرف دلانا چاہتا ہوں - میں نے اس میں یہ پوچھا ہے کہ ۱۹۶۸ء میں خاندانی منصوبہ بند کے کتنے افسر appoint کئے گئے ؟

"(a) the names of Family Planning Officers appointed in district Jhang during the year, 1968"

میں صرف یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ ۱۹۶۸ء میں کتنے آدمیوں کی appointment ہوئی - ان کی تفصیل مجھے چاہئے تھی لیکن انہوں نے ۱۹۶۵ء سے تمام تفصیل مجھے دے دی ہے - اس تفصیل میں یہ پتہ نہیں لگ سکتا کہ ۱۹۶۸ء میں کس کس کو appoint کیا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - یہ ۳۱ افسران کی لسٹ ہے -

Containing the names of Family Planning Officers appointed in District Jhang during the year, 1968 along with their qualifications.

Please see the heading.

چودھری محمد ادریس - یہ appoint نہیں ہوئے ہیں -

"WHICH ARE STATIONED AT JHANG IN 1968"

مسٹر سپیکر - آپ کا یہ خیال ہے کہ جھنگ میں ایک سال میں ۳۱ آدمی appoint ہوئے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ محکمہ نے تو یہ انفرمیشن سپلائی کی ہے ۔ سوال یہ تھا کہ

(a) the names of Family Planning Officers appointed in district Jhang during the year 1968.

Mr. Speaker : Yes. Not stationed in Jhang but appointed in Jhang. Have you given him the list of officers appointed during the year 1968.

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ محکمہ نے تو یہی لسٹ دی ہے کہ ۱۹۶۸ء میں یہ تقرریاں کی گئی ہیں ۔

Mr. Speaker : Will the Minister of Health please elucidate this matter.

وزیر صحت ۔ (بیگم واحدہ خلیق الزمان) جناب والا ۔ یہ اسامیاں ڈپٹی کمشنر نے پر کی ہیں جو اطلاع ہمارے پاس ہے جیسا کہ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے کہا ہے اس کے مطابق ۱۹۶۸ء میں اتنی تقرریاں ہوئی ہیں ۔ جو اسامیاں خالی ہوتی ہیں وہ مشتہر کی جاتی ہیں دیہات والوں سے آدمی لیکر اسامیاں پر کی جاتی ہیں ۔ علاقائی زبان کا بھی لحاظ رکھا جاتا ہے ۔ معلوم نہیں ادریس صاحب کس طرح کی معلومات چاہتے ہیں ؟

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ ۱۹۶۸ء میں جتنے آدمی اپوائنٹ ہوئے ان کی فہرست مجھے چاہئے ۔

وزیر صحت ۔ آپ دوبارہ سوال دے دیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ سوال تو یہ تھا کہ اس سال کتنی تعیناتیاں ہوئیں ۔ آپ کے محکمہ نے جو فہرست مہیا کی ہے اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ اس وقت تک جھنگ میں کتنے آدمی کام کر رہے ہیں ۔

وزیر صحت ۔ کیا آپ نام پوچھنا چاہتے ہیں ؟

مسٹر سپیکر ۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ پچھلے سال کتنے آدمیوں کی نئے سرے سے تقرریاں کی گئیں ۔ اس فہرست میں تو ۱۹۶۵ء ، ۱۹۶۶ء ، ۱۹۶۷ء اور ۱۹۶۸ء کے سبھی لوگ ہونگے جن کی تقرریاں کی گئیں ہیں ۔ یہ ضلع جھنگ میں جو کام کر رہے ہیں ان کے متعلق ہے ۔ وہ یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ ۱۹۶۸ء میں کتنے آدمی نئے سرے سے تعینات کئے گئے ؟

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ اس سوال کو repeat کر دیں ۔

وزیر صحت ۔ جناب والا ۔ دوسری دفعہ انشاء اللہ پوری انفرمیشن مہیا کر دیں گے اگر وہ معلوم کرنا چاہتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ اگر معلوم کرنا نہیں چاہتے ۔ محکمہ اچھی طرح سے سوال کو سمجھ سکتا تھا کہ اس سال کتنے افسران کی تقرریاں ہوئی ہیں ۔ وہ اس میں تمیز کر سکتا تھا ۔ فاضل ممبر کے جواب میں اتنی لمبی چوڑی اور vague سٹیٹمنٹ دینے کی کیا ضرورت ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی - کیا یہ محکمہ جتنی بچوں کی پیدائش کو روکتا ہے اس سے زیادہ آدمیوں کی تقرری نہیں کرتا ہے ؟

مسٹر سپیکر - آپ اپنا سوال اگلی مرتبہ کے لئے reserve فرمالیں -

This question would be repeated on the next turn.

SHIFTING OF T. B. CLINIC FROM THE COMPOUND OF CIVIL HOSPITAL, DASKA

* **15011. Dr. Sultan Ahmad Cheema :** Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is a T. B. Clinic in the compound of Civil Hospital, Daska ;

(*b*) whether Government is aware of the fact that there is a danger for the indoor and outdoor patients of the said hospital catching T. B. infections from the T. B. Patients ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to consider the advisability of shifting the said T. B. Clinic to some other place near Daska Town ?

Parliamentary Secretary (Mr Abdul Qayyum) : (*a*) Yes.

(*b*) There is no danger for the hospital to get T. B. infection.

(*c*) No.

ڈاکٹر بیگم اشرف عباسی ۔ جناب والا ۔ سوال کے حصہ (ب) کے جواب میں انہوں نے کہا ہے کہ وہاں مریضوں کو ٹی۔بی لگنے کا کوئی امکان نہیں ہے ۔ آپ کو پتہ ہے کہ وہاں ٹی۔بی کلینک ہسپتال کی حدود کے اندر ہے وہاں جو outdoot کے مریض آتے ہیں وہ جب آپس میں ملیں گے تو وہاں کیا مریضوں کو ٹی۔بی کی بیماری لگنے کا اندیشہ نہیں ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ وہاں ٹی۔بی کلینک ایک طرف ہے indoor اور outdoor مریضوں کے ساتھ ان کا contact نہیں ہے medical opinion یہ ہے کہ اس سے T. B. infection کا کوئی خطرہ نہیں ہے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب ہمیں medical opinion بتا رہے ہیں کیا ٹی۔بی کے متعلق یہ سمجھا جائے کہ اس سے کوئی خطرہ نہیں ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ کہا ہے کہ ہسپتال کے ایک حصہ میں ٹی۔بی کلینک ہے اور دوسرے حصہ میں indoor اور outdoor مریض ہوتے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ درمیان میں کتنا فاصلہ ہے ۔

وزیر صحت ۔ جتنا ہمارا اور آپ کا فاصلہ ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ وہاں جا کر میں اور آپ فاصلہ ناپیں گے ۔ جناب والا ان دونوں حصوں میں مریضوں کا کوئی direct or close contact نہیں ہے جس سے کوئی خطوہ ہو ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ فاروقی صاحب کے سوال کا جواب بھی دیں ۔

Anyhow that is a pertinet supplementary ; when you say that there is no danger of infection you should give the distance if you claim that there is no danger of infection.

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ وہاں مریضوں کا آپس میں میل نہیں ہوتا ۔ وہاں دونوں حصوں میں close یا direct contact نہیں ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ کیا وہاں دروازہ ایک ہی ہے جس سے دونوں قسم کے مریض اندر داخل ہوتے ہیں یا ان کے لئے دروازہ دوسرا ہے ؟ (قطع کلامیاں)

مسٹرسپیکر ۔ آرڈر ۔ آرڈر ۔ میں یہ معلوم نہیں کر سکا کہ ضمنی سوال کس کا تھا ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ میں جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے یہ معاوم کرنا چاہتا ہوں کہ ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میرے ضمنی سوال کے متعلق آپ نے رولنگ دی ہے کہ یہ بڑا pertinent سوال ہے کہ دونوں وارڈوں کے درمیان فاصلہ کتنا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ظاہر ہے وہ اس وقت فاصلہ نہیں بتا سکتے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ وزیر صاحبہ نے فرمایا ہے کہ جتنا ہمارے اور آپ کے درمیان فاصلہ ہے ۔ یہ فاصلہ تو بہت قریب ہے اس سے infection تو ضروری ہوتی ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ میں نے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے پوچھا تھا کہ اس ہسپتال کا جس میں ٹی۔بی کلینک بھی ہے اور دوسرا ہسپتال بھی ہے کیا اس کا ایک ہی دروازہ ہے ۔ انہوں نے فرمایا کہ ایک ہی ہے ۔ اگر دروازہ ایک ہی ہے تو close contact کیسے نہیں ہو سکتا ؟ وہ تو لازمی ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ کلینک کا دروازہ جدا ہے ۔ indoor اور outdoor patients کے لئے دروازہ جدا ہے ۔

چودھری محمد سردار خان ۔ اگر میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے یہ عرض کروں کہ وہاں compound ایک ہے ۔ باہر نکلنے کا دروازہ سارے مریضوں کے لئے ایک ہے ۔ اندر جانے کا دروازہ سارے مریضوں کے لئے ایک ہے تو ان حقائق کے ہوتے ہوئے کیا وہ مجھے بتائیں گے کہ ٹی۔بی وارڈ infection کیسے نہیں ہو سکتا ؟

Parliamentary Secretary : If you permit me, Sir, I will read the explanatory note from the department. The T. B. clinic is located on one side of the compound. The out-door department and the in-door wards are on the other side of the compound. The entrance gates of both are also separate: The in-door and out-door patients of the hospital have no contact with the T. B. patients. Hence there is no danger.

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi : Will the Parliamentary Secretary be pleased to State whether there is a wall in between the T. B. clinic and the out-door department, because if there is no such wall, then, how can they prevent the patients from entering through the same door ? Whichever door they feel of easy access, the out patients can go through that door, and there will be contact with the T. B. patients.

Parliamentary Secretary : I have not visited this hospital, but from the information supplied to me it appears that this T. B. clinic is an enclosure within the compound ; it has a separate entrance. So it is an enclosed building within the compound , having separate entrance. Therefore, the other hospital is on the other side, and this is within the enclosed building.

Mr. Speaker : Why is it the policy of the department to have T. B. clinics separately, and why not in the hospital compound ? I think this is the policy of the department.

Parliamentary Secretary : Yes Sir, they are separate.

مسٹر حمزہ ۔ کیا یہ حقیقت ہے کہ چھوٹے چھوٹے قصبات میں اکثر جگہ محکمہ کی جانب سے باقاعدہ ٹی۔بی کلینک قائم نہیں کئے گئے اور بیشتر جگہ پرائیویٹ طور پر لوگوں نے چندہ وغیرہ جمع کر کے ذاتی کوشش سے ٹی۔بی کلینک قائم کئے ہیں ؟ اور کیا اگر ڈسکہ کے یہ ڈاکٹر صاحب اس قسم کا کلینک قائم کرنا چاہیں تو حکومت ان کی امداد فرمائے گی ؟

وزیر صحت (بیگم زاہدہ خلیق الزمان) ۔ ضرور ۔

میاں محمد شفیع ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ کلینک کے لئے اور indoor patients کے لئے دروازے الگ الگ ہیں ۔ لیکن انہوں نے یہ نہیں فرمایا کہ ان کے درمیان کوئی دیوار

بنا کر ان کو separate کر دیا گیا ہے - کیا آئندہ کے لئے وہ ٹی-بی کلینک کو علیحدہ کرنے کی غرض سے وہاں دیوار بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - میں نے عرض کر دیا تھا کہ experts کی opinion یہی ہے کہ infaction کا کوئی danger نہیں ہے -

ملک محمد اسلم خان - جناب والا - پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کہتے ہیں کہ experts کی opinion یہ ہے کہ بیماری نہیں پھیلتی - میں ان experts کے نام پوچھنا چاہتا ہوں جنہوں نے ان کو یہ opinion دی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - محکمہ صحت نے اس سوال کا جواب دیا ہے -

ڈاکٹر مسز اشرف عباسی - میں پوچھنا چاہتی ہوں کہ وہاں پر بیچ میں دیوار ہے یا نہیں - اور یہ اس لئے پوچھنا چاہتی ہوں کہ مجھے لاڑکانہ کے ہسپتال کا پتہ ہے کہ وہاں بیچ میں دیوار نہیں ہے - اور جو ٹی-بی کلینک ہے وہ main building کے اندر ہی ہے - اس سے میں سمجھتی ہوں کہ وہاں پر بھی ٹی-بی کے پھیلنے کا خدشہ موجود ہے - اور میرا خیال ہے کہ یہاں بھی دیوار نہیں ہوگی - ٹی-بی کلینک بڑے بڑے ہسپتالوں کے compounds کے اندر ہیں - گورنمنٹ کو چاہئے کہ ایسی جگہوں پر بیچ میں دیوار بنا دے تاکہ ٹی-بی کے اور دوسرے مریض آپس میں مل نہ سکیں -

Mr. Speaker Next question.

T. B. HOSPITAL AT DASKA

* **15012. Dr, Sultan Ahmad Cheema :** Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the T. B. Association, Daska, District Sialkot in running a T. B. Hospital at Daska with an out-door department ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to consider the advisablity of taking over the said hospital and transferring the staff of T. B. Clinic in Civil Hospital to the said T. B. Hospital ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) Yes.

(*b*) No.

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ سوال میں پوچھا گیا تھا کہ اس پرائیویٹ ٹی۔بی ہسپتال کو جس کے متعلق لوگ مطالبہ کر رہے ہیں کہ گورنمنٹ اس کو اپنی تحویل میں لے لے اور جس کی الگ بلڈنگ ہے کیا گورنمنٹ اپنی تحویل میں لینے کے لئے تیار ہے ؟ اس کے جواب میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب فرما چکے ہیں کہ نہیں ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ خدشہ دور کرنے کے لئے آپ اس ٹی۔بی کلینک کو جیسا کہ عوام مطالبہ کر رہے ہیں ، باہر والی بلڈنگ میں لے جانے کے لئے کیوں تیار نہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ یہ تو ایک suggestion ہے ۔

وزیر صحت (بیگم زاهده خلیق الزمان) ۔ جناب والا ۔ یہ تو انہوں نے اپنی رائے دی ہے کہ ہم اس پرائیویٹ ہسپتال کو لے لیں ۔ لیکن فی الحال ہمارا کوئی ارادہ نہیں ہے کہ ہم اس کو لے لیں ۔

WEST PAKISTAN HEALTH SERVICE

*** 15052. Khawaja Muhammad Safdar :** Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) the number of sanctioned West Pakistan Health Service Class II posts in the Province ;

(*b*) the number of sanctioned West Pakistan Health Service Class I post in the Province ;

(*c*) the number of posts out of those mentioned in (*a*) above which remained vacant during each month of 1967 and 1968 ;

(*d*) the number of posts out of those mentioned in (*b*) above which remained vacant during each month of 1967 and 1968 ;

(*e*) the number of sanctioned posts of Assistant Medical Officers (non-gazetted) in the Province ;

(*f*) the number of posts out of those mentioned in (*e*) above remained vacant during each month in 1967 and 1968 ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) 1536,

(*b*) 244.

	Year	Jan.	Feb.	March	Apr.	May	June	July	Aug.	Sept.	Oct.	Nov.	Dec.
(c)	1967	282	294	299	297	310	303	338	349	342	346	344	347
	1968	332	336	338	333	333	343	368	398	401	429	425	445
(d)	1967	39	41	41	42	42	39	47	48	41	40	35	37
	1968	35	35	38	40	39	40	39	40	37	36	40	40
(e)	507												
(f)	1967	137	144	150	158	149	154	153	154	153	201	196	211
	1968	194	195	202	194	181	184	160	212	202	200	209	211

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے کہا ہے کہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں دوسرے درجہ کی 1536 اسامیاں ہیں - اور انہوں نے بتایا ہے کہ دسمبر 1968ء ہیں ان میں سے 445 خالی تھیں - میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ صورت حال ان کے نزدیک خوش کن ہے کہ درجہ دوم کی قریباً تیس فیصد اسامیاں خالی ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر عبدالقیوم) - ہرگز خوش کن نہیں ہے - ہم اس سے مطمئن نہیں ہیں - لیکن صورت حال جناب والا کو معلوم ہے کہ درجہ دوم کے ڈاکٹروں کی ان اسامیوں کی terms of service کو ڈاکٹر اتنا attractive نہیں سمجھتے اور اس لئے نہیں آتے - جب ہم advertise کرتے ہیں تو بہت سی applications آ جاتی ہیں - اس کے بعد پبلک سروس کمشن بہت سا وقت لے لیتا ہے - تقریباً ایک سال

لگ جاتا ہے - جب interview کے لئے applicants کو بلایا جاتا ہے تو اس وقت تک بہت سے applicants دوسری جگہوں پر لگ گئے ہوتے ہیں یا پرائیوٹ پریکٹس شروع کر دیتے ہیں - نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بہت کم ڈاکٹر interview کے لئے آتے ہیں - اس کے بعد appointments دیر سے ہوتی ہیں - نتیجہ یہ ہے کہ بہت کم ڈاکٹر ملتے ہیں اس طرح جیسا کہ آپ figuers میں دیکھیں گے ، اس میں ہر سال کچھ نہ کچھ اضافہ ہی ہو رہا ہے -

ملک محمد سلم خان - میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ class I میں بھی اور class II میں بھی non-gazetted class میں بھی جنوری ۱۹۶۷ء کے مقابلہ میں دسمبر ۱۹۶۸ء میں یہ vacancies زیادہ ہوتی گئی ہیں - یہ جو زیادتی ہو رہی ہے ، یہ بہت بڑی بات ہے - اس کا علاج کیا جائے - انہوں نے یہ بھی بتایا ہے کہ پبلک سروس کمشن میں ایک سال کی دیر لگ جاتی ہے - اور پھر appointments میں بھی دیر لگ جاتی ہے - یہ حکومت کی ذمہ داری ہے - یہ دیر کیوں لگاتے ہیں ؟ اور ڈاکٹروں کی appointments میں دیر کرنا تو مریضوں کی جان کے ساتھ کھیلنے کے برابر ہے -

وزیر صحت (بیگم زاهده خلیق الزمان) - جناب والا - جب سے ad-hoc appointments بند ہوئی ہیں ، اس وقت سے پبلک سروس کمشن میں دیر ہو جاتی ہے - وہاں کافی دیر لگ جاتی ہے - اور اس کی وجہ سے appointments میں دیر ہو جاتی ہے - اور اس دوران میں ڈاکٹر پرائیویٹ پریکٹس کرنے لگتے ہیں - لیکن ہم کوشش کر رہے ہیں کہ

یہ چیز دور ہو جائے ۔ اس کے لئے ایک بورڈ بھی مقرر کیا گیا ہے کہ ڈاکٹروں کی appointments جلد از جلد ہوں اور ان میں دیر نہ لگنے پائے ۔ اور ان کو select کر کے اسامیوں کو پر کیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں محترمہ وزیر صاحبہ کی توجہ جواب کے حصہ (سی) کی طرف دلاتا ہوں انہوں نے فرمایا ہے کہ خالی اسامیاں جلد از جلد پر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں کہ دسمبر ۱۹۷۶ء کے مقابلہ میں دسمبر ۱۹۶۸ء میں ۱۰۰ اسامیاں زیادہ خالی ہیں ۔ ۱۹۶۸ء میں کل اسامیاں ۴۴۵ خالی ہیں ۔ کیا ان کی کوششوں کا الٹا اثر تو نہیں ہو رہا ۔ وہ کس قسم کی کوشش کر رہے ہیں ؟

وزیر صحت جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکی ہوں ہم برابر کوشش کر رہے ہیں کہ ڈاکٹروں کو زیادہ سے زیادہ آسائش اور سہولتیں بہم پہنچائی جائیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ یہ مسئلہ بہت اہم ہے اور کئی سالوں سے چلا آ رہا ہے اسامیاں خالی ہوتی ہیں اور پر نہیں کی جاتیں ۔ پورے مغربی پاکستان میں ۶ میڈیکل کالج ہیں اور کئی سو ڈاکٹر تعلیم حاصل کرکے نکلتے ہیں اس کے باوجود یہ اسامیاں پر نہیں کی جاتیں ۔ میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ وہ کیا اسباب ہیں جن کی وجہ سے خالی اسامیاں کم ہونے کی بجائے دن بدن بڑھ رہی ہیں ۔ اگر حکومت کے پاس ۵۰۰ اسامیاں خالی ہیں تو صرف ۴۰۰ درخواستیں آتی ہیں ۔ کیا وجہ ہے کہ میڈیکل کالج سے فارغ

ہونے کے بعد ڈاکٹر سرکاری ملازمتوں کی طرف رجوع نہیں کرتے۔ آپ بتائیں کہ کیا بنیادی خرابیاں ہیں اور ڈاکٹروں کی appointments کے لئے terms and conditions میں کیا کمی ہے یا کیا نقائص ہیں کہ ڈاکٹر ادھر متوجہ نہیں ہوتے ؟

وزیر صحت - خواجہ صاحب نے یہی سوال دریافت کیا تھا اب اسی کو دھرا دیا گیا ہے ۔ میں نے پہلے عرض کر دیا تھا کہ ہم حالات کے پیش نظر بہت زیادہ سہولتیں اور آسانیاں مہیا نہیں کر سکے شاید اس لئے وہ زیادہ متوجہ نہیں ہوتے لیکن ہم پوری کوشش کر رہے ہیں کہ ان کو سہولتیں دی جائیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب کا یہ سوال تھا کہ خالی اسامیاں پر کرنے کی بجائے زیادہ خالی ہو رہی ہیں اس کی کیا وجوہات ہیں ؟

وزیر صحت - دراصل وہ دوسری جگہ جا کر پرائیویٹ پریکٹس کرتے ہیں اور سرکاری ملازمتوں کی طرف توجہ نہیں دیتے - اب ہم کوشش کر رہے ہیں کہ ان کی دشواریوں کو جلد از جلد دور کر دیا جائے ۔

بابو محمد رفیق ۔ جیسا کہ وزیر صاحبہ نے فرمایا ہے پبلک سروس کمشن میں یہ اسامیاں پر کرنے میں زیادہ وقت لگ جاتا ہے اور appointments پر adhoc basis بند کر دی گئی ہیں تو کیا آپ ایسی کارروائی کریں گی کہ ڈاکٹروں کی appointments کو adhoc basis

پر پر کیا جائے اور ایسے جو بھی ضروری پیشے ہیں ان کی appointments adhoc basis پر ہوں ؟

وزیر صحت - اس سلسلہ میں میں یہ عرض کروں گی کہ adhoc basis پر appointments بند نہیں ہیں - فرق صرف یہ ہے کہ اب ہم پر نہیں کرتے بلکہ پبلک سروس کمشن کرتی ہے -

خواجہ محمد صفدر - وزیر صاحبہ نے ان اسامیاں کے پر نہ ہونے کی زمہ داری پبلک سروس کمشن کے سر پر ڈال دی ہے - میں ان کی توجہ جواب کے آخری حصہ کی طرف دلاتا ہوں - جس میں بتایا گیا ہے کہ non-gazetted اسامیاں ۵۰۷ ہیں - یہ پبلک سروس کمشن کے ذریعہ سے پر نہیں ہوتیں - پھر بھی ۲۱۱ خالی ہیں یعنی ان میں سے ۴۰ فیصد سے زیادہ اسامیاں خالی ہیں ان کو پر کرنے کے لئے آپ نے کونسی کوشش کی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - میڈیکل سکولوں سے جو ڈاکٹ پاس ہو کر آتے تھے وہ licentiate ہوتے تھے - یہ اسامیاں کافی عرصہ سے خالی ہیں - اب ہمیں licentiate ڈاکٹر نہیں ملتے - جو موجود ہیں وہ condensed course کی سکیم میں چلے گئے ہیں - اب حکومت کی تجویز ہے کہ A. M. O. کی posts کو M. O. میں convert کیا جائے پھر M. O. کی اسامیوں کو fill کر دیا جائے گا -

مسٹر حمزہ - کیا وزیر صحت بتائیں گی کہ اس سوال کے جواب میں جو صورت حال ہمارے سامنے ہے اس سے یہ لازمی نہیں ہے کہ انتظامی مشینری کو بہتر بنانے کے لئے ڈاکٹروں کی شرائط ملازمت ایسی

ہوں کہ وہ غیر ممالک میں نہ جائیں اور ان کے باہر جانے پر پابندی لگا دیں ۔

وزیر صحت ۔ ہم آپ کی اس تجویز کا دل سے خیر مقدم کرتے ہیں کہ ڈاکٹروں کو باہر جانے پر پابندی لگا دی جائے اور انہیں روک دیا جائے پھر یہ اسامیاں آسانی سے پر ہو جائیں گی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ پہلے ان کی شرائط ملازمت اچھی کریں ۔

وزیر صحت ۔ آپ میری پوری بات تو سنیں ۔ جس طرح ہم مولانا صاحب کی باتیں صبرو شکر سنتے ہیں ۔ میں یہ عرض کرتی ہوں کہ ان کی ملازمتوں میں زیادہ سہولتیں دینے کے لئے ہم نیک نیتی سے کوشش کر رہے ہیں اور آپ اس سے باخبر ہیں کہ ہم کوشش کر رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ہم با خبر نہیں ہیں ۔ ہمیں معلوم نہیں ہے کہ آپ کیا کوشش کر رہے ہیں ؟

وزیر صحت ۔ دس سالہ ترقی کے لئے تو آپ نے آنکھیں بند کر رکھی ہیں اب آپ کان بھی بند کر رہے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ ہم موچی دروازہ میں بتائیں گے کہ آپ نے کیا کیا ترقی کی ہے ۔

وزیر صحت ۔ ہم بھی وہیں جا کر بتا دیں گے ۔ ہم ڈرنے والے نہیں ۔

وزیر صحت ۔ آپ ان کو تو گالی دینے کی اجازت دے دیتے ہیں اور ہمیں بولنے بھی نہیں دیتے ۔

مسیر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ یہ تاثر بالکل غلط ہے ۔

Mr. Speaker : Is that all ?

وزیر صحت ۔ ہم آپ کے متعلق کچھ نہیں کہتے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے کہا ہے کہ ان کو گالی دینے کی اجازت دیتے ہیں اور ہمیں بولنے بھی نہیں دیتے ۔

Mr. Speaker : No challenges about the public meetings on the floor of the House.

I take a very serious view of that. Please withdraw these remarks.

وزیر صحت ۔ جناب والا ۔ میں یہ الفاظ واپس لیتی ہوں ۔

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب عالی یہ بڑا سنگین مسئلہ ہے ۔ چونکہ پبلک سروس کمشن میں نئی ملازمتوں کے فیصلہ اوراسامیاں پر کر۔ میں زیادہ وقت لگ جاتا ہے اس لئے میں وزیر صحت سے درخواست کروں گا کہ وہ اس سنگین نوعیت کے مسئلہ پر سنجیدگی سے غور کریں ۔ اس کو کیبنٹ میں رکھیں اور اگر ضرورت ہو تو پبلک سروس کمشن کے ممبرن میں ایزادی کر دی جائے اور اس سلسلہ میں کوئی ٹھوس اقدامات کئے جائیں ۔

Mr. Speaker : This is a suggestion for action.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - اگر ہماری جانب سے کوئی ایسی بات کہی گئی ہے جیسے گالی کہا جائے تو میں معذرت خواہ ہوں -

اس کے بعد میں ایک ضمنی سوال دریافت کرتا ہوں - وہ یہ ہے کہ وزیر صاحبہ ہمیں یہ بتائیں کہ وہ کونسے مثبت اقدامات ہیں جو گذشتہ دو سال سے ڈاکٹروں کو بہتر شرائط ملازمت دینے کے سلسلہ میں آپ نے کئے ہیں - یہ مرض اب شروع نہیں ہوا - یہ بہت پرانا مرض ہے - ڈاکٹروں کی ۳۰ فیصد اسامیاں خالی چلی آ رہی ہیں - اس مرض کی نشان دہی خود وزیر صاحبہ نے فرمائی ہے کہ ڈاکٹروں کو مناسب مراعات نہ دینے کی وجہ سے یہ اسامیاں خالی ہیں - اور وہ پرائیویٹ پریکٹس کرتے ہیں - آپ بتائیں کہ ان کو متوجہ کرنے کے لئے کیا مثبت اقدامات کئے ہیں اور ڈاکٹروں کے مطالبات کو پورا کرنے کے لئے کیا کوشش کی ہے ؟

وزیر صحت - میں تو پہلے بھی عرض کر چکی ہوں - کہ ہم پوری نیک نیتی سے ان کو سہولتیں بہم پہنچانے اور کلاس ۱ دینے کے لئے تجاویز پر غور کر رہے ہیں - انشاء اللہ اپنے وسائل کے اندر رہ کر ان پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کریں گے -

Mr. Speaker : That is not an answer to the question.

خواجہ صاحب نے دریافت کیا ہے کہ اس سلسلہ میں محکمہ نے کیا مثبت اقدامات کئے ہیں -

خواجه محمد صفدر ۔ جی ہاں وہ ہمیں بتائیں کہ کیا مثبت اقدامات کئے گئے ہیں ؟

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ مریض مر رہے ہیں ۔ ڈاکٹر ملتے نہیں اور یہ کوشش کرتے چلے جا رہے ہیں ۔

خاک ہو جائیں گے ہم ان کو خبر ہونے تک ۔

وزیر صحت ۔ کلاس ۱ دینے کی کوشش کر رہے ہیں اور ہم جلد از جلد ڈاکٹرں کو مناسب مراعات دیں گے ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا انہوں نے ڈاکٹروں کا کلاس ۱ دینے کے لئے مرکزی حکومت سے سفارش کی ہے اور کیا اس کی منظوری کا انتظار کیا جا رہا ہے یا یہ تجاویز صرف محکمہ کو بھیج دی گئی ہیں ؟

وزیر صحت ۔ ہم نے فائننس ڈپارٹمنٹ کو ایک سال ہوئے اپنی تجویز دی ہے ان کے فیصلہ کا انتظار ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ وہ کیا سفارشات ہیں جو آپ نے کی ہیں ؟

وزیر صحت ۔ ہم نے ایک سال پہلے سفارشات کی ہیں اس کے لئے آپ تازہ سوال دیدیں تو ہم تفصیلات بتا دیں گے ۔ ہم نے ان کی تنخواہیں بڑھانے کے سلسلے میں اور ان کو سہولتیں دینے کے

سلسلے میں لکھا ہے ابھی تک ان کا جواب نہیں آیا ہے ان کے جواب کا انتظار ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ بیگم صاحبہ نے فرمایا ہے کہ ایک سال پہلے فائننس ڈپارٹمنٹ کو سفارشات کی گئی تھیں کہ ڈاکٹروں کو کلاس (اے) دیا جائے تو میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے کیا یہ اپنے کابینہ میں بھی فیصلہ کیا ہے اور کابینہ سے منظوری لی ہے یا صرف ان کی تنخواہوں کے متعلق ہی فائننس ڈپارٹمنٹ کو refer کیا ہے ؟ کونسی تجاویز فائننس ڈپارٹمنٹ کو بھیجی ہیں ؟

وزیر صحت ۔ اس کے لئے ہمارے ڈپارٹمنٹ کی طرف سے فائننس ڈپارٹمنٹ کو تجاویز بھیجی جا چکی ہیں اس کو کابینہ میں پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ ابھی ابھی خواجہ صاحب کے سوال کا جواب میں فرمایا گیا ہے کہ اب adhoc basis پر تقرریاں نہیں کی جائیں اب پبلک سروس کمیشن کے ذریعہ تقرریاں کی جاتی ہیں ۔ میں نے چند دن ہوئے محکمہ تعلیم کے سلسلے میں ایک سوال کیا تھا جس کے جواب میں تعلیم کے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے مجھے جواب دیا اور انہوں نے یہ یقین دہانی کی کہ پہلے جو ڈائرکٹر تعلیمات adhoc basis پر تقرریاں کرتے تھے اب پھر ہم اسی سسٹم کے ذریعہ adhoc basis پر تقرریاں کرنے پر غور کر رہے ہیں تو کیا آپ بھی اسی سسٹم کو اپنے محکمہ میں رائج کرنے کی توقع کرتی ہیں یا اس پر دوبارہ غور کیا جائیگا ؟

وزیر صحت ۔ فی الحال کوئی ایسا مسئلہ زیر غور نہیں ہے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جو سفارشات آپ نے بھیجی ہیں آپ کم سے کم ان کی guide lines ہمیں بتا دیں کہ کن guide lines کے تحت آپ نے سفارشات کی ہیں ؟

مسٹر سپیکر ۔ guide lines سے آپ کی کیا مراد ہے ؟

وزیر صحت ۔ ان کے pay scale اچھے کرنے کے لئے ان کو رہائش کی سہولتیں بہم پہنچانے کے لئے اور کلاس (اے) دینے کے لئے لکھا گیا ہے ۔

ملک محمد اسلم خان ۔ جناب والا ۔ جوابات سے ظاہر ہو رہا ہے کہ ان کا ڈپارٹمنٹ صحیح جوابات نہیں دے رہا ہے میرے خیال میں اس کو repeat کیا جائے اور اس وقت تک بیگم صاحبہ اس کو خود بھی study کر لیں گی اور پھر ہاؤس میں جوابات مکمل دے سکیں گی ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ آپ نے کیسے سمجھا کہ بیگم صاحبہ نے study نہیں کیا ۔ میرے خیال میں اس کو repeat کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ خواجہ صاحب کے سوال کا جواب ہی نہیں ملا ۔

Mr. Speaker : I don't think there is any need of repeating it.

ڈاکٹر مسز اشرف عباسی ۔ کیا وزیر موصوف کو یہ پتہ ہے کہ جو اسامیاں یہاں دی گئی ہیں اور وہ پر نہیں ہوئی ہیں اس کی وجہ سے ان کے ڈپارٹمنٹ کو ۔م ۔ لاکھ کے قریب روپیہ فائننس ڈپارٹمنٹ کو واپس کرنا پڑتا ہے ۔

Mr. Speaker : Is there any reply or does the Minister want fresh notice for that ?

Parliamentary Secretary : We have no information. We want fresh notice.

بابو محمد رفیق ۔ جناب والا ۔ جتنی figures انہوں نے دی ہیں اس میں کوئٹہ قلات میں کتنی اسامیاں خالی ہیں اس کی کتنی figures ہیں ؟

Mr. Speaker : The Member may please give a fresh notice for this.

بابو محمد رفیق ۔ ان کے پاس یہاں figures موجود ہوں گی ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہ figures ہم اس وقت نہیں دے سکتے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ ان کے محکمہ نے ڈاکٹروں کی خالی اسامیوں کی جو فہرست دی ہے اور اس پر ضمنی سوالوں میں سے کسی سوال کا جواب یا کوئی اطلاع نہیں دی جا رہی ہے تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ یہ وزارت صحت کا کس قسم کا قلمدان ہے جس میں نہ کوئی ڈاکٹر ہے نہ کوئی جواب ہے اور نہ کوئی اسپتال ہے ؟

Mr. Speaker : That is a articlsm not a supplementary question.

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میں ساری دنیا کی انفارمیشن نہیں دے سکتا میں اسی سوال کا جواب دے سکتا ہوں جو مجھ سے پوچھا جائے ۔ سوال یہ پوچھا گیا ہے کہ کتنی جگہیں خالی پڑی ہیں اس کا جواب دیدیا گیا ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ یہ بہت اہم سوال ہے کیونکہ ڈاکٹروں کی کافی جگہیں خالی پڑی ہیں جس کی وجہ سے عوام کو تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ۔ کیا میں جناب کی خدمت میں یہ عرض کر سکتا ہوں کہ بیگم صاحبہ اس سلسلے میں ہاؤس میں کوئی بیان دیں کہ انہوں نے محکمہ کو کیا سفارشات کی ہیں اور کابینہ نے کیا فیصلہ کیا ہے تاکہ لوگوں کو پتہ چلے اور جلد سے جلد اس پر کارروائی شروع ہو جائے اور خالی جگہوں کو پر کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں ۔

وزیر صحت ۔ میں نے کہا ہے کہ اس کے لئے تازہ سوال پوچھ لیں میں تفصیلات بتا دوں گی ۔

POSTING OF ADEQUATE SECURITY STAFF IN MENTAL HOSPITAL DHUDIAL.

*15091. **Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Minister for Health be pleased to state .—

(*a*) the total area covered by Mental Hospital at Dhudial Eistrict Hazara ;

(*b*) the number of Malis and Chaukidars employed at the said hospital :

(*c*) whether it is a fact that the present security staff provided at the hospital is not sufficient and there have been occasions that the trespassers have broken the boundary wall of the hospital ;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to provide more such employees at the said hospital, if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) 120 acres approximately.

(*b*) Mali—1, Chaukidars—3.

(*c*) Yes.

(*d*) The proposal is under consideration with Finance Department.

خان اجون خان جدون ۔ انہوں نے کہا ہے کہ ان کے سارے proposals فائننس ڈپارٹمنٹ کے پاس گئے ہوئے ہیں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کب سے یہ proposals فائننس ڈپارٹمنٹ کے پاس گئے ہوئے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ اڈیشنل سٹاف کے لئے ہر سال کوشش کی جاتی ہے اور گذشتہ تین چار سال سے یہ تجاویز فائننس ڈپارٹمنٹ ۔ مالی مشکلات کی وجہ سے اس سے agree نہیں کیا ۔

Mr. Speaker : Then it is under the consideration of the Finance Department.

Parliamentary Secretary : We have again taken it up as usual.

سید عنایت علی شاہ ۔ کیا جناب والا یہ بات بری نہیں ہے

کہ چار سال سے یہ مسئلہ فائننس ڈپارٹمنٹ میں ہے اور اس کا وہ فیصلہ نہیں کر سکے ؟

مسٹر محمود اعظم فاروقی - میں سمجھنا چاہتا ہوں کہ یہ کیا بات ہے کہ جب ہم کوئی سوال کرتے ہیں تو ہم سے کہا جاتا ہے کہ فلاں محکمہ میں اس پر غور ہو رہا ہے اور فلاں محکمہ کو یہ بھیجدیا گیا ہے - ایک سوال وزیر صحت سے پوچھا جاتا ہے وہ فرماتی ہیں کہ اس کو فائننس کے پاس بھیجدیا گیا ہے تو پھر ان کو اس کے جواب کی فائننس ڈپارٹمنٹ سے توقع کرنا چاہئے کہ وہ کس مرحلہ میں ہے اور اس کا کیا فیصلہ ہو رہا ہے اور کب تک اس کا فیصلہ کیا جائیگا - یا پھر ہم کو یہ بتایا جائے کہ پھر دوسرا سوال آیا محکمہ صحت سے کریں یا کس ڈپارٹمنٹ سے کریں کہ اس کا کب تک فیصلہ ہوگا - حالانکہ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کے تمام محکموں میں آپس میں coordination ہونا چاہئے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جواب تو دیدیا ہے کہ فائننس ڈپارٹمنٹ نے اس کی منظوری نہیں دی - تین چار سال تک یہ معاملہ فائننس ڈپارٹمنٹ کے زیر غور رہا آپ صبر و تحمل سے سنتے ہی نہیں ہیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - میں نے آپ سے سوال ہی نہیں کیا ہے میں نے تو جناب سپیکر سے ہدایت چاہی ہے کہ ایسے معاملات میں ہمارا کیا طرز عمل ہونا چاہئے اور ہم ایسے مراحل پر کرمانی صاحب

سے سوال کریں یا گورنر صاحب سے سوال پوچھیں یا پھر کس سے پوچھیں ؟

مسٹر سپیکر ۔ جہاں تک آپ کے سپلیمنٹری کا تعلق ہے یہ سمجھتا ہوں کہ محکمہ متعلقہ کو معلوم ہونا چاہئے کہ ہمارا case کس سٹیج پر ہے اور آپ متعلقہ محکمہ کے پارلیمنٹری سیکرٹری یا وزیر صاحب سے سوال کرتے ہیں اگر آپ اس کے متعلق فائننس ڈپارٹمنٹ سے بھی سوال کریں اور اس سوال کا حوالہ دیں تو وہ آپ کا سوال مناسب ہوگا اور درست ہوگا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں نے ان سے یہ ضمنی سوال کیا تھا کہ فائننس ڈپارٹمنٹ کو کب بھیجا گیا تھا ؟

مسٹر سپیکر ۔ فاروقی صاحب اس کا جواب تو انہوں نے دیدیا کہ فائننس ڈپارٹمنٹ نے نہیں مانا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ دوبارہ کب بھیجا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ تین مہینے ہوئے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ اب کس مرحلہ میں ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میں کیا بتاؤں ۔ فائننس ڈپارٹمنٹ کو ہم نے بھیجدیا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ خیر آپ کو ضرور ہونا چاہئے ۔

INSTALLATION OF E. E. G. MACHINE OF MENTAL HOSPITAL, DHUDIAL.

* **15092. Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact the E. E. G. Machine has been installed at Mental Hospital, Dhudial, District Hazara ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the total cost of the machine showing the foreign exchange and the local currency involved therein ; (*ii*) the date on which the said machine arrived at Dhudial ; (*iii*) the date on which its installation was completed ; and (*iv*) whether it is a fact that the said machine is not being used as the required operator has not so far been posted in the said hospital, if so, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) Yes.

(*b*) (*i*) Rs. 67,000 (Foreign Exchange Component), Rs. 4000 (Local currency).

(*ii*) December, 1963.

(*iii*) June, 1965.

(*iv*) Yes. The case is under consideration of the Finance Department.

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ یہ دکھایا گیا ہے کہ یہ مشین ۱۹۶۳ء میں انہوں نے منٹل ہسپتال میں نصب کی جو کہ چند ماہ استعمال کی گئی لیکن بعد ازاں اس کو کچھ عرصہ کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکا اس کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ اوپریٹر کا انتظام نہ ہو سکا تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ آپ نے جو یہ کیس فائننس ڈپارٹمنٹ کو بھیجا تھا آیا وہ مسترد ہو گیا ہے یا یہ کہ اس میں مزید مالی مشکلات آڑے آ رہی ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ اوپریٹر کی تنخواہ تقریباً ۱۷۵ روپیہ ماہوار ہوتی ہے کیس فائننس ڈپارٹمنٹ کے پاس برائے غور بھیجا ہوا ہے امید ہے کہ اس پر کوئی فیصلہ ہو جائیگا ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا چار سال کے بعد بھی یہ معاملہ ابھی فائننس ڈپارٹمنٹ کے زیر غور ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ فائننس ڈپارٹمنٹ نے یہ پہلے مسترد کر دیا تھا کیس دوبارہ بھیجا گیا تھا ۔

Mr. Speaker : So this question would be transferred to the Finance Deprtment and they will have to reply to this question.

Parliamentary Secretary : Together with all the three questions which follow.

Mr. Speaker : Does the House agree with this arrangement ?

Mr. Ajoon Khan Jadoon : Yes Sir, and I have a point of order Sir. My point of order is that when the scheme was approved did they not include the pay of this operator, when you have spent Rs. 67,000 worth of foreign exchange and Rs. 4,000 in local currency ? All this amount is lying idle since 1967 onwards. Had you not included that ? Is there any basic defect in the scheme ? What is wrong ?

Parliamentary Secretary : I agree with the Member that the operator should have been provided. This scheme was for the procurement of this machine.

Mr. Ajoon Khan Jadoon : Not for the operator ?

Parliamentary Secretary : Not at that time ; it follows. P. 59 End.

چودھری محمد نواز ۔ یہ سکھوں کا سا حساب کرتے ہیں ۔

(*c*) There is generally one category of Dispensers in the scale of Rs. 115 - 175 working in the hospitals and dispensaries under the administrative control of Health Department in the entire Province. There is only one post of Head Dispenser which exists in the Civil Hospital, Karachi, since pre-integration. The consolidation/revision of pay scale is made on the basis of axisting pay scale. The existing pay scale is different. There are only two posts of Clerks-*cum*-Dispensers, which carry the scale of Rs. 125—275. Instead of having the separate posts of Clerks-*cum*-Dispensers and as economy measure, posts of Clerks-*cum*-Dispensers were created in the Mayo Hospital, Lahore, and Lahore General Hospital, Lahore. The existing scale of the post of Clerk-*cum*-Dispenser was higher than the post of Dispenser therefore, the consolidated scale is higher, hence variation in scales.

(*d*) Yes. The case is under correspondence with Finance Department.

BLACK-LISTING OF HOLY FAMILY HOSPITAL, KARACHI FOR THE PURPOSE OF W.P.I.D.C

*15589: **Mr. Mahmood Azam Farooqi** : Will the Minister for Health be pleased to siate ;—

(*a*) whether it a fact that on 10th May 1968, Mr. Abrar Khalid of W.P.I D.C., Karachi, levelled serious charges in writing against the staff and administration of Holy Family Hospital Karachi, and his representation was forwarded by the Secretary W.P.I.D.C. to the Secretary Health Department,—*vide* letter dated 2nd July 1968, confirming that the charges against the above named hospital, were found to be correct by the Chief Medical Officer. W.P.I.D.C., Karachi and recommended that the said hospital should be black listed for the purposes of W.P.I.D.C.,

(*b*) if the answer to (*a*) above be in the affirmative, what action has been taken in the matter and if no action has so far been taken, reasons therefore ;

(*c*) wherether Government intend closing down all such Christian Missionary Hospitals in the Province which on the one hand are a source

of preaching Christanity in Pakistan and on the other hand toy with the lives of Muslims of the country, and if Government does not propose closing down such hospitals, reasons therefor ?

Ministrer for Health (Begum Zahida Khaliq-uz-Zaman) : (*a*) It is a fact that Mr. Ibrar Khalid of the W.P.I D.C. Karachi levelled charges in writing against the staff of Holy Family Hospital, Karachi It is not a fact that his representation was forwarded by the Secreatary, W.P.I.DC. to the Secretary Health Department, *vide* letter, dated 2nd July, 1968. However the representation of Mr. Ibrar Khalid was passed on to the Secretary, Health by the Director, Health Services, Hyderabad Region and was received in this Department on 9th December, 1968. A similar representation was received in the office of the Secretary, Health, on 10th February, 1968. It is also a fact that in the representation made to the Health Minister, the Chief Medical Officer of the W.P.I D.C. has stated that they have black-listed the Family Hospital.

(*b*) The Direetor, Hcalth, Ssrvices, Hyderabad Region has been asked to investigate the whole matter and submit his report to the Government.

(*c*) The question of closing down Christian Missionary Hospitals in the Province, is not at the moment, under the consideration of Provincial Government.

———

Doctors' Demands

*15626. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister for Health be pleased to state ;—

(*a*) whether it is a fact that Doctors, Lady Doctors and Students of Medical Colleges in Lahore, Multan, Peshawar, Hyderabad and Rawalpindi demonstrated and took out peaceful procession in January, 1968 ; if so, what are their demands ;

(*b*) whether some of their demands have been accepted ; if so, detalis thereof ;

(c) the details of those demands which have not been accepted alongwith reasons thereof and the demands which are still under consideration ?

Minister for Health (Begum Zahida Khaliq-uz-Zaman) : (a) No.

(b) Question does not arise.

(c) Question does not arise.

QUESTION OF PRIVILEGE

RE. INCORRECT STATEMENT IN REPLY TO STARRED QUESTION NO. 14677 ABOUT THE RELEASE TO SUGAR TO VARIOUS FIRMS.

Mr. Speaker : We will now take up the Privilege Motion by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I raise a question involving a breach of privilege of the Assembly namely, incorrect statement placed at the table of the House in answer to part (b) of Starred Question No. 14677 on 16th January, 1969 by the Food Minister. It has been stated that 11,085 tons of sugar was released to various firms. While in the last two lines of the same statement, it has been contended.

> "Out of 11085 tons a quantity of 2983 tons was supplied to Pak Army".

The statement is self-contradictory. The deliberate incorrect statement by the Food Minister has caused breach of the privilege of the Members of the Assembly.

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : Sir, I explained the position yesterday in connection with a similar privilege motion and let

me repeat what I said yesterday. That the information supplied to this August House through you in part (b) of the Assembly Question was correct. As explained it was decided to allocate back 11,085 tons of sugar to the sugar mills from supplies available in Government reserves. Allocations of sugar were made in favour of mills in proportion to the supplies delivered by them to Government. Out of 11,085 tons allocated to mills for listing the mills were required to deliver 2,983 tons of sugar to Pak army. The allocation made to the mills, therefore, stood at 11,085 tons although the supplies drawn by them for sale in the open market were 8,10' and supplies delivered on their behalf to Pak army i. e. 2,983 tons. The aggregate quantity allocated back therefore or released as you were pleased to remark yesterday, was thus 11,085 tons. The answer to this question is, therefore, correct and no breach of privilege of the Assembly has been committed.

Mr. Speaker : Is the Member satisfied with this statement ?

Malik Muhammad Akhtar : As a matter of fact the statement is not elaborate. It is self-contradictory although the explanation tendered clarified the position but sir the answer, I would say, was incomplete and it was not correct.

Mr. Speaker : The Member cannot say that it was incorrect *yrima facie*. The motion is ruled out of order.

ADJOURNMENT MOTIONS

FAILURE OF GOVERNMENT TO SETTLE STUDENTS' DEMANDS SATISFACTORILY

Mr. Speaker : We will now take up adjournment motions. First by Mr. Mahmood Azam Farooqi, No. 227. It was moved the other day and was postponed till today.

Minister for Education. (Mr. Muhammad Ali Khan) : Sir, the factual position is that the various students' organizations submitted their demands in the month of November which were as follows :

Repeal of the University Ordinance ; revival of the Punjab University Union ; admission of third divisioners to post-graduate classes ; introduction of supplementary examinations ; awarding to second division at 45 per cent marks ; transport concessions ; concessions in admissions; providing cheap text books ; reduction intution and examination fees ; providing more hostel accommodation ; immediate release of arrested students ; establishment of University for Women exclusively and construction of a mosque in the New Campus, Punjab University, Lahore.

Sir, the important demands out of these were immediately accepted and announced by the President himself. Others which were of lesser importance were examined by the Education Department and they were also accepted and an announcement was made in the prees in that connection.

Khawaja Muhammad Safdar : Would the Minister please be specified ?

Minister for Education : If the Member wants me to be very specific I would like to draw his attention to my press statement during the month of Ramzan and then another one which came out for two consecutive days. It was a very lengthy statement tracing the history of all this agitation and the steps the Provincial Government had taken in this connection. Sir, later on in addition to the above facilities the Government has also provided the following additional facilities for the benifit of the students community.

(1) An additional subsidy of two lacs of rupees has been given to each University for granting half and full scholarships to deserving students for meeting their expenses towards books and fees ete.

(2) Concession in tuition fees to brothers and sisters studying simultaneously in any of the institutions of the Province has been allowed.

(3) A scheme to grant scholarship to every first divisioner is also being introduced shortly and in this connection an amount of Rs. 15/- lacs is requistioned from the Finance Department.

(4) Students entitled to scholarships in arts and science subjects have been allowed to carry their scholarship with them if they join professional institutions.

Sir, these are besides those demands which the students submitted to the Provincial Government in the month of November. So from this you would say that it is absolutely incorrect to state that the Government did take any step to solve the difficulties of the students community. In fact we have not only tried our best to accede to their demands but have also implement them. Some of them which require to be processed in this August House would Insha Allah be placed before this House very soon. So I submit that we have done whatever was humanly possible and I can say no Government in the past has offered such a package deal to the student community as this Government has done. In view of this I request that this may be ruled out of order.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میری تحریک کا مقصد یہ تھا کہ پچھلے دو ماہ سے جو سکول اور کالج بند ہیں یہ گورنمنٹ کا بر وقت students کی demands کو settle نہ کرنے کا براہ راست نتیجہ ہے ۔ اس ملک کے بے شمار اخبارات اور لوگوں کے بیانات کے cuttings میرے پاس ہیں اور دفتر کے دفتر اکٹھے ہو گئے ہیں ۔ میں ان کو اس لئے پیش نہیں کرنا چاہتا کیونکہ اس صورت حال سے آپ ۔ یہ ایوان اور خود وزیر تعلیم بخوبی واقف ہیں ۔ اس برصغیر میں تحریک خلافت سے لے کر تحریک پاکستان تک اور پھر ۱۹۴۲ء کے quit india resolution سے اب تک جو طویل عرصہ گذر چکا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : I think the facts are being discussed, No legal or technical objection has been raised. I hold the motion in order.

Mr. Mahmood Azam Farooqi asks for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and of public importance namely, the situation caused by the failure of the Government to settle satisfactorily students demands which has resulted in great unrest among the public of West

Pakistan in general and the students community in particular. This being a matter of great public importance needs to be discussed in this House immediately.

These Members who are in favour of leave being granted may please rise in their seats.

As less than twenty Members rose in their seats, leave to move the motion was refused.

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) ۔ میں خواجہ صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ طلبا کا کوئی اور مطالبہ ہو تو ہم وہ بھی منظور کرنے کو تیار ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ گولیاں چلائی جائیں اور لاٹھیاں برسائی جائیں ۔ مطالبات تسلیم کرنے کا یہ طریقہ نہیں ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ میں خواجہ صاحب کی صوابدید پر چھوڑتا ہوں ۔ طلبا کے اگر کوئی اور مطالبات ہوں تو ہمیں بتائیں تاکہ آپ اور ہم اکٹھے بیٹھ کر ان پر غور کریں ۔ جناب والا طلبا ہماری قومی دولت ہیں ہمیں چاہئے کہ ہم دونوں جانب سے ملکر کوشش کریں کہ طالبعلم تعلیم حاصل کرنے کی کوشش کریں ۔

I offer myself.

آپ مہربانی کرکے جو بھی آپ مناسب سمجھیں کہ مطالبات باقی رہ گئے ہیں مجھ سے فرمائیں میں اس کو قبول کرنے کے لئے تیار ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں قائد ایوان کا شکر گذار ہوں کہ وہ طالبعلموں کے مطالبات ماننے کے لئے تیار ہیں لیکن میں جناب قائد ایوان کی خدمت میں یہ درخواست کروں گا کہ وہ اتنا عرصہ کہاں تھے اور دوسرے وزیر صاحبان کہاں تھے کہ انہیں آج طلباء کے مطالبات ماننے کا خیال آیا ہے جب قوم کا عظیم نقصان ان کی کوتاہ اندیشی اور نااہلی کی وجہ سے ہو چکا ہے ۔ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ آئندہ کسی قسم کا نقصان نہ ہو لیکن نقصان جو اس وقت ہوا ہے وہ اس گورنمنٹ کی کوتاہ اندیشی اور نااہلی کی وجہ سے ہوا ہے اور ناقابل تلافی ہے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ میں نے خواجہ صاحب کی ڈکشنری میں ایسے الفاظ نہیں دیکھے تھے اور کم سے کم ان کی زبان پر ایسے الفاظ نہیں آئے تھے اور اگر ان کی ڈکشنری میں ایسے الفاظ ہیں تو میں اسبات کا فیصلہ ان پر چھوڑتا ہوں بطور لیڈر اپوزیشن کے اور بطور ایک محب وطن شہری کے کہ وہ ہمیں بتائیں کہ کہ کس جگہ ہم نے کوتا ہی کی ہے میں اس پر رضامند ہوں اور ان سے بات کرنے کے لئے تیار ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں پھر عرض کروں گا کہ آج سے تین ماہ قبل سے جو بےچینی پھیلی ہوئی ہے اگر یہ اس کو بروقت سنبھالتے تو یہ واقعات رونما نہ ہوتے حقیقت یہ ہے کہ یہ ان کی غلطی ہے کہ انہوں نے طالبعلموں کے مطالبات نہیں مانے اور آج جو

یہ ان کے مطالبات مان رہے ہیں تو یہ طالبعلموں کی قوت کے سامنے سر جھکا رہے ہیں ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ میں آپ کے ضابطہ اخلاق کے سامنے سر جھکا رہا ہوں میں خواجہ صفدر صاحب سے عرض کر رہا ہوں کہ جو کچھ اور مطالبات ہوں وہ ہم ماننے کے لئے تیار ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں کہتا ہوں کہ جو آپ نے جبر و تشدد کا وطیرہ اختیار کیا ہوا ہے ، پہلے اس کو آپ ترک کیجئے ۔

FIRING ON A PROCESSION OF LOCAL STUDENTS IN RAWALPINDI ON 21ST JANUARY, 1969.

Mr. Speaker : Adjournment motion No. 458. The Member may please move his motion.

Mr. Hamza : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and of urgent public importance namely, the most provocative act on the part of the District Administration, Rawalpindi in opening fire on the procession of local students on the 21st of January, 1969 causing bullet injuries to two of them which has generated a wave of resentment among the public all over the Province.

The news was published in daily 'Nawa-i-Waqt' dated the 22nd January, 1969.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah) : I oppose the motion. The factual position is that on the 20th of January the Commissioner, Rawalpindi announced the acceptance of six main demands of students as a result of which members of the Students Action Committee gave an assurance that the students would attend their classes and abstain from taking out processions in future. (This was negotiated, Sir). But unfortunately it so happened that at about 10.30 a. m. some other students – 150 of them—were in a holiday mood. They wanted to prolong their holiday. So, they came out. They collected in the Government Intermediate College and offered 'ghaibana namaz-e-janaza' for the deceased student, Anis Ahmad. In view of the above agreement the student leaders who had actually agreed to the resumption of studiees and to the reopening of Colleges and Schools exhorted these students to resume classes but a majority of them opposed the suggestion. They said that they would resume classes only after the implementation of the decision regarding the acceptance of their demands. Then, at that time about 60-70 students took out a procession and forcibly got closed the Jinnah Public School, St. Paul's Schools Millat Secondary School which raised their number to 150-200, (Khawaja Safdar, the Leader of the Opposition, was complaining the other day that we were not reopening the schools and colleges. That was his grievance and I submit that when we want to reopen the Schools and Colleges this is what happens.)

They, then moved to Government Degree College where a similar meeting was in session. Ultimately they came out in a procession and reached Murree Road. They stopped a G. T. S. double decker near the Central Government Hospital and set it on fire.

The procession then moved towards Committee Chowk and on its way brick-batted another double decker and forced the driver and passengers to leave the bus. Some students got into the bus and Kalim Butt, a student leader, reportedly drove the bus and left it in Saddar area in front of the G. T. S. Depot. At one p. m. the processionists offered ' fateha ' at Committee Chowk and proceeded further. Here. one Abdur Rashid of the Government College addressing the gathering said that they had taken out this procession in condemnation of the Dacca police firing. The processionists then proceeded towards Gowalmandi Chowk were some one threw a bottle containing acid at the Gowalmandi police post. The Sub-Inspector incharge reportedly fired a revolver shot in the air to scare away the crowd. When the procession reached Gowalmandi Chowk police

made a mild lathi-charge. Even that had no effect. Subsequently tear-gas was used but that; too, had no effect.

Another crowd of students, which was later joined by some miscreants and which had gone to Urdu Bazar brick-batted the post office, and on arrival of the police dispersed. A crowd of 600-700 students and publicmen collected at Committee Chowk again at 3 p. m. and started brick-batting the police. Some miscreants made an attempt to set a police vehicle on fire. Some police people were sitting in the van when these students and others set fire to this vehicle and when actually one of the tyres had been burnt.

Mr. Hamza : Question !

Minister for Home : You can go on questioning.

The police used tear-gas and fired on them and reportedly two of them, one is a student and another is an employee in WAPDA, received bullet injuriee. In the District Headquarters Hospital that employee is out of danger. The other fellow, the student, has been removed to the Combined Military Hospital. The latest position about him is that he is getting better. Probably, he is moving out of danger. I have spoken to the Commissioner twice today and I have been assured that this firing which was resorted to was done in sheer self-defence because these miscreants had set fire to the van in which several police people were sitting. If these miscreants had been successful the policemen might have even been killed.

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order. The Minister is making an incorrect statement. He is being just mis-guided and misled by his subordinates. As a matter of fact six or seven persons have been injured. If he can care to go into the news report by 'Nawa-i-Waqt' this morning he will find that whatever I am stating stands confirmed.

Mr. Speaker : Don't be sentimental.

Malik Muhammad Akhtar : We have got to accuse them. They have no shame and no sympathy with the people.

Mr. Speaker : Don't be sentimental.

Malik Muhammad Akhtar : They are slaughtering the nation.

Mr. Speaker : This is no point of order.

Minister for Home : It is inaccurate. I have spoken to the Commissioner personally today and twice. He says, two persons have been injured and they have been hospitalised. One has been transferred to the Combined Military Hospital and the other is in the District Headquarters Hospital. Both of them.....

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order Sir. I have challenged the statement of the Minister. I said that he is making mis-statement of facts. Let there be a judicial enquiry by a judge of the High Court.

Mr. Speaker : That is not a point of order. Mr. Hamza now.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - آپ نے ایک کہانی سنی ہوگی کہ کسی بگلے کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اگر اس کو پکڑنا ہو تو پہلے اس کے سر پر موم رکھا جائے پھر وہ جب بگھل جائے تو اس کا پکڑنا آسان ہو جاتا ہے تو انہوں نے بھی یہ سارا قصہ سنایا کہ پولیس کے اہلکار گاڑی میں بیٹھے ہوئے تھے کہ لڑکوں نے اسے آگ لگانے کی کوشش کی اور پولیس کے اہلکار اپنے طور پر مسلح بھی ہونگے - کیا یہ ممکن ہو سکتا ہے جن کو کہ وہ حقائق کہتے ہیں وہ درست ہوں ان سے بد بو آتی ہے ان میں تعفن ہے اور ہر شخص کو احساس ہو رہا ہے کہ وہ غلط بیانی فرما رہے ہیں -

Mr. Speaker : But on both sides, the facts are being discussed, which are to be discussed when the motion is admitted. I hold the motion in

order.

Mr. Hamza asks for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the most provocative act on the part of the district administration of Rawalpindi of opening fire on the procession of local students on 21st January 1969, causing bullet injuries to two of them has generated a wave of resentment among the public all over West Pakistan.

These Members who are in favour of leave being granted, may please rise in their seats.

As less then twenty Members rose in their seats, leave to move the motion was refused.

LATHI-CHARGE ON A PROCESSION OF LOCAL STUDENTS BY THE JHANG POLICE ON 21ST JANUARY, 1969.

Mr. Speaker : Next adjournment motion No. 459 by Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Sir I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance namely, the most short-sighted and inhuman act on the part of the Jhang police in lathi charging the procession of local students on 31st January 1969, causing serious injuries to many of them has caused great resentment among the public of the province. The news of this incident was published in the daily 'Nawa-i-Waqt' Lahore dated 22nd January, 1969.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah) : I oppose this motion Sir. The factual position is that the students of the Government College, Jhang took out a procession.....

Mr. Speaker : Mr. Hamza, where was the procession lathi charged ?

Mr. Hamza : It was lathi charged in the bazar Sir.

Mr. Speaker : In which city ?

Mr. Hamza : In Jhang.

Mr. Speaker : Has the Member given the name of the city ?

Mr. Hamza : I have said, Sir, " lathi charging the procession of local students... ..".

Mr. Speaker : Where ?

Mr. Hamza : In Jhang.

Mr. Speaker : Jhang police is in the whole of the district, not particularly in the city. The Member has not mentioned the name. The motion is vague and it is ruled out of order.

ANNOUNCEMENT

RE. ELECTION OF M. P. AS. TO VARIOUS COMMITTEES OF THE ASSEMBLY

Mr. Speaker : Now there is an announcement.

In pursuance of the notice dated 6th January, 1969, the following number of nomination papers were received by the date fixed for the purpose :—

1.	Committee on Rules of Procedure	... 14
2.	Committee on Government Assurances	... 16
3.	Committee on Public Accounts	... 7
4.	Standing Committee on Revenue	... 6

5. Standing Committee on Irrigation and Power ... 5

6. Standing Committee on Communication and Works 6

7. Standing Committee on Education and Health ... 3

8. Standing Committee on Industries and Commerce 3

9. Standing Committee on Information ... 3

10. Standing Committee on Food and Agriculture ... 3

11. Standing Committee on Home Affairs ... 5

12. Standing Committee on Law & Parliamentary Affairs. 2

13. Standing Committee on Local Government ... 2

14. Sianding Committee on Railways ... 2

15. Standing Committee on Social Welfare ... 2

16. Standing Committee on Finance ... 2

17. Standing Committee on Planning and Development 2

Out of the aforesaid nominations made, withdrawals were received by the due date of the following number of candidates :—

1. Committee on Rules of Procedure ... 5

2. Committee on Government Assurrances ... 7

3. Committee on Public Accounts ... 5

4. Standing Committee on Revenue ... 2

5. Standing Committee on Irrigation and Power ... 2

6. Standing Committee on Communication and Works 3

7. Standing Committee on Education and Health ... 1

8. Standing Committee on Industries and Commerce 1

9. Standing Committee on Information ... I

10. Standing Committee on Food and Agriculture ... 1

11. Standing Committee on Home Affairs ... 3

As a result of the withdrawals, the number of candidates duly nominated on each of the Committees is equal to the number of Members to the elected. No poll is, therefore, necessary and the following are declared to have been duly elected to the Committee :—

1. Committee on Rules of Procedure.	1. Mr. Muhammad Hashim Lussi.
	2. Major Muhammad Aslam Jan.
	3. Khawaja Muhammad Safdar.
	4. Kazi Muhammad Azam Abbasi.
	5. Chaudhri Muhammad Idress.
	6. Mr. Ahmedmian Soomro.
	7. Mir Wali Muhammad Khan Talpur.
	8. Rai Mansab Ali Khan Kharal.

	9. Khan Ajoon Khan Jadoon.
2. Committee on Government Assurances.	1. Mr. Zain Noorani.
	2. Rais Haji Darya Khan Jalbani.
	3. Mr. Amanullah Khan Shahani.
	4. Chaudhri Muhammad Sarwar Khan.
	5. Mr. Hamza.
	6. Malik Muhammad Akhtar.
	7. Chaudhri Muhammad Nawaz.
	8. Syed Sher Ali Shah.
	9. Khan Malang Khan.
3. Committee on Public Accounts.	1. Babu Muhammad Rafique.
	2. Khawaja Muhammad Safdar.
4. Standing Committee on Revenue.	1. Sayed Zafar Ali Shah.
	2. Sahibzada Noor Hassan.
	3. Haji Sardar Atta Muhammad Lund.
	4. Mr. Munawar Khan.

5. Standing Committee on Irrigation and Power.	1. Mr. Muhammad Musa Khan Bughio.
	2. Chaudhri Hamidullah Khan.
	3. Nawabzada Sheikh Umar.
6. Standing Committee on Communication and Works.	1. Begum Ashraf Burnay.
	2. Begum Mumtaz Jamal.
	3. Khan Abdus Sattar Khan Mohmand.
7. Standing Committed on Education and Health.	1. Syed Muhammad Murad Shah.
	2. Malik Meraj Khalid.
8. Standing Committee on Industries and Commerce.	1. Khanzada Taj Muhammad Khan Bangash.
	2. Mr. Abdul Qayyum Qureshi.
9. Standing Committee on Information.	1. Mr. Muhammad Umar Qureshi.
	2. Mian Muhammad Akhtar.
10. Standing Committee on Food and Agriculture.	1. Malik Sarmast Khan Afridi.
	2. Chaudhri Saifullah Khan Tarar.

11.	Standing Committee on Home Affairs.	1. Chaudhri Anwar Aziz. 2. Makhdum Muhammad Shamsuddin Gilani.
12.	Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs.	1. Major Muhammad Aslam Jan. 2. Syed Inayat Ali Shah.
13.	Standing Committee on Local Government.	1. Mr. Hamza. 2. Raja Ghulam Sarwar.
14.	Standing Committee on Railways.	1. Mr. Fazal Qadim Khan Kundi. 2. Chaudhri Manzoor Husain.
15.	Standing Committee on Social Welfare.	1. Nawabzada Sher Afzal Jang Khan. 2. Mr. Abdul Khaliq Allahwala.
16.	Standing Committee on Finance.	1. Mr. Muhammad Baksh Khan Narejo. 2. Khan Muhammad Akbar Khan.
17.	Standing Committee on Planning and Development.	1. Sardar Gul Zaman Khan. 2. Khan Muhammad Akbar Khan Ka

ORDINANCES

THE CRIMINAL LAW (SPECIAL PROVISIONS) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1968. (*resumption of discussion*).

Mr. Speaker: The House will now take up the Orders of the Day, and resume discussion on the Criminal Law (Special Provisions) (Amendment) Ordinance, 1968 (West Pakistan Ordinance IX of 1968).

Yes, Khawaja Muhammad Safdar.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - میں کل یہ گزارش کر رہا تھا کہ اس ترمیمی ہنگامی قانون کی غرض و غایت یہ ہے کہ گورنمنٹ کو یہ اختیار دیا جائے کہ وہ نوٹیفیکیشن کے ذریعے کوئٹہ قلات اور دیگر ڈویژنوں کے کسی حصے سے اس قانون کو جو ۱۹۶۸ء کا ہے ہٹانا چاہے تو ہٹا سکے - میں یہ کل عرض کر رہا تھا کہ بنیادی طور پر ہم حکومت کو وہ اختیارات دینے کے خلاف ہیں - جو اختیارات اس اسمبلی کو حاصل ہیں اس اسمبلی کو صرف یہ اختیارات حاصل ہیں کہ وہ قانون سازی کرے - کسی قانون کا اطلاق کسی علاقے پر کرے یا اس کے علاوہ کسی دوسرے علاقے پر کرے یا کسی قانون کو کسی علاقے سے واپس لے لے - یہ اختیارات محض اور محض اس اسمبلی کو ہی حاصل ہیں لیکن یہ اسمبلی گورنمنٹ کو یا کسی کو یہ اختیارات تفویض بھی کر سکتی ہے اگرچہ یہ ایک نہایت ہی بری مثال ہوگی کہ ہم گورنمنٹ کو اس قسم کے اختیارات دیدیں اور میں نہایت ہی واشگاف اور واضح الفاظ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم اس مثال کو کسی صورت میں پسند نہیں کرتے کیونکہ اسمبلی کے اختیارات صرف اسمبلی اور اسمبلی

کے پاس ہونے چاہئیں ۔ اسمبلی کو معلوم ہونا چاہئیے کہ کون سا قانون کس علاقہ پر لاگو ہے اور کون سے قانون کے متعلق ضرورت اس امر کی ہے کہ اسے واپس لے لیا جائے ۔ لیکن پھر بھی میں نے اس وقت اس کی اس بنا پر پر مخالفت نہیں کی بلکہ میں نے کل یہ عرض کیا تھا کہ ہم تو یہ چاہتے ہیں کہ اس سارے کے سارے قانون کو کوئٹہ اور قلات ڈویژن کے دوسرے حصوں سے بھی واپس لے لیا جائے اور اپنی اس خواہش کے مطابق ہم آج طوعاً و کرہاً یہ اختیارات اس گورنمنٹ کو بھی دینے کے لئے تیار ہیں ۔ ہماری ان سے یہ درخواست ہے ، نہایت ہی درمندانہ طور پر کہ وہ از راہ کرم اس پندرہ سولہ لاکھ کی آبادی پر رحم فرمائیں جو کوئٹہ قلات ڈویژن میں آباد ہے ۔ وہ ہمارے بھائی ہیں وہ ایسے ہی شہری ہیں جیسے کراچی میں بسنے والے یا حیدر آباد یا لاہور یا پشاور میں بسنے والے شہری ۔ ہم انہیں درجہ دوم یا سوم کے شہری نہ بنائیں - ہم انہیں وہی مواقع مہیا کریں جو دوسروں کو میسر ہیں اور وہاں کے لئے اس قسم کے قانون وضع کریں اور انہیں وہاں نافذ کریں جن سے وہ ترقی کر سکیں ۔ اور اپنے آپ کو صوبہ کے دوسرے علاقوں کے مطابق لا سکیں ۔ جناب والا ۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ یہ قانون جس میں یہ ترمیم کی جا رہی ہے یعنی کریمنل لا سپیشل پرویژن آرڈی نینس ۱۹۶۸ء اسے کوئٹہ قلات ڈویژن سے واپس لے لیا جائے اور اسے تمام تر منسوخ کر دیا جائے ۔ اس کی چند وجوہات ہیں ۔

جناب والا ۔ ایک وجہ تو خود محترم وزیر امور داخلہ نے کل ارشاد فرمائی تھی کہ ان علاقوں میں قتل کی وارداتوں میں اضافہ ہو رہا ہے ۔ اب قتل کی وارداتیں صرف کوئٹہ شہر یا لورا لائی شہر یا روب شہر میں تو نہیں ہوتیں دوسرے علاقوں میں بھی ان میں اضافہ ہوا ہوگا ۔ پھر کیا وجہ ہے کہ اسے دوسرے علاقوں میں نافذ نہیں کیا جا رہا ۔ اس لئے جو وجہ انہوں نے خود بتائی ہے اس بل کے حق میں وہ میرے لئے ایک دلیل ہے کہ کوئٹہ قلات دونوں ڈویژنوں کے تمام کے تمام علاقے سے یہ واپس لے لیا جائے۔ دوسری بات جس کا بار بار یہاں اعادہ کیا جاتا ہے ۔ گورنمنٹ اس قسم کے قانون نافذ کرنے کی وجہ یہ بیان کرتی ہے جیسے اس قسم کے تمام قوانین کے افتتاحیہ میں درج ہوتا ہے ۔ وہ یہ ہے کہ اس قسم کے قوانین سے عوام کے تنازعات اور جھگڑوں کو طے کرنے میں سہولت ہو گی اور یہ طریق کار سستا ہوگا ۔ اس سے لوگوں کو جلدی اور تھوڑے وقت میں انصاف میسر آ سکے گا ۔ تو اس کے متعلق جناب والا ۔ کل بھی محترم وزیر قانون نے ایک اور مسئلہ کے متعلق ارشاد فرماتے ہوئے کہا تھا کہ کیونکہ قانون شہادت اور کریمنل پروسیجر کوڈ اور سول پروسیجر کوڈ ایسے قوانین ہیں جن کی وجہ سے مقدمات میں التوا کا کچھ نہیں کر سکتے ماسوائے اس کے کہ مزید مجسٹریٹ اور سب جج مقرر کریں ۔ دلیل ان قوانین کو اس ایوان میں پیش کرتے ہوئے کل دی جاتی رہی ہے ۔ جناب والا ۔ پچھلے دو تین دن میں میرے دو سوالات کے جواب میں ہوم ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے مجھے اطلاع بہم پہنچائی گئی ہے اور میں اسے اس امر کو دلیل

کے طور پر پیش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ کہنا غلط ہے کہ قانونی شہادت یا ضابطہ فوجداری کی وجہ سے مقدمات میں التوا ہوتا ہے ۔ اور یہ دعویٰ کرنا کہ اس قسم کے سیاہ قوانین صوبہ کے کسی حصہ میں نافذ کرنے سے انصاف کے حصول میں مدد ملے گی یا مقدمات جلد فیصل ہوں گے یہ اس سے زیادہ غلط ہے یہ دعویٰ باطل ہے اور یہ اعداد و شمار جو میں آپ کے توسل سے پیش کر رہا ہوں اس کی تردید کرتے ہیں ۔

Minister for Home : The present Act came in force in the Budget Session and he is referring to the figures of the cases disposed of previous to that.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ محترم وزیر امور داخلہ بڑے کامیاب اور پرانے وکیل ہیں اور اس ایوان میں کوئی بھی شخص ان سے بہتر نہیں جانتا کہ ایف سی آر کا ایک غیر فطری یا فطری بچہ کریمینل لا امنڈمنٹ ایکٹ تھا اور اس کی جو دفعات اپنی سختی کی وجہ سے بدنام تھیں وہ اس میں رکھی گئیں ۔ پھر کریمینل لا آرڈی نینس کوئٹہ اور قلات ڈویژن اس کا بچہ تھا ۔ اسے حلالی یا کچھ اور کہہ لیجئے ۔ وہ کریمینل لا امنڈمنٹ ایکٹ کا بچہ تھا ۔ اس ایکٹ سے وہ تمام دفعات جن کی وجہ سے وہ بدنام تھا اس نئے قانون میں داخل کی گئیں میں بلا خوف تردید ۱۹۶۸ء کے آرڈی نینس کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ اس میں فرق صرف اتنا ہے کہ پہلے جہاں فرسٹ کلاس مجسٹریٹ ٹریبیونل کا چیئرمین ہوتا تھا اب اس کی جگہ تھرڈ کلاس مجسٹریٹ یعنی نائب تحصیلدار کو ٹریبونل کا چیئرمین

مقرر کر دیا گیا ہے اور پہلے صرف شیڈول میں دیئے گئے جرائم جرگہ کے سپرد ہوتے تھے اور اب تعزیرات پاکستان کے تمام جرائم اللہ ماشا اللہ سوائے چند ایک کے جو اصلاحی عدالتوں میں جاتے ہیں باقی تمام کے تمام جرگہ کے سپرد ہوتے ہیں ۔ اس لئے یہ کہنا غلط ہے کہ اس کا پروسیجر علیحدہ ہے اور سابقہ قانون جو اس کا پیش رو قانون ہے اس کا پروسیجر علیحدہ ہے ۔ میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ دونوں میں پروسیجر اور ضابطہ ایک ہی دیا ہوا ہے ۔ صرف جرائم کی نوعیت کے اعتبار سے اور علاقہ کی وسعت کے اعتبار سے اس کا احاطہ وسیع کر دیا گیا ہے ۔ فرق صرف یہ ہے کہ پہلے چند لوگوں یا تھوڑے لوگوں کو اس کے پیش رو قانون سے نقصان پہنچتا تھا اور اب سے تمام کی تمام آبادی کو جو ان دونوں ڈویژنوں میں ہے نقصان پہنچ رہا ہے اور سب اس پر چیخ رہے ہیں ۔ اس لئے جناب والا میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ چار ہزار آٹھ سو چوبیس مقدمے سارے مغربی پاکستان میں ۱۹۶۳ء سے لے کر ۱۹۶۸ء تک یعنی پانچ سال میں جرگہ کے سپرد ہوئے اور ان میں سے چھ سو اکتیس کا فیصلہ ایک سال کے بعد ہوا ۔ دو سو تراسی کا فیصلہ دو سال کے بعد ہو اور جناب والا ایک سو تیتس کے فیصلہ میں تین سال سے زیادہ عرصہ لگ گیا ۔

مسٹر سپیکر ۔ لیکن خواجہ صاحب اس قانون کے مطابق گورنمنٹ کو پہلے جو اختیارات دیئے جا چکے ہیں ہم وہ ہٹا رہے ہیں ۔ آپ کی دلیل یہ ہے کہ اسے سارے ملک سے ہٹا لیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ وہ اسے چند علاقوں سے واپس لینا چاہتے ہیں گذارش ہے کہ اسے باقی علاقوں سے بھی واپس لے لیا جائے ۔ اچھا جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۱۹۶۵ء میں جو قانون یعنی کریمینل لا آرڈی ننس کوئٹہ قلات ڈویژن میں لاگو کیا گیا تھا اس کے تحت تین سالوں میں ایک ہزار اٹھانوے مقدمات جرگہ کے سپرد ہوئے اور تین سالوں میں صرف چار سو تہتر فیصل ہو پائے اور ان میں سے پانچ سو ستاسی مقدمات تین سال کے بعد بھی پنڈنگ تھے یعنی ۶۰ فیصد سے زیادہ اس قانون کے تحت جس کا چربہ اب نئی شکل میں پیش کیا گیا ہے اس لئے حکومت کا یہ دعویٰ کہ اس قسم سیاہ قانون کے ذریعہ مقدمات جلد فیصلہ ہو جاتے ہیں یہ بالکل غلط ہے اور بودا ہے اور اس پر قطعی طور پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا خود ان کے اعداد و شمار اس کے خلاف شہادت دیتے ہیں ۔

جناب والا ۔ محترم وزیر داخلہ صاحب یہ فرما رہے ہیں اور میری طرف بار بار دیکھ رہے ہیں کہ میں اپنی تقریر ختم کیوں نہیں کرتا ۔ جناب والا ۔ میں جلدی جلدی آپ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ ہم نے پچھلے سال بھی ان کی خدمت میں یہ گزارش کی تھی جب کہ کوئٹہ قلات سپیشل پرویژن آرڈیننس اس ایوان میں زیر بحث تھا کہ اس قانون کو اس جگہ نافذ نہ کیا جائے ۔ یہ اس وقت نہیں مانے تھے اب کسی حد تک انہوں نے ہماری اس درخواست کو قبول کر لیا ہے لیکن میں ان کی یاد داشت کے لئے عرض کروں گا کہ جس جگہ انہوں نے جنگل کا قانون

لاغذ کیا ہے وہاں پر ۹۲-۱۸۹۱ء میں آج سے تقریباً ۷۸ سال پیشتر کوئٹہ ضلع میں ۳۲۴۳ فوجداری مقدمات عام عدالتوں کے ذریعہ سے طے پائے - ژوب میں عام فوجداری عدالتوں کے ذریعہ سے ۲۶۷ مقدمات طے پائے - سبی میں ۱۲۰ مقدمات اسی سال طے پائے - یہ اقتباسات میں نے بلوچستان ایجنسی کی رپورٹ ۹۲-۱۸۹۱ء سے حاصل کئے ہیں - ۹۲-۱۸۹۱ء میں کوئٹہ میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جمع موجود تھا - مجسٹریٹ جس کو فرسٹ کلاس مجسٹریٹ کے اختیارات حاصل تھے وہ بھی موجود تھا - ساری عدالتیں موجود تھیں - آج ۷۸ سال کے بعد اگر یہ حکومت دعویٰ کرے کہ آج ہم ۷۸ سال کے بعد ان عدالتوں کو اڑا رہے ہیں تو کیا میں اس قانون کو ان لوگوں کے لئے زحمت تصور کروں یا ان لوگوں پر یا ان دو ڈویژنوں میں بسنے والوں کے لئے زحمت تصور کروں -

(اس مرحلہ پر مسٹر ڈپٹی سپیکر مسٹر احمد میاں سومرو کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی سپیکر صاحب میں آپ کو یاد دلاتا ہوں کہ اگر یہ قانون اتنا ہی اچھا ہے تو میں اس حکومت سے یہ پوچھتا ہوں کہ جب یہ قانون گزشتہ مئی میں اس ایوان میں زیر بحث آیا تو اس وقت اصلی ہنگامی قانون میں وہ علاقے جس کو نصیر آباد سب ڈویژن کہتے ہیں اس کو کیوں حذف کر دیا گیا - کوئٹہ ڈویژن جس کی آبادی دو لاکھ سے زیادہ ہے اس کے لئے یہ کیوں موزوں ہے - لاہور کے لئے یا سیالکوٹ کے لئے کیوں موزوں نہیں ہے ؟ آپ

نے نصیر آباد سب ڈویژن سے اس کو کیوں واپس لے لیا ؟ (اگر میں کوئی غلط بات کروں تو آپ میری اصلاح کر دیجئے)

جناب ڈپٹی سپیکر ۔ نصیر آباد سب ڈویژن کوئٹہ ڈویژن کی ایک تحصیل ہوا کرتی تھی بلکہ چند سال پہلے بلوچستان سے اس کو الگ کر کے جیکب آباد کے ساتھ ملا دیا گیا ۔ کیا یہ امر واقعہ نہیں ہے کہ ایک لائن کے دونوں طرف وہی لوگ آباد ہیں جو نصیر آباد سب ڈویژن میں آباد ہیں ؟ پھر نصیر آباد سب ڈویژن کے لئے اس کو کیوں موزوں قرار نہ دیا ؟ میں اس بات پر خوش ہوں کہ نصیر آباد سب ڈویژن کے عوام اس طریقے سے ملزم قرار نہیں دیئے گئے جس طرح دوسرے علاقوں میں ملزم قرار دیئے گئے ہیں ۔ جب نصیر آباد سب سے ڈویژن کے لئے یہ قانون موزوں نہیں ہے تو کوئٹہ سبی ۔ لورالائی اور ژوب کے لئے کیوں موزوں ہے ؟ اسے وہاں سے کیوں نہیں اٹھایا گیا ؟

جناب والا ۔ حقیقت یہ ہے ان دو ڈویژنوں میں یعنی کوئٹہ قلات کے ڈویژنوں کے ساتھ جو سلوک کیا ہے اس سے ان کی اہلیت روز روشن کی طرح عیاں ہو گئی ہے ۔ آپ ان کے کسی کام کو دیکھ لیجئے خواہ تعلیم ہو یا اور کوئی محکمہ لے لیجئے اس میں انہوں نے کیا کیا ہے ۔ محکمہ صحت نے آج ہی آپ کے سامنے کئی شگوفے کھلائے اسی طرح قانون کے مسئلہ کو لے لیجئے انہوں نے ان دو ڈویژنوں کو اپنی تجربہ گاہ بنا رکھا ہے ۔ گزشتہ پانچ سالوں میں اس کو یکے بعد دیگرے نافذ کیا گیا ۔ محترم وزیر امور داخلہ

اور محترم وزیر قانون مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ جب میں کہتا ہوں کہ ۱۹۶۳ء تک وہاں ایف۔سی۔آر نافذ تھا لیکن ۱۹۶۳ء میں بنیادی حقوق ملنے کے بعد اس کو عدالتوں نے کالعدم قرار نہیں دیا تھا ؟ ۱۹۶۴ء میں اس کو پھر کالعدم قرار دیا گیا ۔ نومبر ۱۹۶۴ء میں آپ نے وہاں پر کریمینل لا امنڈ منٹ ایکٹ نافذ کر دیا ابھی اس کو پانچ ماہ بھی نہ گزرے تھے آپ نے کریمینل لا امنڈ منٹ ایکٹ کو منسوخ کر کے اس علاقے میں سول اینڈ کریمینل لا آرڈیننس کا نفاذ کر دیا ۔ اس کو بھی ہونے تین سال ہی گزرے ہونگے کہ پھر آپ نے یہ زیر بحث قانون اس علاقے میں نافذ کیا ۔ آپ خود ہی فرمائیں ۔ آپ ماشاء اللہ نہایت ہی سمجھدار وکیل ہیں کہ وہ عوام جن کے متعلق یہ کہا جا رہا ہے کہ وہ جاہل ہیں ۔ بے شعور ہیں بیوقوف ہیں ان کا کیا حال ہوا ہوگا جب کہ انہوں نے پانچ قانون ایک کے بعد دوسرا منسوخ کیا ۔ دوسرے کے بعد تیسرا ۔ تیسرے کے بعد چوتھا منسوخ کیا ۔ اتنی جلدی تو وکلا صاحبان کو بھی معلوم نہیں ہوتا کہ قانون میں کیا تبدیلی ہو رہی ہے چہ جائے کہ ایک عام آدمی اس کو سمجھے ہمیں ان کی بے بسی اور بے بصیرتی پر رونا آتا ہے ۔ انہوں نے کوئٹہ قلات ڈویژن کو تجربہ گاہ بنا لیا ہے ۔ وہاں ہر چوتھے چھٹے مہینے ایک نیا قانون نافذ کر کے سابقہ قانون واپس لے لیا جاتا ہے ۔ پھر اتنی ڈھٹائی کے ساتھ اور قانون پیش کیا جاتا ہے جس میں یہ کہا جاتا ہے کہ اس سے بہتر نسخہ ۔ اس سے کافی و شافی نسخہ اور کوئی نہیں ہے ۔ ہم حکیم حاذق ہیں ۔ ہم نے اس مرض

کے لئے عمدہ نسخہ تجویز کیا ہے ۔ چار ماہ کے بعد وہی حکیم حاذق کہتا ہے کہ میں نے ''جھک ماری'' تھی وہ نسخہ غلط تھا اب آپ میرا نیا نسخہ تجویز کر لیجئے ۔ میں خدا سے دعا کرتا ہوں کہ ہمارا اس قسم کے عطائی حکیموں سے جلد از جلد پیچھا چھوٹے ۔ ان عطائی حکیموں سے اس صوبہ کا مرض یا اس صوبہ کی بیماری کا علاج ممکن نہیں ہے ۔ ان میں دیانت کا شائبہ تک موجود نہیں ہے ۔ اس حکومت کو سوائے اپنے پیٹ بھرنے کے سوائے اپنی خواہشات کو پورا کرنے ہے ۔ اپنے لئے زیادہ سے زیادہ مراعات حاصل کرنے کے عوام کا قطعاً ایک لمحہ بھر کے لئے بھی کبھی خیال نہیں آیا ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ انہوں نے اس علاقہ کو تجربہ گاہ کیوں بنایا ہوا ہے اس کی وجہ کیا ہے ۔ ۔ ۔

بابو محمد وفیق ۔ نسخہ بھی بتائیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ بابو محمد رفیق صاحب کے متعلق مشکل ہے ۔ کہ یہ اس جگہ کے نمائندے ہیں لیکن بابو محمد رفیق صاحب اصل میں سیالکوٹ کے رہنے والے ہیں لیکن اس طریقہ انتخاب کا یہ خوشگوار نتیجہ ہے کہ ایک سیالکوٹ کا آدمی کوئٹہ میں جا کر return ہو سکتا ہے یہ تو سیالکوٹ کو کریڈٹ جاتا ہے ۔

جناب والا ۔ میں یہ کر رہا تھا کہ اس فلسفہ کے پیچھے گورنمنٹ یہ اصرار کرتی ہے کہ ان لوگوں کو جرگہ شاہی میں مبتلا رکھا جائے ۔ میرے محترم دوست سردار منظور احمد قیصرانی صاحب بڑے

غور سے اس ایوان میں بیٹھے ہوئے میری باتیں سن رہے ہیں غالباً وہ ان کا جواب بھی دیں گے ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ گورنمنٹ اس قدر بضد کیوں ہے شائد ان کو بھی پتہ ہے لیکن میں اپنی تقریر ختم کرنے سے پہلے گورنمنٹ کی وجہ بیان کرتا ہوں ۔ یہ چیز میرے ذہن میں نہیں آ سکتی تھی کہ محترم قاضی فضل اللہ صاحب ایک پرانے سیاستدان اور وکیل ہیں اور ایک نامور وکیل ہیں وہ اس قسم کے قانون کی تائید کرنے کے لئے اس ایوان میں کیوں تشریف لائے ہیں یا محترم وزیر قانون جو کہ وکیل ہی نہیں وکیلوں کے استاد بھی رہے ہیں ، وہ اس بے معنی اور سیاہ قانون کی تائید میں یہاں تشریف رکھتے ہوں اور اپنے دست مبارک سے اپنے محکمہ سے اسے draft کراتے ہوں ، یہ میرے ذہن میں آ ہی نہیں سکتا کہ ایک وکیل ہوتے ہوئے وہ لا قانونیت کی کیسے حمایت کر سکتے ہیں ؟ بعض دوست جن کی پرورش ایسے ماحول میں ہوئی ہے کہ وہ قانون کے اچھا یا برا ہونے میں عام تمیز نہیں کر سکتے ، وہ اگر کسی غلطی کی بناء پر یا کسی غلط فہمی کی بناء پر اس کی حمایت کرتے ہیں تو مضائقہ نہیں لیکن مجھے تو ان دو بزرگوں پر حیرانی آتی ہے جو کہ اصرار کرتے ہیں ۔ اور ضد کرتے ہیں ۔ میں اس کی وجہ عرض کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ میں اکثر اس ایوان میں ایک کتاب سے کوئی نہ کوئی حوالہ دیتا ہوں ۔ یہ کتاب ہے Friands, Not Masters یہ صدر ایوب صاحب کی وہ گراں مایہ تصنیف ہے جسے بعض یونیورسٹیوں نے لڑکوں کے لئے بطور درسی کتاب کے بھی مقرر کیا ہے ۔ مجھے معلوم نہیں کہ اس

کتاب کو پڑھنے کے بعد ہمارے بچوں کے علم میں اضافہ ہوگا یا ان کے ذہن میں پہلے جو علم ہے وہ بھی جاتا رہے گا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ یہ کونسا صحیفہ ہے جو یہ پڑھ رہے ہیں ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ صحیفہ ہے "Friends, Not Masters" اس کے صفحہ ۱۰۲ میں اس فلسفہ کو بیان کیا گیا ہے جس کے تحت اس ملک میں عام عدالتی نظام کو اور مصروف قوانین کو استحصتار کی نظر سے دیکھا جاتا ہے ۔ اور اس سے پیچھا چھڑانے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ یہ فلسفہ دراصل اس کتاب سے لیا گیا ہے ۔ اس میں محترم قاضی فضل اللہ صاحب کا قصور نہیں ہے ۔ محترم وزیر قانون صاحب کا بھی قصور نہیں ہے ۔ دراصل یہ سب کچھ اس فلسفہ کے تحت ہو رہا ہے ۔ جناب والا ۔ جناب مصنف فیلڈ مارشل محمد ایوب خاں ارشاد فرماتے ہیں :۔

"As far back as 1954"

اس کتاب میں اور بھی کئی مقام ایسے ہیں جہاں پر انہوں نے کھل کر یہ بیان کیا ہے دراصل ۱۹۵۸ء میں اس ملک پر میں نے قبضہ نہیں کیا ۔ بلکہ ۱۹۵۴ء میں اس پر کسی حد تک قبضہ کر چکا تھا ۔ اور باقی کے پروگرام بھی ۱۹۵۴ء میں یا ۱۹۵۲ء میں میرے ذہن میں تھے کہ اس ملک پر قبضہ کیسے کرنا ہے ۔ وہ فرماتے ہیں :۔

"As far back as 1954, I had written that "There is the problem of four legal system. which is most expensive, ineffective, dilatory, tyrannical and totally unsuited to our genius."

تو تمام صفات جو کہ انہوں نے سابقہ قوانین میں بیان کی ہیں ، افسوس کہ وقت نہیں ہے ورنہ میں بیان کرتا کہ وہ ساری صفات ان کے موجودہ قوانین میں موجود ہیں ۔ اگرچہ جو کچھ انہوں نے بیان فرمایا ہے وہ صداقت سے حد درجہ دور ہے ۔

"The answer would seem to lie in having a Jirga-cum-Judicial system and revision of Evidence and procedural laws with only one right of appeal. The highest Jndicial court for dealing with cases other than constitutional wouid have to be created in each sub-uuit, the Federal of the provincial High Court to deal only with cases of a constitutional nature."

اسی صفحہ ۱۰۳ کے نیچے آخری دو سطریں پڑھوں گا ۔ ارشاد فرماتے ہیں :۔

"I (President Muhammad Ayub Khan) for one have little faith in the present legal syftem."

تو جناب والا ۔ جب ۱۹۵۴ء میں کتاب کے مصنف اس ملک کا نیا نقشہ اپنے ذہن میں تجویز کر رہے تھے تو انہوں نے اس وقت کہہ دیا تھا کہ یہ جو موجودہ نظام انصاف اور نظام عدالت ہے ، میں اس کا تیا پانچا کردوں گا ۔ اس کی جگہ مجھے Jirga-cum-judicial system منظور ہے ۔ یہ اسی فلسفہ کا قصور ہے ۔ یہ ان اصحاب کا قصور نہیں ہے ۔ اصل قصور منبع کا ہے ۔ اصل قصور اس پیراہن کا ہے جو کہ ان بزرگوں اور ان دوستوں کو دیا گیا ہے ۔ عام معروف

عدالتی نظام اس ملک میں چلانا ممنوع ہے اس ملک کے genius کے خلاف ہے ۔ اس ملک کے عوام کے فائدے کے منافی ہے ۔ اور اس کی جگہ کیا ہونا چاہیے ؟ Girga-cum-judicial system جس میں انہوں نے کہا ہے کہ Evidence Act اور Criminal Procedurt Code کی ضرورت نہیں ہے ۔ سنی سنائی باتوں پر فیصلہ کرنے جائیے ۔ میں اس کے متعلق ایک واضح مثال پیش کرتا ہوں ۔ کل ایک سوال کے جواب میں وزیر داخلہ نے ارشاد فرمایا تھا کہ عبدالصمد خان اچکزئی ، وہ مشہور لیڈر جس کی پالیسی سے مجھے اختلاف ہو سکتا ہے لیکن جس کی عظمت اور جس کی بڑائی سے انکار نہیں ہو سکتا ، اس معروف لیڈر کے خلاف (الف) ۱۲۴ یعنی غداری کا اور بغاوت کا مقدمہ ہے ۔ اور آپ جانتے ہیں کہ (الف) ۱۲۴ اچھے بھلے وکلا ، نہیں سمجھ سکتے کہ وہ کیا چیز ہے ۔ اسے distinguish نہیں کر سکتے ۔ ۔ ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ایوان میں نہ قائد ایوان ہیں ۔ نہ نائب قائد ایوان ہیں ۔ نہ ان کے حواری ہیں ۔ یعنی کورم نہیں ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : That is unparliamentary. Those remarks are expunged from the proceedings. You can't call the members ' Bakrian ',

The House is not in quorum, let the bells to rung. (*bells were rung.*) The House is in quorum now. Yes, Khawaja Muhammad Safdar.

---

* *Expunged as ordered by the Deputy Speaker.*

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ کل ھی محترم وزیر داخلہ نے ایک بات بتائی تھی کہ اس قانون کے تحت فیصلے کس طرح کرائے جاتے ھیں ۔ اس سلسلہ میں میں یہ حوالہ دوں گا ۔ کہ عبدالصمد خان اچک زئی پر دفعہ ۱۲۴ الف کے تحت مقدمہ چلایا گیا جس کی سزا ۱۴ سال یا عمر قید ھے ۔

جناب والا ۔ آپ بہ حیثیت وکیل اچھی طرح جانتے ھیں کہ یہ دفعہ ۱۲۴ الف کتنی ticklish دفعہ ھے ۔ اس میں اس قسم کی بات منسوب کی جا سکتی ھے جو بغاوت کے تحت آتی ھے ۔ اب اس کا فیصلہ کرنے کے لئے جو چار آدمی مقرر کئے گئے ھیں ان میں ایک پرائمری تک پڑھا ھوا ھے یعنی upto primary ھے ۔ دو لوئر مڈل تک ھیں اور ایک upto matric ھے ۔ یہ چار آدمی ۱۲۴ الف کے تحت فیصلہ کریں گے جس کی سزا عمر قید ھے ۔ یہ ھے اندھیر نگری اور ظلم و تشدد جو ان ۱۷ لاکھ افراد کے ساتھ روا رکھا ھے جو بلوچستان میں رھتے ھیں ۔

مجھے قاضی صاحب (وزیر داخلہ) کا بڑا احترام ھے ۔ انہوں نے بار بار مجھ سے فرمایا ھے اس لئے میں اپنی تقریر کو مختصر کر رہا ھوں ۔ ورنہ حقیقت یہ ھے کہ میں اس موضوع پر ود اڑھائی گھنٹہ تک گفتگو کرنے کے لئے حاضر ھوا تھا ۔ کل بھی میں نے عرض کیا تھا کہ ۳/۴ گھنٹہ تک کچھ گذارشات پیش کروں گا اور یہ ڈر تھا کہ سپیکر صاحب مجھے snub نہ کر دیں ۔

جناب والا ۔ مجھے تو ایسا معلوم ھوتا ھے کہ اس ایوان میں کوئٹہ قلات کے نمائندے تشریف نہیں رکھتے ۔ اگر تشریف رکھتے

ھین تو ذاتی مصلحتوں کے پیش نظر ایوان مین وھاں عوام جذبات کو پیش نہیں کرتے ۔ (قطع کلامیاں اور شور)

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ یہاں کوئٹہ قلات کے نمائندے اس لئے تشریف نہیں رکھتے کہ کوئٹہ میں ایک فوجی افسر نے جو پٹائی کی ھاؤس کو اس واقعہ کی خبر نہ مل سکے ۔

Mr. Deputy Speaker : That is no point of order.

نوابزادہ شیخ عمر ۔ جناب والا ۔ ھمارے علاقہ کے بے شمار مسائل ھین ۔ ھم کوئٹہ قلات کی نمائندگی کرتے ھین اگر آپ اجازت دیں تو ھم ان تمام باتوں پر روشنی ڈالین ۔ دراصل ھمارے علاقہ کے مسائل کچھ اور ھین ۔

چودھری انور عزیز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ خواجہ صفدر صاحب نے کہا ھے کہ ذاتی لالچ کی وجہ سے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مین نے یہ نہین کہا ۔

چودھری انور عزیز ۔ ذاتی ضروریات کی وجہ سے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں نے یہ نہیں کہا ۔

چودھری انور عزیز ۔ تو پھر کیا کہا ھے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ خود یاد کریں ۔ مین نے کیا کہا ھے ۔

چودھری انور عزیز - جو کچھ بھی کہا ہے - وہ مناسب نہیں - اس لئے معزز ممبر کو چاہئے کہ وہ الفاظ واپس لیں -

Mr. Deputy Speaker : There is notning unparliamentary in that

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں دل سے کوئٹہ قلات ڈویژن کے نمائندوں سے معذرت خواہ ہوں اگر میرے الفاظ سے ان کی دل شکنی ہوئی ہے - میری نیت کسی دوست کی دل شکنی کرنے کی نہیں تھی - اس لئے میں معذرت خواہ ہوں میں اپنے تجربہ سے بات کر رہا ہوں کہ پچھلے اجلاس میں بھی جب اصل قانون زیر بحث تھا تو ہم نے اپنا فرض منصبی سمجھا ہم نے اپنا فرض گردانا کہ ہمارے وہ بھائی جو ان Divisions سے تعلق رکھتے ہیں ان کے جذبات کی ترجمانی کریں - اور آج بھی محض اور محض اسی فرض منصبی کو ادا کرنے کے لئے ایوان کا وقت صرف کر رہا ہوں - ورنہ مجھے تقریر کرنے کا شوق نہیں ہے - میں کوئٹہ قلات سے تعلق رکھنے والے محترم دوستوں کہ خدمت میں عرض کروں گا کہ اگر میں ایوان کا وقت صرف نہ کرتا تو میں سمجھتا ہوں کہ مجھ پر جو اعتماد ان علاقوں کے عوام اور خواص کی جانب سے کیا گیا ہے میں اسے مجروح کرتا - میر خدا بخش مری بلوچ کی چٹھی میرے پاس ہے جس میں انہوں نے میرے ذمہ یہ فرض عائد کیا ہے کہ میں ان کے جذبات کو آپ تک پہنچاؤں وہ مری tribe یا مری قبیلہ سے تعلق رکھتے ہیں اور وہ اس قبیلہ کے با اثر بزرگ ہیں - مجھے ان سے صرف ایک بار ملنے کا شرف حاصل ہوا

ہے ۔ انہوں نے مجھے ایک بڑی لمبی چٹھی لکھی ہے ۔ جس کو پڑھ کر میں اس ایوان کا وقت نہیں لوں گا ۔ کیونکہ یہ کئی صفحات پر مشتمل ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو اعتماد انہوں نے مجھ پر کیا ہے اور جس اعتماد کا اظہار انہوں نے مجھ پر فرمایا ہے میں اس کے قابل نہ ہوتا اگر میں نہایت درد مندی سے ان کے جذبات آپ تک نہ پہنچاتا ۔ اگر بابو محمد رفیق صاحب یہ کہیں کہ یہ قانون اس علاقہ میں رائج ہونا چاہئے تو میں کچھ نہیں کہہ سکتا ۔ لیکن وزیر امور داخلہ نے خود یہ فرمایا ہے کہ وہ بعض علاقوں سے یہ قانون واپس لے رہے ہیں اب میں تو صرف ان کی تائید کر رہا ہوں ۔ اور اس کے ساتھ ہی یہ عرض کر رہا ہوں کہ جہاں سے آپ یہ قانون واپس لے رہے ہیں اور آپ نے اپنی غلطی کا احساس فرما لیا ہے خدا را باقی علاقوں سے بھی واپس لے لیں تاکہ اگلے ۶ ماہ میں اپنی غلطی کا احساس کرتے ہوئے دوبارہ ایوان کا وقت صرف نہ کرنا پڑے ۔

بابو محمد رفیق (لورالائی سبی) ۔ جناب عالی جہاں تک اس آرڈیننس کا تعلق ہے میں خواجہ صاحب کی حمایت کرتا ہوں لیکن میں اس ہاؤس میں ایک چیز عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ خواجہ صاحب نے یہ تاثر دینے کی کوشش کی ہے کہ ان علاقوں کے عوام اس قانون کے حق میں نہیں ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ گورنمنٹ حق میں نہیں ہے ۔

بابو محمد رفیق ۔ خواجہ صاحب ۔ آپ نے بنیادی قانون سپیشل پراویژن آرڈیننس کے بارے میں یہ تاثر دینے کی کوشش

کی ہے کہ عوام بنیادی قانون کے حق میں نہیں ہیں اور یہ ان علاقوں کے بارے میں ہے جہاں پہلے ایف - سی - آر نہیں تھا - میں خود ماننے کو تیار ہوں کہ جس وقت یہ قانون بنایا گیا تھا اس وقت اس بات کو مد نظر نہیں رکھا گیا تھا کہ جن علاقوں میں پہلے ایف - سی - آر نہیں تھا یا کوئٹہ قلات آرڈیننس نہیں تھا وہاں اس کو حاوی نہیں کرنا چاہیئے - اس کا اطلاق سوچ سمجھ کر کرنا چاہیئے تھا - اس سلسلہ میں میں یہ بھی عرض کروں گا کہ کوئٹہ قلات ڈویژن میں دو قسم کے علاقے ہیں ایک ایریا (اے) اور دوسرے ایریا (بی) کے علاقے ہیں - جتنے قوانین مثلاً جرگہ سسٹم وغیرہ تھے وہ ایریا (بی) میں تھے - ایریا (اے) جوڈیشری کا کام کرتی تھی - اب انہوں نے اپنی غلطی کا احساس کر لیا ہے اور وہاں سے جرگہ سسٹم کو واپس لے رہے ہیں - وہاں کے عوام کو جوڈیشری کا حق حاصل تھا وہ ان کو دے رہے ہیں اس میں آپ کو کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیئے - دوسرے یہ بات قابل غور ہے کہ کوئٹہ قلات کے ان علاقوں میں جہاں ایف - سی - آر تھا ہائی کورٹ نے اسے fundamental rules کے تحت الحاقے کے لئے کہا ہے - حکومت کے پاس کوئی جواز نہیں تھا - جب وہاں کے عوام سے پوچھا گیا تو سب کی متفقہ رائے یہ تھی کہ وہاں جوڈیشری کی بجائے قبائلی رسم و رواج یا اس قسم کا قانون لایا جائے -جوڈیشری شہادتوں کی ضرورت ہوتی ہے اس کے علاوہ وکیلوں کو فیس وغیرہ دینے کی ضرورت ہوتی ہے لیکن وہاں کے عوام غریب ہیں وہ وکیلوں کی فیس وغیرہ ادا نہیں کر سکتے - اس کے علاوہ ان کا آنا جانا بڑا مشکل ہے اور

شہادتیں بھی نہیں مل سکتیں ۔ کیونکہ وہاں کی آبادی ۷ آدمی فی میل ہے ۔ اب بتائیں کہ جب وارداتیں تمام علاقہ میں ہو جائیں تو شہادتیں کہاں سے پیدا کی جائیں گی تو یہ رسم و رواج کے مطابق قانون صدیوں سے چلا آ رہا ہے اس لئے گورنمنٹ نے ان لوگوں سے معلوم کیا تو سب کی یہ متفقہ رائے تھی کہ اس قسم کا قانون لایا جائے جو ان علاقوں کے رسم و رواج اور حالات کے مطابق ہے ۔ اس کے بعد ایک چیز میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپوزیشن کی کرسیوں پر بیٹھ کر یہ لوگ ماڑی بکتی عطا محمد مینگل اور دوسرے دوستوں کے متعلق واویلا کرتے رہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ قانون واپس لیا جائے ۔ ایک طرف ان کی ہمدردی کرتے ہیں اور دوسری طرف اس سسٹم کی حمایت کرتے ہوئے شور و غوغا کرتے ہیں اور پھر یہ بھی اعتراض کرتے ہیں کہ ایسا قانون نہ ہونا چاہیئے ۔ آپ اپنی پالیسی کو واضح کریں تو مناسب ہے ۔ میں آپ کے توسط سے جناب وزیر صاحب سے عرض کروں گا کہ جہاں تک اس بنیادی قانون کا تعلق ہے وہ ہمارے عوام کی مرضی کے مطابق ہے اور ان کی خواہش کے مطابق ہے اس لئے میں اس کی پر زور حمایت کرتا ہوں ۔ جہاں تک اس چیز کا تعلق ہے کہ اس قانون کو کسی حصہ سے ہٹایا جا رہا ہے تو اس کے لئے میں یہ عرض کروں گا کہ جب کوئی غلطی محسوس کر لی گئی تو اس پر اتنا شور و غوغا نہیں کرنا چاہیئے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروق ۔ پہلے آپ نے اس کو وہاں نافذ کیا اب اس کو کیوں ہٹا رہے ہیں ؟

بابو محمد رفیق - میں نے عرض کیا ہے کہ کوئٹہ فلات میں دو areas ہیں - ایک (اے) ایریا ہے اور دوسرا (بی) ایریا ہے - (بی) ایریا میں جب ایف-سی-آر نافذ ہوا تو ہائی کورٹ نے اس کو ہٹا دیا پھر (بی) ایریا کے لوگوں نے کہا کہ ہمارے یہاں کے رسم و رواج کچھ ایسے ہیں جن کی بنا پر آپ کے ایسے وکیلوں کے دھندے میں وہ نہیں پڑنا چاہتے ہیں تو انہوں نے پرزور مطالبہ کیا کہ ہمارے (بی) ایریا میں دوبارہ ایف-سی-آر قسم کا قانون لاگو کریں لیکن جیسا کہ میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ انہوں نے اس میں (اے) ایریا کو بھی شامل کر لیا لیکن جب ان کو یہ ضرورت پیش آئی اور انہوں نے یہ ضرورت محسوس کی کہ (اے) ایریا میں ایسے حالات ہیں کہ ایف-سی-آر کو وہاں سے ہٹا دیا جائے تو انہوں نے اس کو وہاں سے ہٹانا چاہا ہے کیونکہ وہاں پہلے بھی جوڈیشری کے اختیارات تھے اور وہاں کی ایسی آبادی ہے کہ جہاں ایف-سی-آر - کی ضرورت نہیں ہے تو اس کے لئے آپ کو شور و غوغا نہیں کرنا چاہیئے - وہاں کے عوام کو اسبات کا حق ہے کہ وہ ایسا مطالبہ کریں -

سردار منظور احمد خان قیصرانی (ڈیرہ غازی خان ۱) - جناب والا - میرا تقریر کرنے کا کوئی ارادہ نہیں تھا لیکن چونکہ مجھے خواجہ محمد صفدر صاحب قائد حزب اختلاف نے خاص طور پر مخاطب فرمایا ہے کہ قیصرانی جواب دے گا تو میں کھڑا ہوا ہوں - مجھے جناب خواجہ صاحب کے بلند مرتبہ بلند اخلاق اور

بلند رتبہ پارلیمنٹرین ہونے اور بڑا لیڈر ہونے میں کسی قسم کا شک و شبہ نہیں ہے میں ان کی عزت کرتا ہوں اور ان کا احترام کرتا ہوں لیکن کمال ادب اور انکساری سے یہ عرض ضرور کروں گا کہ ان کو ہمارے حالات سے واقفیت نہیں ہے اور غالباً اور اسی بنا پر جناب خواجہ صاحب نے یہ کچھ ارشاد فرمایا تھا ۔ جناب والا ۔ یہ جو laws آ رہے ہیں جیسے کرمنل اسپیشل پراویژنز کوئٹہ قلات یا سول لا یا کرمنل لا یا ایف۔سی۔آر ان تمام کے تمام پر میں وقتاً فوقتاً کھڑا ہوا تھا اور میں نے اسی بناء پر ان کی تائید کی تھی کہ ہمارے علاقہ کے حالات ایسے ہیں کہ جہاں پر اس قوانین کا ہونا لازمی ہے میں نے کبھی یہ نہیں کہا کہ یہ قانون کے لحاظ سے برتر ، افضل اور صحیح ہے لیکن انتظامیہ کے لئے عدل و انصاف کی خاطر جو حالات اس علاقہ کے ہیں اس کے مطابق قانون مرتب ہوں تو وہاں کے عوام اس سے مستفیض ہونگے ۔ مجھے جناب یاد پڑتا ہے کہ پچھلے سشن میں اسی پوائنٹ پر جناب خواجہ صاحب نے بالاخر یہ فرمایا تھا کہ واقعی ان علاقوں کو ترقی دی جائے اور ان علاقوں میں ایسے حالات پیدا کئے جائیں جن پر ہمارے ملک کے باقی قوانین پورے اتریں ۔ انہوں نے اپنی تقریر میں خود فرمایا تھا ۔ جناب والا ۔ اس قانون میں درحقیقت ان کے ہی موقف کی تائید ہوتی ہے کہ ہم اس آرڈیننس سے صرف ایسے علاقوں کو مستثنی کر رہے ہیں جہاں حالات عام پاکستان کے برابر رونما ہو چکے ہیں ہم تو ان کے موقف کی تائید کر رہے ہیں اور اس علاقہ میں ایسے قانون رکھنا چاہتے ہیں جو علاقہ پسماندہ ہیں اور وہ خود

اس قانون کو چاہتے ہیں - میں نے اس سے پہلے بھی ۱۹۶۵ء میں آپوزیشن کے دوستوں سے عرض کیا تھا اور کہا تھا کہ ہمارے ساتھ ہمارے علاقہ میں چلیں جہاں پر یہ قانون نافذ ہیں تو وہ علاقہ اس ایف-سی-آر سے بھی جس کو یہ کالا قانون کہتے ہیں زیادہ موثر قوانین کا مستحق ہے - ڈیرہ غازی خان کے ٹرائیبل ایریا میں تقسیم سے پہلے بھی جس کو settled ایریا یا ترقی یافتہ ایریا قرار دیا گیا تھا یہ پورا قانون نافذ نہیں تھا اس لئے میں عرض کروں گا کہ جیسے جہاں کے حالات تھے اور جیسی جیسی بود باش اور ان کا تمدن تھا اس کے مطابق قانون بنائے گئے تو اب اس علاقہ کو جس کو حکومت سمجھتی ہے کہ وہاں کی حالت بہتر ہے اور لوگ اپنے پرانے رسمو و رواج اور گھناونے تمدن سے نکل رہے ہیں اجازت دے رہی ہے کہ ان کے اوپر یہ قانون نہ لگایا جائے اگر ان کے اوپر یہ قانون لگایا جائے تو ان کے ساتھ زیادتی ہو گی -

مسٹر حمزہ (لائل پور ٦) - جناب سپیکر اس ہنگامی قانون جاری کرنے سے ایک چیز واضح ہوتی ہے کہ جناب بابو محمد رفیق جس واضح پالیسی کا تقاضا کرتے رہتے ہیں حکومت کے پاس ملک کے اس اہم حصہ یا اس ملک کے مسائل حل کرنے کے لئے کوئی واضح پروگرام یا پالیسی نہیں ہے بلکہ میں یہ کہوں گا کہ انہوں نے اس ملک کو ایک تجربہ گاہ بنایا ہوا ہے اور اس ملک کے عوام کو guinea pigs سمجھتے ہیں اور یہ تجربات کرتے رہے ہیں کرتے چلے آئے ہیں اور کرتے رہیں گے -

وزیر محنت (ملک اللہ یا خان) ۔ guinea pigs پارلیمنٹری نہیں ہے اور اس کو مسلمانوں کے لئے استعمال کرنا مناسب نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ دراصل یہ ہنگامی قانون حکومت کی کوتاہ اندیشی کا مظہر ہے ۔

Minister of Labbur : On a point of order. The member has used the words guines pigs for the people of Pakistan. I would like to know whether this word is parliamentary with reference to the Muslims of democratic Islamic Republic of Pakistan.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے یہ کہا ہے کہ اس ملک کو یہ تجربہ گاہ بنائے ہوئے ہیں ۔ تجربات کرتے آئے ہیں اور کرتے رہیں گے اور انکو ملکی مفاد سے کوئی واسطہ نہیں ہے اور اس ملک کی آبادی کو یہ guinea pigs سمجھتے ہیں میرا مطلب یہ ہے کہ ہمارے ملک کی آبادی کو ہمارے حکمران guinea pigs سمجھتے ہیں اور یہ ظاہر ہے اور روزمرہ کے واقعات ہمیں یہ بتا رہے ہیں کہ آپ گولیوں سے ہمارے طلبا کو مارتے ہیں آپ ان کو اس سے بھی زیادہ حقیر جانتے ہیں آپ کے طرز عمل سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے ۔

Minister for Home : On a point of order. Sir, my friend should be relevant. My submission is that the amendment intends to empower the Government to exclude certain areas. The Act is already there. All that we want by way of an amendment is to assume power to exclude certain areas. So may friend should confine himself to the amendment and should not discuss the entire Act itself or the policy of the Government.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر آپ کو علم ہے کہ میں اس قانون کو مجموعی حیثیت سے زیر بحث نہیں لا رہا ہوں ۔ ان کا

فرماں ہے کہ اب ہم کسی خاص علاقہ کو اس قانون سے مستثنیٰ قرار دینا چاہتے ہیں ۔ میں اس کے بارے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ یہ ہی حکومت آج سے چند ماہ پہلے اسی قانون کو ان علاقوں میں نافذ کرنا انتہائی ضروری سمجھتی تھی ۔ ہمارے اعتراضات کے باوجود اور بابو محمد رفیق صاحب کے سر ہلانے کے باوجود اس وقت یہ انتہائی ضروری سمجھتے تھے اور آج یہ کہتے ہیں کہ اس کی ضرورت نہیں ہے اور ہمیں اجازت دیجائے کہ ہم اس قانون کو اس علاقے سے واپس لے لیں میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے یہ کیا مذاق بنایا ہوا ہے کیا یہ حکومت کی مستقل اور پائیدار پالیسی ہے ؟ اگر حکومت چند ماہ قبل اس صورت حال کا جائزہ نہیں لے سکی تو میں پوچھتا ہوں کہ اس حکومت کو اس ملک کے عوام پر حکومت کرنے کا کیا حق حاصل ہے ؟ دراصل اس ہنگامی قانون کو جس علاقہ سے واپس لیا جا رہا ہے اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ حکومت اس قانون کو کسی خاص نیک مقصد کیلئے نہیں بلکہ محض سیاسی اور ناجائز مقصد کیلئے استعمال کرتی رہی ہے اور جب انہوں نے دیکھا کہ جبروتشدد اور دلائل کے باوجود اس علاقے کے لوگ رام نہیں ہوتے اور وہ لوگ حریت پسند ہیں تو حکومت نے اس قسم کے گھٹیا حربے استعمال کرنے شروع کردیئے ہیں لیکن وہ اس کے سامنے جھکنے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ جب انہوں نے یہ دیکھا کہ ہم نے سب سے بڑا ستم کیا ہے زیادتی کی ہے قانون کے نام پر لاقانونیت کی گئی ہے لہذا ہم کامیاب نہیں ہوئے اور اب ہمیں ایک قدم پیچھے ہٹنا چاہئے لیکن وہ

با عزت لوگ ھیں اور وہ کسی صورت میں بھی حکومت کے سامنے جھکنے کیلئے تیار نہیں شائد حکومت ۔ سوچا ھو کہ وہ انکا مقابلہ کرنے سے باز آ جائیں ۔ لیکن ایسی کوئی چیز نہیں وہ انکے آگے جھکنے کے لئے تیار نہیں ۔ جناب سپیکر ۔ حقیقت تو یہ ھے کہ ھماری حکومت نے قانون کے تحت ڈپٹی کمشنر کو ایک حاکم مطلق کے اختیارت حاصل ھوتے ھیں جناب خواجہ محمد صفدر صاحب نے اپنی تقریر میں جناب عبدالصمد اچکزئی کا حوالہ دیا تھا ۔ میرے سوال کا جواب دیتے ھوئے جناب وزیر داخلہ نے بتایا کہ وہ جرگہ جو کہ جناب عبدالصمد اچکزئی کے خلاف مقدمے کی سماعت کیلئے مرتب کیا گیا ھے یعنی جو ھماری حکومت کی جانب سے مرتب کیا گیا ھے اس میں ڈی ۔ سی ۔ کو یہ ھدایت دی جاتی ھے کہ اس قسم کے پٹھو تلاش کرو جو اچکزئی کو سزا دے سکیں یہ حکومت اس علاقے میں اس حد تک ناکام ھو چکی ھے کہ اس میں جرات نہیں کہ جناب عبدلصمد اچکزئی کے خلاف عام عدالت میں مقدمے کی سماعت کر سکیں ۔ حکومت جیل ھی میں ان کے مقدمے کی سماعت کا انتظام کراتی ھے اس سے بڑھ کر بین ثبوت منافرت کا کیا ھوسکتا ھے کہ جرگے کے روبرو مقدمہ پیش تھا اور جرگے کے ایک ممبر کو وھاں بیٹھے ھوئے گولی کا نشانہ بنایا گیا اور وہ اللہ کو پیارا ھو گیا ۔ محض یہ نہیں بلکہ میں بلا خوف تردید یہ کہہ سکتا ھوں اور مجھے ذاتی طور پر اس بات کا علم ھے کہ عبدالصمد اچکزئی کے ذاتی مخالفین کو اس جرگے کا ممبر بنایا گیا ۔

Minister for Law : Sir, how is this relevant with regard to the case of Abdus Samad Achakzai ?

Mr. Deputy Speaker : Mr. Hamza may please be relevant to the Ordinance. He is not relevant.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ محض یہی نہیں بلکہ آپ اس بارے میں میری تائید فرمائیں گے اور بابو محمد رفیق تو زندہ مثال موجود ہیں کہ اس علاقے میں اس قسم کا قانون نافذ کرنے سے ایسی صورت حال نمودار ہوئی ہے ۔ کہ ہماری صوبائی اسمبلی کی ایک مجلس قائمہ خصوصی جو جناب بابو محمد رفیق صاحب کے ایک مسودہ قانون کے بارے میں جسکا نام والوربل ہے ۔ کوئٹہ جاکر وہاں کے لوگوں کے تاثرات اور اس مسودہ قانون کے بارے میں خیالات معلوم کرنا چاہتی تھی اور ہماری صوبائی اسمبلی کے سیکریٹیریٹ نے بلکہ ہماری اس مجلس قائمہ خصوصی کے چیئرمین نے اس کے لئے تاریخ بھی مقرر کر دی تھی ۔ کہ فلاں تاریخ کو مجلس خصوصی وہاں تشریف لے جائے لیکن بابو صاحب کی طرف سے تار موصول ہوا کہ اگر یہ مجلس خصوصی کوئٹہ چلی گئی تو چونکہ وہاں کے حالات ساز گار نہیں ہیں لہذا وہ ان کی زندگی کی حفاظت کی ضمانت نہیں دے سکیں گے ۔

Mr. Deputy Speaker : How is that relevant ?

مسٹر حمزہ ۔ یہ بالکل اس سے متعلق ہے ۔ میں عرض کررہا ہوں کہ اس قسم کے قانون کے نفاذ سے وہاں کے حالات خراب ہو

جائیں گے اور تعجب کی بات تو یہ ہے کہ جو وعدے وعید کئے ہوئے تھے وہ ابھی تک پورے نہیں ہوئے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ وہ تو اس قانون کو وہاں سے واپس لینا چاہتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ ہنگامہ قانون جناب سپیکر وہاں بڑے طمطراق کے ساتھ نافذ کیا گیا اور اس کے نافذ کرنے کے بارے میں جناب وزیر داخلہ نے جو وعدے وعید کئے تھے وہ قطعاً پورے نہیں ہوئے جناب بابو رفیق صاحب برملا اس کا اعتراف کرتے رہے ہیں اور حکومت چند ماہ پیشتر اس قسم کے وعدے کرتی رہی ہے اور آج اس ایوان میں کہہ رہی ہے لیکن ان کا وعدہ وعدہ فردا ہے ان کو روز وعدہ کرکے دوسرے دن ٹرخانے کی عادت ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Thls is not relevant to the Ordinance.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah) : Poin of order, Sir. Under section 179, I want to move the closure motion. It says—"At any time after a question has been proposed, a Member rising in his place may claim to move " That the question be now put ", and unless it appears to the Chair that such motion is an abuse of the rules or an infrlngement of the right of reasonable debate, the question " That the question be now put " shall be put forthwith and deeided without amendment or debate."

My submission is that we have debated this amendment for a reasonable time. In fact, the Leader of the Opposition took more than an hour and other members have also participated in the debate. Most of the talk has been absolutely irrelevant. The question is whether the Government should assume this power to remove any area from the operation of this Act or not. We want to assume that power. All the time, the Leader of

the Opposition, Sir, spoke against the Ordinance itself and at the end he said he was supporting it. He spoke for full one hour, condemned the Government, condemned the operation of the Act, and in the end, he said he was supporting it. This is exactly what my friend, Mr. Hamza, is doing. Therefore, I submit that the question may now be put Sir.

مسٹر حمزہ ۔ ۔ جناب سپیکر میری یہ عرض ہے کہ اس وقت آپ کہیں گے کہ تم تو ہمیشہ غلط بیانی کرتے ہو ایک تو وہ ممبر نہیں ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : He is a member.

مسٹر حمزہ ۔ تصور کئے جا سکتے ہیں لیکن وہ ممبر نہیں ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member may please see the definition of a Member in the Rules of Procedure.

مسٹر حمزہ ۔ دوسری عرض یہ ہے کہ میں اس ہنگامی قانون پر تقریر نہیں کرنا چاہتا تھا کیونکہ یہ ایک ایسا ہنگامی قانون ہے ۔ کہ جس کا نام لینے سے میں گناہ کا مرتکب ہوتا ہوں لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ بابو محمد رفیق صاحب نے اور سردار منظور احمد قیصرانی نے اس جرگے کے قانون کی حمایت کی جس کا اس سے کوئی تعلق نہ تھا تو اس وقت جناب وزیر داخلہ کو احساس نہیں ہوا کہ وہ بالکل غیر متعلقہ بات کہہ رہے ہیں لیکن جب اس حقیر انسان کی جانب سے بعض پیدا کردہ غلط فہمیاں سامنے آتی ہیں تو ان کا جواب دینے کے لئے حاضر ہو جایا کرتا ہوں جناب سپیکر میں ۔ یہ سمجھتا

ہوں کہ جب سے حکومت میں وہ داخل ہوئے ہیں اس قسم کی لاقانونیت ایک عام چیز بن کر رہ گئی ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Mr. Hamza may please confine himself to his point of order.

مسٹر حمزہ ۔ بلکہ کوئٹہ میں ناکامی کی وجہ سے اس وقت ایسی صورت حال پیدا ہو چکی ہے کہ تعلیمی ادرے سارے کے سارے بند ہو چکے ہوئے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : The member should please confine himself to the point of order raised by the Minister.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ وہ تو وزیر ہیں اس قسم کا پوائنٹ آف آرڈر پیش کر سکتے تھے میں نے معروضات پیش کرنی تھیں جو کر دیں اب آپ فیصلہ کرسکتے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : The question is—

That the question be now put.

The motion was carried.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ان کی طرف سے نیم دلانہ حمایت کی گئی تھی ۔ آپ ان کی آواز سے اندازہ لگا سکتے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : Does the Home Minister want to reply to the debate ?

Minister for Home (Kazi Fazlualla Ubedullah) : Sir, I really do not want to be long. Unfortunately, this debate has taken very long. I have heard with great patience to the speech of my friend. the Leader of the Opposition. As I submitted earlier it is very unfortunate that he has been very irrelevant today.

Mr. Deputy Speaker: That is for the Chair to decide whether he is relevant or irrelevant.

Minister for Home: My submission is that it is of course, for you to hold whether he was relevant or not. He has tried to make a suggestion that we are treating 15 lakh people of Baluchistan as third class citizens. I strongly repudiate the suggestion on behalf of the Government. They are our brothers and they are our friends. In fact, I have more affinity with them than my friend, the leader of the Opposition and my friend Mr. Hamz. They are not treated as third class citizens. They are treated as good citizens as I am or as anybody else. These gentlemen are describing this Act as black Act but I submit sir that there was much blacker Act which was called Frontier Crimes Regulation Act which was in operation from 1901 right upto 1963 and it was in operation in the days of those stalwarts to whom my friends owe their political allegiance. I was there in 1963 when in one Usman's case it was held that it was *ultra vires* of the Constitution. This was repealed and we had made an alternative arrangement.

Mr. Hamza: Point of order sir. The House is not in quorum.

Mr. Deputy Speaker: The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is now in quorum. Yes Kazi Sahib.

Minister for Home: Sir, I was submitting that Frontier Crimes Regulation was in operation since 1901. If this is called the black Act that was much blacker and it was not only applicable to the Baluchistan area, but as you know sir, it was applicable to Jaccobabad District, it was applicable to half of Sukkur, if was applicable to half of Larkana District and it was there till 1963. It was submitting that it was there in the days of those stalwards also to whom my friends owe their political allegiance. None of them ever raised any voice against that at that time. My respectful submission is that this Act was enacted because we wanted to give legal backing, a sort of legal recognition to the tribal customs in that area. We excluded Nasirabad even because it was incorporated in Jaccobabad District and it has become a part of our settled area. We have excluded half of Larkana, half of Sukkur District because they are settled areas now. The intention was only to give, as I submitted, legal backing to the tribal customs. After an experiment of a few months who found that some changes have to be brought and that is why we have tried to assume powers

to exclude certain areas and I suppose sir that there should be no opposition to that. My friends should be happy because they have all along been opposing this enactment. I am really reminded of the Persian poet who once said :—

غرض دو گو نه غراب اسرت جان مجنوں‌دا

When we were bringing this Act, they opposed it and when we want to lift it from certain areas they again oppose it. So I am really amused to see this sort of debate. My submission is that this is a very harmless thing and harmless amendment and it should be put to the vote of the House.

Mr. Deputy Speaker : This has been brought as an Ordinance by the Govt. on 12th of September. Have they excluded any area under the provisions of this Ordinance ?

Minister for Home : Sir, I am not sure. I do not think any area has been excluded.

Mr. Deputy Speaker : If an area is excluded what would happen to those cases in which only judgement has to be delivered. There is no provision in this Ordinance about that.

Minister for Home : They, of course, will be decided according to the. . . .

Mr. Deputy Speaker : Under what law.

Minister for Law : The procedure is that any obligation incurred under a statute will continue irrespective of the fact whether the statute is in operation or not. If somebody has undergone punishment that will continue. The provisions of General Clauses Act are sufficient.

Mr. Deputy Speaker : I will now put the question to the vote of the House. The question is—

That the Assembly do approve of the Criminal Law (Special Provisions) (Amendment) Ordinance, 1968 (West Pakistan Ordinance IX of 1968) promulgated by the Governor of West Pakistan on 6th September, 1968.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN CONTROL OF GOONDAS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1968.

Mr. Deputy Speaker: Next motion by Minister for Law and Parliamentary Afiairs.

Minister for Law and Parliamentary Affairs: Sir, 1 beg to move :—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Control of Goondas (Amendment) Ordinance, 1968 (Ordinance No. XI of 1968) promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th October, 1968r

Mr. Deputy Speaker: The motion moved is—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Control of Goondas (Amendment) Ordinance 1968) (Ordinance No. XI of 1968) promulgated by the Governor of West Pakistan on the 30th October, 1968.

Khawaja Muhammad Safdar: Opposed.

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) Mr. Speaker, Sir, as you know and this august House knows and the Province of West Pakistan and its people are aware, it is the anxiety of this regime to eliminate completely and ruthlessly all those anti-social elements who try to disrupt the normal life, who try to create chaos, who try to interfere with the normal life of the population of this Province. And, therefore,

under the able leadership of the Governor, General Muhammad Musa the police of this Province went in a drive against the anti-social elements. It is a part of that anxiety that the two laws, namely, the Control of Disorderly Persons Act. 1952 which was in operation in Karachi and the Control of Goondas Act, 1959 which was in operation in the whole Province of West Pakistan except Karachi and Tribal Area were reviewed and this Ordinance was promulgated for the purpose of bringing a uniform law on the subject, so that all types of anti-social elements may be dealt with effectively and completely so that the people may pursue their normal pursuits of life and may lead an honourable life. It is on account of that that important provisions of the two enactments or the two statutes have been lumped together in Section 13 which has now been substituted by this amending Ordinance. This is the main feature of the new law.

Apart from that Sir, the Control of Karachi Disorderly Persons Act 1952 will now stand repealed and this law will be uniform. It will apply to the entire Province except the Tribal Areas. Besides that some manner of recording of evidence has also been providen. As youknow, Sir, certain elements have assumed such a great importance and they have terrorised the population to such an extent that sometimes people are not in a position to come openly in a Court of Law and give evidence against them. An illustration of that type was the one in which in the city of Lahore one person who appeared as a witness in a murder case was murdered in the Court in broad-day-light. And, therefore, we have provided in this Ordinance that in some circumstances and on certain grounds that Court may be enabled to take and record evidence of witnesses in certain circumstances where even they may not be present, and evidence on affidavit may be admissible. Such procedure is not a new procedure because in writ petitions also evidence on affidavits is permissible. In Civil Courts evidence on affidavit is permissible and, therefore, this principle has also been enunciated in this new law.

A part from that the powers and duties of Probation Officers have been enunciated. Those will be the officers who will look after the activities of the goondas once they are declared as such. They will lay their reports before the Tribunal which comprises the District Magistrate so that the goondas may be kept under effective check. What is more, in certain cases where certain people who are declared as goondas or are convicted of substantive offences, they will be awarded enhanced punishment which is prescribed in Schedule I of this Ordinance.

These are the main features of this Ordinance. The need of this emergent legislation arose because the people of the Province were anxious that something very effective and immediate should take place so that the people sholud be able to get rid of the anti-social elements. It is, therefore that the Governor in the exercise of emergency powers has promulgated this Ordinance.

With these few words I request that this Assembly should approve this Ordinance.

Mr. Deputy Speaker: There is an amendment by Malik Muhammad Akhtar.

What is the Member seeking by this amendment ?

Malik Muhammad Akhtar: Sir, through this amendment I am seeking that in section 2 of the Ordinance, the proposed sub-section (2) of Section 1 of the principal ordinance be deleted. If you kindly look into it, it says that it shall extend to the whole of the Province of West Pakistan except Karachi or the Tribal Area.

Now, by the new enactment they are extending it to the Karachi area as well and I have moved for its deletion in the principal Ordinance. What I mean to say is this that I do not agree with them in principle that the Goonda Act be extended to the entire West Pakistan. Since they are seeking to amend that clause by which it is being enforced and it is being extended to certain areas, I am claiming the deletion of the entire clause. I am saying that it may not be extended. I am opposing the law as a whole.

Mr. Speaker: The Member says that in section 2 of the Deputy Ordinance, the proposed sub-section (2) of section 1 of the principal Ordinance be deleted.

Malik Muhammad Akhtar: Because they are amending that very subsection of the principal Ordinance and so I have got a right to move a further amendment in that very section of the principal Ordinance which the Government is seeking to amend.

Mr. Deputy Speaker: Then the Member should have said that Section (2) of section 1 of the proposed Ordinance be deleted.

Malik Muhammad Akhtar : In that way its extension would have been stopped as far as it is being extended to the Karachi area.

Mr. Deputy Speaker : I am sorry we cannot legislate for the Tribal Areas. How can I accept it ? Your contention is... ....

Mr. Mahmood Azam Farooqi : On a point of order.

Mr: Deputy Speaker ; No point of order when the Chair is speaking.

Malik Muhammad Akhtar : Yes, I will explain.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا آپ کلام یا گفتگو فرما رہے ہوتے ہیں تو درمیان میں پوائنٹ آف ارڈر نہیں اٹھایا جاتا ۔ جب کوئی معزز رکن تقریر کر رہا ہو تو اس وقت آپکے فرمان سے یہ نتیجہ نکلتا ہے اس وقت پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا جا سکتا ہے ۔ ہمارے نقطہ نظر سے آپکے ارشاد کی ایک عام تقریر سے زیادہ اہمیت ہوتی ہے ۔ پوائنت آف ارڈر تو اس لئے آٹھایا گیا تھا کہ ہاوس میں کورم نہیں ہے ۔ آپ کے فرمودات سننے کیلئے ۴۰ رکن ایوان میں موجود ہونے چاہئیں کیونکہ آپ کی اہمیت ہم سے یقینی طور پر بہت ہی زیادہ ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member can raise that point after I have finished. It will make no difference.

The House is not in quorum. Let the bells be rung.

خواجہ محمد صفدر ۔ صرف سات ہیں ۔

(bells were rung for five minutes.)

Mr. Deputy Speaker : The House is still not in quorum. The House is adjourned for fifteen minutes.

The Assembly then adjourned for fifteen minutes.

The Assembly met at 12.45 p. m. Mr. Deputy Speaker in the chair.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, the House is not yet in quorum.

Mr. Deputy Speaker : I have not said that it is in quorum. Let there be a count. (*Count was taken*). The House is in quorum. Yes, please.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی querry کا جواب دے رہا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : If I am correct did I hear the Member say or was his amendments to the affect that it should apply not only to Karachi but that it should apply to the whole of West Pakistan.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I am seeking deletion of sub-section

Mr. Deputy Speaker : Which sub-section ?

Malik Muhammad Akhtar : Sub-section (2) of section 1 of the Principal Ordinance.

Mr. Deputy Speaker : The Member is seeking deletion of sub-section (2) of section 1 of the principal Ordinance. I, therefore, rule it out of order. We cannot legislate for tribal areas. All our legislation is for West Pakistan except tribal areas. I just want to guide the Member.

Malik Muhammad Akhtar : Since you have been kind enough to express your opinion may I know why my amendment, seeking deletion of sub-section (2) or imposition of the ordinance in the whole of West Pakistan cannot be allowed.

Mr. Deputy Speaker : We cannot legislate for the tribal areas.

Next Amendment, Khawaja Sahib.

مسٹر ملنگ خان ۔ جناب سپیکر ۔ میں اس ضمن میں وضاحت چاہتا ہوں کہ وہ علاقے جن کو settled areas بھی نہیں کہہ سکتے اور Tribal areas بھی نہیں کہہ سکتے وہاں اس قانون پر کس طرح عمل درآمد کریں گے میرا مقصد ہے کہ جو علاقے Triibal areas کی تعریف میں نہیں آتے ان پر اس قانون کو کس طرح لگائیں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ وضاحتیں ہوتی رہتی ہیں اور سوچا جاتا رہتا ہے ۔

ir, I beg to move —

> That in section 4 of the Ordinance, in the proposed sub-section (1) of section 12 of the principal Ordinance in elause (a) the words "of general repute" occurring in line 1 be deleted;)

Mr. Deputy Speaker : The amendment moved is.—

> That in section 4 of the Ordinance, in the proposed sub-section (1) of section 12 of the principal Ordinance, in clause (a), the words "of general repute" occuring in line 1, be deleted.
>
> " (a) receive and consider evidence of general repute of previous convictions, or of previous occasions on which the person complained against was bouud over to keep the peace or be of good behaviour ;"

خواجہ محمد صفدر ۔ (سیالکوٹ ۱) جناب والا وہ para (اے) جو سکشن میں دیا گیا ہے وہ اس طرح ہے ۔

اسکا مطلب یہ ہے کہ ٹریبونل کو یہ اختار ہوگا کہ جس شخص کے خلاف غنڈہ قرار دینے کیلئے درخواست دائر ہو چکی ہے اسکے خلاف اس قسم کی شہادت اسکی شہرت کیسی ہے اور اس سے پہلے وہ مقدمات یا کسی مقدمہ میں سزا پا چکا ہے یا اسکے خلاف پہلے کوئی شکایت موصول ہوچکی ہے اس قسم کی شہادت اسکے خلاف پیش کرنے اور حاصل کرنے اور اس پر غور کرنے کا ٹریبونل کو اختیار ہو گا ۔ میری تجویز یہ ہے کہ ٹریبونل کو یہ اختیار نہیں ہونا چاہیے کہ وہ عام شہرت کے متعلق کسی شخص کے خلاف شہادت پر غور کرے یا اس شہادت کو قبول کرے ۔ اس کے لئے کافی یہ ہے کہ اگر کوئی اس کے خلاف تحریری یا تقریری شکایت موصول ہوئی ہیں تو ان پر غور کر سکتا ہے اور وہ ٹریبونل اس پر بھی غور کر سکتا ہے کہ وہ شخص جسکے خلاف غنڈہ declare کرنے کا دعویٰ یا درخواست دائر ہوئی ہے وہ اگر پہلے کسی فوجداری مقدمہ میں ملوث ہو کر سزا پاچکا ہے تو یہ شہادت بھی اسکے خلاف پیش ہو سکتی ہے لیکن مجھے اعتراض اس بات پر ہے کہ اسکے خلاف خواہ مخواہ زبانی شہادت (اول تو اس قسم کی کہ وہ ایسا ہے یا ویسا ہے) یعنی عام شہرت اس کی کیسی ہے قبول کی جائے ۔ جناب والا بنیادی طور پر ایکٹ شہادت کا اصول دراصل میں نے اس ترمیم کے ذریعہ اس ایوان سے قبول کرانے کی کوشش ہے ایک شہادت اس قسم کی شہادت جسکا تعلق کسی عام شہرت سے ہو قبول کرنے کیلئے تیار نہیں ہے جناب آج حالات اس صوبے کے اسقدر دگرگون ہیں کہ صدر مملکت نے حال ہی میں پچھلے ماہ یہ ارشاد فرمایا تھا کہ اس ملک ہیں رشوت عام ہے

اور انہوں نے چند تجاویز بھی ارشاد فرمائی تھیں کہ ان تجاویز پر عمل کرنے سے یہ بری یا قبیح عادت اس ملک یا صوبے سے دور کی جا سکتی ہے ۔ آپ جانتے ہیں کہ رشوت سرکاری اہلکار لیتے ہیں اب جس بات کے متعلق ہمارے صدر مملکت نے واشگاف الفاظ میں یہ ارشاد فرمایا تھا کہ سرکاری ملازمین کا اکثر و بیشتر حصہ رشوت خوری میں ملوث ہے اسکے بعد میں اس قسم کی شہادت قبول کرنے کیلئے تیار نہیں ہوں ۔ عام شہرت کی شہادت کی بنا پر سرکاری ملازمین کے خلاف کوئی قدم نہیں اٹھایا جا سکتا اور اس بات کو اتنی اہمیت حاصل ہے اور اہمیت ہو چکی ہے کہ خود جناب صدر مملکت نے اسکا نوٹس لیا ہے ۔ اور نوٹس ہی نہیں لیا ہے ۔ بلکہ اپنی ماہانہ نشری تقریر میں فرمایا ہے ۔ اور اس پر شرح و بسط سے بحث کی ہے ۔ اس کے متعلق میں اس قسم کی شہادت لینے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ کم سے کم میرے علم میں کوئی ایسا قانون نہیں ہے کہ جس میں کسی سرکاری ملازم کے خلاف اسکی عام شہرت کے خلاف شہادت حاصل کرکے انضباطی کارروائی کی جا سکتی ہو ۔ شاید میں ناواقف ہونگا ۔ لہذا ایک شخص جسے پولیس والے کہتے ہیں کہ یہ غنڈہ declare ہونا چاہیے اسکے خلاف شہادت آپ کیسے درخور اعتنا تصور کر سکتے ہیں ۔ مثال کے طور پر پولیس کی شہرت اس ملک میں بہت گھناونی ہے بلکہ آج ہی ایک اخبار میں لکھا ہوا تھا کہ تھانہ کیا ہوتا ہے ؟ اور اس میں اسکی تعریف یہ دی ہوئی تھی کہ تھانہ وہ جگہ ہے کہ جہاں شریفوں کو بے عزت کیا جائے اور جو بدمعاش ہیں وہاں زیادہ دیانتدار ہیں اور وہ دندناتے پھریں ۔ اگر تھانے یا پولیس ہیڈ کوارٹر کی یہ تعریف ہے

تو میرا بھی اعتراض ہے تو پھر ان بزرگوں کے ہاتھ میں یہ ننگی تلوار دےدے کہ وہ جس شخص کے خلاف اپنے دو tout پکڑ کر زبانی شہادت دلا دیں کہ صفدر کی شہرت خراب ہے تو اس بنا پر مجھے غنڈہ declare کر دیا جائیگا ۔ تو میں چاہتا ہوں کہ اس ملک کو پولیس کی دستبرد سے بچانے کیلئے انکی زیادتیوں اور ظالموں سے بچانے کیلئے یہ ضروری ہے کہ پولیس کو یہ اختیار نہ دیا جائے کہ وہ اپنے tout کے ذیعہ کسی شریف آدمی کو غنڈہ declare کرا دیں ۔ مثال کے طور پر ان ہی دو ماہ کے ہنگاموں میں کیمبل پور کا ایک واقعہ اخبار میں آیا ہے کہ وہاں کوئی پریس رپورٹر جو صحافیوں کی ایسوسی ایشن کا نائب صدر بھی ہے وہاں معاملات میں دلچسپی لیتا رہا اور ان مظاہروں میں جاتا رہا جو حکومت کے خلاف ہو رہے تھے تو پولیس نے اس کے خلاف ٹریبونل کے سامنے ایک درخواست دیدی ہے کہ اسکو غنڈہ ایکٹ کے ذریعہ غنڈہ declare کر دیا جائے ساری صحافی دنیا نے اس پر احتجاج کیا لیکن آپ جانتے ہیں کہ آج پولیس بڑی طاقتور ہے اس ملک میں پولیس کے خلاف کوئی شکایت سننے کے لئے کب تیار ہو سکتا ہے ۔ لہذا غنڈہ declare ہو ہی جائیگا خواہ وہ نائب صدر کیوں ہی نہ ہو جب صحافی جیسا کوئی آدمی غنڈہ declare ہو سکتا ہے تو آج کوئی تھانیدار صاحب دس بیس پچاس آدمی کے خلاف اپنے tout پیدا کر سکتے ہیں جو اس قسم کی شہادت انکے کہنے پر دینے کیلئے تیار ہو جائیں گے تو جناب والا اس قسم کی بیسیوں مثالیں دیجاسکتی ہیں تو میرا مدعا اور میری غرض اس ترمیم سے یہ ہے کہ پولیس کے ہاتھ میں اور اس پولیس کے ہاتھ میں جس سے کہ یہ گورنمنٹ

بھی نالاں ہے گورنمنٹ کے ساتھی بھی نالاں ہیں اور ہم تو نالاں ہیں ہی تو جس محکمہ کے افسران سے اس ملک کے تمام کے تمام افراد نالاں ہوں ان افسروں اور ان ملازمین کے ہاتھ میں یہ ننگی تلوار دیدینا کہ وہ جس کو چاہیں عنڈہ declare کروا دیں میری فکر کے مطابق میری دانست میں عقلمندی سے بعید ہے اور اس حکومت کیلئے جو اس قانون کو بعینیہ رکھنا چاہتی ہے اور ترمیم کو قبول کرنے کیلئے تیار نہیں ہے تو اس حکومت کیلئے یہ چند الفاظ زیادہ مشکلات کا باعث بن سکتے ہیں ۔ اسلئے میں نہایت ادب سے گذارش کروں گا کہ آپ ان کو اختیارت ضرور دیں اور پولیس اور التظامیہ کو اتنے اختارات دیں جنسے وہ ایک حد کے اندر رہتے ہوئے اور وہ حد آپ کی مقرر کردہ ہو اور اس گورنمنٹ کی مقرر کردہ ہو) اسمیں رہتے ہوئے اس ملک کے نظم و نسق کو وہ بہتر بنانے اور اسکی اصلاح کرنے میں مدد و معاون ثابت ہوں تو اس حد سے بھی زیادہ وسیع تر اختیارات یا لامحدود اختیارت اس بدنام زمانہ محکمہ کے حوالے کر دینا میرا خیال ہے نہ قرین مصلحت اور نہ ہی انصاف کی ہمیں اجازت دیتا ہے ان الفاظ کیساتھ میں ایوان کے معزز ارکان سے درخواست کروں گا ۔ کہ وہ از راہ کرم اس ترمیم کی حمایت فرمائیں ۔

ملک معراج خالد ۔ (لاہور ۵) ۔ جناب والا الفاظ بالکل صاف اور واضح ہیں ۔

" receive and consider evidence of general repute of previous convictions, or of previous occasions on which the person complained against was bound over to keep the peace or be of good behaviour; "

اگر اس میں یہ کہا جاتا کہ ایک شخص کی سابقہ سزا یابیوں یا ان مقدمات کی بنا پر جنکے پیش نظر ایک عدالت نے اسے نیک چلنی کی ضمانت دینے کا حکم دیا تھا کہ وہ دستاویزی شہادت عدالت میں پیش کریگا اور اس کو اس بنا پر غلط قرار دیا جائیگا تو وہ بالکل بجا اور درست تھا کہ ایک عدالت کے سامنے پولیس ایک شخص کا ریکارڈ پیش کرتی ہے کہ اس کی اتنی سزا یابیاں ہو چکی ہیں اس سے اتنے جرائم سرزد ہوئے ہیں اور ان جرائم کے پیش نظر اس کو نیکی چلنی کی ضمانتیں دینے کا حکم دیا جا چکا ہے اور یہ پہلے بھی مختلف قوانین کے تحت زیر عتاب رہا ہے لہذا خطرہ ہے اور مزید دستاویزی شہادت کی بنا پر اس کو غلط قرار دیا جانا ضروری ہے تو یہ بالکل اور عین درست ہوتا اور بجا ہوتا لیکن جناب والا الفاظیہ ہیں ۔ کہ ان دستاویزی شہادتوں کے متعلق اور اس کے متعلق سابقہ کردار کے متعلق جو ریکارڈ پر موجود ہو پیش کیا جانا مطلوب نہیں ہے بلکہ اس کے متعلق دو تین چار اشخاص یہ کہہ دیں کہ اس کی عام شہرت یہ ہے

خراب ہے ایسی ہو گئی ہے یا اس کی نیک چلنی کی ضمانت پیش کرنے کے لئے کسی عدالت نے کہا تھا تو میں سمجھتا ہوں کہ قانون شہادت کو خواہ کتنا ہی توڑا مروڑا جائے تو یہ چیز کسی ضابطہ میں یا کسی صورت میں نہیں آ سکتی کہ دو چار دس اشخاص یہ کہہ دیں کہ اس کی عام شہرت یہ ہے کہ اس سے نیک چلنی کی ضمانت لی گئی تھی یہ اسکو سزا ہوئی تھی اگر واقعی اس کو سزا ہوئی اور وہ ریکارڈ پر موجود ہو بجائے اس کے پیش کرنے کے ایک گواہ جو اس شخص میں interested ہو کہ اس کو سزا دیجائے یا پولیس اس کو سزا دلوانا چاہتی ہو تو اس کی عام شہرت کی شہادتیں پیش کی جائیں میں سمجھتا ہوں کہ بڑی زیادتی ہے ۔ تو محترم وزیر صاحب کی خدمت میں یہ صورت حال پیش کرنا چاہتا ہوں کہ ایک شخص پولیس کے کہنے پر عدالت میں آ کر شہادت دیتا ہے اور اس پر جرح ملزم کرتا ہے کہ کیا تو مجھے بتا سکتا ہے کہ کون سے موقع پر اور کس جرم میں اور کس عدالت میں مجھے سزا دی گئی تھی یا کہ میرے کردار کو دیکھتے ہوئے عدالت نے کس روز نیک چلنی کی ضمانت داخل کرنے کا مجھے حکم دیا تھا اور اگر وہ شخص یہ کہتا ہے کہ مجھے یاد نہیں یا میں بتا نہیں سکتا تو آپ اس عدالت کی ضمیر

کی حالت ملاحظہ فرمائیں کہ وہ عدالت یا مجسٹریٹ کیا محسوس کریگا ۔

Minister for Law : May I make my submission Sir.

Mr. Deputy Speaker : Is the Minister on a point of order ?

Minister for Law : No Sir, just to save the time of the House, I would like to inform the House that there is a printing mistake, which has crept in. Actually after the word repute, originally there was a comma.

Khawaja Muhammad Safdar : I am proposing.

Minister for Law : That is there ; I am accepting it. Therefore, the fear of the member, Malik Miraj Khalid, that evidence of general repute of previous conviction is being allowed is mis-placed. It is due to this error which has crept in printing, and the following amendment to that effect will be accepted by me. Therefore, you will kindly disabuse yourself of this mistake.

ملک معراج خالد ۔ تو جناب والا اگر صورت حال یہ ہے تو میں اس چیز کو تسلیم کرتا ہوں اور خواجہ صاحب نے جن خدشات کا اظہار فرمایا ہے میں ان کی پوری تائید کرتا ہوں بلکہ یہ قانون تو اب اور بھی کھناونا بن گیا ہے ۔ یہ کیسے ہوسکتا ہے

کہ ایک شخص کی سابقہ سزاپابیوں کی بنا پر اور اس کے سابقہ گندے کردار کی بنا پر اس کو غنڈہ قرار دیا جائے میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ اس سے زیادہ خطرناک صورت حال ہے کہ عام شہرت کی شہادت پیش کر کے ایک شخص کو عدالت میں غنڈہ قرار دیا جائے اس وقت صورت حال یہ ہے کہ ہماری سوسائٹی کے مختلف طبقات جو اس وقت دھنی خلجان اور ہیجان میں مبتلا ہیں جو۔ چاہتے ہیں کہ حق کی آواز بلند کریں اور میں دیانداری سے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ان عام طبقات میں ہماری اسمبلی کے مغز اراکین جو سب سے زیادہ معزز ہیں وہ بھی اس خلیجان اور ہیجان میں مبتلا ہیں اور اس سے بری نہیں ہیں ۔ لیکن ان خدشات اور خطرات کے پیش نظر کوئی حق کی آواز بلند نہیں کر رہا ۔ ان پر ان جانے خوف اور ہراس طاری کر دیئے جاتے ہیں اور یہ جنرل ریپوٹیشن (عام شہرت) کا جو لفظ ہے اس سے زیادہ کوئی چیز خطرناک نہیں ہو سکتی بلکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ حکومت کے لئے بھی یہ چیز زیب نہیں دیتی ۔ اگر حکومت کو عوام کے ضمیر کے متعلق یقین ہے کہ وہ حق کی آواز بلند کریں گے اور اس کے مطابق ہم نے اپنے عمل کو سنوارنا ہے تو یہ الفاظ یہاں نہیں آنے چاہئے تھے تو اس لئے میں

جناب والا گذارش کروں گا کہ ان الفاظ کو یہاں نہیں ہونا چاہیئے تھا ۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ معاشرے کے تمام طبقات پر مستقل طور پر ایک سخت قسم کا خوف طاری ہے اور اس میں مبتلا ہیں اور ان کو اس خوف میں مبتلا کرنے کے لئے یہ الفاظ یہاں رکھے گئے ہیں بلکہ وہ لوگ جنکی ذمہ داری سیاسی اور اخلاقی بھی ہے میں سمجھتا ہوں کہ اپنی آواز کو اس معزز ایوان میں آکر بلند کریں اور عوام کی رہنمائی کریں اور ان کو سیدھا راستہ دکھائیں اور اس وقت جو صورت حال پیدا ہو چکی ہے اس کے پیش نظر میں محترم وزیر قانون سے گذارش کروں گا کہ وہ ان الفاظ کو حذف کر دیں ۔

مسٹر حمزہ (لالپور ۶) ۔ جناب سپیکر ایک عجیب اور مضحکہ خیز سی صورت حال نمودار ہوئی ہے کہ ایک ایسی حکومت جس کی اپنی ہی شہرت خراب ہے ۔ ۔ ۔ ۔

ملک معراج خالد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا کورم نہیں ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Let there be a count. (*count was taken*). The House is not in quorum, let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is now in quorum. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا ایک عجیب اور مضحکہ خیز صورت حال نمودار ہوئی ہے کہ وہ حکومت جس کی اپنی عام شہرت خراب ہی نہیں بلکہ بہت خراب ہے وہ ایسے افسران کو یہ اختیارات دے رہی ہے جو کہ انتہائی بدنام ہیں کہ وہ جس فرد کے بارہ میں یہ رائے رکھیں کہ اس کی شہرت خراب ہے اسے عنلہ قرار دیا جائے - جناب سپیکر کوئی یہ سوال کر سکتا ہے کہ اگر حکومت کی شہرت خراب ہے تو ہمیں بتایا جائے کہ انکی خراب شہرت کی بنا پر انکے اہلکاروں کی شہرت خراب ہوئی ہے یا اہلکاروں کی بدعنوانیوں کی وجہ سے ہماری حکومت کی شہرت خراب ہو گئی ہے - یہ ایسا مسئلہ ہے جس کے بارے میں جناب وزیر قانون کوئی ریسرچ سکالر مقرر کر کے تحقیقات فرما سکتے ہیں - لیکن اس بارہ میں دو رائیں نہیں ہو سکتیں کہ حکومت بھی انتہائی بدنام ہے اور اسکے اہلکار بھی -

Minister for Law : Point of order. How is all this relevant.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر عرض یہ ہے کہ جن اہلکاروں کو حکومت اس قسم کے بے تحاشاہ اختیارات دے رہی ہے - اگر وہ بذات خود

اس زد میں آتے ہوں تو ہم کیسے سمجھ سکتے ہیں کہ اس قسم کے اختیارت دیکر یہ حکومت یا انکے اہلکار کسی شریف آدمی کی عزت کے محافظ بن سکتے ہیں - جناب سپیکر میں فدا حسن کمیٹی کی رپورٹ کا حوالہ دیتا ہوں جسے صدر مملکت نے ملک میں پھیلی ہوئی رشوت ستانی اور بد عنوانی کے بارہ میں تجاویز پیش کرنے کے سلسلہ میں مقرر کیا انکی رائے ہے کہ پولیس خصوصاً اسکے ماتحت عملہ میں رشوت ستانی بہت عام ہے وہ انتہائی بدنام ہیں ۔ جناب وزیر قانون مجھے یہ بتائیں کہ وہ کونسی امریکی امداد کے تحت فرشتے درآمد کرینگے جو اس قسم کی رپورٹ تیار کریں جب وہ افراد جنکے ہاتھ میں آپ اس قسم کے اختیارات دے رہے ہیں ۔ خود بڑے ہیں تو میں کبھی یہ باور نہیں کر سکتا کہ وہ ان اختیارات کو جائز طور پر ملک و قوم کے مفاد یا شہریوں کی عزت کی محافظت کے لئے استعمال کر سکتے ہیں - مجھے ذاتی طور پر اس بات کا علم ہے کہ اس ملک کے جو عام قوانین ہیں ہماری حکومت کے ملازمین بھی انکی زد میں آتے ہیں - وہ انہی قوانین کے ماتحت ہیں - اور سرکاری ملازموں یا اہلکاروں کے لئے کوئی علیحدہ قوانین نہیں ہیں میں جناب وزیر قانون سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے اپنے ایسے

اهلکار کے خلاف اس قانون کے تحت اقدامات کئے هیں جس کی عام شہرت خراب تھی - مین اس ایوان کے معزز اراکین سے التجا کرتا هوں اور ان سے یہ درخواست کرتا هوں کہ اس ایوان مین کوڑے هو کر یہ بات کہیں کہ وہ افسر جو دوسروں کے بارہ میں یہ فتویٰ صادر کرینگے کیا ان مین سے بیشتر ایسے نہیں جو بذات خود اس قانون کی زد مین آتے هیں جو اختیارات کا نا جائز استعمال کر کے اپنی جیبیں بھرتے هین اور دندناتے پھرتے هین ۔

جناب سپیکر ۔ یہ محض هوائی باتیں نہیں میں ایک زندہ مثال دیتا هوں ضلع هزارہ میں ایک قصبہ ہے هری پور - میرے ذاتی علم میں ہے کہ کہ وهاں کا رهنے والا ایک لڑکا هے جس کا نام اورنگ زیب هے اس نے ایک احتجاجی جلوس میں شرکت کی اور اسے غنڈہ ایکٹ مین دهر لیا گیا میں نے اس بارہ میں اسمبلی میں یہ سوال کیا تھا کہ کیا پہلے آج تک کسی قانون کے تحت کسی آدمی نے ایسے کوئی سزا دی تھی لیکن یہ هنگامی قانون جس شکل میں اس ایوان کے سامنے پیش کیا جا رها هے اسکے تحت اب پولیس کو یہ اختیار حاصل هو جائیگا کہ اگرچہ اس سے پہلے اسکے خلاف کوئی مقدمہ نہ دائر کیا گیا هو اور نہ اسے کوئی سزا ملی

ہو ۔ لیکن وہ کہہ سکے گی کہ اسکی عام شہرت خراب تھی اس کے برعکس میں جناب وزیر قانون کو چیلنج کرتا ہوں وہ اس پر بحث کریں یا اگر انہیں اس ایوان میں بات کرنے کی جرات نہیں تو باہر بیٹھ کر مجھ سے تبالہ خیالات کر لیں ۔ میں انہیں زلفہ مثالیں اور بعض اہم عہدیداروں کے نام ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker : Please do not be personal.

مسٹر حمزہ ۔ میں personal نہیں ہوں میں نے کسی شخص کا نام نہیں لیا ۔

Mr. Deputy Speaker : These remarks are expunged from the record.

مسٹر حمزہ جنکے ہاتھ میں کند چھری دے رہے ہیں وہ شریف لوگوں کو پاکستان کے وفادار خود دار شہریوں کو ذلیل کرنے کے لئے اس قسم کے اختیارت استعمال کرینگے وہ لوگ جو بذات خود بدنام ہیں ان سے کیسے توقعہ ہو سکتی کہ وہ اس مسودہ قانون میں دیئے گئے اختیارت کا جائز طور سے استعمال کرینگے یا تو حکومت اس بات کے لئے تیار ہو کہ اس ایوان کے معزز اراکین کو اعتماد میں لیتے ہوئے انکی ایک کمیٹی بنا دے کہ وہ ان لوگوں کے بارے میں جنہیں آپ یہ اختیارات دے رہے ہیں رپورٹ

مرتب کرے ورنہ یہ انسان ان تمام بیماریوں کا شکار ہیں ان تمام گناہوں میں ملوث ہیں جنہیں رفع کرنے کے لئے آپ انہیں یہ اختیارات دے رہے ہیں ۔

جناب سپیکر۔ میں آپکو ایک اور مثال دیتا ہوں آپکی حکومت کی کیفیت تو یہ ہے اس نے راولپنڈی میں ایسے افراد کے خلاف جن کے خلاف سابقہ بدنام حکومتوں نے نہیں بلکہ ان کی اپنی حکومت نے ایک گورنر بدلنے کے بعد دوسرے گورنر کے آنے پر بیس بیس مقدمات درج کئے اور ان کو بر سر عام ہتکڑیاں پہنا کر بازاروں میں گھمایا گیا ۔ ان کی ساری عزت خاک میں مل گئی ۔ میں آپکو اس قسم کی کئی زندہ مثالیں دیتا ہوں آج آپکی ایسی حکومت کے برسراقتدار ہوتے ہوئے قانون کی مٹی پلید ہوتی ہے پھر ہم ایسی حکومت کو اس قسم کے اختیارات کیسے دے سکتے ہیں ؟ ۔

جناب سپیکر ۔ کیفیت تو یہ ہے کہ ہمیں یہ بتایا جاتا ہے کہ جس شخص کی عام شہرات خراب ہو اسکو غنڈہ قرار دیا جائے ۔ میں آپکو لائلپور کی ایک مثال دیتا ہوں ۔ ایک شخص جو شراب کا کاروبار کرتا ہے ۔ اسکی عام شہرت ہے کہ وہ شراب کا کاروبار کرتا ہے ایک

مسلمان ہوتے ہوئے آپ جانتے ہیں کہ اسکی شہرت کبھی اچھی ہو سکتی ہے ۔ اسکو تمغہ بھی دیا جاتا ہے اور وہ سرکاری مسلم لیگ کا صدر بھی ہے یہ کیسا قانون ہے یا قانون کس مقصد کے لئے بنا رہے ہیں ؟ اس قانون میں تمام مقصد یہ ہے کہ ہماری قوم کو مزید بزدل بنانے کیلئے مرعوب کیا جاتا ہے اس قسم کا ہتھیار جن لوگوں کے ہاتھوں میں جائیگا وہ دوسروں کی زندگی کو دوبھر کر سکتے ہیں دنیا کی نظر میں ذلیل کرنے کیلئے ایک نا پاک کوشش کی جاسکتی ہے ۔ افسوس یہ ہے کہ انہوں نے جتنے اختیارات حاصل کیے ہیں ان کو اپنے ذاتی مفادات کیلئے استعمال ہی نہیں کیا ۔ بلکہ ان برے لوگوں برے عناصر کے برے خیالات پیدا کرنے کیلئے ان اختارات کو استعمال کیا میں جناب وزیر قانون صاحب سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے ۱۹۶۱ میں غنڈہ ایکٹ کا استعمال خصوصی طور پر کیا لیکن ۱۹۶۸ میں ایک بڑی فوج ایسے افراد کی دیکھی گئی ۔ سنی گئی اور ان کے متعلق اخبارات میں پڑھا کہ وہ یکلخت پیدا ہو گئی ہے۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ جن افراد کے خلاف ۱۹۶۱ء میں اس بدنام زمانہ قانون کے تحت اقدامات کئے گئے تھے یا جن کے خلاف کارروائی کی گئی تھی کیا ان کی عمر ایک سال کی تھی ۔ کیا وہ ۱۹۵۸ء سے ۱۹۶۷ء تک اس ملک میں موجود نہیں تھے ۔ انہوں نے برے کام کئے ۔ بداعمالیاں کیں جن کا ذکر اس غنڈہ

ایکٹ کے ضمن میں کیا جاتا ہے ۔ کیا غنڈوں کی کوالیفیکیشن مقرر ہے ؟

کیا یہ کوالیفیکیشن اس سے پہلے موجود نہ تھی ؟

جناب سپیکر۔اسکا ایک ہی فیصلہ ہے جس سے کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا ۔ مجھے یاد ہے کہ میرے بڑے بھائی جناب احمد سعید کرمانی صاحب جب یہاں تشریف لائے تو وہ میری اگلی والی نشست پر بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے اس ایوان میں کھڑے ہو کر اعلان کیا کہ لاہور کے فلاں ایس ۔ ایس ۔ پی ایسے ہیں جس نے بہت سے شریف گھرانوں کی عورتوں کی عزت لوٹی میں اس حکومت سے یہ پوچھتا ہوں کہ کیا اس وقت آپکی انتظامیہ میں ایسے افراد نہیں ہیں خصوصی طور پر پولیس میں ایسے افسران یا ایسے سب انسپکٹر نہیں ہیں جن کا وطیرہ ہی یہی ہے کہ وہ روز بروز اس قوم کے اخلاق کے ساتھ کھیلتے ہیں کھلم کھلا رشوت خوری کے مرتکب ہوتے ہیں کیا ان کو اس قسم کے اختیارات دیئے جانے مقصود ہیں؟ میں کوئی وکیل نہیں ہوں اور میں قانون کی موشگافیوں میں نہیں پڑنا چاہتے ہم آپکو یہ اختیارات دینے کیلئے تیار ہو جاتے ہیں لیکن جس حکومت کا کردار ہسٹری شیٹ غنڈوں سے بھی زیادہ بھیانک ہو اس حکومت کو اس قسم کے اختیارت دینا اس ملک کے شریف شہریوں کیلئے خطرناک ہو گا اور یہ ایک غیر شریفانہ فعل ہے کہ

ایسی حکومت جس کی عام شہرت غنڈوں سے بری ہو اس کو اس قسم کے اختیارات دے دیئے جائیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ (کراچی۔ ۸) ۔ جناب والا ۔ میں اس معاملہ کے ایک اور پہلو کی طرف آپکو متوجہ کرانا چاہتا ہوں کسی حکومت کو اختیارات دینے سے پہلے دیکھنا یہ ہے کہ معاشرے کا حال کیا ہے اور جن لوگوں کے ہاتھ میں اختیار دیا جارہا ہے ان لوگوں کا اختیارات استعمال کرنے کے سلسلہ میں سابقہ ریکارڈ کیا ہے اگر ایک شخص کے بارے میں یہ کہدیا جائے کہ اسکی شہرت اچھی نہیں ہے تو ٹریبونل کو اختیار ہے کہ وہ انکوائری کرے اور اسکو غنڈہ قرار دے لیکن جن لوگوں کو یہ اختیارات دے رہے ہیں ان کی ذاتی اور اجتماعی حیثیت کیا ہے ۔ عوام میں ان کا مقام اور عزت کیا ہے ۔ اس سلسلہ میں حمزہ صاحب اور خواجہ صفدر صاحب نے بہت سی باتیں کہی ہیں کہ پولیس اور سول ایڈمنسٹریشن کے افسران کے پاس شراب کے پرمٹ ہوتے ہیں اور brothel میں ان کی رات بسر ہوتی ہے جن کے متعلق کلمہ خیر کہنے کیلئے اس صوبہ میں کوئی شخص نہیں ملے گا ۔ سول اور پولیس افسر ہمیشہ سے بدنام رہے ہیں لیکن اس حکومت کی سرپرستی میں یہ بدنامی جس معیار پر پہنچی ہے اس کے ہوتے ہوئے ان افسران کو اختیارات دینا بہت غلط ہے ۔ اس حکومت

میں ایسے معززین تھے جو غنڈوں کی سرپرستی کرتے تھے ۔ غنڈے جن کے زیر نگرانی پرورش پاتے تھے ۔ وہ معززین جو حکومت کے ساتھ بیٹھتے تھے شریف تھے وہ ان کی صفوں میں سے تھے وہ لوگ جو ان کی صفوں میں بیٹھتے تھے اس وقت وہ کاسہ‌لیس تھے ان کے بنائے ہوئے غنڈے قوم اور لوگوں کی ابرو ریزی میں ملوث ہیں ۔ جو خود غنڈے پیدا کرتے ہیں ۔ یہ غنڈوں کے سرپرست ہیں یہ ان کو پیدا کرتے ہیں ان کو انعامات دیتے ہیں ان کو تحائف دیتے ہیں اگر میں ان کے نام یہاں بتا دوں تو ان لوگوں کو تکلیف پہنچے گی ۔

جناب والا ۔ پھر ان حالات میں یہ اختیارات دینے سے نتائج یہ ہونگے جیسا کہ خواجہ محمد صفدر صاحب نے فرمایا ہے کہ ابھی چند دن ہوئے عبدالعزیز کو جو کیمبل‌پور کے ایک معزز آدمی تھے اور وہاں کی جرنسلٹ یونین کے نائب صدر تھے ۔ ان کو غنڈہ ایکٹ میں گرفتار کیا پھر ضمانت پر رہا ہوئے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member is not relevant to the amendment.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں غنڈوں کے بارے میں عرض کر رہا ہوں ۔ عبدالعزیز کو جیسا کہ پاکستان ٹائمز میں تھا

۲ جنوری کو گرفتار کیا پھر ضمانت پر رہا کر دیا ۔ جن لوگوں کے ہاتھ میں یہ اختیارات جائیں گے وہ جو بدنام اور اہل غنڈے ہیں ان پر نہیں بلکہ اس ہتھیار کو شرفا پر استعمال کریں گے یہ چیز اپکے علم میں ہو گی کہ ہمارے وزرا کی صفوں میں بیٹھے ہوئے ایک سابقہ وزیر جو غنڈوں کی پرورش کرتے تھے ۔ وہ غنڈوں اور چوروں کی سرپرستی کرتے تھے ۔ یہ سارا نظام حکومت غنڈوں کی سرپرستی کرتا ہے ۔ غنڈے ان کے زیرنگرانی پرورش پاتے ہیں۔ یہ غنڈوں کیلئے اختیارات نہیں دیئے جارہے ہیں بلکہ جو باعزت آدمی حکومت سے کسی قسم کا اختلاف رکھتا ہو یا حکومت کو اسکی کوئی بات نا پسند ہو اسکو قابو میں لیا جائیگا ۔ اس قانون کا ناجائز فائدہ اٹھا کر حکومت اپنا مقصد حاصل کرے گی ۔

جناب والا میں اس ترمیم کی پر زور تائید کرتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ ترمیم منظور نہ ہوئی تو با عزت شہریوں کی عزت خطرے میں پڑ جائے گی ۔

Minister for Law : Sir, this is not a new provision, which has been grafted in this law. It already exists in the Control of Goondas' Act 1959.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ آپ اس کو استعمال کرتے رہے ہیں نا ؟ (قطع کلامیاں)

وزیر قانون - نہیں - یہ قانون ۱۹۵۹ء سے اس صوبہ میں رائج ہے - مجھے بتائیں کہ کوئی ایک مثال ہے جس میں گورنمنٹ نے اس کو بدعنوانی کے طور پر یا اپنے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا ہو ؟ آپ تو کہتے ہیں کہ حکومت بدنام ہے لیکن کوئی ایک مثال بتائیں جہاں یہ استعمال کیا گیا ہو ؟ (قطع کلامیاں)

Malik Muhammad Akhtar : Point of order. Sir, the Law Minister is making an incorrect statement.

ابھی انہوں نے کیمبلپور میں ایک صحافی کو پکڑا ہے - کیا وہ غنڈہ تھا ؟

Mr. Deputy Speaker : The Member may please resume his seat. That is no point of order. It is ruled out of order.

Malik Muhammad Akhtar : But, Sir, it is an incorrect statement.

Minister for Law : I am making a correct statement.

وہ کیس عدالت کے سامنے ہے اس کے متعلق کچھ کہنا درست نہیں ہو گا -

Mr. Deputy Speaker : The time of the House is extended by five minutes.

وزیر قانون ۔ اس لئے میں ایوان سے استدعا کروں گا کہ اس چیز کو پیش نظر رکھا جائے کہ آج کل ہمارے معاشرے کی حالت یہ ہے کہ اس میں کوئی شریف آدمی کسی بھی بدعنوان آدمی یا بد چلن آدمی کے خلاف عدالت میں (اگر وہ substantive office) شہادت دیتا تو معاشرے کی یہ حالت نہ ہوتی ۔بدقسمتی سے ہمارے لوگوں میں یہ جرات نہیں ہے کہ وہ ایسے لوگوں کے پیچھے پڑ جائیں ۔ انہیں پکڑ لیں ۔ پہلے یہ عام ہوتا تھا کہ اگر کسی محلے یا کسی قصبے میں ایک آدمی بھی خراب ہوتا تھا تو پورے کے پورے محلے کے آدمی اس کے پیچھے پڑ جاتے تھے ۔ اور جب تک عدالت میں لے جاکر اسے سزایاب نہ کرالیتے ۔ دم نہیں لیتے تھے اب یہ حالت ہے کہ ایک پڑوسی کو دوسرے پڑوسی کے ساتھ کوئی ہمدردی نہیں ہے ۔ ایک شہری کو دوسرے شہری کے ساتھ کوئی ہمدردی نہیں ہے ۔ لہذا کیا کیا جائے؟ کیا آپ کو منظور ہے کہ یہ حکومت یہ صوبہ غنڈوں کے حوالے کردیا جائے؟ ہم تو جانتے ہیں کہ عام شہرت پر بھی ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں) ذار سننے کی اہلیت رکھیں ۔ ذار آداب محفل بھی سیکھیں ۔ کیا مصیبت ہے کہ آپ کو آداب محفل ہی نہیں ہیں کیا مصیبت ہے کہ جب آپ بولتے ہیں تو بڑی بڑی زبان نکال کر بولتے ہیں لیکن سننے کی جرات نہیں ہے آپ میں طاقت نہیں ہے ۔ برداشت نہیں کر سکتے (قطع کلامیاں)

کیا آداب محفل سیکھے ہیں آپ نے؟ مجھے تو افسوس ہے آپ اتنی اچھی جماعت سے تعلق رکھتے ہوئے اس کردار کا مظاہرہ کر رہے ہیں میں افسوس کرتا ہوں ۔

بریں عقل و دانش بباید گریست

کیا کیا جائے ؟

جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ general repute کی evidence کا یہ پہلا فقرہ نہیں ہے ۔ یہ پہلا قانون نہیں ہے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ ۱۱۰ کی کارروائی میں بھی general repute کو دخل ہے ۔ انگریز کے زمانے میں بھی اس طرح کے قوانین ہوا کرتے تھے ۔ لہذا اس سے کوئی نقصان نہیں ہے ۔ اور میں اس معزز ایوان سے عرض کروں گا ۔ کہ یہ جو ترمیم ہے اس کو kick out کر دیا جائے اور قانون میں جائے۔ اختیار رہے کہ عام شہرت کی وجہ سے کسی شخص کو غنڈہ قرار دے دیا جائے ۔

Mr. Deputy Speaker : The question is—

That in section 4 of the Ordinance, in the proposed sub-section (1) of section 12 of the principal Ordinance, in clause (a), the words "of general repute" occurring in line 1, be deleted.

The motion was lost.

Mr. Deputy Speaker: The House is adjourned to meet again tomarrow morning at 9.00 a. m.

The Assembly then adjourned (at 1.30 p.m.) till 90.00 a. m. on Thursday, the 23rd January, 1969.

APPENDIX I

(Ref. Starred Question No. 14953)

(a)	(b)			
	Number of those amongst them who were ;—			
	(i)	(ii)	(iii)	
No. of persons challaned under the West Pakistan Pure Food Act.	Convicted by the subordinate courts.	Acquitted by the appellate courts	Awarded the sentences of Whipping	
Labore Division				
1966	1040	458	Nil	Nil
1967	3235	541	18	9
1968	1210	614	17	42

Rawalpindi Division				
1966	506	262	6	Nil
1967	826	247	17	Nil
1968	807	407	21	Nil
Multan Division				
1966	1792	801	10	Nil
1967	1903	670	15	Nil
1968	1766	794	12	3
Sargodha Division				
1966	1148	525	7	Nil
1967	1471	452	10	Nil
1968	1675	470	11	5

APPEDIX I—*Continued.*

(Ref. Starred Question No. 14953

(*a*)	(*b*)		
	Number of those amongst them who were :—		
	(*i*)	(*ii*)	(*iii*)
No. of persons challaned under the West Pakistan Pure Food Act.	Convicted by the subordinate courts,	Acquitted by the appellate courts	Awarded the sentences of Whipping
Bahawalpur Division			
1966 419	142	4	Nil
1967 329	221	2	Nil
1968 340	152	Nil	7
Khairpur Division			
1966 281	232	31	Nil
1967 272	146	10	Nil
1968 822	499	35	8

Karachi Division				
1966	892	606	6	Nil
1967	761	550	7	Nil
1968	1137	660	18	11
Hyderabad Division				
1966	367	54	Nil	Nil
1967	198	136	Nil	Nil
1968	169	59	17	Nil
Peshawar Division				
1966	569	296	Nil	Nil
Malik Muhammad Akhtar ; Sir, the trouble with the Government is is that they have not got credence in respect of their skill and thay have made a reference to the Central Gsvernment. The Hon'ble Leader of the House, a very wise man, has been contradicting himself. A white ago, if I am not mistaken, he has been saying let the Committee go in to the merits of the Bill again.

Mr. Speaker : No. No.

Malik Muhammad Akhtar: Anyhow Sir, what I mean to say is that (it may be recorded. I am making this statement with full responsibility) this Bill is not going to be approved by hook or by crook. They will manage. They will stop its passage.

Minister for Law : There is no question of hook or crook.

Mr. Ahmedmian Soomro : I thank the Law Minister for his assurance.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, what I mean to say is that the Bill is a very very important legislation and we are so helpless that we cannot

legislate for ourselves. It concerns mainly our privilegs. I consider, there will not be any Legislature on the face of the earth which would damage and harm themselves. Sir, privileges which are enumerated in this Bill are just to seek remittance from criminal proceedings.

Minister for Law : The Member has not read the Bill.

Malik Muhammad Akhtar : Well I have read the Bill. Let it be published. You people are not going to pass it.

Mr. Ahmedmian Soomro : Sir, what does ha mean which he refers to "you people".

Malik Muhammad Akthar : I mean to say those persons who are in this favour that it may be postponed. Sir, the Bill merely seeks that if there is a criminal proceeding against any Member.....

Mr. Speaker : But the Member should not give the principles of the Bill. All of us know what the Bill is about. He is opposing the motion made by the Leader of the House that it may be postponed till 30th of January, 1969.

Malik Muhammad Akhtar : Cannot I stress the importance of the contentions of the Bill.

Mr. Speaker : But he goes on giving the principles of the Bill. He can say that this is a very important Bill.

Malik Muhammad Akhtar : I will concentrate on this point sir that the Provincial Government in conspiracy with the Central Government is using delaying tactics and that they are not prepared to raise the honour, respect and privileges of the Members and the Members are helpless puppets who cannot even speak for their rights.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ جناب والا ۔ ملک محمد اختر صاحب نے تقویر کرتے وقت معزز ممبران کے لیے جوش میں ایسے الفاظ استعمال کیے ہیں جو میرے خیال میں ٹھیک نہیں ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ ہی ان کو درست ثابت کر دیں گے ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ حمزہ صاحب تو بولنے بھی نہیں دیتے

Mr. Speaker : Mr. Hamza may please resume his seat. Yes. Qazi Sahib.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ گذارش یہ ہے اور میرے عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ملک اختر صاحب نے جو الفاظ استعمال کیے ہیں ان سے ہمارے جذبات مجروح ہوئے ہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : I have the greatest respect for this august House and all the Members. But they are sleeping. I went to awaken them. I went to tell them :

اٹھو وگرنہ حشر نہیں ہو گا پھر کبھی
دوڑو زمانہ چال قیامت کی چل گیا

What I mean to say is, that this is very very important piece of legislation. Mr. Soomro has worked over it. What will they gain by postponing it ? Are they going to get some advice from the Central Government by that time ?

Sir, I make another statement. I understand that the Government is going to prorogue the House as soon as the Ordinances are passed.

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : It is wrong. Absolutely wrong. We have no such intentions.

Malik Muhammad Akhtar : During the past sessions whenever we had the order of prorogation of the Assembly we came to know of it immediately or hardly thirty minutes before the Order was to be read in the House. I don't think they are going to accede to the demand of the students or sit for another thirty days which that legislation requires.

I make a statement. I have got apprehensions that the Government is going to prorogue this Assembly on the 25th or 26th.

Minister for Law : The University Bill is being circulated amongst the Members. It is right in my hands and it is under circulation. The Member is unnecessarily trying to create misunderstanding. The Bill is right in my hands.

Mr. Speaker : For the information of the Member I have received notice about that Bill.

Malik Muhammad Akhtar : You have received notice ? But are they going to consider it at once ?

Mr. Speaker : There is one motion about that also.

راجہ غلام سرور - پوائنٹ آف آرڈر - اس سے پہلے جناب ملک صاحب نے کہا تھا کہ ممبر سوئے ہوئے تھے اور ابھی جو انہوں نے جواب دیا ہے اس کے لحاظ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ خود سوئے ہوئے ہیں ان کو کچھ پتہ نہیں ہے -

مسٹر حمزہ - راجہ صاحب میرا خیال ہے نہ آپ سوئے ہوئے ہیں اور نہ وہ سوئے ہوئے ہیں -

Malik Muhammad Akhtar : My submission is that everybody in this House is a respectable and independent Member. He should realise that the consideration of this Bill is going to be postponed. And, Sir, let it be recorded that this Bill is not going to get through in this Assembly.

مسٹر حمزہ (لائلپور-٦) - جناب سپیکر - مجھے رات ہی پتہ چل گیا تھا کہ حکومت کی جانب سے اس قسم کی درخواست آپ کی خدمت میں پیش کی جائے گی - آپ کو علم ہے کہ انسان اشرف المخلوقات بنایا گیا ہے اور انسان کے دماغ کی قوتوں کے کرشمہ بھی خوب خوب ہیں - وہی ذہن اور وہی دماغ جو آج سے ایک ہفتہ پہلے اس مسودہ قانون کو شام تک کے لیے انتہائی بے تاب تھا اور اس

کے لیے بہت ہی وجوہ اور دستاویزی ثبوت اور معقول رولز کے حوالہ بھی دے سکتا تھا آج وہی دماغ ہے اور اس کی نوعیت مختلف ہے ۔ وہ اپنی ہی تردید کے لیے جواز اور قانونی نکتے اور رولز کے بارے میں خدا جانے اور کیا کیا اعتراضات پیش کر رہا ہے ۔

دراصل حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو یہ ذہن تو دیا ہے لیکن یہ اب انسان کی اپنی مرضی ہے یا پارٹی یا حکومت کی اپنی مرضی ہے کہ وہ اس کو قوم و ملک کی بھلائی کے لیے یا تباہی کے لیے استعمال کرے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو یاد ہو گا کہ اس دن آپ نے اپنی خصوصی اختیارات کو کتنے کرب اور کتنی ذہنی کوفت اور تکلیف کے بعد استعمال کیا تھا مجھے افسوس ہے کہ ہم خود اپنی عزت نہیں کرتے یا اس ایوان کی پروا نہیں کرتے کہ وہ شخص جس کو ہم نے اپنا لیڈر بنایا ہوا ہے اور اس ایوان کا سربراہ بنایا ہوا ہے جس کی ہم عزت اور احترام زبانی طور پر کرتے ہیں اور ذہنی احترام کا ثبوت مہیا نہیں کرتے ۔ تو آپ نے اس دن بھی بجا طور پر فرمایا تھا کہ یہ مسودہ قانون اس اسمبلی کے سامنے تقریباً ڈیڑھ سال سے زیر غور ہے اور ایک ہفتہ پہلے آپ نے یہ بھی فرمایا تھا کہ اگر آپ ڈیڑھ سال میں کوئی فیصلہ نہیں کر پائے تو آپ آئندہ ہفتہ میں کتنا تیر مار لیں گے تو ان کی جانب سے یہ یقین دلایا گیا تھا کہ ہم آسمان سے تارے بھی توڑ لائیں گے ۔ لیکن آج کیفیت یہ ہے کہ آپ کے سامنے ایک درخواست ایک بزرگ کی طرف سے جن کا میں بہت احترام کرتا ہوں اور جن کی میں بہت عزت کرتا ہوں پیش کروائی گئی اور یہ ان کے ساتھ بھی زیادتی ہوئی

ہے اب آپ خود فرمائیں گے کہ وہ لوگ جو اس وقت نئی سے نئی دلیلیں اپنے وعدوں کے مسترد کرنے کے جواز میں دے رہے ہیں آپ ان کے وعدوں کا اعتبار کر سکتے ہیں ؟ حقیقت یہ ہے کہ آج وہی ایوان جس نے ایک ہفتہ پہلے یہ وعدہ کیا تھا کہ ہم اس کو آج پیش کریں گے اور اس پر غور کریں گے اوو غور کر کے کوئی فیصلہ کریں گے اگر یہ ایوان آج اس فیصلہ کے خلاف ووٹ دیتا ہے اور یہ کہتا ہے کہ چونکہ قائد ایوان نے اس کے لیے درخواست پیش کی ہے کہ اس کو قبول کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے یہ معزز بھائی دوسروں سے تو کیا احترام کروائیں گے یہ خود اپنا احترام نہیں کر سکتے اور جو لوگ اپنا احترام خود نہیں کرتے وہ دوسروں سے احترام کی توقع نہیں کر سکتے اور ان کو دوسروں سے احترام کی توقع نہیں کرنا چاہیے بلکہ میں کہتا ہوں کہ جو اپنا روزمرہ کا کیا ہوا فیصلہ رد کر سکتا ہے وہ ایوان اس قسم کے مسودہ قانون سے اپنی عزت میں اضافہ نہیں کر سکتا بلکہ اس مسودہ قانون کی اہمیت اور اس مسودہ قانون کو زیر بحث لا لا کر ہم یہ ثابت کریں گے کہ ہمارے کچھ استحقاق ہی نہیں ہیں اور وہ استحقاق جن کا ہم مطالبہ کر رہے ہیں ہم اس پر ٹیک لیتی سے کام نہیں لے رہے ہیں بلکہ ہم اس قسم کے استحقاق کے مستحق ہی نہیں ہیں ۔ درحقیقت ہم نے اس ملک کو تماشا بنایا ہے ۔ ہم بچوں سے اور ٹیچروں سے کہتے ہیں اور توقع کرتے ہیں کہ جو وعدہ کیا جائے وہ پورا کیا جائے ۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ جو وعدہ کیا جائے اس کو پورا کرنا چاہیے اور ہم لاکھوں اور کروڑوں انسانوں کی نمائندگی کرتے ہیں اور جو اس ایوان میں

وعدہ کرتے ہیں اگر کوئی مجبوری آ جاتی ہے تو اس کے پابند نہیں رہتے ۔ اگر قائد ایوان اس ایوان میں کھڑے ہو کر یہ فرماتے کہ ہماری پارٹی میں اس پر کوئی فیصلہ نہیں ہو سکا یا حکومت اس پر رضامند نہیں ہو سکی اس لیے ہم اس کو ملتوی کرنا چاہتے ہیں تو میں اس کی مخالفت نہ کرتا ۔ لیکن قائدایوان جنہوں نے اس کے متعلق دلیلیں پیش کر کے اس کو ملتوی کرنے کی کوشش کی ہے ان کا مجھے بہت احترام ہے وہ میرے باپ کے برابر ہیں میں ان سے درخواست کروں گا کہ خدا را اپنی عزت خود کیجیے ہم آپ کی عزت کرنے کے لیے تیار ہیں ۔ آپ اس قسم کی درخواستیں پیش کر کے اپنی شخصیت کو اور اپنی عزت و احترام کو بری طرح مجروح کرتے ہیں ۔ اور اگر آج یہ ایوان فیصلہ کرے گا کہ ہم اس مسودہ قانون پر غور کو پھر کسی دن کے لیے ملتوی کرتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ قطعاً ایوان کے وقار کے مطابق نہیں یہ قطعی اس کے منافی ہو گا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی-۸) ۔ جناب سپیکر ۔ قائد ایوان نے آج شام کے سیشن کو ملتوی کرنے کے دو عذر بیان فرمائے ہیں ۔ پہلی بات آپ نے یہ فرمائی ہے کہ وقت زیادہ ملنا چاہیے تاکہ ہم اس قانون کا زیادہ اچھی طرح مطالعہ کر سکیں پہلی بات تو یہ ہوئی اور دوسری بات آپ نے یہ فرمائی ہے کہ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ ہمیں موقع ملے کہ دنیا کے تمام قانون ساز اداروں میں کیا ہوتا ہے ۔ کیا ممبروں کے استحقاق ہیں کیا ممبروں کے قوانین رائج ہیں تاکہ ان کو سامنے رکھ کر ہم اپنے قوانین مرتب کر

سکیں ۔ اب پہلی بات کا ذکر کروں گا کہ یہ بات سرے سے ہی اس ایوان کے بیشتر ارکان کے ذہنوں میں نہیں آتی کہ دنیا میں کیا ہوتا ہے ۔ دنیا سے انہوں نے اپنی آنکھیں بند کر رکھی ہیں ۔ میں باہر کی دنیا کو چھوڑ کر اپنے ملک کی بات کرتا ہوں کہ ابھی چند دن پہلے کی بات ہے کہ یہ مسئلہ ایوان میں زیر بحث تھا کہ سپیکر صاحب کے ماتحت اسمبلی سیکریٹیریٹ ہونا چاہیے ۔ اس سلسلے میں ان کو معلوم ہے کہ اندرون ملک یعنی مشرقی پاکستان میں صوبائی اسمبلی اور پاکستان میں نیشنل اسمبلی کے لیے طریقہ کار یہ ہے کہ وہ دونوں سپیکر صاحب کے ماتحت ہوتی ہیں ۔ اگر ان کے ذہن میں یہ بات ہوتی یا اگر وہ اپنی بات میں سچے ہوتے تو وہ یقیناً اپنے کسی اور معاملات کے طے کرنے میں یہ ضرور دیکھتے کہ دنیا میں کیا ہوتا ہے ملک کے دونوں حصوں میں کیا ہوتا ہے تو ظاہر ہے کہ وہ نیک نیتی سے اس ریزولیوشن کو منظور کر لیتے لیکن ان کے ذہن میں یہ سوال نہیں آتا ان میں

Mr. Speaker : This remark is expunged from the proceedings of the Assembly.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ ان کو احساس نہیں ہوتا کہ لوگ کیا کہیں گے ۔ دنیا میں کیا ہوتا ہے اس لیے میں ان کے دلائل قابل پذیرائی نہیں سمجھتا ۔ دوسری بات انہوں نے فرمائی تھی کہ ہمیں اس کو مطالعہ کرنے کا موقعہ ملے تو میں یہ کہنا چاہتا ہوں سٹڈی کرنے کے متعلق ۱۶ تاریخ کو ہمیں اطلاع ملتی ہے نوٹس ملتا ہے کہ یہ بل زیر غور آنیوالا

*Expunged as ordered by the Speaker.

ہے اس وقت سے لے کر ۸ دن کا عرصہ گزر چکا ہے اگر یہ ۸ دن میں اس چار صفحے کے بل کا مطالعہ نہیں کر سکے تو ان سے کیسے یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ یہ آگے چل کر اس کا مطالعہ کر سکیں گے ۔ جب آرڈرز آف وی ڈے ہمارے سامنے آتے ہیں تو ہم اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ ان کا مطالعہ کیا جائے اور ہم ذمہ داری کے ساتھ اس چیز کا احساس کرتے ہیں اس ذمہ داری کا جس کو پورا کرنے کے لیے ہم اس ایوان میں بھیجے گئے ہیں کہ ایوان میں فلاں دن فلاں بل یا مسئلہ پر غور آنیوالا ہے اور ہم اس چیز کا احساس کرتے ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کو حاضر ناظر جان کر اپنی پوری صلاحیت کام میں لا کر گفتگو کریں گے تاکہ ہم خلق اور خدا کے سامنے جواب دہی کر سکیں اور بری ہو سکیں اور اپنی ذمہ داری کو پورا کر سکیں ۔ میں ان ممبروں کی بات نہیں کرتا جو دن میں چھ چھ دفعہ کورم توڑتے ہیں میں ان ذمہ دار افراد کی بات کرتا ہوں جو آرڈرز آف دی ڈے کو بڑی سنجیدگی کے ساتھ لیتے ہوئے اس کا مطالعہ کرتے ہیں ۔ رات کو دیر تک بیٹھے کام کرتے ہیں اور مختلف امور کو ذہن میں رکھ کر ان کا مطالعہ کرتے ہیں بجلی خرچ کرتے ہیں تیل جلاتے ہیں ۔ پوری تیاری کر کے اس ایوان میں آتے ہیں مگر جب ہم آتے ہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ وہ بل ملتوی ہو گیا ہے ۔ جناب والا ۔ یہ چیز ایوان کا مذاق اڑانے کے مترادف ہے کہ ایک چیز پورے غور و خوض کے ساتھ ایوان میں لائی جائے وہ ایوان کے سامنے رکھی جائے اور پھر یہ کہا جائے کہ ابھی ہم اس پر بحث کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں ۔ میں جناب والا اس چیز

کو ایوان کی توہین سمجھتا ہوں اس چیز کو اس کے وقار کیخلاف سمجھتا ہوں کہ ایک مسئلہ ہمارے سامنے آئے اور یہ کہا جائے کہ ابھی ہم اس پر غور کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں لیکن میں کہتا ہوں کہ ہم غور کرنے کی پوزیشن میں ہیں - ہم نے اس کا مطالعہ کیا ہے ہم نے اس کا جائزہ لیا ہے ہم نے دوسرے قوانین کو بھی سامنے رکھ کر دیکھا ہے اور ایوان کا کوئی ذمہ دار رکن یہ کہنے کی جرأت نہیں کر سکتا کہ ہم اس پر گفتگو کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں - پچھلے ہفتے یہ مسئلہ زیر بحث آیا تھا تو انہوں نے اپنے ۱۵۰ اراکین (جو کہ میری بائیں طرف بیٹھے ہیں) کے مشورے سے یہ تاریخ طے کی تھی جب کہ آپ نے اپنے رولز آف پروسیجر کے نارمل کو پس پشت ڈال کو اپنے خصوصی اختیارات استعمال کر کے جو کہ کسی خاص موقع پر استعمال کیے جاتے ہیں اسمبلی کے ارکان کی دوسری نشست بلانے کا فیصلہ کیا تھا کیونکہ عام حالات میں دوسری نشست نہیں ہوتی ہے اور جیسا کہ جناب وزیر قانون نے ہمیں اس کے متعلق مطلع کیا تھا کہ دوسری خاص نشست بلانے کا مقصد یہ تھا کہ اپنے خصوصی اختیارات کو استعمال کر کے اپنے ایوان کے معروف قواعد کو پس پشت ڈال کر اس مسئلے کی اہمیت کے پیش نظر یہ اجلاس طلب فرمایا جائے اور اب قائد ایوان یہ فرماتے ہیں کہ اس کو ملتوی کیا جائے - میں سمجھتا ہوں کہ قائد ایوان کو اور ان کی پارٹی کے دوسرے ممبران کو جن کو میں ان کے حواری کہا کرتا ہوں ان حواریوں کو غور کرنا چاہیے کہ وہ کیا کر رہے ہیں کیا تجویز

پیش کر رہے ہیں وہ دنیا کے سامنے اپنا کیا مقام رکھ رہے ہیں ۔ جو لوگ اس ایوان کو صوبہ کا بہت بڑا نمائندہ ایوان سمجھ کر اس کی طرف عزت کے ساتھ اور توقعات کے ساتھ نظر اٹھاتے ہیں وہ دل میں کیا کہیں گے اور وہ کیا کہنا چاہتے ہیں ۔ برائے کرم آپ اپنے الفاظ پر اور اپنے طرز عمل پر غور فرمائیے ۔ خود اپنی بات کو اور اپنے فیصلے کی اہمیت کو سامنے رکھیں اور جو سپیکر صاحب کے سامنے فیصلہ کیا تھا کہ شام کو اس چیز کو زیر غور لایا جائے گا اس پر کاربند رہیے اور اس پر گفتگو کیجیے ۔

ملک معراج خالد (لاہور-۵) ۔ ملک صاحب کی خوبیوں کے متعلق ساری دنیا معترف ہے اور آج تو ان کو خاص طور پر خراج تحسین ادا کرنا چاہیے کہ ان کی خوبیاں کس طرح بروئے کار آ رہی ہیں ۔ جب یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ یہ بل یا اس بل کو آج سہ پہر کے اجلاس میں زیر غور لایا جائے گا تو اس وقت ملک صاحب موجود نہیں تھے آپ نے محض ایوان کی رائے کو سامنے رکھتے ہوئے یہ فیصلہ فرمایا تھا تو ملک صاحب کا یہ کمال ہے کہ ان کے دلائل سب کی رائے پر وزنی ثابت ہوئے اور انہوں نے معزز ممبران کی رائے کو ہموار کیا اور آج جو وہ دلائل پیش کر رہے ہیں ہمیں صاف معلوم ہو رہا ہے کہ انہیں اپنے تمام دوستوں کی تائید حاصل ہے ان کا یہ جادو ہے کہ اس وقت اس تجویز کے خلاف جو کچھ بھی کہا جائے اس پر یہ سارے جزبز ہو رہے ہیں اور ناراضگی کا اظہار کر رہے ہیں ۔ ملک صاحب جب اپنے خیالات کا اظہار فرماتے ہیں تو جوش خطابت میں جو جو بات وہ فرمائے

ہیں یہ ان کے خلاف جاتی ہے ۔ میں ہمیشہ ان کی خوبیوں کا اعتراف کرتا رہا ہوں ۔

چودھری محمد نواز ۔ ایسی باتیں آپ چند روز پہلے کہا کرتے تھے ۔

ملک معراج خالد ۔ میں ہمیشہ ان کی خوبیوں کا اعتراف کرتا رہا ہوں مجھے اس میں کوئی شرمندگی نہیں ہے اور آخرکار میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں اور میں اتنا عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ اگرچہ محترم وزیر صاحب نے یقین دھانی کرائی تھی اور سموو صاحب نے بھی چند ایک مشکلات کے متعلق اظہار خیال کیا تھا اور یقین دلایا کہ لازمی طور پر ۲۳ مارچ کو اس چیز کو precedence ملے گا تو یہ چیز ذہن میں رکھی جانی ضروری تھی میں ایک چیز عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس خوش فہمی میں جس میں میرے دوست مبتلا ہیں کہ جو کچھ بھی ان کی طرف سے کہا جائے وہ درست ہوتا ہے وہ ایسی بات نہیں ہے بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ ملک صاحب خود چند ایک مجبوریوں کی وجہ سے مجبور ہیں ۔ جب اوپر سے حکم آ جائے کہ اس چیز کو ملتوی کیا جائے تو وہ اس حکم کی آڑ میں مجبور ہو جائیں گے اور بے سود ہو جائیں گے آپ اس وقت تالیاں بجائیں گے کہ یہ درست ہے بالکل درست ہے اور بجا ہے ۔ مگر ایک فیصلہ یہ معزز ایوان کر چکا ہے اور آپ آرڈرز آف دی ڈے میں بھی یہ چیز لے آئے ہوئے ہیں یہ مقرر کر چکے ہوئے ہیں اور اب کوئی ایسی وجہ نہیں ہے کہ ان ۸ دنوں میں ہم ایسی چیز دریافت کر لیں گے جو کہ ہم ڈیڑھ سال تک نہیں کر سکے میں

سمجھتا ہوں کہ سہ پہر کا اجلاس ہونا چاہیے اور یہ جو تجویز پیش کی گئی ہے اس کو نا منظور کرنا چاہیے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ یہ نا معقول تجویز ہے ۔

Minister for Food and Agriculture: Sir, I had no intention to participate or give a reply, but the way in which the views have been expressed by the other side has certainly surprised me. It was a very innocent sort of proposal, which was made in the interest of the members, and any heat imported in this discussion, in my humble judgment, seems to be quite misplaced. Particularly when my very esteemeed friend, Mr. Mahmood Azam Farooqi, for whom I have got the greatest respect, called these members to be "حواری", I could have replied to him in the same tone, and probably.....

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ حواری کے معنی دوست کے ہوتے ہیں ۔

Minister for Food and Agriculture: I know what "حواری" means and what it connotes in common parlance. Actually it did mean a "دوست" but now the meaning that has been given to it is known to him He is "اہل زبان" while I am not. Anyhow, Sir, be that as it may, the point I was making is that there is a definite committment on behalf of the Government ..... .

ملک معراج خالد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ملک صاحب بڑی اچھی اردو بولا کرتے تھے ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ انہوں نے اب کرمانی صاحب کی تقلید میں انگریزی کیوں شروع کر دی ہے ؟

وزیر زراعت و خوراک ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ دعویٰ تو نہیں ہے کہ میں اردو میں یا انگریزی میں اچھی تقریر کرتا ہوں . . . .

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

Mr. Speaker : What bearing has this verse on the proceedings of the Assembly ?

Minister for Food and Agriculture : What happens is that every morning my friend memorises two couplets and, therefore, he has to recite them here anyhow. What can I do whether they are relevant or irrelevan ? Relevancy is not a forte of my friend.

جناب والا ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اس معصوم سی تجویز پر ایسی شدت اور حدت کے الفاظ گفتگو داخل کرنا میری سمجھ میں نہیں آیا ۔ بات صرف اتنی سی ہے کہ آج شام کے اجلاس کی بجائے تیس تاریخ والے اجلاس میں اس بل پر غور کیا جائے ۔ اس کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اس کے تمام پہلوؤں کو مد نظر رکھنے کے بعد اور اس کے پس منظر کو سامنے رکھنے کے بعد اس تجویز کو اس ایوان کے سامنے لایا جائے تاکہ یہ قابل پذیرائی ہو سکے ۔ حمزہ صاحب صبح سے مجھ سے ناراض ہیں ۔ ان سے تو مجھے کوئی شکوہ نہیں ۔ اصل میں جناب والا ۔ آج مجھ سے ہی غلطی ہوئی تھی ۔ میں نے ان کی خدمت مین جانے کی جرأت کی اور وہ اس وقت غصہ میں آ گئے ۔ اس لئے ان سے تو میں کچھ عرض نہیں کرتا ۔ معراج خالد بھائی نے جو کرم فرمائی کی ہے تو ان سے عرض ہے کہ میں جادو گر نہیں ہوں ۔ میں تو ایک خادم ہوں مجھے بسا اوقات اس ایوان کے جذبات کو آپ

کے سامنے پیش کرنے کی سعادت حاصل ہوتی ہے تو وہ اس قسم کا کوئی خیال نہ کریں ۔ جو بات ان کے ذہن میں آ رہی ہے وہ نہیں ہے جیسا کہ معزز وزیر قانون نے فرمایا ہے تیس تاریخ کو انشاءاللہ اس بل پر غور ہو گا اور آپ کے فیصلے کے مطابق اس پر کارروائی ہو گی ۔

ملک معراج خالد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ یہ کہتے ہیں میں آپ کا خادم ہوں ۔ علامہ اقبال فرماتے ہیں ۔

سروری در دین ما خدمت گری ست

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ یہ خادم ایوان تو اس صورت میں ہوتے جب ایوان ان کو مقرر کرتا یا برخاست کرتا ۔ میں دستوری حیثیت سے عرض کر رہا ہوں ۔ نہ یہ ایوان کے سامنے جوابدہ ہیں نہ ایوان کو انہیں ہٹانے کا کوئی اختیار ہے ۔ گورنر صاحب انہیں مقرر کرتے ہیں اور وہی انہیں ہٹاتے ہیں ۔ اس لئے یہ ان کے خادم ہیں جن کے منشا کو پورا کرتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ فاروقی صاحب ۔ ایک شخص اپنے آپ کو آپ کا خادم بناتا ہے تو آپ کو کیا اعتراض ہے ؟

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ ہمارا حکم تو مانتے نہیں ہم انہیں کیوں خواہ مخواہ خادم بنائیں ۔

وزیر قانون ۔ یہ آقا بننے کے قابل نہیں ہیں ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ میں اس بحث میں نہیں جانا چاہتا کہ میں کس حیثیت میں یہاں موجود ہوں ۔ بحث لمبی ہو جائے گی کیونکہ حمزہ صاحب فوراً ہی کھڑے ہو جائیں گے اور میں انہیں تکلیف نہیں دینا چاہتا ۔ میں اس معزز ایوان کی اور آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ موقع مہیا فرمائیں ۔ سمرو صاحب اس بات پر رضامند ہیں کہ اس معاملہ پر چھان بین کے ساتھ غور ہو سکے ۔ ان چند الفاظ کے ساتھ میں دوبارہ اپنی درخواست اس ایوان کی خدمت مین پیش کرتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ قائد ایوان نے جو تجویز ہاؤس کے سامنے پیش کی ہے میں اس سے مطمئن ہوں کہ رول سترہ کے تحت جہاں تک ایوان کے اجلاس کی نشتوں کا تعلق ہے سپیکر ان کے اوقات میں رد و بدل کر سکتا ہے یا انہیں مقرر کر سکتا ہے یا ان کے متعلق فیصلہ کر سکتا ہے ۔ کہ ایک دن میں کتنی نشستیں ہوں گی ۔ لیکن گذشتہ جمعرات جب یہ معاملہ ہاؤس کے سامنے آیا تھا میں نے اس پر ایوان کی رائےمعلوم کی تھی ۔ ایوان کی رائےمعلوم کرنے کےبعد یہ فیصلہ ہوا تھا کہ ان دونوں بلوں پر آج کی دوسری نشست میں غور کیا جائے گا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو فیصلہ ایوان کی رائے کے مطابق کیا جائے یہ مناسب نہیں ہو گا کہ میں اپنے طور پر اس میں رد و بدل کروں ۔ لہذا مناسب یہی ہے کہ اسے دوبارہ ایوان میں رائے کے لئے پیش کیا جائے ۔ اگر ایوان آج دوسری نشست کے حق میں ہو تو دوسری نشست کی جائے اور اگر ایوان کی رائے یہ ہو کہ یہ معاملہ ۳۰ تاریخ تک ملتوی کر

دیا جائے تو آج کی دوسری نشست کو تیس تاریخ تک ملتوی کر دیا جائے ۔ اب میں ایوان کی رائے معلوم کرنا چاہتا ہوں جو حضرات اس حق میں ہوں کہ اس بل پر آج غور ہو جانا چاہئے ۔ وہ اپنی نشستوں پر کھڑے ہو جائیں ۔

(کچھ ممبران اپنی نشستوں پر کھڑے ہوگئے)

جو اصحاب یہ چاہتے ہیں کہ ان دونوں بلوں پر غور ملتوی کر دیا جائے اور تیس تاریخ کو سب سے پہلے ان پر غور کیا جائے وہ اب اپنی نشستوں پر کھڑے ہو جائیں ۔

(سرکاری ممبران اپنی نشستوں پر کھڑے ہو گئے)

مسٹر حمزہ ۔ فیصلہ تو ظاہر ہے حکومتی پارٹی اپنی عددی قوت کے زور سے اپنی عزت یا لحاظ یا وقار کی پرواہ کئے بغیر ایوان کے وقار کے منافی فیصلہ کرنا چاہتی ہے ۔ ہم اس قسم کی اندھی عددی قوت کے اس فیصلہ کے خلاف احتجاجاً باہر جا رہے ہیں ۔

اس مرحلہ پر اپوزیشن کے ممبران ایوان سے باہر چلے گئے)

مسٹر سپیکر ۔ ایوان کے تین اراکین اس حق میں تھے کہ اس پر آج غور کیا جائے اور بیالیس اس تجویز کے حق میں تھے جو قائد ایوان نے فرمائی ہے کہ ان دونوں بلوں پر غور تیس تاریخ کے لئے ملتوی کر دیا جائے اب اس روز سب سے پہلے ان دونوں بلوں کو ایوان کے سامنے پیش کیا جائے گا ۔ (تالیاں) اب آج دوسری نشست نہیں ہو گی ۔

PRIVATE MEMBERS' BUSINESS
RESOLUTIONS

RE. GRANT OF PROPRIETARY RIGHTS TO ALLOTTEES OF STATE LANDS UNDER THE HORSE-BREADNIG SCHEME IN SAHIWAL AND MULTAN DISTRICTS

Mr. Speaker : We will now take up Orders of the Day. Part I and the first motion is by Chaudhri Muhammad Nawaz.

Chaudhri Muhammad Nawaz : I beg to move :—

> That this Assembly is of the opinion that the allottees of state land under the Horse-Breeding Scheme in Sahiwal and Multan Districts should be given proprietary rights in the land allotted to them.

Mr. Speaker : The Resolution moved is :—

> That this Assembly is of the opinion that the allottees of state land under the Horse-breeding Scheme in Sahiwal and Multan Districts should be given proprietary rights in the land allotted to them.

چودھری محمد نواز ۔ اس کے ساتھ ہی میری ایک ترمیم ہے اسے پیش کرنے کی اجازت دی جائے ۔

Mr. Speaker : The Member can't move amendment to his own resolution. A similar amendment stands in the name of Chaudhri Muhammad Sarwar Khan. He may please move that amendment.

Chaudhri Muhammad Sarwar Khan : I beg to move :—

> That in the proposed Resolution in line 2, between the words "opinion" and "that", the words "that the Provincial Government should recommend to the Central Government" be inserted ; and between the words "land" and "under", the words "upto one square of land" be inserted.

Mr. Speaker : Resolution under consideration, amendment moved is :—

> That in the proposed Resolution [in line 2, between the words "opinion" and "that", the words "that the Provincial Government should recommend to the Central Government" be inserted ; and between the words "land" and "under", the words "upto one square of land" be inserted.

There is no opposition to the amendment. The amendment is carried. Next amendment is from Ch. Muhammad Idrees. The notice of this amendment was given on 21st of January, 1969, Will the Member please explain why I should condone the delay ?

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میں وہ ترمیم پیش کرنا چاہتا ہوں جس کا آج نوٹس دیا ہے ۔ اس کے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جس وقت یہ ریزولیوشن آیا.....

Mr. Speaker : I am objecting to the Member's previous amendment and he is talking of the amendment which he has given notice of now.

چودھری محمد ادریس ۔ پہلی ترمیم کا میں نے دو دن کا نوٹس دیا ہے۔

Mr. Speaker : The Member is not moving that amendment ?

Chaudhri Muhammad Idrees : I am not moving that amendment.

Mr Speaker : The Member has given notice of this amendment just now.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ اگر کسی ترمیم پر کوئی اعتراض نہ کیا جائے تو وہ ترمیم منظور کی جا سکتی ہے ۔ اگر کسی ترمیم پر اعتراض

کیا جائے پھر جناب کو اختیار ہے کہ آپ اپنے خصوصی اختیارات استعمال کرتے ہوئے اس رول کو معطل کر دیں ۔ آپ رول ۹۹ ملاحظہ فرمائیں ۔

"If notice of an amendment has not been given two clear days before the day on which it is moved, any Member may object to the moving of the amendment and thereupon the objection shall prevail, unless the Speaker, in his discretion, suspends this rule and allows the amendment to be moved."

جناب والا ۔ اس رول کی زبان بالکل واضح ہے کہ اگر کسی ترمیم کے متعلق کوئی اعتراض نہ کیا جائے تو وہ ترمیم منظور ہو جائے گی ۔ اگر کسی ترمیم پر اعتراض کیا جائے گا تو آپ اپنے خصوصی اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے اس رول کو معطل کر دیں ۔ ابھی میں نے اپنی ترمیم پیش نہیں کی ہے ۔

Mr. Speaker : Yes the Member may please move his amendment.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir, I beg to move :—

That following words be added after the Resolution moved by Ch. Muhammad Nawaz :—

"That the Provincial Government should grant proprietary rights to the allottees of the State land under Bara Scheme, Grow More Food Scheme, within 5 miles of the radius of the Municipal Committees and Tubewells and Well Sinking Scheme."

Mr. Speaker : The amendment moved is :—

That the following words be added after the Resolution moved by Ch. Muhammad Nawaz :—

"And that the Provincial Government should grant proprietary rights to the allottees of

the State land under Bara Scheme, Grow More Food Scheme, within 5 miles of the radius of Municipal Committees and Tubewells and Well Sinking Scheme."

Does the Member mean to say the first part will relate to the recommendations and the other part would be for the Provincial Government.

Chaudhri Muhammad Idrees : Yes sir.

Mr. Speaker : The first part is in the recommendatory form and the other relates to the Provincial Government.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ پوزیشن یہ ہے کہ پہلا حصہ یہ ہے کہ صوبائی اسمبلی مرکزی گورنمنٹ کو سفارش کرے کہ ان الاٹیوں کو مالکانہ حقوق دے دیے جائیں ۔ دوسرے حصہ میں جو میں نے ترمیم پیش کی ہے جس کی کوئی مخالفت نہیں کی گئی وہ یہ ہے کہ یہ اسمبلی صوبائی گورنمنٹ کو سفارش کرے یا یہ اسمبلی اپنی رائے کا اظہار کرتی ہے جیسے میں نے اپنی ترمیم میں کہا ہے کہ ان الاٹیوں کو ان کے مالکانہ حقوق دے دیے جائیں ۔ جناب والا ۔ اس ریزولیوشن کا مقصد بھی یہی ہے کہ اس سٹیٹ لینڈ کے مالکانہ حقوق الاٹیوں کو مل جائیں ۔ میرے فاضل دوست نے جو ریزولیوشن پیش کیا ہے اس میں یہ ہے کہ گھوڑوں کی افزائش نسل کی سکیم جو ملتان اور ساہیوال میں ہے ان کے مالکانہ حقوق چند الاٹیوں کو مل جائیں ۔ میں اس میں تھوڑی سی ترمیم کرتا ہوں کہ.....

مسٹر سپیکر ۔ اوریجنل ریزولیوشن میں تو یہی ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ اس میں پوزیشن یوں ہو گی کہ وہ الاٹی جو گھوڑوں کی افزائش نسل کی سکیم کے تحت اس زمین پر قابض ہوئے ہیں ان کو مالکانہ حقوق دیے جائیں ۔ بعد میں معلوم ہوا کہ وہ زمین مرکزی حکومت کی ہے اس لیے میرے فاضل دوست کو اس میں ترمیم کرنی پڑی کہ مرکزی حکومت کو سفارش کی جائے ۔ وہ زمین مرکزی حکومت کی تھی اور ان کو صحیح پوزیشن معلوم نہ تھی ۔ اوریجنل ریزولیوشن میں یہی ہے کہ صوبائی حکومت ان الاٹیوں کو مالکانہ حقوق دے دے ۔ اب اس ترمیم سے یہ ہو گا کہ یہ اسمبلی صوبائی گورنمنٹ کو سفارش کرتی ہے کہ مرکزی حکومت کو کہے کہ ان الاٹیوں کو مالکانہ حقوق دیے جائیں ۔

Mr. Speaker : Then the resolution would be that :

> "This Assembly is of the opinion that the Provincial Government should recommend to the Central Government that the allottees of state land upto one square of land under the Horse Breeding Scheme in Sahiwal and Multan Districts should be given proprietary rights in the land allotted to them and that the Provincial Government should grant proprietary rights to the allottees of the State land under Bara Scheme, Grow More Food Scheme within 5 miles of the radius of Municipal Committees and Tubewells and Well Sinking Scheme."

چودھری محمد ادریس ۔ Perfectly right sir میں آپ کی اجازت سے ایک بات یہ عرض کرنی چاہتا ہوں کہ اگر اس ریزولیوشن میں کسی قسم کی کمی بھی ہے تو بھی میں آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ اپنے خصوصی اختیارات

استعمال کریں تاکہ ان غیر مالکان اراضی کو یا مزارعین کو جنہوں نے آٹھ دس سال سے بارہ ایکڑ کے حساب سے اس زمین پر محنت کر کے اپنے گھر بنانے کی کوشش کی جن کو کسی وجہ سے اب تک مالکانہ حقوق نہیں مل سکے اگر اس اسمبلی کی سفارش اس فارم میں منظور ہو جائے تو اس سے کسی کا نقصان نہیں ہوتا نہ ہی اس ترمیم کی مخالفت کی جاتی ہے ۔ شاید اس اسمبلی کے لیے تھوڑا سا احترام ہونے کی وجہ سے ان کے دل میں رحم آجائے اور خیال آ جائے اور ان غریب مزارعین کے ، جن کی تعداد پانچ چھ ہزار کے قریب ہے یا اس سے زیادہ ہے، کیس پر غور کرنے کے لیے تیار ہو جائے اس لیے میں آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ اگر اس میں کوئی خامی ہے تو آپ اپنے خصوصی اختیارات استعمال کریں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہو گا کہ ایک ہی ریزولیوشن میں صوبائی حکومت ایک ایکشن کے بعد دوسرا ایکشن لے ۔

It may run into pages. Moreover, the resolution must relate to a single specific matter.

چودھری محمد ادریس ۔ ہم نے ایک opinion express کرنی ہے ۔

Mr. Speaker : The Member can express opinion in so many matters in one resolution that may run into so many pages.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ matter ایک ہی ہے ۔

And that is to grant proprietary rights to the tenants of the State land through one agency.

I appeal to you that it may be allowed to be moved.

Mr. Speaker : Rule 94 says :

> "94 (1) A resolution shall be in the form of declaration of opinion by the Assembly.
>
> (2) It shall relate to a matter which is primarily the concern of the Provincial Government or to a matter in the which Provincial Government have substantial financial interest :
>
> Provided that a resolution seeking to recommend to the Provincial Government to approach the Central Government or communicate the views of the Assembly to that Government in a matter which is not primarily the concern of the Provincial Government shall be admissible."

That Resolution should be admissible. That should not confuse a matter which is primarily .....

چودھری محمد ادریس ۔ ۔ میں عرض کرتا ہوں ۔ رول ۹۴ میں، جو proviso ہے ، اس کے تحت میرے فاضل دوست کے ریزولیوشن کا پہلا حصہ آئے گا ۔ اس میں جناب والا ۔ یہ اسمبلی پراونشل گورنمنٹ سے سفارش کرتی ہے کہ وہ سنٹرل گورنمنٹ کو recommend کرے کہ وہ tenants کو proprietory rights دیدے ۔ اس ترمیم کے آ جانے سے اس ریزولیوشن کی آفادیت میں کمی نہیں ہوتی یا اس کے پیچھے جو idea ہے یا وہ مقصد جس کو میرے دوست achieve کرنا چاہتے ہیں ، اس کی نفی نہیں ہوتی ۔ بلکہ اس میں مزید اضافہ ہوتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ اعتراض نہیں ہے چودھری صاحب ۔ اعتراض یہ ہے کہ یہ جو proviso ہے یہ recommendatory resolution پاس کرنے کا ہے ۔ recommendatory resoltuion ہمارے سامنے آیا ہے ۔ اس کی دوسری شق جو ہے وہ recommendatory نہیں ہے ۔

recommendatory ہے ۔ وہاں بھی ہم ۔ وہ بھی recommend کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : We are taking up the Resolution under the proviso to 94 (2)

چودھری محمد ادریس ۔ میں عرض کرتا ہوں ۔ ریزولیوشن یہ ہے ۔

This Assembly is of the opinion..... .....

اس کے بعد دو clauses آ گئیں ۔

That the allottees..... .....

اس کو چھوڑ کر

This Assembly is of the opinion that the Provincial Government should give... .....

جناب والا یہ.....

Mr. Speaker : Actually it makes this single Resolution, two Resolutions.

(1) Recommending to the Central Government,

(2) and another to the Provincial Government,

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میں نے تو پہلے ہی عرض کیا ہے کہ اگر اس ریزولیوشن میں کسی قسم کی کمی بھی ہے ، تب بھی میں

آپ سے اپیل کرتا ہوں ان غریب مزارعین کے نام پر جن کے لیے opinion express کرنے کا اس اسمبلی کے لیے اور کوئی موقع نہیں آئے گا، کہ آپ کے خصوصی اختیارات ان غریبوں کے حق میں استعمال کیے جانے چاہیئں جب کہ اس ریزولیوشن کے اس شکل میں پاس ہونے سے کسی کو کوئی نقصان نہیں ہوتا اور اس شکل میں ریزولیوشن کے فاضل mover کی طرف سے وزیر مال کی طرف سے یا گورنمنٹ کی طرف سے یا اس ہاؤس کی طرف سے کوئی مخالفت نہیں ہے۔

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) ۔ قانون کو بھی تو دیکھنا ہے۔

چودھر محمد ادریس ۔ جناب رحم کی اپیل کے سامنے قانون کچھ نہیں ہوتا۔

Mr .Speaker: I think it would not be setting a good precdent for future. Therefore I disallow the amendment which is to be moved by Chaudhri Muhammad Idrees.

Next amendment is from Syed Inayat Ali Shah. It is ruled out of order because it negatives the Resolution. Next amendment is from Malik Miraj Khalid. Decision similar to the one given on the amendment of Chaudhri Muhammad Idrees holds good here. Because in this case the Member is including, giving proprietary rights of land allotted to them and other allotted land if resumed by the Provincial Government. And in that case practically these would be two Resolutions combined in one Resolution ane it will not relate to a ringle specific matter. Therefore, this amendment is ruled out of order. The Resolution before the House is :

"This Assembly is of the opinion that the Provincial Government should recommend to

the Central Government that the allottess of state land upto one square of land under the Horse-Breeding Scheme in Sahiwal and Multan Districts should be given proprietary rights in the land allotted to them."

Chaudhi Muhmmad Idrees : I oppose it.

Minister for Food and Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : You are going against the party decision.

Chaudhri Muhammad Idrees : It has been opposed now.

Khan Ajoon Khan Jadoon : I request the Member to withdraw his opposition.

چودھری محمد ادریس ۔ (جھنگ۔۱) ۔ جناب والا ۔ میں نے اس ریزولیوشن کو جس نظریہ سے oppose کیا ہے ، وہ مجھے پیش کرنے کی اجازت دے دی جائے ۔

Mr. Speaker : Yes, please.

چودھری محمد ادریس ۔ میں نے جناب والا ۔ اسے اسی نظریہ سے oppose کیا ہے جو نظریہ میں پہلے آپ کے سامنے پیش کر چکا ہوں ۔

جناب والا ۔ اس ریزولیوشن کے ذریعہ سے صوبہ کے صرف دو اضلاع میں سٹیٹ لینڈ کے الاٹیوں کی ایک نہایت قلیل تعداد کو proprietory rights دینے کی سفارش کی گئی ہے ۔ جناب والا ۔ اس سے پیشتر بھی گورنمنٹ کی طرف سے اس قسم کی تمیز روا رکھی گئی ہے کہ ایک ہی قسم کے الاٹیوں کو کسی جگہ پر مالکانہ حقوق دے دیے گئے لیکن دوسری جگہ پر مالکانہ حقوق نہیں دیے گئے یا اس سے پیشتر بھی گورنمنٹ کی طرف سے سٹیٹ لینڈ کے

الاٹیوں کے متعلق اس قسم کی تمیز روا رکھی گئی ہے کہ ایک ہی ضلع میں رہنے والے ایک ہی category یا ایک ہی قسم کے کچھ الاٹیوں کو مالکانہ حقوق دیے گئے ہیں اور دوسرے الاٹیوں کو مالکانہ حقوق نہیں دیے گئے۔ میں نے اس ریزولیوشن کو اس لیے oppose کیا ہے کہ اس ریزولیوشن کے پیچھے بھی وہی جذبہ اور وہی مقصد کارفرما ہے اور اسی امتیاز کی بو آتی ہے۔ جس کو اس سے پہلے اس گورنمنٹ نے روا رکھا۔

جناب سپیکر۔ میں اس بات کے حق میں ہوں کہ سرکاری زمین پر جس بھی مزارع کا قبضہ ہے، اگر اس کی اپنی زمین نہیں ہے تو یہ اس گورنمنٹ کا فرض ہے کہ وہ ہر اس مزارع کو جسے کسی بھی سکیم کے تحت سرکار کی زمین الاٹ ہو اور اس نے وہ آباد کی ہو، وہ زمین اس مزارع کو مل جانی چاہیے۔ اور جناب والا۔ یہ اس لیے کہ ابھی حال ہی میں اس پوائنٹ کا فیصلہ مغربی پاکستان ہائی کورٹ کے ڈویژن بنچ نے کیا ہے کہ یہ جو سٹیٹ لینڈ ہے، اس کی الاٹمنٹ آیا گرانٹ کی definition میں آتی ہے۔ یا یہ اس ملک میں .....

دیوان سید غلام عباس بخاری۔ جناب سپیکر۔ اب جبکہ یہ ریزولیوشن oppose ہو گیا ہے تو کیا روایات کے مطابق یہ mover کا حق نہیں کہ پہلے وہ اس کی وضاحت کر لیں اور پھر اس پر discussion کی جائے؟

مسٹر سپیکر۔ اگر وہ وضاحت کرنا چاہتے تھے تو ان کو حق تھا۔ اب اگر انہوں نے تقریر نہیں کی تو انہیں مجبور نہیں کیا جا سکتا۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ ان کو پوچھ لیں کہ وہ تقریر کرنا چاہتے ہیں ؟

مسٹر سپیکر ۔ ان کا right of reply ہے ۔ تو انہوں نے تقریر کرلی ہو گی تو اس وقت کر سکتے ہیں ۔

Chaudhri Muhammad Idrees : The right of reply will be to me.

Mr. Speaker : Why ?

Chaudhri Muhammad Idrees : Because I have opened the debate.

Mr. Speaker : The Member is not the move of the Resolution. He has opposed the Resolution and he can make a speech in opposition.

چودھری محمد نواز ۔ حضور والا ۔ چودھری صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ میں صرف دو منٹ میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ میں نے ریزولیوشن کو oppose کیوں کیا ہے ۔ لیکن oppose کرتے کرتے انہوں نے تقریر فرما دی ہے ۔

Mr. Speaker : He is well within his right to make a speech. He can go upto fifteen minutes.

Chaudhri Muhammad Nawaz : But there are some rules.

پہلے مجھے حق پہنچتا تھا ۔

چودھری محمد ادریس ۔ میں جناب والا یہ عرض کر رہا تھا کہ باوجود ان تمام آوازوں کے جو اس ہاؤس میں میرے متعلق اٹھائی جا رہی ہیں ، میں پوری ذمہ داری سے اور اس جذبہ کے تحت کہتا ہوں کہ سٹیٹ لینڈ پر

صرف مزارعین کا حق ہے۔ میں ان کے cause کو plead کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں خواہ مجھے کسی قسم کی قربانی کیوں نہ دینی پڑے (قطع کلامیاں)

Let it be so, Sir.

جناب والا ۔ پوزیشن یہ ہے .....(قطع کلامیاں)

خان اجون خان جدون ۔ آپ غلطی کر رہے ہیں ۔

Chaudhri Muhammad Idrees : You can take action against me.

Mr. Speaker : No cross-talk.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ پوزیشن یہ ہے کہ اس سے پیشتر یہ تصور کیا جاتا تھا بلکہ اس کے متعلق قانونی اور انتظامی تصور بھی یہ تھا کہ سٹیٹ لینڈ.....(قطع کلامیاں)

(At this stage Sahibzadi Mahmooda Begum left her seat and occupied a seat near Chaudhri Muhammad Idrees).

Mr. Speaker : Begum Sahiba may come to her seat, he is feeling disturbed.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ سٹیٹ لینڈ کے متعلق یا اس کی الاٹمنٹ کے متعلق یا گرانٹ کے متعلق پہلے قانونی اور انتظامی تصور یہ تھا کہ یہ گورنمنٹ کا حق ہے کہ گورنمنٹ جس کو چاہے اس کو گرانٹ دے سکتی ہے ۔ اس ملک میں بسنے والے کسی شہری کا یہ حق نہیں ہے کہ گورنمنٹ کو مجبور کرے کہ وہ اس سٹیٹ لینڈ کے جو کہ اس کے قبضہ میں ہے یا اس کو الاٹ کی گئی ہے ، مالکانہ حقوق اس کو دیدے ۔ لیکن جناب والا ۔ میں صرف یہی نکتہ پیش کرنے کی غرض سے اس ریزولیوشن کو oppose کرنے

کے لیے کھڑا ہوا تھا کہ ہماری حکومت کے وزراء یا کار پرداز جو اس اصول کے مطابق ان غریب مزارعین کو جنھوں نے اپنا خون پسینہ ایک کر کے اس زمین کو آباد کیا ہے ، محض اس لیے مالکانہ حقوق نہیں دیتے کہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ان کا حق ہے ۔ مزارعین کا حق نہیں ہے ۔ یہ گرانٹ ہے جس کو چاہیں دیں ، جس کو چاہیں نہ دیں ۔

ابھی پچھلے ماہ ویسٹ پاکستان ہائی کورٹ کے ڈویژن بنچ کے سامنے یہ پوائنٹ پیش ہوا اور ایڈووکیٹ جنرل نے بتایا کہ State Land کی کوئی گرانٹ نہیں اور مزارعین کو مالکانہ حقوق حاصل کرنے کا کوئی حق نہیں ۔ میں اس فیصلہ کو آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں یہ ایک لمبا فیصلہ ہے اس کی چند سطور آپ کی خدمت میں پیش کروں گا ۔ یہ فیصلہ PLD-1968 میں درج ہے ۔

Mr. Speaker : Is not the Member substantiating the contention, which was contained in his amendment and which was ruled out of order ?

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ فاضل محرک کا ریزولیوشن دراصل State Land کے الاٹیوں اور عام شہریوں کے درمیان فرق پیدا کرتا ہے اس سے ایک section کو فائدہ ہو گا اور دوسرے کو نہیں ہو گا ۔ اس قسم کے مالکانہ حقوق اگر ان لوگوں کو دینا چاہتے ہیں تو State Land کے تمام مزارعین کو بھی دیے جائیں ۔ میں صرف اسی لیے اس کی مخالفت کر رہا ہوں

اور اس سلسلہ میں ہائی کورٹ کا فیصلہ آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں ۔ اس کا پیرا ۱۸ اس طرح سے open کرتا ہے ۔

> "The scheme and all transfers to be made under it are for the benefit of the State. All the wealth, assets, resources of the country vest in the State for the benefit of the citizen because we are a republic. If we are right in holding this view, then in this case the transfer of rights was to be made in furtherance of the scheme of the State to encourage the inhabitation of the country to grow more food and thus to advance the policy of the State. The fulfilment of the condition of the scheme, therefore, made it incumbent on the State that the law thus be honoured."

Sir, the point raised by the Advocate General that the grants are not made as a right was over-ruled by this judgment of the High Court of West Pakistan.

جناب والا ۔ میں نے جو پیرا پیش کیا ہے اس سے دو پوائنٹ سامنے آتے ہیں ۔

۱ ۔ ملک کی جتنی دولت ہے جو سٹیٹ کے قبضہ میں ہے اس دولت دو میں زمین بھی ہے اور دوسرے کئی قسم کے ذرائع یعنی sources بھی ہیں ۔ ہر شہری کو ان سے فائدہ حاصل کرنے کا پورا پورا حق ہے ۔

۲ ۔ State Land کے الاٹیوں کے لیے اس فیصلہ میں یہ hold کیا گیا ہے کہ ان کو مالکانہ حقوق دیے جائیں ۔

یہ چیز سٹیٹ کی پالیسی کے عین مطابق ہو گی ۔

Syed Zafar Ali Shah: Point of order, Sir. The amendment is from Chaudhri Muhammad Nawaz, and in fact he should give an account in support of this amendment. He should speak first in support of his amendment.

Mr. Speaker: I have disallowed that amendment, which was given notice of by Chaudhri Muhammad Nawaz, and Chaudhri Muhammad Sarwar has moved the amendment. That was carried. After that there was an amendment by Chaudhri Muhammad Idrees, wh.ch has been ruled out of order. Now, Mr. Muhammad Idrees is opposing the resolution as it stands amended by the amendment of Chaudhri Muhammad Sarwar.

Syed Zafar Ali Shah: Well, Sir, he .s not relevant.

مسٹر سپیکر ۔ جب انہوں نے oppose کیا تھا اس وقت آپ اٹھے نہیں تھے ۔

چودھری محمد نواز ۔ انہوں نے تو صرف یہ کہا تھا کہ میں صرف ایک منٹ میں explain کروں گا ۔

I am the mover of the resolution and I should have priority. In fact I have a prior right.

Mr. Speaker: The Member had the right but he did not exercise that right at the proper moment and now he wants to exercise that right.

چودھری محمد نواز ۔ کیا مجھے یہ حق نہیں دیا گیا ۔

سپیکر ۔ اگر آپ اس وقت اٹھ کر کہتے کہ آپ بولنا چاہتے ہیں تو میں اجازت دے دیتا ۔ لیکن میں آپ کو بولنے پر مجبور نہیں کر سکتا ۔

چودھری **محمد ادریس** ۔ جناب والا ۔ اگر یہ ریزولیوشن State Land کے جملہ الاٹیوں کے متعلق ہوتا تو میں اس کی ضرور حمایت کرتا ۔ یہ تو اس ملک کے مزارعین پر بہت بڑا احسان ہوتا ۔ اب یہ ریزولیوشن چونکہ چھوٹی مقدار یا چھوٹے سے علاقے کے متعلق آیا ہے اس لئے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔ میں حکومت سے غریب مزارعین کے نام پر اپیل کرتا ہوں کہ اگر آپ اسے accept کریں گے تو اسے یہاں تک محدود نہ رکھیں بلکہ State Land کے جملہ الاٹیوں کو مالکانہ حقوق دیئے جائیں ۔

ملک معراج خالد ۔ جناب والا ۔ میں چودھری محمد ادریس صاحب کی تائید اور چودھری محمد نواز صاحب کی قرار داد کی مخالفت کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ میری گذارش یہ ہے کہ انہوں نے صرف ضلع ساہیوال . . . .

چودھری **محمد نواز** ۔ جناب والا ۔ مجھے پہلے موقع دیا جائے تاکہ میں بتا سکوں کہ یہ سکیم کیا ہے جس کی یہ مخالفت کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : Now the Member will have the right of reply.

ملک معراج خالد ۔ جناب والا ۔ گذارش یہ ہے کہ اس ریزولیوشن میں صرف ضلع ساہیوال اور ملتان میں Horse Breeding Scheme کے تحت زمین کے الاٹیوں کو مالکانہ حقوق دینے کے متعلق کہا گیا ہے ۔ اس اصول کی بناء پر لیہ و بھر کی دوسری سکیموں کے تحت چھوٹے مالکان اراضی کو جو رقبہ دیا

گیا ہے اور وہ آٹھ دس دس سال سے کاشت کر رہے ہیں اور انہوں نے اس زمین کو قابل کاشت بنایا ہے ۔ اس ریزولیوشن کے پاس ہونے کے بعد یہ سمجھا جائے گا کہ وہ حق دار نہیں ہیں ۔

Mr. Speaker : How would that inference be drawn ?

ملک معراج خالد ۔ میں اس چیز کی مخالفت کرتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے جو نتیجہ اخذ کر لیا ہے کہ ان کو حقوق نہیں ملیں گے جیسا کہ اس ریزولیوشن کے متعلق انہوں نے opinion express کیا ہے ۔

ملک معراج خالد ۔ اگر یہ ریزولیوشن تمام چھوٹے مزارعین کے متعلق ہوتا تو اس سے جیسا کہ میرے فاضل دوست نے کہا ہے تمام ان چھوٹے مالکان اراضی اور مزارعین کو فائدہ پہنچ سکتا تھا لیکن یہ نہایت ہی قابل افسوس امر ہے کہ باوجود اس کے کہ ان مزارعین کی طرف سے اور چھوٹے مالکان کی طرف سے مختلف یادداشتیں پیش کی گئی ہیں ۔ ان کے مظاہرے بھی ہوئے ہیں ۔ انہوں نے اس معزز ایوان کے باہر بھوک ہڑتال بھی کی ہے لیکن اج تک کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا ۔ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ ۸ ہزار کنبوں کو Grow More Food Scheme اور Well Sinking Scheme کے تحت مختلف جگہوں پر جو رقبہ جات الاٹ کئے گئے تھے دس بارہ سال کے بعد ان کو reject کیا جا چکا ہے یا وہ eject کئے جا رہے ہیں ۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کا سوائے کاشت کاری کے اور کوئی ذریعہ معاش نہیں ہے ۔ عذر یہ کیا

گیا ہے کہ چونکہ میونسپل کمیٹی اور منڈی ٹاؤن کے ۵ میل کے radius کے اندر حکومت کو زمینوں کی ضرورت ہے اس لئے مزارعین کو بے دخل کرنا اور ان زمینوں سے انہیں محروم کرنا ضروری ہے ۔ جبکہ ان ہی میونسپلٹیز کی حدود کے ایک میل کے اندر تین سو ایکڑ کی Live Stock Breeding Scheme سکیم اور Scheme sinking Tube-Well کے تحت ۱۵۰ ایکڑ تک زمین کے الاٹمنٹوں کو پہلے بحال رکھا گیا ہے اور جائز قرار دیا گیا ہے تو جناب والا ۔ میں اس آرڈیننس کی اس حد تک مخالفت کرتا ہوں اگرچہ اس سے ضلع ساہیوال اور ملتان کے horse breeders کو ملکیتی حقوق دینے کی سفارش کی گئی ہے لیکن دوسرے مزارعین اور چھوٹے کاشتکار اور چھوٹے مالکان اراضی جو مختلف سکیموں کے تحت الاٹی تھے ان کو اس میں شامل نہیں کیا گیا تھا جن کو لازمی طور پر شامل کیا جانا چاہئے تھا ۔

ملک محمد اسلم جان (کیمبل پور ۔ ۱) جناب والا ۔ بڑی معمولی سی بات تھی اور یہ ریزولیوشن جو چودھری محمد نواز صاحب نے پیش کیا تھا کہ جو زمین ساہیوال اور ملتان ضلع میں horse breeding کے لئے لوگوں کو دی گئی ہے ان کو ہمیشہ کے لئے یہ دے دی جائے ۔ اس کے اوپر ان کو اعتراض یہ ہے کہ اگر ہم وہاں ایسا کریں گے کہ صرف ساہیوال اور ملتان ضلع کے لوگوں کو زمین کے مالکانہ حقوق دے دیئے جائیں تو یہ ایک امتیازی سلوک ہو جائے گا کیونکہ بہت سے مزارعین ایسے ہیں جن کو سٹیٹ لینڈ دی گئی ہے ۔ اس لئے میرا یہ التماس ہے کہ اگر یہ ریزولیوشن پاس ہوگا تو باہر یہ شور مچے گا

کہ ایک قسم کے مزارعین کو تو مالکانہ حقوق دے رہے ہیں مگر دوسروں کو نہیں دے رہے ہیں ۔ تو حکومت جب ایک پالیسی بنا رہی ہے تو ایسی پالیسی بنائے کہ تمام مزارعین کو مالکانہ حقوق دیئے جائیں ۔ مثال کے طور پر یہ کہا گیا ہے کہ ۸ - ۱۰ ہزار مزارعین کے ایسے کنبہ ہیں کہ جن کو Tube-Well Scheme اور Grow More Food Scheme کے تحت زمین الاٹ ہوئی ہے اور اور انہوں نے ۱۰ - ۱۲ - ۲۰ سال سے اس پر محنت کی ہے اور اس کو develop ہے لیکن اب تک ان کو مالکانہ حقوق نہیں دیئے گئے ۔ میں اس ریزولیوشن کی اس لئے مخالفت کر رہا ہوں کہ اگر یہ ریزولیوشن پاس ہو گیا تو پھر یہ امتیاز ہو جائے گا اگر حکومت یہ پالیسی بناتی ہے کہ سٹیٹ لینڈ جو ہے وہ مزارعین کو دی جائے تو پھر سٹیٹ لینڈ اور Grown land جس پر مزارعین علیحدہ علیحدہ سکیموں کی وجہ سے قابض ہیں یا علیحدہ علیحدہ سکیموں کے تحت اس میں کام کر رہے ہیں تو ان کو ساری زمین دے دی جانی چاہئے ایسے الاٹیوں میں کسی خاص سکیم کی بنا پر امتیاز روا نہیں رکھنا چاہئے ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری (ملتان - ۷) ۔ جناب والا ۔ میں اپنے بھائی نواز صاحب . . . .

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir I move.—

That the question be now put

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ جناب میرے بعد ایسا کر لیں ۔ جناب والا ۔ میں اس ریزولیوشن کی جو میرے بھائی نواز صاحب نے پیش کیا ہے

پرزور تائید کرتا ہوں جہاں تک میں سمجھتا ہوں sense یہ ہے اور جو دوستوں کا ایما میں نے سمجھا ہے یہ ہے کہ کاشتکاروں کو جو کسی صورت میں زمینیں الاٹ ہوئی ہیں ان کو انہیں مستقل طور پر دے دیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ چیز کسی ضلع کے ایک حصہ یعنی ملتان یا ساہیوال میں کی جا رہی ہے تو اس بات کو تقویت دیتی ہے کہ آئندہ گورنمنٹ دوسرے علاقوں میں بھی الاٹیوں کے حق میں قدم اٹھائے گی تو میں نہیں سمجھتا کہ اس موقع پر جو ایک نیک کام دو ضلعوں میں ہو رہا ہے اس کی مخالفت اس معزز ایوان میں کیوں کی جائے بلکہ میں اس کی پر زور تائید کرتا ہوں کہ اس کو یقیناً منظور کیا جائے اور آئندہ ہم گورنمنٹ سے توقع کرتے ہیں کہ وہ پورے صوبے میں جو سکیمیں جاری کی گئی ہیں ان کے تحت تمام الاٹیوں کو مستقل مالکانہ حقوق دے دے گی ۔

رائے منصب علی خاں کھرل (شیخوپورہ ۔ ۳) ۔ جناب والا ۔ میں اس قرارداد کی حمایت کرنا چاہتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ جب دوسرے بعض اضلاع میں ایسے افراد کو حقوق ملکیت دے دیئے گئے ہیں جن کے پاس گھوڑی پال سرمع تھے تو ضلع ساہیوال اور ملتان کے کسی حصہ میں جو ایسے لوگ موجود ہیں جن کے پاس زمینیں ہیں تو ان کو کیوں مالکانہ حقوق نہ دیئے جائیں ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اس منزل کی طرف پہلا قدم ہونا چاہئے اور وہ منزل یہ ہے کہ دوسرے تمام لوگوں کو جن کے پاس مختلف اضلاع میں بعض سکیموں کے تحت گورنمنٹ کی زمینیں ان کو بھی

بتدریج حقوق ملکیت دیئے جائیں اور اس میں خاص طور پر Grow More Food والے اور بے دخل مزارعین کو شامل کرنا چاہئے ۔ جناب والا ۔ آپ نے دیکھا ہو گا کہ ایسے مزارعین اور بہت سے لوگ یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ ان کو حقوق ملکیت دیئے جائیں لیکن اب تک ان کے مسائل کو حل نہیں کیا گیا میں پرزور الفاظ میں یہ مطالبہ کروں گا کہ ایسے تمام لوگوں کو جن کے پاس زمین نہیں ہے ان کو حقوق ملکیت دیئے جائیں اور ان کو آباد کیا جائے ۔

رانا پھول محمد خان (لاہور ۔ ۷) ۔ جناب سپیکر ۔ چودھری محمد ادریس صاحب نے چودھری محمد نواز کے ریزولیوشن کی جو مخالفت کی ہے اصولاً تو میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اپنے نظریہ کے مطابق ٹھیک کیا ہے لیکن میں ان سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ ایک طرف تو وہ کہتے ہیں کہ تمام الاٹیز کو خواہ وہ ٹیوب ویل سکیم یا ہاڑ سکیم یا کسی اور سکیم کے تحت ہوں ان کو حقوق ملکیت دیئے جائیں ۔ دوسری طرف وہ یہ چاہتے ہیں کہ ساہیوال اور ملتان میں تھوڑے سے جو خاندان گھوڑی پال والے ہیں ان کو سردست یہ حقوق نہ دیئے جائیں ۔ میں گذارش کروں گا کہ ضلع سرگودھا اور لائل پور میں ان لوگوں کو جن کے پاس گھوڑی پال مربع تھے ان کو حقوق ملکیت دے دیئے گئے تھے ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کرتا ہوں کہ ان کو یہ پتہ نہیں ہے کہ ان زمینداروں اور ان مالکوں کے ساتھ کیا سلوک ہوتا ہے جن کے قبضہ میں یہ گھوڑی پال زمینیں ہیں ۔ انہیں اس کی آمدنی سے زیادہ ان پر خرچ کرنا پڑتا ہے اور اگر آپ ان کی حالت دیکھیں تو آپ

کو معلوم ہو گا کہ ان کو اس سے کوئی فائدہ نہیں پہنچتا بلکہ وہ اپنی زندگی سے تنگ ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہم کہاں چلے جائیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اگر ان کو مالکانہ حقوق نہ دیئے گئے تو یہ بہت بے انصافی ہو گی ۔ انہوں نے بڑی محنت سے اس زمین کو آباد کیا ہے ۔ انہوں نے پانی کے بجائے اپنے خون سے اس کو سینچا ہے ۔ انہوں نے وہاں مکان بنائے ہیں ۔ ان کو مالکانہ حقوق نہ دینے کے معنی یہ ہیں جیسے کوئی ایک باغ لگائے پودے کو سینچے پرورش کرے اور جب پھل کا وقت آئے تو کوئی اور اس کو کھا جائے ۔ آپ یہ ملاحظہ فرمائیں کہ اگر ایک افسر ان سے ناراض ہو جاتا ہے تو اس کی زمین میں سے کچھ حصہ وہ دوسروں کو دے دیتا ہے تو جس آدمی نے اسے ۲۰ ۔ ۳۰ سال سے آباد کیا ہے اور وہ وہاں رہتا بھی ہے اس نے محنت بھی کی ہے اگر اس کے علاوہ کسی اور کو اس کے حقوق دے دیئے جائیں تو یہ بہت بڑی ناانصافی ہو گی اس لئے میں اس قرار داد کی پرزور حمایت کرتا ہوں اور یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ فوری طور پر یہ سفارش کی جائے کہ ان کو مالکانہ حقوق دیئے جائیں ۔

چودھری محمد سرور خان (سیالکوٹ ۔ ۳) ۔ جناب سپیکر ۔ وہ مزارعین جنہوں نے زمینیں آباد کی ہیں ان کے متعلق جو کچھ کہا گیا ہے اس سے سب کو اتفاق ہے مگر اس کا صحیح طریقہ ہے کہ اگر ہم اس ریزولیوشن کی تائید کرتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ ہم نے بنیادی طور پر یہ اصول طے کر لیا ہے کہ کوئی شخص جس زمین پر آباد ہے یا جس زمین کو آباد کر رہا

ہے اس کے حقوق ملکیت اسے حاصل ہونا چاہئے ۔ جناب والا ۔ اس میں تھوڑا سا اختلاف رائے ہو گیا ۔ اصل میں اگر ہم باڑہ شرائط یا دوسری سکیموں کے تحت ۵ سالہ یا ۱۰ سالہ زمین جو کسی مزارع کے قبضہ میں ہو اس کے حقوق ملکیت کے لئے بیتاب ہیں تو پھر ہم ان لوگوں کے لئے کیوں نہ خون کے آنسو بہائیں جو آج سے ۱۰۰ سال پہلے زمین پر آباد ہوئے ہیں اور آج سے ۱۰۰ سال پہلے سے کوئی استفادہ نہیں کر رہے ہیں بلکہ اس زمین کی زراعت کا سارا طریقہ کار انگریز نے اپنے استعماری مفادات کے لئے ایجاد کیا تھا اور اس نے بڑی کامیابی سے ایک صدی تک یہاں رہ کر دنیا کی دو بڑی جنگیں لڑیں اور جس مقصد کے لئے یعنی گھوڑوں کی سپلائی اور خچروں کے لئے زمینیں دی تھیں وہ مقصد بطریق احسن پورا کرتے رہے ۔

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : I oppose this amendment on three grounds. Firstly, I regret that my friend has not read the exisitng law. This provision already exists in the Ordinance of 1959 and we have been working under this provision of the law for the last seven or eight years. His assertion that goondas could be controlled without this provision is altogether wrong.

Secondly, it is very necessary that in case of anti-social elements this type of procedure should be adopted because without that there is no manner of dealing with these people. Thirdly, this is not a new thing. It exists even in the proceedings of 110 and questions of this type are

---

** Expunged as ordered by the Speaker.*

admissible. Therefore, it is necessary to have this provision in the law and on these grounds I oppose the amendment.

Mr. Speaker : The question is :—

> That in section 4 of the Ordinance, the proposde sub-section (1) of Section 12 of the principal Ordinance, clause (a) be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment is from Khawaja Muhammad

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں اپنی ترمیم پیش کرنے سے پہلے ایک گذارش کروں گا۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ جناب نے قواعد کے تحت یہ احکامات صادر فرمائے ہیں کہ اس ایوان کی وزٹرز گیلری میں جو لوگ آنا چاہیں وہ دو دن پہلے درخواست دیں ۔ اور یہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ پاس حاصل کرنے کے لیے جو درخواست دی جاتی ہے وہ CID کو بھیج دی جاتی ہے ۔ اس میں دو تین دن لگ جاتے ہیں ۔ اس امر کے لیے اگر یہ طریقہ کار حکومت نے اختیار کیا ہے تو یہ حد درجہ نازیبا ناروا اور ناشائستہ ہے کہ اچھے بھلے انسان کا اسمبلی میں آنے کے لیے ریکارڈ دیکھا جاتا ہے پھر اس کے بعد ایوان میں داخلہ کی گنجائش ہوتی ہے ۔

اس کے علاوہ مجھے یہ بھی معلوم ہے ۔ میں کسی پر الزام نہیں لگا رہا ۔ میں صرف گذارش کر رہا ہوں ہو سکتا ہے اس میں حکومت کی کوئی مصلحت ہو اور گورنمنٹ نے آپ سے درخوست کی ہو اور اس طرح قواعد کے ذریعہ آپ نے اپنے احکامات کے تحت ایسا انتظام کیا ہو ۔ میں نہیں سمجھ سکتا کہ اب کونسا خطرہ پیدا ہو گیا ہے ۔ ویسے تو ہم پر

آپ کی ہر حکم کی تابعداری لازم ہے اور ہم آپ کا حکم بجا لائیں گے ۔ لیکن میری یہ گذارش ہے کہ آپ ذرا اپنے حکم پر نظر ثانی فرمائیں اور دیکھیں کہ کیا یہ مناسب ہے کہ جو شرفاء یہاں تشریف لائیں اور جن کے لئے ممبر صاحبان درخواست دیتے ہیں ۔ وہ یا تو ان کو ذاتی طور پر جانتے ہیں یا وہ ان کے رشتہ دار ہوتے ہیں ۔ ایک معزز ممبر نے لکھ کر دیا تھا کہ یہ میرے رشتہ دار ہیں اور ان کو پاس جاری کر دینا چاہئے۔ جب وہ ایسی undertaking دیتے ہیں تو پھر ان کے ساتھ یہ زیادتی کے مترادف ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ بات معمولی ہے ۔ آپ میرے چیمبر میں تشریف لے آئیں ۔ وہاں بیٹھ کر اس چیز کے متعلق کوئی تجویز کریں گے ۔ یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں ایک اور گذارش کرنا چاہتا ہوں۔ جیسا کہ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ جب ایک ممبر اس امر کی ضمانت دیتا ہے کہ میں کسی شخص کو ذاتی طور پر جانتا ہوں یا وہ میرا رشتہ دار ہے تو میرے خیال میں اسمبلی سیکرٹریٹ کے لیے یہ کافی ثبوت ہے کہ اسے گیلری میں آنے کی اجازت دے دے ۔ اگر آپ اپنی ذمہ داریوں کے پیش نظر اس اختیار کو استعمال کرنے کو تیار نہیں ہیں کہ وزٹرز کو گیلری میں آنے کی اجازت دے سکیں تو جس طرح آسٹریلیا میں ہوتا ہے کہ وہاں پارلیمنٹ کی proceeding کو ریڈیو پر براڈ کاسٹ کیا جاتا ہے اور قوم سنتی ہے اسی طرح اگر آپ ذمہ داری لینے کو تیار نہیں ہیں تو اس سے پہلے جس طرح آپ ہمارے ساتھ فیاضانہ سلوک کرتے رہے ہیں اگر

اب موجودہ حالات میں پسند نہیں فرماتے اور لوگوں کا اندر آنے سے خطرہ لاحق ہوتا ہے تو ان کو ایک لاؤڈ سپیکر کے ذریعہ ہاؤس کی کاروائی اسمبلی کے باہر سنانے کا انتظام فرمائیں ۔ محکمہ پولیس کے ذریعہ تحقیقات کرانے سے ہماری توہین ہوتی ہے ۔ میں نے آج ہی ایک آدمی کے متعلق جو میرا رشتہ دار ہے لکھ کر دیا تھا کہ وہ میرا رشتہ دار ہے لیکن اسے اجازت نہیں ملی ۔ اسی طرح دوسرے ایک عزیز دوست کے متعلق باقاعدہ فارم پر کرکے دیا گیا ۔ تین چار روز ہو گئے ۔ C.I.D. سے ابھی تک clearance نہیں ہوئی ۔ موجودہ حالات میں جب آپ کی خاص مجبوریاں ہیں تو کم از کم ہماری یہ التجا مان لی جائے کہ اس صوبہ کے اور اس ملک کے جو لوگ ہاؤس کے ممبران کی تقاویر سننا چاہیں اور ہم ایسے کمزور اور حقیر لوگوں اور اپنے نمائندوں کے خیالات سننا چاہیں تو لاؤڈ سپیکر کے ذریعہ سننے کا انتظام کیا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ اطمینان رکھیں ہم اور خواجہ صاحب مل کر کوئی نہ کوئی طریق کار دریافت کر لیں گے ۔ گیلری میں وزٹرز کے لیے جو قواعد و ضوابط ہیں ۔ مجھے بتایا گیا ہے کہ یہ procedure پہلے سے prescribed ہے ۔ جب خواجہ صاحب میرے پاس آئیں گے تو اس مسئلہ کے متعلق کوئی نہ کوئی wayout نکال لیں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ غلامی کے دور میں تو ایسا نہیں ہوتا تھا اب جب سے یہ ملک آزاد ہو گیا ہے ہمارے اپنے بھائیوں کو جن کو ہم نے اپنا حکمران بنایا ہوا ہے ان کو اپنی حفاظت کی فکر لاحق ہوئی ہے ۔ ایک

معزز وزیر نے آپ کو لکھکر دیا ہے کہ ان کو جان کا خطرہ ہے یا خطرہ نمودار ہونے کے اثرات موجود ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ ویسے تو انشاء اللہ آپ اور خواجہ صاحب مل کر کوئی مناسب بات کر لیں گے لیکن میں صرف ایک بات کی وضاحت چاہتا ہوں ۔ رول ۱۸۲ یہ کہتا ہے ۔

"Admission to the galleries of the Assembly during the sittings of the Assembly shall be regulated in accordance with the orders made by the Speaker."

یہ تو entirely آپ کی ذمہ داری ہے اور جب ممبران اسمبلی ان لوگوں کو کلیرنس دے دیتے ہیں تو پھر CID کی ضرورت نہیں رہتی ۔ اگر سپیکر صاحب کے پاس جاری کرنے میں C.I.D. interfere کرے تو یہ درست نہیں اور یہ زیادتی ہو گی ۔ یہ ہماری اپنی Sovereign Body ہے ۔

جناب والا ۔ اخبارات میں ایک عام بات آئی ہے اور ہم ممبران حزب مخالف سے کچھ کوتاہی ہو گئی ۔ ہم کھاریاں والے واقعہ کو discuss کرنا چاہتے تھے مگر technical grounds پر آپ نے میری تحریک کی اجازت نہ دی ۔ ہم تو ہر روز یہاں پولیس کا دھندا کرتے ہیں ۔ پولیس کب چاہے گی کہ یہاں کوئی آئے ۔ اس لیے میری یہ التجا ہے کہ آپ اپنے اختیارات کو exercise کریں اور ہم کو ذمہ دار ٹھہرائیں ۔ اگر ہماری طرف سے جاری شدہ پاس پر کوئی آدمی آ کر گڑ بڑ کرتا ہے تو ہمیں چارج شیٹ کریں ۔

Mr. Speaker : Yes, Khawaja Sahib may please move his amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move—

> That in section 4 of the Ordinance, in the proposed sub-section (1) of section 12 of the principal Ordinance, in clause (b), the words "or on any other ground sufficient in its opinion and connected with any matter arising in the case" occurring in lines 6-8 be deleted.

Mr. Speaker : The amendment moved is :

> That is section 4 of the Ordinance, in the proposed sub-section (1) of section 12 of the principal Ordinance, in clause (b), the words "or on any other ground sufficient in its opinion and connected with any matter arising in the case" occuring in lines 6-8, be delected.

Minister for Law : I oppose it.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں نے سیکشن ۴ میں جو .....

مسٹر حمزہ - (پوائنٹ آف آرڈر) جناب سپیکر - اس وقت ہاؤس میں کورم نہیں -

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is now in quorum. Yes Khawaja Muhammad Safdar.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔ ۱) - میں نے اپنی ترمیم کے ذریعہ اس ایوان کے سامنے یہ تجویز پیش کی ہے کہ para (بی) میں آخری الفاظ

> "or on any other ground sufficient in its opinion and connected with any matter arising in the case"

کر حذف کر دیا جائے -

(اس مرحلہ پر مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ' سید یوسف علی شاہ ، کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب والا ۔ ویسے ہی آپ دیکھیں کہ اس کلاز میں یہ الفاظ انتہائی غیر ضروری معلوم ہوتے ہیں ۔ الفاظ کے معانی اس طرح کے ہوں کہ ٹریبونل اس شہادت کو جو کہ حلفی بیان کے ذریعہ اسکے سامنے پیش کی جائیگی یعنی گواہ خود نہیں پیش ہو اسکا حلفی بیان آ جائے تو وہ اس کو قبول کر سکتا ہے ۔ ایسے حالات میں جبکہ ٹریبونل اس نتیجہ پر پہنچے کہ ٹریبونل کے سامنے اس گواہ کے طلب کرنے میں بڑا وقت لگے گا یا بہت اخراجات برداشت کرنا پڑیں گے ان دو صورتوں میں اگر گواہ نہیں آ سکتا اور اگر گواہ خود نہیں آ سکتا ہے تو ان دو صورتوں میں کہ گواہ کے آنے میں ایک تو دیر بہت لگے گی یا دوسری صورت یہ ہے کہ اسکے لانے میں خرچ بھی برداشت کرنا پڑے کا ان دو صورتوں میں ٹریبونل اپنی وجوہات تحریری طور پر بیان کرنے کے بعد حلفی بیان کسی گواہ کا بطور شہادت اپنے ریکارڈ پر قبول کر سکتا ہے ۔ اب اسکے علاوہ آگے یہاں دو تین چیزیں اور ہیں جنکو میں نے حذف کرنے کو کہا ہے ۔ انکا مقصد اور مدعا کیلئے جیسے الفاظ رکھے گئے ہیں یہ ہے ''یا کسی اور بناء پر جوکہ ٹریبونل کی رائے میں اس مسئلہ کے متعلق ہو یا اس سے پیدا ہوئی ہو '' ۔ جناب والا ۔ گواہ کے نہ آنے کی صورت میں جو وجوہات دو حصوں میں بیان کر دی گئی ہیں کہ گواہ دور دراز سے آ رہا ہے اور اسکے آنے میں دیر ہوگی مقدمہ کاجلد فیصلہ کرنا ہے یہ ٹھیک ہے لیکن اس کی بجائے اسکا حلفی بیان لے لیا جائے یا دوسری صورت یہ ہےکہ اسکو عدالت

تک یا ٹریبونل تک لانے میں خرچ برداشت کرنا ہوگا ۔ لیکن یہ اور کون سی وجوہات ہونگی اور وہ کونسے واقعات ہونگے جنکی بناء پر ٹریبونل فیصلہ کریگا ۔ تو حقیقت یہ ہے کہ قانون میں جو الفاظ استعمال کئے جائیں وہ نہایت واضح ہوں اور انہیں کسی قسم کا ابہام نہ ہو یہ قانون کی drafting کا ایک بنیادی مسئلہ ہے ۔ ایسے الفاظ جن سے اس التظامیہ کے ہاتھوں میں لا متناہی اختیارات آ جائیں جو الفاظ انکے اختیارات میں وسعت کا باعث ہوں میری رائے میں وہ کسی طور پر قانون کے اندر رکھنا مناسب نہیں ہیں ۔ اسکی وجہ میں عرض کر سکتا ہوں کہ ہر روز ایسے واقعات ہوتے رہتے ہیں کہ التظامیہ کے ہاتھوں میں ایسے اختیارات ہیں اور پھر التظامیہ کے اس حصہ کے ہاتھوں میں اختیارات دینا جنکا نام پولیس ہے کسی طور پر کوئی شخص جو عقل سلیم رکھتا ہے وہ برداشت نہیں کر سکتا ۔

جناب والا ۔ ہر روز اس قسم کے scandal اس قسم کے خوفناک اور خطرناک واقعات اس صوبے کی پولیس کے ہاتھوں سے ظہور پذیر ہو رہے ہیں جنکی بناء پر ان خوش فہم انسانوں کو اپنی خوش فہمی دور کر لینا چاہئے ۔ ابھی پانچ سات روز سے اخبارات میں جلی حروف میں ایک خبر آ رہی ہے کہ ایک معصوم بچی کو lock کیا گیا اور اسکو تھانے کے اندر قتل کر دیا گیا ۔ اس کے بعد دو اس قسم کے tout گواہ پیدا کئے گئے کہ یہ ہمارے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے ہمیں کیا پتہ کہ یہ کس نے کیا ۔ تو اس طرح سے وہ ۲۰ tout گواہ بھی پیدا کر سکتا ہے اور اس قسم کے اختیارات کسی تھانیدار کو دینا کہ وہ کسی بھی شریف آدمی پر ظلم کر سکتا ہے اور کسی بھی بد معاش کی حوصلہ افزائی کر سکتا

ہے اسکا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ اپنے گرد و پیش tout پیدا کریں گے اور اپنے گرد و پیش ایسے آدمیوں کو رکھیں گے تا کہ ان کے ذریعہ شریفوں کی پگڑی اچھالی جائے ۔ کیا یہ حکومت مناسب سمجھتی ہے کہ اس صوبے کے شریفوں کی پگڑی اچھالی جائے ۔ کیا اس قسم کے واقعات اور گواہوں کے واقعات اور تھانیداروں کے واقعات سب کو معلوم نہیں ہیں ۔ اس معاملہ میں ایک تھانیدار یا اے ۔ ایس ۔ آئی یا سب انسپکٹر سب موجود تھے اور پھر یہ واقعات ہوئے ۔ ایک طرف تو ڈاکٹر نے شہادت دی ہے کہ پوسٹ مارٹم کے ذریعہ اس بیچاری کے ساتھ بد فعلی کی گئی اور دوسری طرف وہ تھانیدار کہتے ہیں کہ ہمنے تو اسکو کچھ کہا ہی نہیں یہ دو آدمی ہمارے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں ۔ اب ڈاکٹر کی شہادت کو مانا جائے یا ان شریف آدمیوں کی شہادت کو مانا جائے ۔ جو تھانیدار کی حمایت کر رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس قسم کے واقعات سے اور اس قسم کی گواہیوں کے پیش نظر اگر اس حکومت میں رتی بھر بھی غیرت ہوتی تو وہ اس تھانیدار کو یا سب انسپکٹر اور اے ۔ ایس ۔ آئی کو فوراً معطل کر دیتی لیکن صوبے کے طول و عرض میں یہ واویلا مچا ہوا ہے اور اس حکومت کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی اور اس حکومت نے اس کو معطل نہیں کیا میں کہتا کہ اسکو پھانسی پر لٹکا دیا جائے اگرچہ ظلم ایسا ہی ہے کہ اسکو پھانسی پر لٹکا دیا جائے لیکن اسکے خلاف شہادت ہو معقول ثبوت ہو تب اسکو یہ سزا دی جائے ۔ لیکن فوری طور پر تھانیدار کو تھانے کا سربراہ رکھنا یا اس تھانے میں رہنے دینا کسقدر ظلم ہے زیادتی ہے ۔ تو جناب والا ۔ جب یہ حالات ہوں ان حالات میں ہم سے یہ مطالبہ کیا جائے کہ یہ ایوان اس پولیس کو اس قسم کے اختیارات دے کہ وہ جس قسم کی

چاہے ٹریبونل کے سامنے شہادت پیش کرے اور کسی کو بھی غنڈہ قرار دلوا دے ۔ جناب والا ۔ یہی نہیں آپ یہ کہتے اور لا منسٹر صاحب کا یہ مطالبہ ہے کہ ہمیں یہ اختیار دیا جائے کہ ہم اس قسم کی شہادت بلا کسی روک ٹوک کے ٹریبونل کے سامنے پیش کرکے کسی فرد کو یا کسی شخص کو غنڈہ قرار دلوا سکیں —— میں جناب والا لا منسٹر صاحب کی خدمت میں صرف دو مثالیں پیش کرتا ہوں ۔ جنکی اطلاع مجھے رات بہاول نگر سے بذریعہ ٹیلیفون دی گئی ۔ اگر لا منسٹر صاحب میری طرف توجہ فرمائیں تو میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں میں ان کی خدمت میں دو مثالیں پیش کرتا ہوں ۔ ۹ بجے رات مجھے بہاول نگر سے ٹیلیفون آیا کہ چودھری عبدالستار اور چودھری پیر بخش کو غنڈہ ایکٹ کے تحت گرفتار کیا گیا ان کا قصور یہ ہے کہ ڈی ۔ سی کے کہنے کے باوجود تھانیدار کے کہنے کے باوجود پولیس ڈی ۔ ایس ۔ پی کے کہنے کے باوجود انہوں نے لاؤڈ سپیکر کرایہ پر دیدیا ۔ صرف یہ جرم ہے کہ آپوزیشن کے جلسے کے لئے لاؤڈ سپیکر انہوں نے کرایہ پر دیدیا اور ان شریف شہریوں کا چلان غنڈہ ایکٹ میں ہو گیا ۔ یہ بہاول نگر کا واقعہ ہے ۔ میں وزیر قانون صاحب کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ وہ تحقیقات کرائیں کہ آیا میں درست کہتا ہوں یا غلط کہتا ہوں اور اگر درست ہے تو میں لا منسٹر صاحب سے مطالبہ کروں گا کہ وہ اس افسر کے خلاف کارروائی کریں میں یہ نہیں کہتا کہ ان کو بر سر عام کوڑے لگائے جائیں اگرچہ وہ مستحق اس بات کے ہیں تو جو ضابطہ ہے اس کے مطابق ان کے خلاف کارروائی کریں ۔ ایک اور واقعہ جس کی اطلاع مجھے رات دی گئی وہ یہ ہے کہ ایک امتیاز عالم بہاول نگر کا ایم ۔ اے کا سٹوڈنٹ ہے ان کو بھی ۲۲ جنوری ۱۹۶۹ء کو

غنڈہ ایکٹ کے تحت گرفتار کیا گیا ۔ الزام یہ ہے اس پر کہ اس نے طالب علموں کا جلوس نکلوایا تھا ۔ چونکہ وہ بہاول نگر کا ہے اس لئے میں مخدوم صاحب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں جو ان کی ریاست ہے ۔

مخدوم حمیدالدین ۔ وہ میری ریاست نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یا پھر وہ حسن محمود کے قبضے میں ہوگی ۔ تو میں اس طالب علم امتیاز عالم کی بات کر رہا تھا اس بیچارے کو ۱۵/۲۰ دن کے بعد ضمانت پر رہا کیا گیا اور ساٹھ ہزار کی ضمانت طلب کی گئی ۔ یہ میں نے دو مثالیں بہاول نگر کی دی ہیں کہ کس طرح انتظامیہ اس قسم کے اختیارات کو جو آج ہم سے مانگے جا رہے ہیں ان کے تحت ان کے ذریعے اس ملک کے دو شریف شہریوں کو انتقام کا نشانہ بنانے کے لئے غنڈہ ایکٹ میں چالان کرتی ہے اور شہادت اس قسم کی مرتب کرانا چاہتی ہے ہم سے کہ جو چاہے ٹریبونل لکھ لے کسی گواہ بلانے کی ضرورت نہیں ۔ تو جناب سپیکر میں آپ کے توسل سے اس مغزز ایوان کے نہایت ہی معزز ارکان سے درخواست کروں گا اور ان کو یاد دلاؤں گا کہ ہم اس قسم کے قانون کے خلاف ہی نہیں بلکہ اس کے خلاف ہم سخت احتجاج کرتے ہیں یہ ہمارے ہی خلاف نہیں بلکہ یہ ان کے اپنے خلاف بھی استعمال ہو سکتا ہے ۔ جناب ڈپٹی سپیکر ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ جب ہم گرفتار ہوئے تھے ڈی ۔ پی ۔ آر کے تحت تو یہاں میرے دوستوں نے کہا تھا کہ اس کے خلاف احتجاج کرو اگلے روز ایک منسٹر اسی میں دھر لئے گئے ان کو بھی ڈی ۔ پی ۔ آر کا مزا چکھنا پڑا ۔ تو ایسے گھناؤنے قانون کا بنانا میں سمجھتا ہوں کہ جو کسی کے خلاف

بھی استعمال ہو سکتا ہو یہ مناسب نہیں ہے - اگر وہ قانون بہ آسانی آپوزیشن کے خلاف استعمال کیا جا سکتا ہے تو گورنمنٹ بینچوں پر بیٹھنے والے یہ توقع نہ کریں کہ یہ قانون ان کے خلاف استعمال نہ ہوگا یہ ضرور ہوگا - تو میں اپنے نہایت ہی معزز دوستوں سے درخواست کروں گا کہ وہ از راہ کرم اس قسم کے اختیارات اس بدنام زمانہ انتظامیہ کو دیتے ہوئے ذرا سوچیں اور ٹھنڈے دل سے سوچ لیں - اور اگر ان کا ضمیر اجازت دے دے تو بڑے شوق سے اس کو دیدیں اور اگر ان کا ضمیر اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ اس نہایت ہی بد کردار انتظامیہ کو یہ اختیارات دینے چاہئیں تو آپ میری ہمنوائی کریں ، میری امداد کریں تاکہ انتظامیہ کو اس قسم کے اختیارات نہ دئے جائیں -

(اس مرحلہ پر ایک طرف مسٹر حمزہ اور دوسری طرف ملک معراج خالد اپنی جگہ کھڑے ہوئے -)

مسٹر محمود اعظم فاروقی - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - ہاؤس میں یہ دونوں حضرات یعنی ملک معراج خالد اور مسٹر حمزہ جو دونوں بیک وقت اٹھ کر آپ سے بولنے کی اجازت طلب کر رہے ہیں ' تقاریر نہیں کر سکتے کیونکہ کورم نہیں ہے -

Mr. Senior Deputy Speaker : The House is not in quorum, let the bells be rung. (*bells were rung.*) The House is in quorum now.

Mr. Hamza : The House is not in quorum Sir ; let there be a count. (*count was taken.*)

Mr. Senior Deputy Speaker : The House is not in quorum, let the bells be rung. (*bells were rung for five minutes*)

Mr. Senior Deputy Speaker: As there is still no quorum, the House is adjourned for fifteen minutes. (*The Assembly then adjourned for 15 minutes*).

The Assembly met at 11-45 a-m. Mr. Senior Deputy Speaker in the Chair.

Mr. Senior Deputy Speaker: Let there be a count. (*Count was taken*). The House is in quorum now. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ - (لائل پور ٦) جناب سپیکر۔ دراصل ہماری جانب سے اس ہنگامی قانون پر جو اعتراضات پیش کئے جا رہے ہیں وہ اس قانون سے متعلق بلکہ اس سے بڑھ کر ان افراد سے متعلق ہیں جن کو اس قسم کے وسیع اختیارات مخلوق خدا کو پریشان کرنے کیلئے اور اپنی جیبیں بھرنے کیلئے دیئے جا رہے ہیں - ابھی چند لمحے پہلے وزیر قانون صاحب اس ہنگامی قانون کی حمایت کرتے ہوئے یہ فرما رہے تھے کہ یہ شق ۱۹۵۹ کے ہنگامی قانون میں بھی موجود تھی - جہاں تک مجھے علم ہے کہ جس ذیلی دفعہ کے جس حصہ کو حذف کرنے کے لئے ہماری جانب سے ترمیم پیش کی جارہی ہے یہ ۱۹۵۹ کے ہنگامی قانون میں موجود نہ تھی اگر آپکا یہ جواز ہے کہ یہ ذیلی دفعہ "اے" پہلے قانون میں موجود تھی تو اس ترمیم کے سلسلہ میں یہ استدلال یا یہ جواز پیش نہیں کیا جاسکتا ہے -

جناب سپیکر - میرے نقطہ نظر سے اگر بعض اختیارات اس سے پہلے ۱۹۵۸ء میں پولیس افسران یا ٹریبونل کو حاصل تھے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس وقت انتظامی مشنری اس حد تک بیکار اور ناکارہ ہو چکی ہے کہ ۱۹۵۹ کے اختیارات ان کو اب نہیں دیئے جانے چاہئیں چہ جائیکہ ہم ان کو مزید اختیارات سے مسلح کریں -

جناب سپیکر ۔ ہمیں تلخ تجربہ ہے اور مغربی پاکستان کے لوگوں کو بھی یہ تلخ تجربہ ہے کہ وہ افراد یا وہ انتظامیہ یا وہ حکومت جسکو اتنے وسیع اختیارات دیئے گئے اس نے ان اختیارات کو نیک نیتی کے ساتھ غنڈہ عناصر کی سرکوبی کیلئے استعمال نہیں کیا اور اس مقصد میں ناکامی کا موجب قانون کا ناقص ہونا یا قانون میں کمزوری نہیں ہے بلکہ یہ انتظامیہ کی اپنی خرابی تھی ۔ جناب وزیر قانون صاحب اس قسم کے ہنگامی قوانین جاری کرنے سے پہلے اس انتظامیہ مشنری کو درست کریں ۔ اگر وہ درست کر سکتے ہیں یا وہ درست کرنے کی جرآت رکھتے ہیں یا اس خامی کی نشاندھی کی طاقت رکھتے ہیں ۔ لیکن اگر وہ انتظامیہ مشنری کو برے عناصر سے پاک کرنے کی بابت سوچ نہیں سکتے تو اس قسم کے اختیارات ان کو دینا کسی لحاظ سے بھی قوم و ملک کے مفاد میں نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس سے پہلے عام طور پر سنا جاتا تھا کہ پولیس کے افسران رشوت خور ہوتے ہیں ۔ وہ اختیارات کو ناجائز استعمال کرتے ہیں لیکن اب میں بلا خوف تر دید کہہ سکتا ہوں کہ وہ خامیاں ۔ وہ نقائص یا وہ برائیاں جس میں ماتحت پولیس افسران ملوث ہوتے تھے ۔ جن کے وہ مرتکب ہوتے تھے آج وہ خامیاں ہماری انتظامیہ کے بڑے بڑے افسران میں عام طور پر دیکھی جاتی ہیں ۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان حالات میں ان افراد کو جن کے بارے میں عام لوگوں کی یہ رائے ہے کہ وہ غنڈوں کی اگر ماں نہیں تو ان کے باپ ضرور ہیں ان افراد کو جو کہ ملک میں پھیلی ہوئی لا قانونیت کا موجب ہیں جو غنڈوں کو خود پالتے تھے اور پالتے ہیں ۔ ان کو اس قسم

کے اختیارات کسی صورت میں نہیں دیئے جانے چاہیں ۔ جناب سپیکر ۔ افسوس تو یہ ہے کہ اسی صوبہ کے لوگوں نے شہر لاہور میں دیکھا کہ وہ شخص جس کو آج جھنڈہ گرانے کے لئے پس دیوار زندان بھیجا ہوا ہے۔

آج سے چند سال پہلے سابقہ گورنر کے دور حکومت میں یا عہد حکمرانی میں وہ شخص کھلے بندوں گورنمنٹ ہاؤس میں جاتا تھا جہاں کہ بڑے بڑے سیاستدانوں کو جانے کی جرأت نہیں ہوتی تھی اور جہاں اب بھی بہت سے ایم۔پی اے صاحبان بہت دنوں منت خوشامد کرکے سفارشیں کر کے اور درخواستیں دے دے کر جاتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ جناب عید محمد صاحب ان کا نام جانتے ہیں اور وہ مسکرا رہے ہیں (قطع کلامیاں) میں ایسی حکومت کو جو کہ خود اس قسم کے افراد کو پالتی رہی ہے اور سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کرتی رہی ہے ۔ اختیارات کسی صورت نہیں دے سکتا ۔ میں جناب اخوند صاحب کا فتویٰ قبول نہیں کر سکتا کیونکہ ان دنوں میں ابھی وہ وزیر بنائے نہیں گئے تھے ۔ ان کو پرانے زمانے کی باتوں کا علم نہیں ہے ۔ ہم اس وقت اتفاق سے یہاں موجود تھے ۔ اور ان تمام چیزوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھتے رہے ہیں ۔ اور شہر لاہور کے نمائندگان اس ایوان میں یہ باتیں برملا کا بیان کرنے حوصلہ اور یارا رکھتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ اگر بات یہیں ختم ہو جائے کہ آپ کہدیں کہ دیکھئے وہ پہلے حکمران گئے ۔ اب نئے حکمران آئے ہیں ۔ ہم نے اپنا طرز عمل بدل دیا ہے ۔ ہمارا کردار پہلے حکمرانوں سے بہت بہتر ہے ۔ لیکن میں یہ بات بھی بلا خوف تردید کہ سکتا ہوں کہ وہ شخص جوکہ راولپنڈی میں بہت بڑا غنڈہ

ہونے کی بناہ پر بدنام ہے ۔ شہر کا بچہ بچہ اس کی کاروائیون کے بارے میں جانتا ہے ۔ انتظامیہ اس سے بھی زیادہ جانتی ہے لیکن ہماری حکومت اس کی حمایت پر اس حد تک تلی ہوئی تھی اور تلی ہوئی ہے کہ وہ افراد جنہون نے اسکو بے نقاب کرنے کی کوشش کی ' ان کو سرکاری پارٹی سے علیحدہ کر دیا گیا ۔ بلکہ اس کے اثرورسوخ کی کیفیت یہ تھی کہ مخص اسی بناہ پر اس وقت کے ڈی۔آئی۔جی اور کمشنر نے اسکو ملزم گردانا تھا' اس شخص کی حمایت کے لئے اسکی protection اور اسکی معاونت کی خاطر ان کو وہاں سے تبدیل کر دیا گیا ۔ مجے ذاتی طور پر اس بات کا علم ہے کہ وہ شخص جس کے پاس اس وقت ملک کی عنان حکومت ہے' اس شخص کے پاس جب یہ بدنام آدمی عید کے روز عید مبارک کہنے گیا تو اسکو گلے لگا کر میرے پیارے شیر اور میرے شیرا تم نے تو راولپنڈی کے پھر ےہوئے عوام کو دبانے میں بہت اہم کردار ادا کیا ہے ۔ تم نے نہتے لوگون پر گولیاں چلائی تم نے گولیون سے صحافی کو مجروح کیا ہے ۔ تو میرا پیارا عزیز ہے ۔

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): On a point o forder, How is this relevant to the amendment I beg to ask ?

Malik Muhammad Akhtar: For the reason that you are supporters of the goondas.

Minister for law: We are after goondas. We will kill them. You are the supporters of the goondas. You don't want such a law against them.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ ان کے مارنے کا طریقہ ان کو گلے سے لگا کر شاباش دینے کا ہے ۔ اگر یہ اس طرح ان کو مارتے ہیں تو یہ نرالا طریقہ ہم نے اب ہی دیکھا ہے اور سنا ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: Next point please.

Minister for Law : I suppose the Chair has given a Ruling that this is not relevant.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - ترمیم یہ ہے

"Or on any other ground sufficient in its opinion and connected with any matter arising in the case."

میں یہ کہتا ہوں کہ اگر ٹریبونل کو یہ اختیار بھی ہو کہ وہ اس قسم کی اطلاعات پر اپنی رائے قائم کرکے کسی شخص کو غنڈہ قرار دیدے تب بھی ہم کیسے توقع کر سکتے ہیں کہ وہ کسی غنڈے کے خلاف کوئی کاروائی کرے گا جبکہ انتظامیہ کے صوبائی اور ملکی سربراہ کا یہ کردار ہو کہ وہ غنڈوں کے پالنے والے اور غنڈوں کے باپ بنے پھرتے ہیں جناب سپیکر - میں جناب وزیر قانون کو اس ایوان میں چیلنج کرتا ہوں - میں نے کل بھی کہا تھا اور آج بھی یہ کہتا ہوں - آج ہم وقفہ سوالات کے دوران جب کہ آپ کو علم ہے' اس معزز ایوان کے معزز اراکین نے یہ بتایا کہ فلاں فلاں لوگ جو کہ بہت اہم عہدوں پر مامور ہیں' رشوت وصول کرتے ہیں - ان کا جواب یہ تھا کہ ان کا نام

Minister for Law : Once again, this has nothing to do with the amendment. You will kindly see that he is wasting the time of the House. How is this relevant to the amendment ?

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - جن لوگوں کو یہ اختیارات دیئے جا رہے ہیں میں ان کے بارے میں عرض کر رہا ہوں - جناب سپیکر - میں اس ایوان کا رکن ہوں - میں ایک حقیر انسان ہوں - لیکن مجھے اس بات پر فخر ہے کہ میں ضلع لائلپور کے تقریباً پانچ لاکھ انسانوں کی نمائندگی کرتا ہوں - اور محض ضلع لائلپور کے لوگوں کی ہی نمائندگی نہیں بلکہ کوشش یہ کرتا ہوں کہ اس قوم اور ملک کی نمائندگی کروں -

وزیر قانون - اسی لئے ہی - ڈی نظام کو خراب کہتے ہیں ؟ اسی لئے اس نظام کے خلاف ہیں ؟

مسٹر حمزہ - جناب والا - جب میں نے اس ایوان میں وزیر قانون کو یہ بتایا تھا کہ جن افراد کو جن افسران کو جن بڑے بڑے افسران کو آپ اس قسم کے بے تحاشا اختیارات دے رہے ہیں وہ اس قابل نہیں ہیں کہ انہیں یہ اختیارات دئیے جائیں - ان میں سے بہت سوں کا میں نے نام بتایا تھا اور دوسروں کا بتانے کے لئے تیار ہوں - تو ان کا یہ فرض تھا کہ اگر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اس قسم کی گندی بھیڑوں کو اس قسم کے برے عناصر کو انتظامیہ سے علحیدہ کیا جانا چاہیے اور غنڈوں کی سرکوبی کا دعویٰ کرنے سے پہلے ان کو ختم کرنا چاہیے تو ان کا یہ فرض تھا کہ وہ میرے اس چیلنج کو قبول فرماتے اور مجھ سے یہ کہنے کہ ہم اس ایوان کے اراکین کی ایک کمیٹی بنانے کے لئے تیار ہیں - اگر تمہارے پاس اس کا ثبوت ہے کہ افسر اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرکے ملک اور قوم کو تباہ کرتے رہے ہیں اور کر رہے ہیں - اگر وہ ایسا کرتے تو میں سمجھتا کہ ان کو یہ حق پہنچتا تھا کہ وہ اس قسم کے اختیارات ایسی انتظامیہ کو دیتے - لیکن اگر ان کا فرمان یہ ہے کہ ہم تمہاری بات سننے کے لئے تیار نہیں ہیں کیونکہ تم حزب اختلاف سے تعلق رکھتے ہو تو میں جناب وزیر قانون کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ ان کو یہ یاد ہونا چاہیے کہ وہ شخص جو کہ آج ان کے دائیں ہاتھ وزیر امور داخلہ کا قلمدان سنبھالے ہوئے بیٹھا ہوا ہے اسے بھی کل تک اسی حکومت نے ناپسندیدہ عنصر گردان کر کہ EBDO کے تحت چھ سال کے لئے سیاست سے علحیدہ کیا ہوا تھا - اور ان کی صفوں میں وہ موجود ہے جو اسی بنچ پر کھڑے ہو

کر اس حکومت پر تنقید کرتا رہا ہے ۔ اگر حزب اختلاف کی جانب سے کوئی سچی بات کہی جاتی ہے تو اس کو تو آپ سننے کے لئے تیار نہیں لیکن اسی حزب اختلاف کے وہی لوگ اگر محض اپنے ذاتی مفادات کے لئے اور قوم کے مفادات کو ذبح کرنے کے لئے آپ کے ساتھ مل جاتے ہیں تو آپ کے نقطہ نظر سے پھر وہ پوتر ہو جاتے ہیں ۔ میں آپ کو اس قانون کے نام پر اس ملک اور وطن کے نام پر جو کہ بری طرح سے زخمی اور تباہ ہو رہا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Hamza may please take his seat.

The House is adjourned to meet on Monday, the 27th January 1969, at 9.00 a.m.

The Assembly then adjourned (at 12-00 noon) till 9.00 a.m. on Monday, the 27th January, 1969.

APPENDIX I

(Ref. Starred Question No. 14410

ANNEXTURE I

Nature of Accommodation		Circuit House	Name and designation of officials and dates showing reservations for each officers
1. Circuit House ...	12 room	Room 1 and 4	Mr. Justice Sajjad Ahmad Jan, Judge, Supreme Court. from 20-7-68 to 31-7-68
2. Dak Bungalow ...	9 sets (7 double & 2 single)	Room No. 2 & 3	Mr. Justice Attaullah Sajjad, Judge, High Court. ,, 21-7-68 to 31-7-68
3. Chairman House	4 rooms	Room No. 5 & 6	Mr. Allah Yar Khan, Minister for Jails, W. Pak. ,, 24-7-68 to 29-7-68
4. State Guest House	(i) Main Block 4 rooms (ii) Annexe 3 rooms	Room No. 7 & 8	Mr. A. H. Qureshi, CSP., Member Board of Revenue, West Pakistan, Lahore. ,, 15-7-68 to 8-8-68

Room No. 9	Special Judge, Anti-Corruption, Peshawar.	From	22-7-68 to 26-7-68
Room No. 10 & 12	C-in-C and Generals of Pakistan Army.	,,	17-7-68 to 31-7-68

Dak Bungalow

Room No. 1	Arbab Ghulam Hussain, Inspector, red Cross Societies, Peshawar.	,,	23-7-68 to 30-7-68
Room No. 2 & 3	Prof. Anwar Beg.	,,	13-7-68 to 31-7-68
Room No. 4 (i)	S. D. M., Rawalpindi.	,,	20-7-68 to 25-7-68
(ii)	Distt. & Sessions Judge, Sahiwal		26-7-68 to 31-7-68
Room No. 5 (i)	Mr. A. N. Hassan.	,,	23-7-68 to 24-7-68
(ii)	Major Iqbal Cheema, Addl. Settlement Commr., Peshawar.	,,	26-7-68 to 30-7-68

Room No. 6	Distt. & Session Judge, Hazara's Guests	From	24-7-68 to 26-7-68
	Capt. Umar Hay.	,,	27-7-68 to 28-7-68
Room No. 7	Sahibzada Abdur Rashid.	,,	20-7-68 to 30-7-68
Room No. 8 (i)	Abdur Rauf Khan, Civil Judge.	,,	23-7-68 to 28-7-68
(ii)	Abdul Hafiz Asar, Tahsildar, Income Tax, Peshawar.	,,	25-7-68 to 28-7-68

Chairman House

Room No. 1	(Chairmen of Union Councils, etc.) Mian Mohd. Yaqub, Dy. Registrar, Cooperative Societies, Rawalpindi.	,,	25-7-68 to 27-7-28
Room No. 2	Cap. Saeed, Dy. Secy. (Judl.) Home Deptt., Lahore.	,,	24-7-68 to 27-7 68

Room No. 3	Mr. Abdul Aziz, Director, Local Fund Audit Deptt., Peshawar.	From 25-7-68 to 29-7-68
Room No. 4	Mr. Akbar S. Ahmad, CSP, Assist. Commr. (U. T.), Abbottabad.	20-7-68 to 31-7-68

APPENDIX II

Ref. Starred Question No. 15343

Statement showing the total number of Section Officers post in each department of the West Pakistan Secretariat

	C.S.P.	Pun-jab	Sind	Khair-pur	Baluchis-tan	NWFP.	Bahawal-pur	Karachi	West Pakistan basis	Total
1. S and G A D	2	12	2	1	2	1	...	1	11	32
Under Training	...	...	...	...	...	...	...	...	17	17
2. Cooperation Department	...	1	...	...	...	...	...	...	2	3
Non-Technical	...	...	...	...	...	...	...	...	1	1
Technical										4
3. Home Department	...	12	4	...	...	6	2	...	2	26
Non-Technical	...	...	...	...	...	...	1	...	...	1
Technical										27

APPENDIX

3475

4. I C and M R Department	...	6	2	...	...	...	1	...	3	12
5. C and W Department	...	2	1	...	...	...	3	...	5	11
Non-Technical	...	...	...	1	...	...	...	...	7	8
Technical										19
6. I and P Department	...	7	1	...	2	...	...	...	2	12
Non-Technical	...	...	...	...	...	...	...	...	12	12
Technical										24
7. BD, SW and L.G. Department	...	9	3	...	...	2	...	...	3	17
Non-Technical	...	...	...	...	...	...	...	...	1	1
Technical										18
8. Information Department	...	3	2	...	...	...	...	...	...	5
9. Auqaf Department	...	1	...	...	...	...	...	...	...	1
10. Health Department	...	5	1	...	1	...	...	...	2	9
Non-Technical	...	2	1	...	...	1	1	...	7	11
Technical										20

11.	Finance Department	...	14	8	...	2	1	2	3	14	44
	Non-Technical	...	...	...	...	...	...	...	...	2	2
	Technical										
											46
12.	Agriculture Department	...	6	1	...	1	...	1	...	4	13
	Non-Technical	...	1	1	...	...	...	...	...	9	11
	Technical										
											24
13	Education Department	..	6	1	...	...	...	..	...	3	10
	Non-Technical	...	...	...	...	...	...	...	...	13	13
	Technical										
											23

14.	Planning and Development Deptt.	...	7	...	...	...	...	...	...	4	11
15.	Law Depaptment	...	...	1	...	...	...	...	...	1	2
16.	Transport Department	...	...	1	...	...	...	...	...	1	2
17.	Food Department	...	3	1	...	...	...	...	...	4	8
18.	Governor's Secretariate	...	...	1	...	...	...	...	...	1	2
19.	Labour Department	...	1	2	...	1	...	...	...	1	5
		2	98	34	2	9	11	10	4	132	302

Monday, the 27th January, 1969.

دو شنبہ ۸ ذیقعد ۱۳۸۸ ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-00 a.m. ... clock. Mr. Deputy Speaker, Mr. Ahmad Mian Soomro in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (... of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ۭ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهِ ۭ اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَاٰتَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۭ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

(پ ۱۴۔ س ۱۶۔ ع ۲۱ و ۲۲۔ آیات ۱۱۹ تا ۱۲۳)

پھر جن لوگوں نے نادانستہ طور پر برائیاں کیں پھر اُس کے بعد توبہ کر لی اور اصلاح کر کے نیک ... گئے تو تمہارا پروردگار (ان کو) توبہ کرنے اور نیک کردار ہو جانے کے بعد بخشنے والا اور اُن پر ... کرنے والا ہے۔ بیشک ابراہیمؑ (لوگوں کے) امام اور اللہ کے فرمانبردار تھے جو سب سے منہ موڑ ... ایک طرف کے ہو رہے تھے۔ اور مشرکوں میں نہ تھے اور ہم نے اُن کو دنیا میں بھی خوبی ... تھی اور آخرت میں بھی نیک و اعلیٰ کردار لوگوں میں ہوں گے۔ وہ اس کی نعمتوں کے ... گزار تھے اللہ نے اُن کو چن لیا تھا اور اپنی سیدھی راہ پر چلایا تھا۔ پھر ہم نے تمہاری طرف ... کی۔ کہ دینِ ابراہیم کی پیروی کرو جو سب سے منہ موڑ کر ایک طرف کے ہو رہے تھے ... مشرکین میں سے نہ تھے۔

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: Now the Question Hour. Mr. Zain Noorani.

JAILS VISITORS COMMITTEE, KARACHI

*13927. **Mr. Zain Noorani:** Will the Minister for Jails be pleased to state :—

(*a*) the date on which the Jails Visitors Committee was formed for visiting the Karachi Jails alongwith the names of the persons nominated on the said Committee ;

(*b*) the year-wise number of visits to the jail by the each member of the said Committee ?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din) : (*a*) and (*b*) The required information is given in the statement attached.

NON-OFFICER VISITORS OF KARACHI JAILS

Name of jail	Name of visitor	Date of appointment	*Year-wise number of visits to the Jails by each member*		
			1966	1967	1968
Central Prison, Karachi.	1. Abdul Khaliq Abdul Razzaque.	27th July 1966 (for two years).	...	3	...
	2. Begum Hidayat-ullah.	Ditto.	...	2	...
	3. Mr. Jam Amir Ali 4. Mr. Fakhruddin Valika. 5. Begum Isphani 6. Sh. Inayat Ullah	Ditto.	...	...	...
Juvenile Jail, Landhi.	1. Mr. M. A. Aziz 2. Mst. Shanaz Begum. 3. Dr. Zarina Fazal Bhoy.	17th August 1966 (for two years).	1	...	...
	4. Mr. Islamuddin	Ditto.	...	...	...

Begum Ashraf Burney: I would like to ask the Minister for Jails why such people were kept in the Committee who took no interest in the conditions of convicts ?

Mr. Deputy Speaker : How could the Minister know ?

Begum Ashraf Burney : Because they have not paid a single visit.

Mr. Deputy Speaker : Next question.

Begum Ashraf Burney : My question is alright, Sir.

Mr. Deputy Speaker : It is not alright.

Begum Ashraf Burney : What nonsense ?

Mr. Deputy Speaker : Begum Sahib did you say "what nonsense" ?

Begum Ashraf Burney : I withdraw.

سید عنایت علیشاہ ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان اشخاص کو نامزد کرنے کا طریق کار کیا ہوتا ہے اور ان کے پاس کیا خصوصی اختیارات ہوتے ہیں ؟

Minister for Jails (Malik Allah Yar Khan) : The gentlemen, who are appointed as non-official visitors, are recommended by the District Magistrate and the recommendations are passed on through the Commissioner to the Provincial Government. The main qualifications required for a non-official visitor are that he should take interest in the welfare of the prisoners and, mostly, gentlemen who are connected with various social welfare organizations or who take keen interest in social work, are usually recommended by the District Magistrate.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جن لوگوں کو انہوں نے مقرر کیا ہے ان میں سے کئی اصحاب نے تو پورے سال میں ایک visit بھی نہیں کیا اور جو وہاں گئے ہیں وہ ۱۹۶۷ء میں ایک دو یا تین مرتبہ گئے ہیں آخر ایسے لوگ جن کے پاس اتنا وقت نہیں ہے کہ وہ قیدیوں کے معاملات میں دلچسپی لے سکیں اور پورے سال میں بھی دو ایک مرتبہ بھی قیدیوں کی حالت کو دیکھنے نہ جا سکیں تو وہ قیدیوں کے متعلق کچھ سوچ بھی نہیں سکتے ایسے لوگوں کو جو آپ نے مقرر کیا ہے کیا آپ ان کو بدلنے کی کوشش کریں گے ؟

Mr. Deputy Speaker: The first part of the question is the same as was asked by Begum Sahiba. The second part?

Parliamentary Secretary: The instructions have already been issued by the Government that those non-official visitors who did not pay a single visit within 6 months' period, are automatically removed from the panel of the non-official visitors. So far as Karachi Central Jail and the Juvenile Jail, Landi, is concerned, a new panel of non-official visitors has been appointed in 1968, for Karachi Central Jail.

Mr. Deputy Speaker: If that was appointed in 1968 then the question is which are the committees now?

Minister for Jails: In fact the tenure of the previous non-official visitors for Karachi and Landi expired in August, and September 1968. So far, as Karachi Central Jail is concerned we have received the recommendations and those gentlemen have been appointed for the Karachi Central Jail. So far as the Landi Jail is concerned, we have asked the District Magistrate to send us recommendations for the appointment of non-offiicial vistors.

Mr. Deputy Speaker: If that committee was formed in September, 1968, then the reply should mention the names of the present committee.

Minister for Jails: The notice of the question was received when the appointment of new official visitors was still under process and had to be settled by the Provincial Government.

Mr. Deputy Speaker: The Minister says that they were appointed in September, 1968. Now it is January, 1969.

Minister for Jails: The notice for the question was received earlier.

Mr. Deputy Speaker: But the Minister is replying today.

Minister for Jails: Yes sir,

Mr. Deputy Speaker: Today which is the committee?

Minister for Jails: I have already explained that the new visitors for the Central Jail, Karachi have been appointed and for the Landi Juvenile Jail, we are awaiting the recommendations of the District Magistrate.

Mr. Deputy Speaker: In that case the correct answer today would be about the present committee and not about the previous one.

Minister for Jails: Since they have recently been appointed, we thought that the Member is interested in knowing the names of the

visitors who had been appointed during the last two years. This is for the information of the Members of this House.

Begum Ashraf Burney : Will the Minister, kindly let us know who are the Members because it is already 4 months and in another 6 months they are supposed to go.

Minister for Jails : The names of the new official visitors appointed for the Central Jail, Karachi, are as follows :

(1) Mr. Zia Ullah.
(2) Mr. Dad Rahim.
(3) Begum Tehzin Faridi.
(4) Begum Mujib-un-Nisa Akram.
(5) Mr. Abdul Khaliq Allahwala.
(6) Mr. Anwar Hussain Hidayat Ullah.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو نئی کمیٹی مقرر ہوئی ہے اس نے اپنی تقرری سے لے کر اب تک کتنے visit کئے ہیں ؟

Minister for Jails : This information is not available at the moment. The Member will have to give a fresh notice.

Mr. Deputy Speaker : I think this is not fair to the House. They have asked you a definite question. I think the Government should have been prepared with this reply.

Minister for Jails : I will draw your attention and the attention of this House to part (*d*) of the question. It reads : "the year-wise number of visits to the jail by each member of the said Committee ? " This question what we understand means that the number of visits paid during the tenure of the non-official visitors who have been appointed during the last one or two years.

Mr. Deputy Speaker : From where did the Minister derive that?

Minister for Jails : Number of visits to the Jail by each member of said committee.

Mr. Deputy Speaker : What does (*a*) says.

Minister for Jails : It says, "the date on which the Jails Visitors Committee was formed for visiting the Karachi Jails alongwith the names of the persons nominated on the said Committee".

Mr. Deputy Speaker; Then what does that mean, the present committee or past committee?

Minister for Jails: I have already explained that when the notice of the question was given the process of the nomination of the visitors was still on and we had to send the information and inform the House about the non-official visitors who have been appointed for these two jails during the last two years. The information regarding their visits has yet to be supplied.

Mr. Deputy Speaker: But the Minister is replying to this question in January, 1969 and I am sorry I do not think I can accept that contention.

Minister for Jails: I have also given the names of the new official visitors who have been appointed.

Mr. Deputy Speaker: Yes, but they want to know about their visits. This question will be repeated on the next turn.

PAY SCALE OF EXECUTIVE CLERICAL STAFF OF POLICE DEPARTMENT

* **13987. Mr. Hamza**: Will the Minister for Home be pleased to state:—

(*a*) the scales of pay allowed to the executive clerical staff of the Police Department alongwith other concessions available to them:

(*b*) whether it is a fact that Government have a scheme to revise the pay scales of the said executive clerical staff in the light of the recommendations of the Police Commission:

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the details of the said scheme?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill): (*a*) On the basis of the Police Commission Recommendations the exeutive clerical posts in the Police Department have since been converted into ministerial posts, with effect from Ist July, 1968, in the following manner:—

Executive Clerical Posts	Rs.	*Civilian clerical posts*	Rs.
Inspector ...	325—20—425/20—525 *plus* Rs. 50 special	Superintendent	325—20—525.

Executive Clerical Posts		Rs.	*Civilian clerical posts*	Rs.
Sub-Inspector	...	pay. 175—10—215/15—305. Selection grade Rs. 305—15—350 *plus* special pay of Rs. 35 to Rs. 50	Assistant/ Steno graphers	175—10—215—15—275/15—350.
			Senior Clerk.	125—7—195/8—275.
A. S. I.	...	115—15—175 *plus* special pay of Rs. 25 to Rs. 35.	Clerk. Junior Clerk.	275 115—5—175
Head Constable	...	95—3—125 *plus* special pay of Rs. 25 to Rs. 50.		
Foot Constable	...	75—1—90 *plus* special pay of Rs. 15 to 35.		

Rates of Ration Subesidy and House-rent admissible to the members of executive clerical staff is as under:—

Post		*Ration Subsidy*	*House Rent Allowance*
		Rs.	
Inspector	... ...		Rent free accommodation or Rs. 35 in lieu thereof.
Sub-Inspector	...	11·75	Rent free accommodation or Rs. 18 in lieu thereof.
A. S-Is.	...	11·75	Rent free accommodation or Rs. 5 in lieu thereof.
H. Cs.	...	11·75	
F.Cs.	...	11·75	Rent free accommodation or Rs. 2 in lieu thereof.

(*b*) As explained against (*a*) above.

(*c*) Every incumbent of the executive clerical posts, who was in service in the Police Department on the 30th June, 1968, has been given the right to opt for the existing executive clerical rank together with the emoluments and other facilities admissible with that rank, or to come over to the corresponding ministerial posts against which he is adjusted. If the incumbent opts for the existing executive clerical rank, he will have to continue in that rank and will not be entitled to any promotion against the higher ministerial posts.

Ration Subsidy, House-rent Allowance, Uniform Allowance, etc., would be admissible to those incumbents only who retain the executive clerical ranks, otherwise, if they opt for the ministerial posts, they will have to forego these concessions. In the clerical posts, they would however, be entitled to the concessions, if any, attached to those posts.

The special pay drawn by the incumbents with their existing pay scales in the executive clerical posts, would be taken into account for the purpose of fixation of pay in the consolidated pay scales of clerical posts. Special pay would be merged with the basic pay in the existing scale and on this basic pay would be fixed at the corresponding stage of the pay scale of the ministerial posts, or if there is no such stage, the stage next below that pay *plus* personal pay equal to the difference. The personal pay in such cases would be absorbed in future increments. If the minimum pay of the time scale of the new posts is higher than his emoluments (*i. e.*, pay *plus* special pay) in respect of the old post, he will draw that minimum as initial pay. In case the present emoluments (*i. e.*, pay *plus* special pay) were more than the maximum of the consolidated pay scale of the ministerial post, the incumbent would be allowed the maximum of the scale together with personal pay equal to the difference between the present emolument and the maximum of the scale.

مسٹر حمزہ ــ کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب مجھے یہ بتائیں گے کہ صفحہ تین پر آپ نے یہ بتایا ہے کہ اے۔ایس۔آئی اور ہیڈ کانسٹیبل کو اگر حکومت کیجانب سے رہائشی مکان نہیں دئے جاتے ہیں تو ۵ روپے ماہوار بطور کرایہ دیا جاتا ہے اور اگر Foot Constable کو رہائشی مکان نہیں دیا جاتا ہے تو اسکو ۲ روپیہ ماہوار بطور کرایہ مکان دیا جاتا ہے تو کیا اس ملک میں یا کسی شہر میں کوئی ایسی جگہ دستیاب ہو سکتی ہے جس کا ماہانہ کرایہ ۵ روپے یا دو روپے ہوتا ہے؟

Parliamentary Seceretary : I totally agree with Mr. Hamza that this is not sufficient but these are actually compensation rates for house-rent.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ دو روپے اور ۵ روپے بطور کرایہ دے کر اس صوبے میں

پولیس فورس کو مجبور نہیں کر رہے ہیں کہ وہ رشوت سے خرچ پورا کرے؟

Mr. Deputy Speaker: That is not a supplementary.

مسٹر حمزہ— جب ایک ہیڈ کانسٹیبل جس کی تنخواہ تقریباً ایک سو روپے ہے اور جس کو آپ ۵ - روپے بطور کرایہ مکان دیتے ہیں کیا یہ کرایہ مکان اور یہ مشاہرہ کی شرح اس کے لئے کافی ہے اور کیا آپ اسے اس بات پر مجبور نہیں کرتے کہ وہ لوگوں کی جیبیں کاٹ کاٹ کر رشوت وصول کرے؟

Parliamentary Secretary: No sir, I do not agree with this because they are supposed to live within their means.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - انہوں نے ابھی فرمایا ہے کہ یہ پانچ روپے اور دو روپے مکان کا کرایہ نہیں ہے بلکہ یہ Compensation کے طور پر انہیں دیا جاتا ہے - آپ نے ابھی فرمایا ہے کہ یا تو فری accommodation ملیگی یا بطور کرایہ اس کو ۵ روپے ملیں گے —تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ کسی شخص کو فری accommodation دیتے ہیں تو دوسرے آدمی کر جس کو آپ نے accommodation نہیں دی اس کو آپ نے ۵ روپے دئے تو کیا یہ disparity نہیں ہے کہ ایک شخص کو آپ free accommodation دیں گے اور دوسرے شخص کو اس کے بدلے میں ۵ روپے دیں گے تو آج کل پانچ روپے میں تو کوئی کوٹھڑی ملنا تو درکنار کوئی فٹ پاتھ پر بھی نہیں بیٹھنے دے گا -

Parliamentary Secretary: Actually as I have already stated this is a sort of an allowance, a sort of compensation which is given to the constables because they are low-paid. Of course to certain constables houses and quarters are provided and where these houses and quarters are not provided this allowance is given. I quite agree that in these days this

allowance would not be sufficient for the needs of constables to get them a house. But I hope that Members on the other side would agree with me and they should appreciate that we are paying some sort of allowance to the constables.

Mr. Mahmood Azam Farooqi: On a point of order.

Mr. Deputy Speaker: He is already replying.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ــ جناب والا۔ انہوں نے میرے سوال کا جواب نہیں دیا کہ ایک شخص کو تو آپ مکان دیتے ہیں اور دوسرا کنسٹیبل جس کو مکان نہیں دیا جاتا اس کو اس کے عوض میں پانچ یا دو روپے آپ دیتے ہیں تو اس میں میں سمجھتا ہوں بہت زیادہ فرق ہے کیونکہ ایک ہی گریڈ کے دو ملازمین ہیں لیکن فرق اس قدر زیادہ رکھا ہوا ہے تو میں پوچھتا ہوں کہ اس فرق کو دور کرنے کے لیے آپ نے کیا اقدام کیا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ــ جہاں تک ممکن ہو سکتا ہے حکومت یہ کوشش کرتی ہے کہ کم تنخواہ پانے والے ملازمین کو جتنے زیادہ سے زیادہ کوارٹر دئے جائیں وہ دئے جانے چاہیں۔جہاں یہ ممکن نہیں تو اس صورت میں حکومت اپنی مالی حالت کے اعتبار سے انہیں اس قسم کا الاؤنس دے دیتی ہے ۔ جہاں تک کرایہ کا تعلق ہے میں تسلیم کرتا ہوں کہ یہ دو یا پانچ روپے کافی نہیں ہیں لیکن ہوتا یہ ہے کہ جو چھوٹے ملازمین ہیں وہ چھوٹے چھوٹے گھروں میں کوارٹر لیکر یا ایک آدھ کمرہ لیکر رہ پڑتے ہیں اور اس طرح سے وہ اپنا گزارہ کر لیتے ہیں ۔

سید عنایت علی شاہ ــ جناب والا ۔ کیا ایک فلاحی مملکت کے یہ شایان شان ہے کہ وہ کم تنخواہ پانے والے لوگوں کو صرف ۲ یا ۵ روپیہ کرایہ مکان دے ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری اس بات کے لئے تیار

ہوں گے کہ یا تو ان کے لیے نئے اور کوارٹر تعمیر کیے جائیں یا ان کا معاوضہ کرایہ بڑھایا جائے۔

Parliamentary Secretary: Mr. Speaker, sir, it is not possible for me to say right now that we would increase the rates because that is according to the Police Commission Report's recommendations that we are paying this allowance to the Constables and Head Constables.

بابو محمد رفیق - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری مجھے یہ بتائیں گے اور تصدیق فرمائیں گے کہ واپڈا میں ایک قلی کی تنخواہ ۱۵۰ روپیہ کر دی گئی ہے -

Mr. Deputy Speaker: That is not relevant.

چودھری محمد ادریس - جو executive سے clerical میں جائیں گے یا اس کے لئے opt کریں گے تو آپ نے ان کو کیوں آئندہ ترقی سے محروم کردیا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - آپ نے دیکھا ہوگا کہ وہ بعض اوقات اپنی مرضی سے opt کرتے ہیں ویسے تنخواہ ان کو معقول ملتی ہے اس لئے ان کو option دی گئی ہے کہ اگر وہ clerical میں رہنا چاہیں تو اس میں رہ لیں اور اگر وہ executive میں جانا چاہیں تو وہ وہاں چلے جائیں -

They have an option, Sir. They may continue in the civil clerical posts. If they want executive clerical posts and if they get some benefits therefrom they will have to forego other benefits.

CASES FILED BY MARRIED WOMEN FOR DIVORCE

*14014. **Chaudhri Muhammad Idrees:** Will the Minister for Home be pleased to state :—

(*a*) the district-wise number of cases filed by married women for divorce in the Family Courts in 1967-68;

(*b*) the number of cases, out of those mentioned in (*a*) above—(*i*) dismissed, (*ii*) pending for decision as on 1st July 1968 and (*iii*) in which decree was granted ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill): (*a*) and (*b*)

Serial No.	Name of District		Cases filed by married women for divorce in the Family Courts in 1967-68	Dismissed	Pending for decision on 1-7-68	Cases in which decree was granted
1	Peshawar	...	178	172	39	167
2	Mardan	...	86	29	39	18
3	Hazara	...	193	55	54	84
4	Campbellpur	...	118	37	48	33
5	D.I. Khan	...	97	43	15	39
6	Kohat	...	44	11	8	25
7	Bannu	...	20	5	3	12
8	Rawalpindi	...	613	164	258	231
9	Jhelum	...	264	43	122	99
10	Gujrat	...	343	108	154	81
11	Sargodha	...	534	199	158	177
12	Lyallpur	...	1,302	480	415	407
13	Jhang	...	276	52	147	77
14	Mianwali	...	146	35	66	45
15	Lahore	...	1,176	304	521	428
16	Sheikhupura	...	204	33	96	75
17	Gujranwala	...	534	199	157	177
18	Sialkot	...	500	165	236	131
19	Multan	...	1,314	193	843	408
20	Sahiwal	...	836	488	328	342
21	Muzaffargarh	...	670	83	336	251
22	D.G. Khan	...	312	159	93	60
23	Bahawalpur	...	504	210	126	168
24	Bahawalnagar	...	328	81	127	70
25	Rahimyar Khan	...	718	245	275	198
26	Khanpur	...	181	52	45	71

Serial No.	Name of District	Cases filed by married women for divorce in the Family Courts in 1967-68	Dismissed	Pending for decision on 1-7-68	Cases in which decree was granted
27	Jaccobabad ...	110	35	23	47
28	Sukkur ...	313	104	99	142
29	Larkana ...	164	66	59	39
30	Nawabshah ...	97	12	45	40
31	Hyderabad ...	353	68	153	146
32	Thatta ...	25	13	6	10
33	Dadu ...	123	63	29	17
34	Tharparkar ...	80	15	38	26
35	Sanghar ...	62	20	10	32
36	Quetta-Pishin ...	51	20	14	17
37	Zhob ...				
38	Loralai ...				
39	Sibi at Ziarat ...				
40	Kalat at Khuzdar ...	32	9	22	1
41	Chagai at Noshki ...	—	—	—	—
42	Lasbella ...	4	...	4	...
43	Mekran at Turbat ...	6	...	6	...
44	Kharan ...	5	5	1	...
45	Karachi ...	615	129	281	205
46	Kachhi at Dhadar ...	22	12	8	2

بابو محمد رفیق - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب آئٹم ۳۶ تا ۳۹ دیکھ کر مجھے بتائیں گے کہ ڈسٹرکٹ کے لحاظ سے ان کی figures کیا ہیں؟

Parliamentary Secretary: Sir, figures regarding Quetta-Pishin are given collectively. I don't have separate figures.

بابو محمد رفیق - جناب والا - پچھلی دفعہ ضمنی سوال کا جواب نہ دینے کی وجہ سے یہ سوال دھرایا گیا تھا اور میں سمجھتا ہوں کہ ابھی تک انہوں نے میرے سوال کا جواب نہیں دیا آخر اس کا کیا مطلب ہے ؟

Mr. Deputy Speaker: What is the question? Please refer to part (*a*) of the question :

> "(*a*) the district-wise number of cases filed by married women for divorce in the Family Courts in 1967-68."

Parliamentary Secretary: Sir, serial Nos. 36-39 is regarding four districts.

Mr. Deputy Speaker: District-wise means each district.

Parliamentary Secretary: Yes Sir, it is given collectively. You may repeat it.

Mr. Deputy Speaker: Why has it not been given district-wise?

Parliamentary Secretary: They were not, for the time being, available. It was to answer this question that I have given this list. If you like, if you are interested, and I think the Members are also interested in district-wise figures.....

Mr. Deputy Speaker: When did the Parliamentary Secretary get notice of this question?

Parliamentary Secretary: I don't know the exact date.

Chaudhri Muhammad Idrees: On a point of order.

Mr. Deputy Speaker: Points of order can be raised later on when I am satisfied. No point of order when I am talking.

Chaudhri Muhammad Idrees: It can be raised at any time.

Parliamentary Secretary: If the Member is interested actually in district-wise figures regarding Quetta-Pishin I am prepared to give that.

Mr. Deputy Speaker: The answer asked for was in respect of district-wise figures. The question is :

> "(*a*) the District-wise number of cases filed by married women for divorce in the Family Courts in 1967-68."

Why the number of cases of four, you have not given district-wise ?

Mr. Speakar: I think this gramnatically incorrect and is ruled out of order. Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar: I beg to move :—

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for clause (*a*), the following be substituted, namely :—
>
> "(*a*) keeps or manages a drinking or gambling den or a place where opium or other intoxicating drugs are

smoked or otherwise consumed, or makes a livelihood out of such den or place by acting as a tout or being a Police Officer gets bribe from any such keeper or manager of such drinking or gambling den ; or".

Mr. Speaker : The amendment moved is :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for clause (*a*), the following be substituted. namely :—

"(*a*) keeps or manages a drinking or gambling den or a place where opium or other intoxicating drugs are smoked or otherwise consumed, or makes a livelihood out of such den or place by acting as a tout ; or being a Police Officer gets bribe from any such keeper or manager of such drinking or gambling den ; or".

Minister for Law ; Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - جناب والا - یہ نہایت ہی ضروری ترمیم ہے - اور اس کو move کرنے کا مطلب یہ ہے کہ حقیقی غنڈوں اور ان لوگوں کو جو غنڈہ گردی کے ذمہ دار ہیں بے نقاب کیا جائے -

جناب سپیکر - آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ ان علاقہ جات میں دیہاتوں میں بارڈر پر پولیس کی connivance سے touts بدکردار افراد غنڈوں اور پولیس کے افسران کے ساتھ رابطہ پیدا کرتے ہیں - اور جناب والا یہ دھندا ایک regular business کی شکل اختیار کر چکا ہے - بلکہ میرے علم میں تو یہ بھی لایا گیا ہے کہ بسا اوقات بڑی بڑی سفارشوں سے اور سیاسی دباؤ سے جہاں پر یہ drinking and gambling dens ہوتے ہیں ان علاقہ جات میں پولیس آفیسر اپنے آدمیوں کو تعینات کرتے ہیں جہاں ایک شخص کو غنڈہ قرار دیا جاتا ہے اور میں پوری ذمہ داری سے یہ بیان دیتا ہوں کہ ایسے drinking and gambling dens پر جو کچھ اور منشیات ہوتی ہیں وہاں سے حاصل کرکے ان کو بیچتے ہیں - میں سمجھتا

ہوں کہ اگر یہ اپنے دلوں کو ٹٹولیں تو مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ یہ سب drinking and gambling کا کاروبار پولیس کی امداد اور تعاون سے چلایا جاتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب کیا آپ کا مطلب یہ ہے کہ پولیس آفیسرز کو غنڈہ قرار دیا جائے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ انہوں نے حال ہی میں ایک مجسٹریٹ کو غنڈہ قرار دیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اور کیا آپ کا یہ بھی مطلب ہے کہ وہ پولیس آفیسر سروس میں بھی رہے اور غنڈہ بھی رہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ جب ایک افیسر prosecute ہو گا تو

naturally he will quit service.

When he is arrested. He is prosecuted. He will be suspended and when the Tribunal is satisfied that he is a goonda, he will be removed from service. Why should he be immune ?

آخر ہمیں طبقات اور کلاسز تو نہیں پیدا کرنا چاہئے کہ یہ سی۔ایس۔پی اور bureaucrat رشوت لیتے رہیں اور یہ پولیس والے ان dens کو چلائیں آخر جناب والا آپ کو تو معلوم ہونا چاہئے کیونکہ آپ practically ایک دیہاتی زندگی بسر کر رہے ہیں اور ہم شہر میں رہتے ہیں ہم کو معلوم ہے کہ کہاں کہاں زیادہ آبادیاں ہیں اور ان آبادیوں میں ہمارا مشاہدہ ہے کہ ہزار میں سے صرف ایک انسپکٹر ہو گا جو ان dens کے چلانے سے بچ جاتا ہے اور ۹۹۹ ایسے آفیسرز ہوتے ہیں جو ان dens کو چلایا کرتے ہیں اور ان سے ماہانہ وصول کرتے ہیں ۔ آئین میں یہ بات ہے کہ سب کے ساتھ ایک طرح کا سلوک کیا جائے گا اگر کوئی غنڈہ dens کو

چلاتا ہے تو آپ اس کو غنڈہ کہتے ہیں اور اگر ایک پولیس آفیسر کسی den کو چلاتا ہے تو اس کو غنڈہ کیوں نہیں قرار دیتے -

Why should he not be prosecuted also?

مسٹر سپیکر - لیکن ملک صاحب اگر آپ یہ امنڈمنٹ add نہ بھی کریں تو یہ سب کلاز کیا اس پولیس آفیسر پر حاوی نہیں ہوتا ؟

ملک محمد اختر - میرے خیال میں حاوی نہیں ہو گا - انہوں نے پہلے ایک پالیسی بنا رکھی ہے -

مسٹر سپیکر - آپ کا مطلب -

ملک محمد اختر - کھاریاں کے معاملات میں انہوں نے معلوم نہیں کہ ۳۰۲ کا پروویژن کیا ہے یا نہیں کیا ہے -

Why should there be a privileged class ?

جناب والا - آپ میرا نقطہ نظر appreciate فرمائیں میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ جو gambling dens ہیں ان کے متعلق میں statement دیتا ہوں کہ یہ پولیس کی without consent چل ہی نہیں سکتے -

مسٹر سپیکر - یہی سب کلاز ان پر لگایا جاتا ہے -

ملک محمد اختر - میرا اندازہ ہے کہ اس کو اور clear کیا جائے تا کہ پورا انسداد ہو سکے -

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): Sir, I oppose it because there are already laws on the subject. Sections 161 to 165 are there. Then Prevention of Curruption Act is there and as you pointed out, anyone who keeps or manages a drinking or gambling den, it will include everyone concerned. Not only when he does it himself openly but if he abets the doing of it then he will be covered by clause (Z) which says, "abets the commission of any of the offences mentioned in the aforesaid clause". Therefore, the law as framed and as already in existence is sufficient. It is not necessary to amend this provision. I, therefore, oppose it.

Mr. Speaker: The question is:

That in section 5 of the Ordinace in the proposed section 13 of the principal Ordinance , for clause (*a*), the following be substituted, namely;—

"(*a*) keeps or manages a drinking or gambling den or a place where opium or other intoxicating drugs are smoked or otherwise consumed, or makes a livelihood out of such den or place by acting as a tout; or being a Police Officer gets bribe from any such keeper or manager of such drinking or gambling den; or"

The motion was lost.

Mr. Speaker: Next amendment, Mr.Farooqi.

Mr. Mahmood Azam Farooqi: Sir, I beg to move:

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinanee, for clause (*a*), the following be substituted, namely:—

"(*a*) keeps or manages a place, den or club where opium or other intoxicating drugs are smoked or otherwise consumed or where gambling is carried out or makes a livelihood out of such place, den or club or acts as a manager, a tout or otherwise howsoever; or".

Mr. Speaker: The amendment moved is:

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for clause (*a*), the following be substituted. namely:—

"(*a*) keeps or manages a place, den or club where opium or other intoxicating drugs are smoked or otherwise consumed or where gambling is carried out or makes a livelihood out of such place, den or club or acts as a manager, a tout or otherwise howsoever; or".

Minister for Law: Opposed.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا اس ہنگامی قانون کی دفعہ ۳ ، میں جن حرکات اور جرائم کا ذکر کیا گیا ہے اور جن کا ارتکاب کرنے والا شخص ٹریبونل کی جانب سے غنڈہ declare ہو سکتا ہے اس کی پہلی دفعہ یہ ہے کہ ہر کوئی شخص جو کہ جوا کھیلنے کے گھر رکھتا ہو یا کوئی ایسی جگہ استعمال کرتا ہو جو بطور pen بنائی گئی ہو یا جہاں شراب پی جاتی ہو یا جوا کھیلا جاتا ہو یا دوسری

نشہ‌آور اشیاء استعمال کی جاتی ہوں وہ گویا اس جرم کا ارتکاب کر رہا ہے جس کے تحت اس کو غنڈہ بنایا جا سکتا ہے ۔ میں نے جو اس پورے کلاز کی ترمیم کی ہے اس کے لئے میں عرض کرتا ہوں کہ اس ترمیم کی محرک میرے لئے کیا چیز ہوئی ہے ۔ جب میں نے اس دفعہ کو پڑھا تو میرے ذہن میں آج سے ۱۴ سو سال پہلے رسول اکرم کے زمانے کا ایک واقعہ آیا اور وہی اس ترمیم کا محرک ہوا ۔ وہ واقعہ یہ ہے کہ نبی اکرم ص کا زمانہ تھا ۔ قبیلہ مخذومیہ کی ایک لڑکی جس کا نام فاطمہ تھا اس نے چوری کی ۔ اس چوری کا مقدمہ آنحضرت کے سامنے پیش ہوا تو آپ نے اس کو ہاتھ کاٹنے کی سزا دی ۔ اس قبیلہ کی ایک لڑکی کے ہاتھ کاٹے جانے کی سزا دینا ایک اتنا بڑا واقعہ تھا کہ اس پر لوگوں میں چہ‌میگوئیاں ہونے لگیں کہ اگر اس کے ہاتھ کاٹ دئے گئے تو ممکن ہے لوگ اسلام سے پھر جائیں ۔ صحابہ کرام میں‌یہ طے پایا کہ آنحضرت سے اس کے سفارش کی جائے لیکن یہ سفارش کرے کون ؟ آخر غور کے بعد یہ طے کیا گیا کہ حضرت اسامہ بن زید جو رسول اللہ صلی‌اللہ‌علیہ‌والہ‌وسلم کے بہت ہی قریب تھے اور ان کو آنحضرت سے بہت قربت حاصل تھی ان کو اسبات پر امادہ کیا گیا جب انہوں نے یہ سفارش آپ کے سامنے پیش کی تو صحیح روایات کی بناء پر آپ کا چہرہ غصہ سے سرخ ہو گیا اور آپ نے فرمایا کہ اگر فاطمہ بنت محمد ص بھی چوری کرتی تو میں اس کو بھی ہاتھ کاٹنے کی سزا دیتا ۔ آپ نے فرمایا گذشتہ امتیں جو برباد کی گئیں ان کی وجہ یہ تھی کہ جب ان کے بڑے لوگ جرم کرتے تھے تو ان کو چھوڑ دیا جاتا تھا اور جب ان کے چھوٹے لوگ جرم کرتے تھے تو ان کو سزا دی جاتی تھی ۔ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ یہودیوں پر تباہی اس لئے آئی کہ ان کے بڑے لوگ جب جرم کرتے تھے تو ان کو معاف کر دیا جاتا

تھا اور جب چھوٹے جرم کرتے تھے تو ان کے ھاتھ کاٹے جاتے تھے - لہذا اس حدیث اور اس واقعہ کے باعث میں نے یہ ترمیم پیش کی اور یہ اس کی محرک ھوئی - کہ ایسی جگہوں پر کلبوں میں تو لوگ آرام سے کرسیوں پر بیٹھ کر جوا کھیلتے ہیں ان پر بھی اس قانون کا اطلاق ھونا چاھئے - جناب والا - یہ بات آپ سے وزراء کرام سے اور اس ایوان کے کسی معزز رکن سے بلکہ اس صوبے کے ۵ کروڑ عوام سے مخفی نہیں ہے کہ تمام کے تمام بڑے شہروں میں جو کلب ہیں مثلاً پنجاب کلب، سندھ کلب ، کراچی کلب اور جم خانہ کلب یا سندھ میں جو شراب اور جوئے کے اڈے ہیں بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ شراب پینے والے اور جوا کھلنے والے سوسائٹی کے بڑے بڑے لوگ ہیں اور ان میں سی - ایس - پی افسران بڑی بڑی ملوں کے مالک، حکومت کے عہدیداران اور سربراہ ھی ان کلبوں میں جاتے ہیں اور جوا کیھلتے ہیں مگر چھوٹے چھوٹے آدمی جو کم پڑھے لکھے لوگ ہیں اور غریب ہیں ان کو آپ غنڈہ قرار دیتے ہیں تو میری ترمیم کا مقصد یہ ہے کہ شراب پینے اور جوا کھیلنے کا جرم خواہ وہ کسی غار میں سرزد ھو یا اندھیری کوٹھری میں ھو یا کسی قبرستان کی ٹوٹی ھوئی قبر میں ھو اتنا ھی سنگین ہے جتنا کہ کسی بڑے محل یا کلب میں ھوتا ہے - تاریکی اور روشنی جرم میں کوئی فرق پیدا نہیں کرتی - جرم تاریکی میں کیا جائے تو بھی جرم ہے روشنی میں کیا جائے تو بھی جرم ہے - رات کو کوئی شخص جرم کرے تو بھی جرم ہے دن میں کوئی کرے تو بھی جرم ہے - اور حکومت کے بڑے بڑے عہدے پر فائز کوئی افسر کرے تو بھی وہ جرم ہے - جناب والا - میں اپنے ذاتی علم کی بنا پر یہ جانتا ھوں کہ شراب کے لئے ان کلبوں میں پرمٹ جاری نہیں ھوتے- پرمٹ سے کوئی شراب نہیں پیتا ہے - عام کھلے بندوں جس

شخص کی مرضی ہو وہ جا کر شراب حاصل کر سکتا ہے ۔ مختلف کھیلوں کے نام پر برج اور فلاش کے نام پر جوا کھیلا جاتا ہے بلکہ ایک کلب تو اس کام کے لئے مختص ہے ۔ کہ وہاں جوا کھیلا جائے ۔ وہ ریس کلب ہے جہاں اتنے بڑے بڑے لوگ جا کر جوا کھیلتے ہیں جن کے نام اگر میں یہاں لوں تو بہت سے لوگوں کے ماتھے پر بل پڑ جائیں گے ان کی تیوریوں پر بل پڑ جائیں گے ۔ وہ جؤا کھیلنے کے لئے گھوڑے رکھتے ہیں اور مجھے یاد ہے کہ اسلامی مشاورتی کونسل نے صوبہ کے گورنر کو مشورہ دیا تھا کہ ریسوں کا جؤا بھی عام جوئے کی طرح ایک گناہ ہے اور اسلام کے منافی ہے اور اس کو بند ہونا چاہئے ۔ جناب والا ۔ میں موجودہ حکمرانوں سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ مسلمانوں کی قوم کو ادبار سے بچانا چاہتے ہیں اور اس انجام سے بچانا چاہتے میں جو دنیا کی سابقہ قوموں نے دیکھا اور یہ قوم جو اسلام کے نام پر آباد ہے اور اسلام کے نام پر انہوں نے اس ملک کو حاصل کیا ہے اگر اس قوم کو خدا کے غضب سے بچانا چاہتے ہیں تو آپ اپنے قوانین میں بڑے چھوٹے کی تمیز نہ رکھیں ۔ جرم کو جرم اور برائی کو برائی کہئے اور چھوٹے بڑے جو جرم کے مرتکب ہوں سب کو سزا دی جائے تو میں چاہتا ہوں کہ اس قانون میں لفظ کلب کا اضافہ کیا جائے اور الفاظ مینجر کلب کا بھی اضافہ کیا جائے کیونکہ وہ کام جو غار میں کرنے کی وجہ سے اس شخص کو آپ غنڈہ قرار دیتے ہیں اگر وہی کام کلب میں ہو تو کلب کا مالک اس کا انتظام کرنے والا اور کلب کا مینجر سب اس جرم میں سزا پائیں تاکہ اگر آپ کی نیت جوا اور شراب کی لعنت کو اس ملک سے بند کرنے کی ہو تو اس جرم کے کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جا سکے ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی -۱) - جناب والا - جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے کہ جرم جرم ہے چاہے وہ کہیں پر کیا جائے - شراب اور دیگر منشیات بھی اگر وہ کسی جگہ بیٹھ کر پی جائیں تو اس کا اثر وہی ہوتا ہے چاہے وہ غار میں ہو ، den میں ہو ، کلب میں ہو یا کسی اور جگہ پر ہو - جناب والا - فاروقی صاحب نے کافی کہہ دیا ہے اس لئے میں زیادہ تفصیل میں نہیں جاؤں گا - آپ دیکھئے کہ اگر یہ شراب نا جائز طور پر بکتی ہے تو اسے جرم قرار دے دیا جاتا ہے لیکن اگر یہی شراب ہوٹلوں میں بکتی ہے تو وہاں جائز قرار دے دی گئی ہے - رشوت ستانی کا سب سے بڑا ذریعہ یہی جوا ہے جس کو فلاش، رمی وغیرہ کہا جاتا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اس سے لاکھوں روپیہ کا لین دین ہوتا ہے اور وہ لوگ جنہوں نے بڑے بڑے افسروں سے اپنے کام کروانے ہوتے ہیں وہ ان سے ان کے ذریعے روپیہ ہارتے ہیں اور وہ اس روپیہ کو صحیح اور جائز آمدنی گردانتے ہیں - وہ صحیح آمدنی گردانی جاتی ہے اور کلبوں کے رجسٹروں میں اس کا اندراج ہو جاتا ہے اور اس کے بعد وہی تمام روپیہ بنکوں میں چلا جاتا ہے اور اس کو استعمال کرتے ہیں صرف کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ کوئی رشوت نہیں - تو جیسا کہا گیا ہے یہ درست ہے کہ کلبوں میں بھی جوا جائز قرار نہیں دینا چاہئے جیسا کہ باہر جائز قرار نہیں دیا جاتا - ایک چیز ایل ایس ڈی ہے جس کا استعمال امریکہ اور دوسرے غیر ممالک میں ناجائز قرار دیا گیا ہے جس کے استعمال پر بڑی بڑی سزائیں ہیں لیکن اس چیز کو ہمارے ملک میں جائز قرار دے دیا گیا ہے اور وہ یہاں کے بڑے بڑے ہوٹلوں مثلاً ,,انٹر کانٹی نینٹل،، میں اور سب جگہ جہاں بڑے بڑے اصحاب آتے ہیں وہاں استعمال کی جاتی

ہے پچاس پچاس ، سو سو ، ڈیڑھ ڈیڑھ سو کی وہ لوگ گولی کھاتے ہیں اور اس کو کھانے کے بعد وہ سمجھتے ہیں کہ ہم شاید جنت کی سیر کو چلے جائیں گے ۔ اس کے اثرات نہایت برے ہیں ۔ اس پر بہت سا لٹریچر امریکہ اور یورپ کے دوسرے ممالک نے لکھا ہے ۔ امریکہ میں اس کے استعمال کی پاداش میں ۱۰ سال کی سزائے قید ہے اور پندرہ ہزار ڈالر جرمانہ کی سزا ہے جو صدر جانسن نے خاص طور پر مقرر کی ہے تا کہ وہاں کے عوام اس چیز سے پرہیز کریں تو جناب والا۔ ہمارے ہوٹلوں اور کلبوں میں یہ چیز جائز قرار دے دی گئی ہے ۔ جناب والا یہ یہیں تک ہی محدود نہیں بلکہ راولپنڈی میں ایک ایسی رات منائی گئی جس میں یہ حیز کھلے بندوں بکی اور لوگوں نے خوب پی ۔ اس کا جو اشتہار تھا اس میں انہوں نے یہ کہا تھا ۔

"After drinks, dance and dinner if the couple really wants to enjoy the night cosy beds in cosy rooms are also available."

یہ اشتہار ان کے اخبارات میں نکلا ۔ جناب والا ۔ یہ ایک شرمناک واقعہ ہے ۔ یہ لوگ اس قدر ذلیل حرکت کرتے ہیں اور اس کی اجازت اس لئے دے دی جاتی ہے کہ یہ ایڈورٹائزمنٹ ہے ۔

وزیر مال ۔ کیا آپ وہاں گئے تھے ؟

Major Muhammad Aslam Jan : I do not go there. I find that lot of Ministers go there. This is what has been reported. But unfortunately I could not go.

A Voice : Unfortunately ?

Major Muhammad Aslam Jan : Or fortunately.

آپ دیکھئے کہ ان ہوٹلوں کے باہر کلبوں کے باہر لچے غنڈے کھڑے رہتے ہیں اور بوتلیں ان کی جیب میں ہوتی ہیں اور وہ وہاں آنے

والے لوگوں سے کہتے ہیں کہ شراب انگریزی بھی ہمارے پاس ہے اور دو پیگ پینے سے وہ مزہ آئے گا جو ۱۰ پیگ پینے سے نہیں آتا ۔ تو وہ لوگ وہاں جا کر اس کو خریدتے ہیں ۔ تو جناب والا چاہے یہ den میں ہو چاہے کہیں اور میں کہتا ہوں کہ اس کو ہر جگہ ممنوع قرار دیا جانا چاہئے لیکن میں جانتا ہوں کہ آپ کا ارادہ ان چیزوں کے بند کرنے کا نہیں ہے کیوں کہ غنڈے اور بد معاشوں کو کھلی چھٹی دے دی گئی ہے خاص کر آج کل وہ غنڈے اور بد معاش جن کے چالان غنڈہ ایکٹ میں ہوئے ہیں اور جن کو غنڈہ کہا جاتا ہے جن کو ہتھکڑیاں اور بیڑیاں پڑی ہوئی ہیں آج ان کے زیر اثر یہ کام کر رہے ہیں ان کو گرفتار نہیں کیا جاتا اگر وہ کسی جرم کا ارتکاب کرتے ہیں ان کی اگر رپورٹ ہوتی ہے تو اس کا اندراج ایف ۔ آئی ۔ آر میں نہیں ہوتا اور پولیس یہ کہہ دیتی ہے اور بڑے بڑے لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ شخص اس وقت میرے پاس بیٹھا ہوا تھا اس لئے اس نے جرم نہیں کیا ۔ تو جناب والا وہ لوگ پولیس اور حکومت کی مرضی سے یہ کام کرتے ہیں ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ انہوں نے شراب کے مختلف نام رکھے ہوئے ہیں جن کا وہ نام لے کر اس کو فروخت کرتے ہیں ۔ تو یہ چیز کیسے رک سکتی ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ان کا منشا یا ارادہ نہیں ہے ۔

ملک معراج خالد (لاہور ۔ ۵) ۔ جناب والا ۔ اس قانون کا مقصد اور مدعا یہ ہے کہ جرائم کی روک تھام کی جائے اور جرائم کے جو اڈے ہیں ان کو بند کیا جائے تا کہ غنڈہ گردی کا مکمل طور پر انسداد ہو سکے ۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ موجودہ معاشرہ میں دولت مند اصحاب تمام لوگوں کو اپنے اعمال سے متاثر کرتے ہیں اور پھر نچلا طبقہ یا طبقے ان کی

حرکات کو دیکھ کر وہی حرکات کرنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں اور پھر وہ یہ کہتے ہیں کہ جو کچھ اوپر کا طبقہ کر رہا ہے وہ عین جائز ہے اخلاق کی روح سے درست ہے ہوتا پھر یہ ہے کہ اخلاقی حدود تمام کی تمام توڑ دی جاتی ہیں اور دیگر کئی قسم کے مسائل پیدا ہو جاتے ہیں اور قانون کی خلاف ورزیاں ہوتی ہیں - توڑ پھوڑ ہوتی ہے اور عام جرائم پھیلتے ہیں - اس لئے اگر کسی محلہ میں، کسی آبادی میں یا دیہات میں بعض لوگ اسے اپنا کاروبار بنا لیں - منشیات کا استعمال کرائیں اور اس سے اپنی روزی کمائیں - تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ انہیں اس کی شہہ اور ترغیب و تحریص کہاں سے ملتی ہے - آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ جب عام لوگوں کو پتہ ہو کہ شہروں میں باقاعدہ کلب ہیں - جہاں جوا کرایا جاتا ہے - شراب پی جاتی ہے اور پلائی جاتی ہے اور تمام فواحش کو روا رکھا جاتا ہے تو وہ اس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے - انہیں نفسیاتی طور پر ایک جواز مل جاتا ہے - وہ کہتے ہیں اگر علماء مساجد میں اپنے وعظوں میں کہتے ہیں کہ یہ ساری چیزیں غلط ہیں اسلام کی رو سے ناجائز ہیں تو ہوں گی - لیکن اس وقت معاشرہ جو کچھ کر رہا ہے وہ چونکہ جائز ہے اس لئے عام لوگ بھی نفسیاتی طور پر، اخلاق لحاظ سے بے لگام ہو جاتے ہیں اور انہیں یہ کام کرنے میں کوئی خلش محسوس نہیں ہوتی - جب جرم عام بڑھ جائے پھر اسے قانون کے ذریعہ روکنے اور دبانے کی کوشش کی جاتی ہے - مگر جہاں سے یہ برائی پھوٹتی ہے ان سرچشموں کو بند کرنے کے لئے کوئی تدابیر اختیار نہیں کی جاتیں - اس قانون کے تحت نچلے طبقہ کے تمام اڈے بند کرنے کے لئے تدابیر ہیں مگر جہاں سے یہ برائی شروع ہوتی ہے یا ہو سکتی ہے جہاں اس کی پرورش

ہوتی ہے انہیں مستثنٰے کیا گیا ہے اور یہ کسی صورت میں درست نہیں ہو گا ۔ اس کے پیش نظر میں یہ گذارش کروں گا کہ کلبوں کو یا ایسی جگہوں کو جہاں عام لوگ نہیں جا سکتے ۔ لیکن خاص لوگ اپنی ممبر شپ کی وجہ سے یا اپنے پیسے کی وجہ سے یا سرکاری اثرو رسوخ کی وجہ سے وہاں جاتے ہیں انہیں چلاتے ہیں اور قائم رکھتے ہیں انہیں بند کرنا یا قانونی لحاظ سے قابل تعزیر قرار دینا نہایت ضروری ہے ۔ تاکہ وہ بھی غنڈہ ایکٹ کی تعریف میں آ جائیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ تقریر کرنے سے پہلے میں پوائنٹ آف آرڈر پیش کروں گا کہ ایوان میں کورم نہیں ہے ۔

M. Speaker : Let there be a count. (*count was taken.*) The House is not in quorum, let the bells be rung. (*bells were rung.*) The House is in quorum.

Will the Law Minister please send a word to all the Ministers, who are present in the Assembly Chamber, to come out of their chambers and sit in the House, so that the quorum is maintained.

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ۶) ۔ جناب سپیکر آج جب فاروق صاحب کی جانب سے یہ ترمیم اس ایوان میں پیش کی جا رہی تھی تو میں خوشی خوشی یہ توقع اپنے ذہن میں لے کے اس ایوان سے باہر گیا تھا کہ جناب وزیر قانون محترم اللہ بچائیو غلام علی اخوند کم از کم اس ترمیم کی مخالفت نہیں فرمائیں گے ۔ کیوں کہ جیسا کہ ان کے نام سے ظاہر ہے وہ ایک اچھے دینی گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اگر یہاں جناب غلام نبی میمن ہوتے اور وہ اس کی مخالفت کرتے تو اس کی وجہ تو میری سمجھ میں آ سکتی تھی ۔ لیکن برا ہو ہوس اقتدار کا جو اتنے اچھے انسانوں سے ایسے غلط فیصلے کراتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ہم نے اس قانون میں اس نام نہاد ہنگامی قانون میں یہ ترمیم اس بنا پر دی تھی کہ ہمیں ذاتی طور پر اس بات کا علم ہے کہ ہمارے بہت سے سرکاری اہلکار رشوت ستانی کے جرم کا ارتکاب کرتے ہیں اور اس قسم کا ہنگامی قانون جاری کرنے کی ضرورت بھی اس لئے پیدا ہوئی کہ چونکہ سرکاری اہلکار اپنے فرائض منصبی اور دیانتداری سے سر انجام نہیں دیتے اس لئے اس ملک اور صوبہ میں غنڈہ گردی تیزی سے بڑھ رہی ہے ۔ اور اس رشوت ستانی کا ایک مظہر یہ ہے کہ بہت سے افسر ناجائز ذرائع سے دولت حاصل کر کے اسے ناجائز کاموں پر خرچ کرنے کے عادی ہیں ۔ جناب سپیکر میجر اسلم جان صاحب نے ضمناً اس بات کا ذکر کیا ہے کہ بہت سے افسران رشوت وصول کرنے کے لئے بڑے ہی نفیس اور بڑے ہی خوبصورت طریقے اختیار کرتے ہیں اور ان طریقوں میں ایک طریقہ کلبوں میں بیٹھ کر جوا کھیلنا ہے ۔ رشوت دینے والے لوگ یہ جانتے ہیں کہ رشوت وصول کرنے کا کیا طریقہ ہے ۔ ان کو افسران کا پتہ چل جاتا ہے وہ کلبوں میں بیٹھ کر ان کے ساتھ جوا کھیلتے ہیں ۔ سرمایہ دار یا وہ شخص جو رشوت دیتا ہے وہ دیدہ و دانستہ طور پر ہار جاتا ہے اور افسر بھی اس بات کو جانتا ہے کہ میں رشوت وصول کر رہا ہوں ۔ وہ دنیا کو دھوکہ دینے کے لئے ۔ لوگوں کو دھوکا دینے کے لئے اور اپنے آپ کو دھوکا دینے کے لئے اور اپنے دل کو تسکین دینے کے لئے یہ کہتا ہے کہ میں نے یہ دولت جوئے کے ذریعہ جیتی ہے ۔ آپ اس کے اس استدلال کو ملاحظہ فرمائیں ۔ اس بات کو ایک عام شہری بھی جانتا ہے اور آپ انتہائی تجربہ کار انسان ہیں آپ کو بھی اس بات کا علم ہو گا کہ جب ایک ضلع میں یا مرکزی جگہ پر ایک بھی دیانتدار افسر ہوتا ہے تو اس کے ماتحتوں پر کتنا اچھا اور خوش گوار اثر پڑتا

ہے وہ بیسیوں افراد کی زندگیوں کو سدھارتا ہے اور ان کے لئے مشعل راہ کا کام دیتا ہے ۔ وہ عام آبادی یا افراد کو متاثر کرتا ہے حالانکہ اس کی اپنی بھلائی ۔ اپنی فلاح وبہبود اس میں ہوتی ہے کہ وہ نیک کام کرتا ہے اور اس طرح قوم اور ملک پر بہت بڑا احسان کرتا ہے ۔ لیکن اس کے بر عکس اگر ایک افسر رشوت خور ہے، بد کردار ہے تو اس کی برائی سے اس کے ماتحتوں پر اور عام آبادی پر اتنے ہی زیادہ برے اثرات نمودار ہوتے ہیں ۔ افسران جن کو ہم اس ہنگامی قانون کے ذریعہ سے اتنے وسیع اختیارات دے رہے ہیں ان وسیع اختیارات کے ذریعہ سے وہ رشوت خور، بد کردار ، جوا کھیلنے والے ، شراب پینے والے لوگ اتنا ہی زیادہ اس کو ناجائز طور پر استعمال کریں گے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ حکومت کی جانب سے تو یہ کہا جا رہا ہے کہ ہم غنڈہ گردی کو ختم کرنا چاہتے ہیں لیکن دوسری جانب وہ لوگ غنڈہ گردی کا موجب ہیں جو اپنی بد کرداریوں کی وجہ سے بد اعمالیوں وجہ سے اختیارات کو ناجائز استعمال کرتے ہیں ۔ وہ غنڈوں کو پیدا کر رہے ہیں آپ ان پر جائز قانونی پابندیاں لگانے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔

جناب سپیکر میں حیران ہوں کہ ہماری اپنی مغربی پاکستان کی حکومت نے فدا حسن کمیٹی رپورٹ کے پیش نظر ان خیالات کا اظہار کیا تھا مغربی پاکستان کی حکومت کی جانب سے جو سفارشات کی گئیں ہیں یا جو تجاویز پیش کی گئیں ہیں ان تجاویز میں سے نمبر ایک یہ تجویز بھی تھی کہ :

An immediate ban on liquor, prostitution, racing and cabrets.

یہاں انہوں نے کہا تھا کہ رشوت ستانی کو ختم کرنے کے لیے ۔ شراب خوری یا جوا بازی ، گھوڑ دوڑ پر بھی انہی لائنوں پر

پابندیاں عائد کر دی جائیں لیکن میں حیران ہوں کہ وہی حکومت آج جناب محمود اعظم فاروقی صاحب کی اتنی معقول اور مناسب تجویز کی مخالفت کیوں کرتی ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ حکومت زبان سے کچھ کہتی ہے اور ان کا عمل اس سے بالکل مختلف ہوتا ہے ۔ سب سے زیادہ افسوسناک چیز یہ ہے کہ اس قسم کا عمل پیش کرتے وقت ان کو احساس شرم نہیں ۔ آپ جانتے ہیں کہ وہ حکومت یا وہ فرد جو بدنامی سے بے نیاز ہو اس کا علاج کرنا بہت مشکل ہوتا ہے ۔ یہی مصیبت ہمارے ملک کی آبادی کو لاحق ہے کہ وہ حکومت جو بدنامی سے بے نیاز ہے وہ ہنگامے جو آپ بازاروں میں دیکھتے ہیں یہ انہی کے اپنے پیدا کردہ ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو یاد ہو گا کہ جناب خواجہ محمد صفدر صاحب نے اس اسمبلی کی معیاد کے دوران جوئے پر پابندی عائد کرنے کے لیے ایک مسودہ قانون پیش کیا تھا اس میں گھوڑ دوڑ کو شامل نہیں کیا گیا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ اگر گھوڑ دوڑ پر پابندی عائد کرنے کے لیے اس ایوان میں کوئی مسودہ قانون پیش کیا جائے تو اس سے حکومت کے مالیات پر اثر پڑتا ہے یا حکومت کی آمدن پر اثر پڑتا ہے اسی لیے اس کی اجازت جناب گورنر صاحب سے پیشگی لینی پڑتی تھی ۔ جناب گورنر صاحب سے پیشگی اجازت کے لیے درخواست دی گئی تھی لیکن وہ اجازت دینے کے لیے تیار نہ تھے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسودہ قانون جو جوئے پر پابندی لگانے کے لیے پیش کیا گیا اس میں گھوڑ دوڑ شامل نہ تھی ۔ اسلامی مشاورتی کونسل کے نزدیک وہ جوا جو گھوڑ دوڑ کی شکل میں ریس کلبوں میں کھیلا جاتا ہے وہ جوئے کی تعریف میں آتا ہے وہ بھی اس میں

شامل ہے انہوں نے کہا کہ ہم مذہبی اور اسلامی نقطہ نگاہ سے اس مسودہ قانون کی مخالفت کرتے ہیں ۔ لیکن میں آج وزیر قانون صاحب سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ آپ اس دنیا میں بدنامی کیوں مول لیتے ہیں اور اپنی عاقبت کیوں خراب کرتے ہیں اور اس قسم کی معقول تجویز کی کیوں مخالفت کرتے ہیں ۔ وزارتوں کے متعلق آپ جانتے ہیں کہ یہ کسی کے پاس ہمیشہ نہیں رہتیں ۔ یہ گورنر صاحب یا صدر صاحب کی صوابدید کے تابع ہوتی ہیں کہ وہ جس روز چاہیں پکڑ کر آپ کو علیحدہ کر سکتے ہیں ۔ جس کو ہم آخری نبی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سمجھتے ہیں جو اللہ تعالی کے پسندیدہ اور سب سے زیادہ پسندیدہ اور آخری نبی ہیں ان کے احکامات موجود ہیں ۔ اللہ تعالے کے احکامات قران مجید میں موجود ہیں پھر آپ اس تجویز یا اس ترمیم کی مخالفت کرکے ان احکام کی خلاف ورزی کے مرتکب کیوں ہوتے ہیں ۔

جناب سپیکر آپ کو اچھی طرح علم ہو گا کہ ہماری جانب سے جو اعتراضات کئے جاتے ہیں یہ محض ہوائی یا ہمارے ذہنوں کی پیداوار نہیں ہوتے بلکہ اسی اسمبلی میں ایک معزز رکن کے نشان زدہ سوال کے جواب میں ہمیں یہ بتایا گیا کہ بہت سی ایسی کلبیں ہیں جن میں جیم خانہ کلب سر فہرست ہے ۔ کراچی کی کلب جس کو آفیسرز کلب کہتے ہیں شامل ہے اور اسی طرح لائلپور کی چناب کلب بھی شامل ہے ۔ ان میں بہت سے افسران جا کر ہزاروں گیلن شراب پیتے ہیں ۔ میں حیران ہوں کہ وہ حکومت جس میں وزیر قانون جیسے نیک اور پارسا لوگ شامل ہیں ۔ جس میں مخدوم حمیدالدین صاحب ۔ نوابزادہ محمد علی جیسے اسلام دوست وزراء موجود ہیں ۔ اسلام کے

احکامات کے پرستار وزرا موجود ہیں خدا معلوم ان کے سابقہ کردار ۔ ان کے ضمیر اور ان کے مذہبی اعتقادات کو کیا ہو گیا ہے ۔ میں حیران ہوں اور آپ بھی اس بات کو جانتے ہیں کہ جناب سعید احمد کرمانی صاحب کے بارے میں تو میں مان سکتا ہوں کہ وہ ایک روز کچھ کہتے ہیں اور دوسرے آپ کے ساتھ مل کر کچھ کہنے لگ جاتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ افسوس کا مقام یہ ہے کہ اس قسم کے وزرا جو اس حکومت میں شامل ہیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ آج سے چند روز پہلے جناب صدر مملکت جب لاہور تشریف لائے تو انہوں نے گورنر ہاؤس میں مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کے اراکین کو خطاب کرتے ہوئے یہ فرمایا تھا کہ میں اس ملک میں اسلامی قوانین نافذ کرنا چاہتا ہوں اور انہوں نے علماء سے بھی درخواست کی تھی ۔ کہ وہ متفقہ طور پر جو جو تجاویز پیش کریں گے وہ ان کو ماننے کے لیے تیار ہیں ۔ آپ بتائیں کہ وہ حکومت جو ایسے آئین کے تحت قائم ہوئی ہو اور اس آئین کے تحت یہ ایوان معرض وجود میں آیا ہو وہ آئین جس میں اس ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان لکھا ہو ۔ وہ آئین جو صدر مملکت کی تخلیق ہے ۔ وہ صدر مملکت جس کے ہاتھ میں اقتدار کی کنجی ہے اگر ان کے احکام کے خلاف وہ غلط کام کرنا چاہتے ہیں تو وہ کر گزریں ۔ اگر نیکی کا اعلان جو آج سے چند روز پہلے گورنر ہاوس میں بیٹھ کر کیا تھا اس کو ان کی بنائی ہوئی حکومت ، وہ حکومت جو ان کے اشاروں پر قائم ہوئی ہے وہ ممبران جن کو انہوں نے منتخب کروایا ہوا ہے آج ایوان میں بیٹھ کر ان کے کئے ہوئے وعدوں کو ماننے اور

ان پر عمل کرنے کے لیے تیار نہیں تو پھر کس سے توقع کی جا سکتی ہے ؟

عرض یہ ہے کہ جب آپ ان ترامیم کو ماننے کے لیے تیار نہیں ہیں - جب آپ اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ ہمارے بہت سے افسروں میں وہ تمام نقائص موجود ہیں جو کہ ان افراد میں موجود ہوں گے جن کو آپ غنڈہ قرار دیں گے تو آپ مجھے بتلائیں کہ وہ افسر جن کا اپنا کردار غنڈوں جیسا ہو کسی آدمی کو کیسے غنڈہ قرار دیں گے - یہ کتنی ستم ظریفی ہے - یہ کتنا ظلم ہے - اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو سکتا ہے - اگر وہ افسر جن کا کردار غنڈوں جیسا ہو - آپ ان کو اتنے اختیار دے دیں - تو آپ نے غنڈوں کا defence کیا ہے - جناب سپیکر اس میں جناب فاروقی صاحب نے اس ترمیم میں tout اور manager کا ذکر بھی کیا ہے - آپ یقین جانیں کہ جو بہت ہی بارسوخ دولتمند یا بڑے افسر ہوتے ہیں جب وہ یہ بد عملیاں کرتے ہیں تو اکثر اوقات وہ اپنا الہ کار کسی آدمی کو بناتے ہیں - ان touts کو بہت بلند مقام حاصل ہے - ہماری sociteey میں ان کا مقام بہت بلند ہے - اس وقت ہمارے ملک میں ماحول یہ ہے کہ وہ افراد جو کہ غنڈہ ہیں ان کو عزت اور احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے - آپ یہ بتائیں کہ آپ کس طرح اپنی آئندہ نسلوں کو یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس قسم کے لوگوں کا احترام کریں - وہ لوگ جو ان برائیوں اور ان لعنتوں میں ملوث ہیں - ان کو معاشرے میں بہت بلند مقام حاصل ہے - اور وہ بہت کھاتے پیتے کہلاتے ہیں - اور معززین کی فہرست مین شامل ہیں - میں بلا خوف تردید کہتا ہوں - اس ایوان میں کہ مجھے ایسے اشخاص کا علم

ہے ۔ اور بہت سے افسروں سے بھی بات چیت ہوئی ہے ۔ مجسٹریٹوں اور بڑے بڑے افسروں کو لوگ جانتے ہیں ۔ جو بغیر شراب پیے رہ نہیں سکتے ۔ اور جوا کھیلنا ان کا روز مرہ کا کام ہے ۔ اور وہ مزے کرتے ہیں ۔ مجھے ایسے پولیس افسروں اور مجسٹریٹوں کا پتہ ہے جو اپنی ہی کچہری میں بیٹھ کر حزب اختلاف والوں کو یہ دھمکیاں دیتے ہیں کہ میں ایک غنڈہ مجسٹریٹ ہوں ۔ اس لیے ذرا سوچ سے کام لیجئے ۔ میں ہر قسم کا حربہ استعمال کر سکتا ہوں ۔ آپ نے آج اس ترمیم پر غور کرکے یہ ثابت کیا ہے ۔ کہ افسر شاہی میں جو کالی بھیڑیں ہیں ۔ آپ ان کو ختم نہیں کرنا چاہتے ۔ بلکہ آپ ان کی حوصلہ افزائی کرنا چاہتے ہیں اور جب تک آپ ایسے افراد کی حوصلہ افزائی کرتے رہیں گے ۔ یقین کیجئے ۔ آپ اپنے عمل سے اس ملک سے غنڈہ عنصر کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں ۔ اور نہ صرف یہ کہ آپ اس قوم کے ساتھ کوئی بھلائی نہیں کر رہے ہیں بلکہ اپنی ذات پر بھی زیادتی کر رہے ہیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں فاروقی صاحب کی ترمیم کی تائید کرتا ہوں ۔

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): Sir, when I had opposed this amendment the intention was not to give a wide rope to people who go to the clubs and resort to drinking or gambling. Actually my friends are labouring under some misconception ; otherwise all that they have said is covered in the law as it stands today. If you kindly see sub-section (*a*), which says :

> "(*a*) When the Tribunal is satisfied that the person complained against keeps or manages a drinking or gambling den or a place where these things are done",

the word "place" covers everything and even a club is included in the word "place". Therefore, the law as it is framed is comprehensive enough and it does not exclude clubs. Clubs are after all places. They are not

boats. Everywhere this law is applicable. So far as gambling is concerned, a separate law exists which is known as the West Pakistan Suppression of Gambling Ordinance, 1961 and anywhere if gambling is resorted to, whether it is in a club or it is in an evasive club, wherever it is, it is punishable under law.

Malik Muhammad Akhtar : Point of order. I am sorry to interrupt the Minister. May I know that all the provisions which they have brought in this context and in Goonda Control Ordinance, do they not exist in other laws and if at all they exist, this amendment is not necessary. When in the ordinary law of the land, in Criminal Procedure Code and Pakistan Penal Code all the provisions of Goonda Act already exist, why are they bringing this special law then.

Minister for Law : Therefore, the intention of the Government is to chase all anti-social elements wherever they may be and the law as it is framed, is comprehensive enough. All the criticism that has been levelled is just a pretext of criticism. Otherwise the law is comprehensive and I, therefore, oppose this amendment and submit that this be thrown out.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب سپیکر - میں ایک بات آپ سے سمجھنا چاہتا ہوں انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ "place" میں ہر چیز آ جاتی ہے کلب بھی آ جاتی ہے اگر "place" کا یہ مطلب ہے تو پھر "den" کی کیا ضرورت ہے ؟ اس کا مطلب یہ ہوا کہ "place" کی جگہ "den" نہیں آتا -

Mr. Speaker : The question is :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for clause (*a*), the following be substituted, namely :—
>
> "(*a*) keeps or manages a place, den or club where opium or other intoxicating drugs are smoked or otherwise consumed or where gambling is carried out or makes a livelihood out of such place, den or club or acts as a manager, a tout or otherwise howsoever; or."

The motion was lost.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - پوائنٹ آف آرڈر - کورم نہیں ہے -

مسٹر حمزہ - باہر لاٹھی چارج ہو رہا ہے - شاید ممبر صاحبان وہ دیکھ رہے ہوں -

Mr. Speaker: Let there be a count (*count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung (*bells were rung*).

ایک ممبر : باہر غالب کے پرزے اڑ رہے ہیں -

Mr. Speaker: The House is now in quorum. Next amendment is from Malik Muhammad Akhtar. No. 10.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I beg to move :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for clause (*b*) the following be substituted, namely :—
>
> "(*b*) engages in the illicit manufacture or sale or liquor or opium or other intoxicating drugs of being a Police Officer gets bribe from any such person engaged in illicit manufacture or sale of liquor or opium or other intoxicating drugs ; or".

Mr. Speaker: The amendment moved is :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for clause (*b*) the following be substituted, namely :—
>
> "(*b*) engages in the illicit manufacture or sale of liquor or opium or other intoxicating drugs or being a Police officer gets bribe from any such person engaged in illicit manufacture or sale of liquor or opium or other intoxicating drugs ; or",

Minister of Law: Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - میں اس پر زیادہ لمبی بات نہیں کروں گا کیونکہ میری similar amendments کافی ہیں - میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ یہ جو خلاف قانون اور بلا اجازت شراب یا افیون یا دوسری intoxicating drugs بنائی جاتی ہیں - یہ ایسا سنگین جرم ہے کہ جب تک manufacturers متعلقہ پولیس افسران کے ساتھ نہ مل جائیں وہ کامیاب نہیں ہو سکتے - یہ sale تو نہیں کہ کسی نے ناجائز شراب یا

افیون درآمد کی یا فروخت کر دی یہ sub-clause تو manufacturers کے لئے ہے ۔ ایسا تو نہیں ہو سکتا کہ اس قسم کی اشیا manufacture کی جائیں اور پولیس کو علم نہ ہو ۔ آخر بھٹیاں لگائی جاتی ہیں ۔ اس کے لئے مصالحہ حاصل کیا جاتا ہے اور پھر شراب تیار کر کے باقاعدہ فروخت بھی کی جاتی ہے ۔ تھانہ کے S.H.O. یا Beat Inspector اس سے لاعلمی کا اظہار کریں تو یہ ممکن نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب مجھے اندازہ کرنے دیں کہ کتنے ممبران توجہ سے آپکی تقاریر سن رہے ہیں ۔ (وقفہ)

اب میرے خیال میں سارے ممبران متوجہ ہیں ۔ آپ تقریر فرمائیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میرے خیال میں حکومت کا نقطۂ نظر دراصل یہ ہے کہ جتنے متشددانہ قوانین legislate کئے جا سکتے ہیں کئے جائیں ۔

Mr. Speaker: It is not proper that a Member should move from place to place and have communication with other Members. I shall have to enforce the Rules of Procedure very strictly. I have been seeing that Members are busy in communicating with each other and not attending to the Assembly business. It is strictly prohibited. I will see that these instructions are carried out.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں سرے سے اس چیز کا مخالف ہوں ۔ اگر انہوں نے ایک سو غنڈوں کو مارا یا مجروح کیا یا ان کو arrest کیا ۔ اس سے غنڈہ گردی تو ختم ہو چکی ہے ۔ جب عام قوانین کے تحت ان کو کنٹرول کرنے کے دوسرے ذرائع موجود ہیں تو پھر special laws کا بنانا society کے منہ پر تھپڑ مارنے کے مترادف ہے ۔ کیا اس ملک میں ہزاروں اور لاکھوں غنڈے ہیں جو حکومت اس قسم کے special laws لانے پر مجبور ہے ؟

Mr. Speaker: I will put the amendment to the vote of the House now.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حکومت جو اس قسم کے قوانین بنا رہی ہے اور دراصل حاکمیت اور محکوم ہونے کی فلاسفی جو ۱۹۵۸ء میں crop up ہوئی تھی - میں اسے refer نہیں کرتا کیونکہ اس پر بات کرنے کے کافی مواقع ہیں -

یہ حقیقت ہے کہ برسر اقتدار طبقہ کے دل میں عوام کی بالکل قدر و منزلت نہیں - ان کی کوئی عزت نہیں - یہ عوام کو بھیڑوں کی طرح سمجھتے ہیں اور پاکستان کے وسائل کو لوٹنے پر تلے ہوئے ہیں - یہاں بالکل ایسے ہو رہا ہے جیسے کسی مفتوحہ ملک میں کیا جاتا ہے - میں اس پر زیادہ بات نہیں کرتا کیونکہ ممکن ہے میں irrelevant ہو جاؤں -

Mr. Speaker: I think even that is not relevant to the amendment.

ملک معراج خالد (لاہور - ۵) - جناب والا - میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ملک صاحب نے اپنی تقریر میں جو کچھ اظہار کیا ہے - اس میں انہوں نے چند ایک چیزیں ایسی بیان فرمائی ہیں - جن سے مجھے اختلاف ہے - اگرچہ میں ان کی ترمیم کی تائید کرتا ہوں -

انہوں نے فرمایا ہے کہ غنڈہ ایکٹ کے نافذ ہونے کے بعد تمام غنڈہ ازم ختم ہو گئی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ یہ قطعی طور پر غلط ہے- اس کا ثبوت یہ ہے کہ باوجود اس کے کہ حکومت کے پاس تمام اعداد و شمار موجود ہیں جن کی بنا پر یہ بات وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ پہلا غنڈہ ایکٹ کافی با اثر اور نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوا - اس لئے حکومت مجبور ہو گئی ہے کہ مزید اختیارات حاصل کرے تاکہ پہلے قانون کے تحت جو لوگ پکڑے نہیں جا سکتے تھے وہ پکڑے جا سکیں اور پھر اس کا مکمل طور پر انسداد ہو سکے -

میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس سے بھی غنڈہ ازم ختم نہیں ہو گی ۔ جو ترمیم پیش کی گئی ہے وہ اس لئے بھی ضروری ہے کہ حکومت کے نقطۂ نظر کو وسعت دینا نہایت ضروری ہے ۔ جب تک آپ ان لوگوں کو نہیں پکڑیں گے۔ جو غنڈہ ازم کی پرورش کرتے ہیں۔ اور جو اسکی پشت پناہی کرتے ہیں ۔ یہ جرم دبایا نہیں جا سکتا ۔ اس کو ختم کرنے کے لئے جہاں دوسری چیزیں پیش کی جائیں ۔ وہاں اس چیز کو بھی ملحوظ خاطر رکھنا نہایت ضروری ہے کہ وہ کون سے محرکات ہیں جن سے لوگ غنڈہ بننے پر مجبور ہوتے ہیں ۔

Mr. Speaker: The question is

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for clause (*b*), the following be substituted, namely :—
>
> "(*b*) engages in the illicit manufacture or sale of liquor or opium or other intoxicating drugs or being a Police Officer gets bribe from any such person engaged in illicit manufacture or sale of liquor or opium or other intoxicating drugs ; or".

The motion was lost

Mr. Speaker: Next amendment No. 11 by Mr. Mahmood Azam Farooqi.

Mr. Mahmood Azam Farooqi: Sir I beg to move

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*b*), the word "illicit" "occurring in line 1, be deleted.

Mr. Speaker: The amendment moved is :—

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*b*), the word "illicit" "occurring in line 1, be deleted.

Minister for Law: I oppose it Sir.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - میری پہلی ترمیم جب اس ہنگامی قانون کے سلسلے میں ایوان میں پیش ہوئی تھی تو اس پر

تقریر کرتے ہوئے حمزہ صاحب نے فرمایا تھا کہ ان کی توقع کے خلاف یہ بات ہوئی کہ وزیر قانون صاحب نے میری تحریک کی مخالفت کی ہے لیکن میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ وزیر قانون کی مخالفت میرے لئے کوئی خلاف توقع بات نہیں ہے ۔ یہ حضرات جو کچھ اس ملک میں کر رہے ہیں اس چیز کو سامنے رکھکر کر رہے ہیں اور میں یہ سوچ بھی نہیں سکتا کہ ان سے کوئی بھلائی کی توقع کی جا سکے یا یہ کسی نیک کام میں ملک کی خدمت کر سکتے ہیں ۔ جناب والا اس ذیلی دفعہ کا مقصد یہ ہے کہ کوئی شخص جو کہ صوبے میں شراب کشید کرنے یا شراب فروخت کرنے کا یا افیون کا ناجائز کاروبار کرتا ہے اس کو غنڈہ بنایا جا سکتا ہے ۔ میری صرف ترمیم یہ ہے کہ اس ناجائز کا لفظ ہٹا دیا جائے کیونکہ جس کی برائی میں دنیا کے کسی code of ethics کو برائی کا شبہہ نہیں ہے خواہ اس میں شراب پینے والا ہو یا وہ ممالک جو شراب میں غرق رہتے ہیں خود انکے code of ethics میں بھی اور ان کا سمجھدار طبقہ بھی جانتا ہے کہ شراب اچھی چیز نہیں ہے اور ناجائز ہے اور ہمارے ملک میں نبی اکرم ص سے لیکر آج تک ہر شخص جانتا ہے اور ایک عالم فقیہہ سے لے کر فیکٹری میں کام کرنے والا مزدور اور کھیتوں میں ہل جوتنے والا کسان غرضیکہ ہر شخص کو اس بات میں رمق بھر شک نہیں ہے کہ شراب پینا پلانا شراب کشید کرنا یہ اسلامی قانون کے منافی ہیں اور ناجائز ہیں لیکن آپ کہتے ہیں کہ اس قانون کے ذریعہ جائز ہو سکتا ہے یعنی یہ کہ اگر حکومت کسی کو شراب کی کشید کی اجازت دیتی ہے اور افیون بیچنے کی اجازت دیتی ہے تو پھر اس کا کاروبار جائز ہے اور وہ اس کو کر سکتا ہے لیکن کوئی شخص اگر حکومت کی اجازت کے بغیر یہ کام کرے تو وہ غنڈہ ہے ۔ میں

کہتا ہوں کہ یہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے خلاف چیز ہے کیونکہ اگر کسی ناجائز چیز کی حکومت اجازت دیتی ہے تو XXXX *

Mr. Speaker: These words are not proper and are expunged from the proceedings of the Assembly.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - جو چیز میں نے عرض کی ہے میں اس کو دوبارہ عرض کرتا ہوں کہ کوئی ایسا کام جو حکومت کی مرضی کے خلاف کیا جائے گا تو وہ غنڈہ گردی میں شمار کیا جائیگا اور اگر وہ کام جو خدا کے حکم یا مرضی کے خلاف کیا جائے گا تو وہ بھی غنڈہ ازم ہے خواہ اس میں بڑے سے بڑا آدمی کیوں نہ ملوث ہو - اور اگر اس ملک کی انتظامیہ کو چلانے والا کوئی فرد خاص کر ایسا کام کرتا ہے جو حکومت کے حکم کے خلاف ہے تو وہ بھی غنڈہ ہے تو میری ترمیم کا مقصد یہ ہے کہ وہ تمام اشخاص اور وہ تمام لوگ جو ایسا کام کرتے ہیں جس کو خدا نے منع کیا ہے خواہ اس کی حکومت کی طرف سے اجازت حاصل ہو یا نہ ہو تو وہ غنڈہ ازم کا ارتکاب کرتے ہیں ان کے خلاف ضابطہ کی کارروائی ہونا چاہئے کیونکہ جو چیز اسلام میں ناجائز ہے وہ حکومت کی اجازت دینے سے جائز نہیں ہو سکتی - میں اس وقت جس ملک کے ایوان میں کھڑا ہو کر تقریر کر رہا ہوں اس کے دستور میں یہ بات درج ہے کہ اس ملک کے بسنے والے کروڑوں انسانوں کو اسلام کے مطابق زندگی بسر کرنے کی ترغیب دی جائیگی اور اس ملک میں قرآن و سنت کے خلاف کام کرنے والوں کی حوصلہ افزائی نہیں کی جائیگی اور خاص طور پر دستور میں یہ کہا گیا ہے کہ شراب بنانے والے شراب پینے والے افراد کو قانون شکنی کی اجازت نہیں دی جائے گی یہ قانون شکنی کا ارتکاب میری

*Expunged as ordered by the Speaker.

سمجھ سے بالا تر ہے کہ ایک شخص شراب کا کاروبار کرتا ہے اور اگر وہ آپ کی اجازت سے کرتا ہے تو وہ غنڈہ نہیں ہے ۔ اگر شریعت کے لحاظ سے ۔ دین کے لحاظ سے اور اسلام کے لحاظ سے یہ چیز ناجائز ہے تو آپ کی اجازت دینے سے کیسے جائز ہو سکتی ہے؟ لہذا میں آپ کی وساطت سے وزرائے کرام سے درخواست کروں گا کہ اگر آپ میری بات پر کان نہ دھرتے تو جس نے آپ لوگوں کو ان کرسیوں پر پہنچایا ہے جس نے آپ کو وزیر بنایا ہے کہ آپ اس کے چشم ابرو کے ایک اشارے پر ان کرسیوں پر آگئے ہیں اور اسی کے چشم ابرو کے ایک اشارے سے تحت الثریٰ میں پہنچ سکتے ہیں آپ اس کے حکم کے خلاف کر رہے ہیں اس نے ابھی حال ہی میں اپنی ایک تقریر میں کہا تھا کہ میں چاہتا ہوں کہ اس ملک میں اسلامی قوانین نافذ العمل ہوں لیکن اس کے لئے شرط یہ ہے کہ تمام علما ہم‌خیال ہوجائیں پھر اس کے بعد جوڈیشری متحد ہو جائے اور پھر تمام وکلاء متحد ہو جائیں اور پھر ان قوانین کو اس ایوان کی منظوری حاصل ہو جائے تو میں اس پر آنکھ بند کرکے اپنی مہر لگا دوں گا ۔ میں آپ سے کہتا ہوں کہ شراب کی کشید کرنے ، شراب کے پینے اور شراب کے پلانے ، شراب کے بنانے ، شراب کا حساب رکھنے غرضیکہ جتنے کام بھی اس سے متعلق ہیں ان میں کسی فرد یا کسی شخص کو خواہ وہ عوام سے تعلق رکھتا ہو خواہ خواص سے تعلق رکھتا ہو خواہ وہ جوڈیشری سے متعلق ہو خواہ وکیل ہو اور شراب استعمال کرتا ہو یا نہ کرتا ہو اس چیز میں اختلاف نہیں ہے کہ شراب اسلام کے احکام کے خلاف ہے اگر آپ ایسا قانون پاس نہیں کر سکتے اور اس میں جائز و ناجائز کی دفعات لانا چاہتے ہیں تو میں پھر وہی بات کہونگا جو پہلے عرض کر چکا ہوں کہ ایک کروڑ پتی

آدمی یا ایک کارخانہ دار جس کو آپ خود شراب فروخت کرنے کا لائسنس دیتے ہیں اور جب آپ نے اس کو شراب بنانے کا کاروبار کرنے کی اجازت دی ہے تو اس کا وہ کاروبار جائز ہے اور اس کروڑ پتی کارخانہ دار نے آپ کی کون کون سی ناجائز خواہشات پوری کی ہونگی اور پورا کرتا ہو گا اور جس کو آپ کی طرف سے اجازت نہیں ملی ہے وہ مجرم ہے تو یہ جرم کا امتیاز کہ ہماری بغیر اجازت کے چونکہ یہ کاروبار کرتا ہے تو مجرم ہے اور ہماری اجازت سے کرتا ہے تو مجرم نہیں ہے میری سمجھ سے بالا تر ہے ۔ اس لئے جناب والا میں آپ کے توسط سے وزیر قانون کی خدمت میں عرض کرونگا کہ مبہم قوانین سے اور طرح طرح کے بہانوں سے وہ فرار کی راہ اختیار نہ کریں کہ فلاں کلب کو اجازت ہے فلاں جگہ پر اسکی اجازت نہیں ہے ۔ ایسے فرار کے راستوں سے اور ایسے بہانوں کے ذریعہ آپ عوام کو اور اس ملک کے لوگوں کو اور اس معزز ایوان کو مغالطہ میں ڈال سکتے ہیں لیکن اس ذات کے سامنے جس کے سامنے یقیناً آپ کو ایک دن جواب دینا ہے اس کے سامنے یہ فرار کی راہیں کامیاب نہ ہو سکیں گی ۔ لہذا اس ملک کے مفاد کے لئے اور آپ کے اپنے مفاد کے لئے میں عرض کروں گا کہ شراب بنانے والا ہر شخص خواہ اس کو آپ نے اجازت دی ہے یا اجازت نہیں دی ہے مجرم ہے ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) جناب سپیکر ۔ اخوند صاحب بخوبی جانتے ہیں کہ شراب کی کشید اور شراب کو فروخت کرنا کبھی جائز ہو ہی نہیں سکتا لہذا شراب کا کشید کرنا یا فروخت کرنا وہ ہر صورت میں آپ کے قانون بنانے کے باوجود ناجائز ہے ۔ اسی لئے جناب فاروقی صاحب نے جو یہ دوررس ترمیم اس ہنگامی قانون میں تجویز

کی ہے یہ انتہائی معقول اور مناسب ہے بلکہ ہمارے ملک کے حالات کے اور تقاضوں کے عین مطابق ہے ۔ جناب فاروق صاحب نے شراب کے ہنگامی قانون پر جو تقریر کی ہے اور جو کچھ وہ وزیر قانون کو بتا چکے ہیں ان کے بتانے سے پہلے انہیں اس بات کا علم تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے آخری نبی نے شراب کے کشید کرنے اور اس کا کاروبار کرنے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کو ایک لعنت قرار دیا ہے ۔ اور ان افراد پر لعنت کی ہے جو کہ اس کا کاروبار کرتے ہیں یا اس کاروبار کو جائز گردانتے ہیں ۔ جناب وزیر قانون کی جانب سے مجھے یہ توقع ہے کہ یہ جواز پیش کیا جائے گا کہ ہمارے ملک میں بہت سے ایسے افراد موجود ہیں جن کو ان نام نہاد ذرائع سے اگر شراب مہیا نہ کی جائے گی تو اس سے ان کی جان کو خطرہ لاحق ہو جائے گا ۔ میں جناب وزیر قانون کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ آپ نے قانون میں جو چور دروازے رکھے ہوئے ہیں اس میں ہماری قوم کے بہت سے افراد اور خاص طور پر جو نوجوان طبقہ ہے وہ شراب پینے کی لت کا پہلے سے زیادہ شکار ہو رہا ہے ۔ اگر اپ کی اس دلیل کو ہم تسلیم کر لیں کہ پاکستان کو معرض وجود میں آئے اکیس سال گزر چکے ہیں اور وہ افراد جو آج سے اکیس سال پہلے شراب پیتے تھے ان میں سے ۹۰ فیصدی اللہ کے حوالے ہو چکے ہوں گے اور اس دن سے جب سے وہ مرے ہیں وہ جہنم کا مزا چکھ رہے ہوں گے ۔ آپ کی اپنی دلائل کے مطابق اس وقت اس ملک میں شراب پینے والوں کی تعداد ۱۰ فیصد ہونی چاہئے کیونکہ ۲۱ سال میں لازمی طور پر ان میں سے بیشتر اس دنیا سے کوچ کر چکے ہوں گے لیکن جناب سپیکر آپ کو علم ہے کہ اس ایوان میں حکومت نے ہمیں یہ خود بتایا ہے کہ اس

صوبے میں شراب کی کشید میں دن بدن اور سال بہ سال اضافہ ہوتا رہا ہے محض نام نہاد جائز طریقہ سے شراب کی کشید میں اضافہ نہیں ہوا بلکہ غیر ممالک سے جو شراب مغربی پاکستان میں درآمد کرتے رہے ہیں اس کی مالیت میں بھی سال بہ سال اضافہ ہوا ہے ۔ میں جناب وزیر قانون کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں اگر ان کو یہ علم نہیں ہے کہ آپ جائز طریقہ سے شراب حاصل کرنے اور اس کے استعمال کرنے کے جو چور دروازے رکھے ہوئے ہیں ان سے شراب کے ناجائز کشید ہونے کے بہت سے امکانات ہی موجود نہیں بلکہ ناجائز طریقے سے ان چور دروازوں سے شراب کی کشید اور اس کی فراہمی بھی بہت تیزی سے بڑھ رہی ہے ۔ جناب سپیکر میں وزیر قانون صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ آپ فرماتے ہیں کہ شراب ناجائز طریقہ سے حاصل کی جاتی ہے جو لائسنس یافتہ دکاندار بیچتا ہے یا ہوٹل والے لائسنس یافتہ اس کو فروخت کرتے ہیں ۔ میں یہ مانتا ہوں کہ بعض ایسے افراد ہیں جنہوں نے کبھی لائسنس حاصل نہیں کیا شراب کی بھٹیاں وہ کھلے بندوں چلاتے ہیں اور حکومت کو یا حکومت کے عمال کو اس بات کا علم ہوتا ہے کہ فلاں جگہ شراب کی بھٹی چل رہی ہے وہ محض اپنا حصہ وصول کرنے کے بعد کھلی اجازت دے دیتے ہیں اور وہ شراب کشید کرتے رہتے ہیں ۔ اس ضمن میں ایک مثال پیش کرتا ہوں تقریباً آج سے دو یا تین سال پہلے لائلپور کی ڈسٹرکٹ کونسل کے ممبروں کے انتخاب ہو رہے تھے ایک ایسا چئرمین تھا جو کہ ٹھیکری والہ ضلع لائلپور کا باشندہ تھا وہ گاؤں اس تھانے سے ۴ مربع یا ایک میل سے بھی کم فاصلے پر واقع ہے اس گاؤں کے بارے میں لائلپور کے ہر فرد کو پتہ ہے کہ شراب کا بیشتر حصہ اس گاؤں سے مہیا کیا

جاتا ہے ۔ اتفاق سے جو اس وقت ضلع کے عمال تھے انہوں نے اس چیئرمین کو حکم دیا کہ تم فلاں پارٹی کو ووٹ دو تو اس کی خوش قسمتی یا بدقسمتی کہ وہ چیئرمین دوسری پارٹی کے قابو میں آ گئے اور وہ پولیس کے قبضہ میں نہ آ سکے ۔ ڈسٹرکٹ کونسل کی ایلیکشن میں انہوں نے ووٹ ان کی منشاء کے خلاف دے دیئے ۔ نتیجہ اس کا یہ ہوا کہ ڈی ایس پی لائلپور نے اس کے گھر پر جا کر چھاپا مارا ۔ آپ کے ''پاکستان ٹائمز،، کے صفحات اس بات کا ثبوت مہیا کریں گے یہ زندہ ثبوت ہے کہ ۲۵۰ من پکی لاہن اس کے گھر سے ڈرموں کی صورت میں اس کے گھر سے برآمد کی گئی تو جناب سپیکر آپ نے جائز طریقہ سے شراب حاصل کرنے کی جو گنجائش رکھی ہوئی ہے اس کی وجہ سے ناجائز طریقہ سے شراب کشید کرنے کے موقع نکل آتے ہیں غیر ملکی شراب کافی مہنگی ہوتی ہے لیکن جو روپیہ ادا کرتا ہے وہ شراب پی لیتا ہے ۔ میں بہت سے شرابیوں کو جانتا ہوں کہ جن کے پاس کوئی پرمٹ نہیں ہوتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب کم از کم مجھے معلوم نہیں کہ آپ کون کون سے شرابیوں کو جانتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آپ میرا اشارہ تو ضرور سمجھتے ہوں گے کوئی شخص شراب فروخت کرنے والا یہ نہیں کہتا کہ پرمٹ لاؤ وہ تو کہتا ہے کہ پیسے دو پھر شراب جتنی مرضی لے جاؤ ۔ میں نے ایسے لوگوں کو دیکھا ہے جن کے پاس پرمٹ نہیں ہوتا لیکن وہ شراب کے عادی ہو جاتے ہیں اور بہت سے ایسے ہوتے ہیں جن کے پاس ناجائز طریقے سے کمائی ہوئی دولت ہوتی ہے اور جن کے پاس نہیں ہوتی وہ اس کو حاصل کرنے کے ناجائز ذرائع تلاش کرتے ہیں اور پھر شراب کو ناجائز

ذرائع سے کشید کرنے والے بھی پیدا ہو جاتے ہیں ۔ ہمیں ایک ایسی انتظامیہ مہیا کی گئی ہے کہ جس کو کوئی پوچھنے والا نہیں ۔ جتنی مرضی قانون شکنی کرتی جائے اس کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہوتا ۔ جناب گل صاحب بھی بہت اچھی طرح جانتے ہیں کیونکہ میں نے لائلپور کی بات کی ہے میں آپ سے یہ التجا کروں گا کہ اگر واقعی آپ شراب کے استعمال کو قوم و ملک کے لئے نقصان دہ سمجھتے ہیں یا پاکستانی بھائیوں کے لئے آپ اس کو حرام تصور کرتے ہیں تو آپ جناب محمود اعظم فاروقی کی تجویز کو قبول کیجئے ۔

وزیر قانون ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو معلوم ہے کہ حال ہی میں سندھ آبکاری آرڈیننس اس معزز ایوان نے پاس کیا ہے تقریباً پورے صوبے میں شراب کو قبضہ میں رکھنا اس کا استعمال کرنا ممنوع ہے ۔

ملک معراج خالد ۔ جناب والا کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Let there be a count (*count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung (*bells were rung*). The House is now in quorum.

وزیر قانون ۔ جناب عالی ۔ میری گذارش یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب عالی ۔ اپوزیشن والے خود پوائنٹ آف آرڈر کرتے ہیں کہ کورم نہیں ہے اور خود ہی باہر چلے جاتے ہیں ۔

Mr. Speaker : I hope the majority party will bear it in mind and will try to point out such occasions.

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند) ۔ اب تقریباً پورے صوبہ میں کسی نشہ آور چیز کو قبضہ میں رکھنا اور استعمال کرنا خلاف قانون ہے ۔ اس شق میں جو چیز ہم لائے ہیں وہ یہ ہے کہ

نشہ آور چیز کی فروخت خلاف قانون ہے اس کو بنانا خلاف قانون ہے اور جو ایسا کرے اسے غنڈہ قرار دیا جائے ۔ آپ کو معلوم ہے کتنے غیر ملکی ٹیکنیشین یہاں رہتے ہیں ۔ جن کے لئے شراب پینا خلاف قانون نہیں ہے ۔ ان کے مذہب میں اس کی بندش نہیں ہے ۔ لہٰذا کوئی شخص اگر اسے جائز طور پر بنائے یا فروخت کرے تو وہ خلاف قانون نہیں ہے ۔ لیکن اگر کوئی ناجائز طور پر کسی چیز کو بنائے یا فروخت کرے تو اس کے خلاف یہ قانون بنایا گیا ہے ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میرے دوست آپوزیشن والے کیوں اسے خلاف شریعت یا خلاف اسلام سمجھتے ہیں ۔

(قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : No interruption, please.

وزیر قانون ۔ آپ اوروں کو پابند نہیں کر سکتے البتہ پاکستانی مسلمانوں کو پابند کر سکتے ہیں ۔ باہر کے لوگوں کو جو foreigners ہیں جو غیر مسلم ہیں کتنے ہزار ایسے لوگ ہیں جو یہاں کام کرتے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ سعودی عرب ، کویت اور لیبیا میں سب کے لئے شراب بند ہے ۔

وزیر قانون ۔ یہ اسلام نہیں ہے کہ اوروں کو بھی پینے نہ دیا جائے ۔ لہٰذا ان الفاظ سے میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*d*), the word "illicit" occurring in line 1, be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment from Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for clause (*c*), the following be substituted, namely :—

"(*c*) keeps or manages a brothel as defined in the West Pakistan Suppression of Prostitution Ordinance, 1961, or is a tout of prostitutes, or lives, wholly or in part, on the earnings of prostitutes or being a Police Officer or public servant gets bribe from any such keeper or manager of any such brothel; or."

Mr. Speaker : I think this is an identical amendment. I will put it direct to the vote of the House. The question is :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for clause (*c*), the following be substituted, namely :—

"(*c*) keeps or manages a brothel as defined in the West Pakistan Suppression of Prostitution Ordinance, 1961, or is a tout of prostitutes, or lives, wholly or in part, on the earnings of prostitutes or being a Police Officer or public servant gets bribe from any such keeper or manager of any such brothel; or".

The motion was last.

Mr. Speaker : Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I beg to move :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*d*) for the word "frequents" occurring in line 1, the word "visits" be substituted.

Mr. Speaker : The amendment moved is :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*d*), for the word "frequents" occurring in line 1, the word "visits" be substituted.

Minister for Law : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - جناب والا - سب کلاز (ڈی) اس طرح ہے :—

"frequents for immoral purposes, houses or localities inhabited by prostitutes."

جناب والا - میں frequents کی بجائے visits لانا چاہتا ہوں - میں

سمجھتا ہوں frequents اتنا واضح نہیں ہے ۔ frequents سے کیا مراد ہے ؟

frequents for immoral purposes, houses or localities inhibited by prostitutes.

میں یہ سمجھتا ہوں جناب والا کہ کرائمز کے لحاظ سے بھی frequents کا استعمال درست نہیں ۔ visits کا لفظ قانون کو زیادہ واضح کر دے گا ۔ اگر آپ frequents رکھیں گے تو ہو سکتا ہے کہ کورٹ میں جا کر interpretation میں وہ fall out کر جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*d*), for the word "frequents" occurring in line 1, the word "visits" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment Mr. Abbasi.

Kazi Muhammad Azam Abbasi : Sir, I beg to move :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*d*), the words "or localities" occurring in lines 1-2. be deleted

Mr. Speaker : The amendment moved is :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*d*), the words "or localities" occuring in lines 1-2, be delected.

There is no opposition to this amendment. The amendment stands carried. Next amendment.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Sir, I beg to move :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*e*), between the comma and word "or" occurring in line 2, the word "clubs" be inserted.

Mr. Speaker : The amendment moved is :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in cluse (*e*), between the comma and word "or" occurring in line 2, the mord "clubs" be inserted.

Minister for Law : Opposed.

Mr. Speaker : I think this is an identical amendment.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی-۸) - تھوڑا سا فرق ہے جناب اس کے متعلق میں تھوڑا سا عرض کرنا چاھتا ھوں - اصل میں میری پہلی ترمیم سے اس کی مماثلت ہے - اور شاید میں rejection کی توقع پر اسے move نہ کرتا - لیکن میری پہلی ترمیم سے اختلاف کرتے ہوئے وزیر قانون نے جو دلیل دی تھی وہ X X X X*

Mr. Speaker : It is not parliamentary and is expunged from the record.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - خلاف ضابطہ ہے تو جانے دیجئے - میں نے تو اسے اچھا سمجھ کر استعمال کیا تھا - اس کے معنی meaningless کے ہوتے ہیں - انہوں نے ایسی مہمل بات کی ہے کہ آئندہ آنے والے لوگوں کو جب اس ایوان کی کارروائی پڑھیں گے اس سے مغالطہ ہو گا اس لئے اس کی وضاحت ہو جانی چاھئے - انہوں نے فرمایا تھا کہ place اتنا جامع لفظ ہے کہ اس میں کلب شامل ہے - اور چونکہ یہ قانون میں موجود ہے کہ جو کسی ایسی place کو رکھے گا یا manage کرے گا جہاں شراب یا جوا کا کاروبار ہوتا ہو اسے غنڈہ قرار دیا جائے گا - اس قانون کے تحت place میں کلب قائم کرنے والے کو لا سکتے ہیں - میں سمجھتا ہوں وزیر قانون نے جو بات کہی ہے خود اس قانون کی دفعہ میں اس کا تضاد موجود ہے - اگر آپ کہتے ہیں place اتنا جامع ہے پھر den کی کیا ضرورت تھی - اس سے ظاہر ہے کہ یہ لفظ اتنا جامع نہیں جتنا آپ کہتے ہیں کیونکہ اس میں den شامل نہیں - اگر place میں den شامل نہیں تو پھر کلب بھی شامل نہیں - اور اگر یہ اتنا جامع ہے کہ اس میں کلب شامل ہے تو پھر اسے داخل کرنے پر اعتراض کیوں ہے - اگر آپ کی

*Expunged as ordered by the Speaker.

نیت ہے کہ کلب کو بھی اسی طریق سے قابل مواخذہ قرار دیا جائے جس طرح den کو تو پھر آپ کو کلب کا لفظ اضافہ کرنے پر کیا اعتراض ہے ۔ اگر آپ کو کوئی اعتراض نہیں تو آپ اس ترمیم کو قبول کریں ۔ میں نے یہ ترمیم اس لئے پیش کی ہے کہ بڑے بڑے شہروں میں جتنی کلبیں ہیں وہاں گورنمنٹ کے افسران ، ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور کمشنر اس کے Ex-officioممبر ہوتے ہیں ۔ وہ شراب اور جوئے کا اڈہ ہوتی ہیں ۔ جہاں شراب اور جوا کھیلا جاتا ہو اس اڈے کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور کمشنر Ex-officio ممبر ہیں ۔ جب جوا اور شراب کو ان کی سرپرستی حاصل ہو تو ہم ان سے یہ کیسے توقع رکھیں کہ وہ شہر میں دوسرے چھوٹے چھوٹے علاقوں میں جو شراب کے اڈے ہوں گے وہ ان کو بند کریں گے ۔ جو شخص خود شراب پیتا ہو اور جوا کھیلتا ہو اس سے یہ توقع رکھنا کہ وہ شراب اور جوئے کو شہر میں بند کرے گا ان سے ایسی توقع رکھنا بیکار ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ فاروقی صاحب آپ یہ فرمائیں کہ اگر دوسری لائن میں "or" کے بعد "clubs" لگا دیا جائے تو

(*e*) frequents resorts of vice such as drinking or gambling dens, or.....

Mr. Mahmood Azam Farooqi : "(*e*) frequents resorts of vice such as drinking or gambling dens, or places....."

Mr. Speaker : The Member says that :

".....in clause (*e*), between the comma and word '*or*' occurring in line 2, the word 'clubs' be inserted."

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Then it will read :

"dens, clubs or places"

Mr. Speaker : There are two 'ors' in line 2.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میری ترمیم کا مقصد یہ ہے کہ اگر آپ واقعی یہ سمجھتے ہیں کہ جوا کھیلنے والے یا شراب

پینے والے شخص کو غنڈہ قرار دیا جائے تو پھر ایسے شخص کو جو شراب اور جوئے کے اڈے پر بار بار جاتا ہو اور آپ کے افسران جو خود اسی شہر میں جوئے اور شراب کے اڈوں کی سر پرستی کرتے ہوں وہ لوگ جو اس کے ex-officio ممبر ہوں اور وہ وہاں اپنے صبح وشام بسر کرتے ہوں ان سے کیسے توقع رکھی جائے کہ وہ شراب اور جوئے کے اڈوں کو شہر میں بند کریں گے ۔ جب سب سے بڑے غنڈوں کی فہرست میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور کمشنر کا نام ہے آپ ان کو ان کلبوں میں جانے سے روکیں یا پھر ان کلبوں میں جانے والے کو غنڈہ قرار دیا جائے ۔

وزیر قانون ۔ جناب والا ۔ میں جناب محمود اعظم فاروقی صاحب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ "dens" کا مطلب وہ اڈے ہیں جہاں پر شراب وغیرہ کا خاص کام ہوتا ہے ۔ اس کے بعد "or a place" کے جو الفاظ استعمال کئے ہیں اس میں کلبیں آ جاتی ہیں ۔ آپ یہ تصور نہ فرمائیں کہ ان کلبوں میں صرف جوا کھیلتے ہیں کیونکہ وہاں پر بلیرڈ ۔ ٹینس وغیرہ بھی کھیلا جاتا ہے اور وہاں لائبریری بھی ہوتی ہے ۔

"Clubs" is included in the term "places" and, therefore, it is unnecessary according to me.

Mr. Speaker: The question is:

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*e*), between the comma and word "or" occurring in line 2, the word "clubs" be inserted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: No. 15.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I beg to move:

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*e*) be deleted.

Mr. Speaker: The amendment moved is:

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*e*) be deleted.

Minister of Law: Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - جناب والا - اس سیکشن کی عبارت واضح نہیں ہے - اگر آپ دیکھیں تو اسکی عبارت اس طرح ہے کہ -

"frequents resorts of vice such as drinking or gambling dens..."

اور پھر دیکھیں جناب والا-

"or places where opium or other intoxicating drugs are smoked....."

میں سمجھتا ہوں کہ جو الفاظ ہیں وہ درست نہیں ہیں اور انہوں نے جس شکل میں یہ ترمیم دی ہے اس سے continued sentence نہیں بنتا ہے -

جناب والا - میری دوسری گذارش یہ ہے کہ کسی کو غنڈہ قرار دینے کے لئے صرف اسی قدر طریقہ کافی نہیں کہ وہ کسی gambling dens میں یا دوسری جگہ پر بار بار جاتا ہو - میں صرف یہ مثال دیتا ہوں کہ ڈسٹرکٹ مجسریٹ یا اس کے رشتہ دار وہاں جاسکتے ہیں - اس کا کوئی ملنے والا جا سکتا ہے تو اس طریقہ سے abuse of power کی صورت پیدا ہو جائے گی - میں سمجھتا ہوں کہ محض اس بنا پر کہ کوئی شخص کسی جگہ پر جاتا ہے اسے غنڈہ قرار دینا واجب نہیں ہے - اس کے علاوہ جب اس کا چالان ہوگا تو کیا عدالت میں یا ٹریبونل کے روبرو شہادت پیش کرنا کافی ہے کہ فلاں شخص وہاں جاتا ہے اس لئے اسے غنڈہ قرار دے دیا جائے تو جب اس شخص کی prosecution ہوگی تو ایسے شخص کی ضمانت نہیں لی جاسکتی کم از کم ہائی کورٹ میں اس کی ضمانت کے لئے درخواست نہیں دی جا سکتی - اس لئے اس قانون میں اس صورت سے یہ اختیارات دئے جانا واجب اور درست نہیں ہے -

Mr. Speaker: The question is:

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*e*) be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: Next 16.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I beg to move:

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for clause (*f*), the following be substitued, namely:—
>
> "(*f*) makes fraudulent collection in the name of charity and has been previously convicted on this charge; or".

Mr. Speaker: The amendment moved is:

> That in section 5 of the Ordinande, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for clause (*f*), the following be substituted, namely:—
>
> "(*f*)) makes fraudulent collection in the name of charity and has been previously convicted on this charge; or".

Minister of Law: Opposed.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - جناب والا - انهوں نے ترمیمی هنگامی قانون میں دفعه ۱۳ سے پہلے چار یا پانچ معقول دفعات شامل کی ہیں جن سے یه ثابت هو جائے که کوئی شخص جو جوا خانه یا شراب خانه وغیره کو چلا رها هو - ناجائز شراب کشید کر رها هو - یا کوئی قحبه خانه چلا رها هو یا ایسی جگهوں پر بار بار جاتا هو میں سمجهتا هوں که یه وجوهات معقول هوسکتی ہیں - لیکن دس باره پندره وجوهات کسی شخص کو غنڈه قرار دینے کے لئے جو که وه اس سے آگے دے رهے ہیں درست نہیں - میں سمجهتا هوں که کسی شخص کو اس طریقے سے غنڈه بنانا اس کے حقوق آزادی کو سلب کر دینا ہے اس طرح اسے غنڈه قرار دینا نہایت هی ناواجب ہے -

جناب سپیکر میری یہ گزارش ہے کہ یہ ایک خصوصی قانون ہے جس میں ضمانت کی دفعات اتنی کم ہیں کہ ھائی کورٹ یا سپریم کورٹ کے دروازے بند کر دیئے گئے ہیں ۔ ایسے سخت قانون کے ہوتے ہوئے جو ترامیم کی گئی ہیں وہ یہ ہیں . . .

"makes fraudulent collection in the name of charity..."

کسی سیاسی جماعت یا ادارے کو یا کسی سوشل ویلفیئر ادارے کو یہ کہہ سکتے ہیں کہ آپ نے خیرات کے نام پر جو رقم وصول کی ہے یہ وصولی بدیانتی پر مبنی ہے ۔ یہ قانون جنگل کا قانون ہے ۔ جیسے ہم کسی غیر مہذب ملک میں رہتے ہوں ۔ کیا پاکستان کا قیام اس لئے عمل میں آیا تھا کہ چند افراد ، چند جابر قسم کے افراد انگریز کے جانشیں بن جائیں ۔ میں اس موقع پر انگریز قوم کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ انہوں نے لوٹ کھسوٹ کے باوجود انصاف کے دروازے بند نہیں کئے تھے ۔ میں اس دکھتی ہوئی رگ کو چھیڑنا نہیں چاہتا ۔ یہ خود ھی کرتے ہوئے اس ترمیم کو واپس لے لیں گے ۔ کیا یہ جائز بات ہے کہ

"Makes fraudulent collection in the name of charity..."

کی بنا پر اس طرح کسی کو غنڈہ قرار دے دیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ کو پتہ ہے کہ اگر کوئی آدمی بددیانتی سے رقومات وصول کرتا ہے تو اس کے لئے سزا تو رکھی ہے

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ یہ بڑی سیدھی سی بات ہے ۔ میں نے یہ کہا ہے کہ اگر وہ سزا یافتہ ہے اور اس کا ریکارڈ ان کے پاس ہو ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس میں تو "fraudulent" کا لفظ ہے کہ جو بددیانتی سے خیرات کے نام پر روپیہ وصول کرتا ہو ۔

ملک محمد اختر - جناب والا- اس کام کے لئے جو مشینری ہوگی وہ اچھی ہونی چاہئے - پولیس افسر کے الزام لگانے پر کسی کو مجرم نہیں گردانا چاہئے اور اس کی پوری پوری تحقیقات کرنی چاہئے اور غنڈہ ایکٹ کی جو دفعات ہیں اگر وہ اس کے تحت آتا ہو تو اس کے بعد ہی اس کو مجرم قرار دیا جائے ورنہ بصورت دیگر اس کو بری کر دینا چاہئے -

Mr. Speaker: The question is :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for clause (*f*), the following be substituted, namely:—
>
> "(*f*) makes fraudulent collection in the name of charity and has been previously convicted on this charge; or".

The motion was lost.

Mr. Speaker: Next amendment No. 17 by Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar: Sir I beg to move :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*g*) be deleted.

Mr. Speaker: The amendment moved is :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*g*) be deleted.

Minister for Law: I opposed it Sir.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب والا - الیکشن کے موقعہ پر ایسے قانون کو لانا جس سے civil liberties کو خطرہ ہی خطرہ ہو - میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایک نہایت متشددانہ قانون ہے - جس میں نہ داد ہے اور نہ فریاد - اس میں دریافت پر یہ قرار دینا کہ کوئی شخص عام طور پر مخمور پایا جاتا ہے ٹھیک نہیں ہے - غنڈہ ایکٹ اور special laws میں پہلے ہی کئی دفعات ہیں - لہٰذا یہ نہایت ہی ضروری ہے کہ ہمیں ایسی دفعات جو کسی کو غنڈہ ایکٹ کی زد میں لائیر نہیں لانی چاہئیں -

Mr. Speaker : Please be relevant to the amendment.

ملک محمد اختر - جناب والا - جس شق (g) کو میں نے delete کرنے کے لئے کہا ہے - اگر آپ اس کو دیکھیں تو اس کی wording یہ ہے "is frequently drunk and disorderly in public"

جناب والا - یہ اندازہ فرمائیں کہ یہ حکومت جو مے نوشی کو جائز قرار دیتی ہے جو حکومت کلب میں جا کر شراب پینے کو جائز قرار دیتی ہے یعنی جناب والا - یہ ایک جملہ ہے - کہ یہ امیر کی عیاشی ہے اور اگر اس عیاشی کو غریب کرے تو بدمعاشی کا لفظ دے دیا جاتا ہے - یہ اپنے ضمیر کو ٹٹولیں - جناب لامنسٹر صاحب - کیا قانون کی چکی ان اشخاص کے پیسنے کے لئے کافی نہیں - کہ ان الفاظ کو "is frequently drunk and disorderly in public" غنڈہ ایکٹ میں incorporate کرنے کے بعد . . . . . .

Mr. Speaker: The question is:

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*g*) be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: Next amendment No. 18 by Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar: Sir I beg to move :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*h*) be deleted.

Mr. Speaker: The amendment moved is :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*h*) be deleted.

Minister for Law: Opposed Sir.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب والا - یہ ایک ایسی دفعہ ہے - جس کو میں ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں - تاکہ ایوان ہی اس بات کا انصاف کرے - کہ ایسے اشخاص جن میں یہ بات ہو -

"is in the habit of using obscene and abusive language in public." یعنی اگر کوئی آدمی برسر عام گالیاں کسی کو دو تین دفعہ دیتا ہے ۔ اور اس کا کوئی انسپکٹر یا سب انسپکٹر دوست ہے اور وہ تین رپٹ لکھواتا ہے ۔ وہ قابل چالان ہے ۔ میں کافی اختصار کے ساتھ عرض کر رہا تھا ۔ مگر مجھے یہاں عرض کرنے دیجئے کہ سب سے پہلے اس شخص کے خلاف کیا ہوگا ۔ پہلے تین رپٹ درج ہونگی ۔ پھر ایک ٹریبونل کے پاس پیش کیا جائے گا ۔ ٹریبونل کو اختیار ہے کہ ایک ماہ کے لئے یا مقررہ میعاد کے لئے اُسے جیل میں بھیج دے ۔ اس کی ضمانت نہیں ہوگی ۔ یہ رسہ کشی ہے ۔ Judiciary اور Executive کے اختیارات میں اور موجودہ صدارتی نظام Executive کو اختیار دیتا ہے ۔ ان کے لئے زیادہ مفید اور دور رس نتیجہ نکل سکتا ہے ۔ اس لئے ٹریبونل کو یہ powers دی گئی ہیں ۔ یہ لامحدود اختیارات اور پھر ٹریبونل کی proceedings ہونگی ۔ جن میں یہ affidavit دے سکتے ہیں ۔

وزیر قانون ۔ affidavit کو اس میں سے نکال دیا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ اچھا کیا ہے ۔ آپ نے defence کا کوئی موقعہ نہیں دیا ۔ ٹریبونل کے سامنے proceedings ہونگی ۔ اور اس کے بعد notify کر دیا جائیگا کہ وہ غنڈہ ہے ۔ پھر یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ جس شخص پر obscene language استعمال کرنے کا الزام ہو اس پر Probation Officer بٹھا دیا جائے ۔ جناب والا ۔ اب آپ اندازہ فرمائیں کہ اس ملک میں ایسی قانونی دفعات کے ہوتے ہوئے اور پھر اس کے photographs اور finger prints بھی لئے جاتے ہیں ۔ پھر دفعہ (۲۴) ہے Cr.P.C. کی bar ہے وہ کسی جگہ نہیں جا سکتا ۔ تصور اس کا صرف یہ ہے کہ "frequently drunk and disorderly in public" ہے میں سمجھتا

ہوں کہ کسی آزاد ملک میں ایسے ناپاک اور unholy قانون کبھی نہیں بنائے گئے ۔

Mr. Speaker: The question is:

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance. clause (*h*) be deleted.

The Motion was lost.

Mr. Speaker: Next amendment No. 19 by Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I beg to move.

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*i*), for the word "eighteen" occurring in line 1, the word "sixteen" be substituted.

Mr. Speaker: The amendment moved is:

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*i*), for the word "eighteen" occurring in line 1, the word "sixteen" be substituted.

Minister for Law: Sir, before I oppose it, I will just make one submission.

وہ کہتے ہیں کہ ۱۶ سال کے نیچے جو ہو اس کے ساتھ کوئی چھیڑ چھاڑ ہو تو خلاف قانون ہے ۔ اگر ۱۸ سال کے نیچے ہو تو یہ نہیں ۔ ہم نے تو ملک صاحب ۱۸ سال کر دیا ہے ۱۶ سال کی بجائے ۔ لہٰذا جناب والا ان کی خدمت میں گزارش ہے کہ ان کا مقصد تو حل ہو جاتا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ یہ دفعہ اس سے طرح ہے کہ ۱۸ سال کی عمر تک اگر کوئی corrupt person ہو تو میں یہ چاہتا ہوں کہ ۱۸ کی بجائے ۱۶ سال کر دیا جائے ۔ دراصل بات یہ ہے کہ اس عمر میں تو کوئی نوجوان اپنی عادت اور اطوار کو develope کر چکا ہوتا ہے ۔ اس لئے ۱۸ کی بجائے ۱۶ سال کر دیا جائے تاکہ ابھی وہ اپنی عادات اور character کو develope نہ کر چکا ہو ۔

وزیر قانون - میں اسے oppose کرتا ہوں -

ملک محمد اختر - جناب والا - ۱۸ سال تو زیادہ عمر ہے - میں چاہتا ہوں کہ اسے ۱۶ سال کر دیا جائے -

Mr. Speaker: The question is :—

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*i*), for the word "eighteen", occurring in line 1, the word "sixteen" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: Next amendment No. 20.

Malik Muhammad Akhtar: I beg to move :—

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for clause (*i*), the following be subsituted, namely:—

"(*i*) annoys or molests persons, particularly women or persons under eighteen years of age and has previously been convicted on this charge; or".

Mr. Speaker: The amendment moved is:

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section section 13 of the principal Ordinance, for clause (*i*), the following be substituted, namely:—

"(*i*) annoys or molests persons, particularly women or persons under eighteen years of age and has previously been convicted on this charge; or".

Minister for Law: Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - جناب والا - یہ پھر ایسی دفعہ ہے - ایک معمولی سی بات پر غنڈہ قرار دینے کے لئے یہ شق لے آئے ہیں - یعنی اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو بالخصوص عورتوں کو تنگ کرتا ہے - جن کی عمر ۱۸ سال ہے - تو جو شخص ایسی قبیح حرکت کرتا ہے - اس کو سزا دی جائے -

مسٹر سپیکر - جو ممبران اس وقت ہاؤس میں تشریف لائے ہیں - میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ میں نے اس سے

پہلے ہدایت کی تھی - کہ ہاؤس میں بیٹھ کر باتیں کرنا خلاف آداب ہوگا - میں اس سے زیادہ سخت لفظ استعمال کرنا نہیں چاہتا - اس لئے ممبران اس کے متعلق آگاہ رہیں -

Major Muhammad Aslam Jan: Point of order. There is no quorum in the House.

Mr. Speaker: Let there be a count (*count was taken*). The House is in quorum.

ملک محمد اختر - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کسی شخص کو محض اس جرم پر کہ وہ کسی شخص کو بالخصوص عورتوں کو annoy یا molest کرتا ہے - یا طعنہ دیتا ہے یا فقرہ کشی کرتا ہے تو اس کو بھی غنڈہ گردی کی چکی میں پیس دیں - اگر میں اس کی یہ مثال دوں کہ انہوں نے خود ہی معاشرہ کو اس قدر بگاڑ دیا ہے اور خود ہی co-education کی اجازت دی ہے - کلبوں میں خواتین سے کھل کر باتیں کی جاتی ہیں - بچوں کو اس قدر آزاد کر دیا ہے کہ اب وہ ایسی حرکات کرتے ہیں - ہر گھر میں تو نہیں البتہ بہت سے بڑے گھروں میں لڑکے اور لڑکیاں freely ملتے جلتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ اس سے ان میں قدرے بے تکلفی پیدا ہوتی ہے - ہم مخلوط تعلیم کو encourage نہیں کرتے - اس لئے ہر گھر میں نہیں - لیکن اکثر ایسے گھروں میں جہاں مغربی تہذیب گھس چکی ہے - لڑکے اور لڑکیوں میں کو تمیز نہیں - اعلیٰ خاندانوں کے چشم و چراغ جن میں نر اور مادہ دونو شامل ہوتے ہیں وہ بے تکلفی سے گول کمروں میں بیٹھتے ہیں - گپ بازی ہوتی ہے بعض اوقات تو آپس میں عشقیہ خطوط بھی لکھے جاتے ہیں - اس لئے جو لوگ ان کے سرپرست اور guardians ہوتے ہیں اگر وہ ان کو بے راہروی پر چھوڑ دیں گے - تو یہ غلط بات ہوگی -

جناب والا ۔ سوسائٹی اس قدر گمراہ ہو چکی ہے کہ اس وقت یہ قرار دینا کہ اگر کسی شخص نے کسی لڑکی پر کوئی فقرہ کسا تو اسے غنڈہ قرار دیا جائے گا حالانکہ P.P.C. میں کئی ایسی دفعات ہیں جن کے تحت ان کو prosecute کیا جا سکتا ہے ۔ اگر یہ طریق کار ہوگا جو آپ نے تجویز کیا ہے تو اس سے advanced families سو فیصد غنڈوں کی زد میں آ جائیں گی اس لئے آپ ایسا قانون لائیں جس سے یہ خرابی دور ہو ۔ پردہ کو رائج کریں کلبوں کو بند کریں اور ملک میں شراب کا ایک قطرہ نہ آئے ۔

Mr. Speaker: But the Member has not supported the amendment so far.

Malik Muhammad Akhtar: I am supporing it.

Mr. Speaker: The amendment is only to the effect that the man should be a previous convict on this charge.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ چیز اس قدر عام ہے اور یہ ایسی common vice ہے ۔ کہ ہر شخص معمولی سی بات پر غنڈہ ایکٹ کی زد میں آ جائے گا ۔ اگر کوئی عادی مجرم ہو اور راہ چلتی خواتین کے پیچھے جاتا ہو تو اس کو سزا دینا چاہیے ۔

Mr. Speaker: I will now put the amendment to the vote of the House.

The question is :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for clause (*j*), the following be substituted, namely:—
>
> "(*j*) annoys or molests persons, particularly women or persons under eighteen years of age and has previously been convicted on this charge; or".

The motion was lost.

Mr. Speaker: Next amendment No. 21.

Malik Muhammad Akhtar: I beg to move :—

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*k*) be deleted.

Mr. Speaker: The amendment moved is :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*k*) be deleted.

Minister for Law: Opposed.

ملک محمد اختر - جناب والا - پھر یہ معمولی سے جرم کے لئے غنڈہ ایکٹ کا نفاذ کرنے کے لئے جو دفعہ لے آئے ہیں وہ یہ ہے -

"does obscene acts such as wilful exposure of his person in public"

جناب والا - انتہا ہے کہ یہ لوگ ایسی کلبوں میں جاتے میں جہاں ننگے ناچ ہوتے ہیں -

Mr. Speaker: Is the Member supporting wilful exposure !

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر آپ یہ فرمائیں کہ اگر ایک شخص خود برسر عام ننگا ہو جائے تو یہ کہتے ہیں کہ غنڈہ ہے اور اگر ہماری پولیس لڑکوں کو راولپنڈی میں ننگا کرتی ہے تو ہماری حکومت کی پولیس کے بارے میں کیا رائے ہے ؟

Mr. Speaker. This is no point of order.

ملک محمد اختر - یہ ۳ دسمبر کو انگریزوں کے جانشین بڑے بڑے ہوٹلوں میں - - - - -

مسٹر سپیکر - آپ کا مطلب یہ ہے کہ جو ننگا پھرے اس کو غنڈہ نہ قرار دیا جائے -

ملک محمد اختر - جناب والا - میرا مطلب یہ ہے اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ کوئی آدمی باڈی بلڈر ہے اور وہ صرف بنیان پہن لیتا ہے یا کوئی ایک سکرٹ پہن لیتا ہے تو ان کو اس کی وضاحت کرنا چاہئے -

مسٹر سپیکر - آپ نے اس پر کوئی امنڈمنٹ نہیں دی ہے -

ملک محمد اختر - جناب جو لوگ L.S.D. کی pills بیچتے ہیں انٹر کانٹی ننٹل ہوٹل میں تو ایسے لوگ بہت آتے ہیں اور جہاں کے management پر حکومت کا اثر ورسوخ ہے یا جو دوسرے کلب ہیں مثلاً جم خانہ کلب وغیرہ - اگر میرے ساتھ لامنسٹر صاحب وہاں چلیں تو میں ان کو دکھادوں -

وزیر قانون - میں نہیں جاؤں گا -

ملک محمد اختر - میرا مطلب یہ ہے کہ اگر چھوٹے آدمی ایسا کام کریں تو آپ ان کو بدمعاش کہتے ہیں اور اگر کوئی بڑا آدمی ایسا کام کرے تو آپ اس کو عیاشی کا نام دیتے ہیں -

Mr. Speaker : The question is :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinauce, clause (*k*) be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for clause (1), the following be substituted, namely :—

"(1) Insults the modesty of women by using foul language or making indecent sounds or gestures, or by exposure of his person or the person of any other individual or of any object or otherwise howsoever and has been previously convicted on this charge; or".

Mr. Speaker : Does the Member press this amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Not pressed.

Mr. Speaker: Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That in section 5 of the Ordinance. in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*m*) be deleted.

Mr. Speaker : The amendment moved is :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*n*) be deleted.

Minister for Law : Opposed.

ملک محمد اختر - (لاہور-۲) جناب والا - انہوں نے پھر رائی کا پہاڑ بنا دیا ہے - اگر آپ اس دفعہ کو دیکھیں تو یہ ہے -

"Behaves riotously in public by entering into affrays, or otherwise howsoever; or

بعض یہ لوگ چاہتے ہیں کہ کوئی آدمی سڑک پر نہ نکلے کوئی بات نہ کرے - ان کے نزدیک غنڈہ ایکٹ میں conviction کس طرح ہوگا ؟ اگر کسی شخص پر کوئی فوجداری مقدمہ ہوتا ہے اور اس کا جرم یہ ہے کہ وہ کسی پر جھوٹا الزام لگاتا ہے تو یہ اس کا غنڈہ ایکٹ میں چالان کر دیں گے - جناب والا - آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے اور اس پر بڑے بڑے foreigners کی opinion ہے اور ہمارے ججوں کی بھی رپورٹیں ہیں کہ اس ملک میں جھوٹی شہادتیں مہیا کرنا نہایت ہی آسان کام ہے بلکہ پولیس کے پاس ان کے اپنے touts ہیں اور پھر ان کے پاس B. D s' کا با برکت نظام ہے اس سے جھوٹھی شہادتوں کی فراوانی کر دی گئی ہے محض دو آدمیوں کے کہنے پر ان کو غنڈہ قرار دیا جا سکتا ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ لامنسٹر صاحب ہی کو شرف حاصل ہے کہ وہ ایسے قوانین لائیں اور اس میں believe کریں -

Mr. Speaker : The question is :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*n*) be deleted.

The motion was lost.

Mr: Speaker : Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move.

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the Principal Ordinance, clause (*n*) be deleted.

Mr. Speaker : The amendment moved is:

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*n*) be deleted.

Minister for Law : Opposed.

ملک محمد اختر - (لاہور-۲) جناب والا - آپ کلاز (۴) کو ملاحظہ فرمائیں جو یوں ہے -

> "Causes fear or alarm to the public or any section or member thereof, by issuing threats, verbally or in writing, or by making, publishing or circulating false statements, rumours or reports; or "

جناب والا اگر اس قانون کے لیے کوئی یہ جوڈیشل مشینری گاتے تو میں شاید اس کلاز پر اعتراض نہ کرتا - جناب والا اس کا discrimination کون کرے گا کہ عوام میں سے کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو دھمکیاں دیتا ہے یا کوئی - - -

مسٹر سپیکر - میں نے ابھی ابھی ممبران صاحبان کی خدمت میں جو کچھ کہا تھا اس کا اطلاق خواتین ممبروں پر بھی اسی طرح ہوتا ہے جس طرح gents پر -

ملک محمد اختر - اب آپ ملاحظہ فرمائیں کہ ایک شخص کوئی سرکولر publish کرتا ہے اس میں کسی پر الزام لگاتا ہے کہ وہ corrupt ہے یعنی کسی فرد یا کسی افسر کے خلاف کوئی گمنام خط لکھتا ہے یا کسی اعلیٰ افسر کے خلاف ایسا لٹریچر circulate کرتا ہے جس میں ایسے الزامات ہیں تو یہ اس کو دو ماہ کے لئے غنڈہ قرار دے دیں گے - یا جناب والا اگر کوئی شخص کسی ڈپٹی کمشنر کے خلاف کچھ لکھتا ہے اور ڈپٹی کمشنر کسی شخص کے مقدمہ میں ٹریبونل کا صدر ہے تو اس کو یہ دو ماہ کے لئے غنڈہ قرار دے دیں گے - یعنی میں سمجھتا ہوں کہ اس دفعہ سے صحافت تو بالکل ختم ہو گئی اور صحافت کا اور freedom of expression کا جنازہ نکل گیا ہے - جناب والا

یہ جو حرکات یہاں پر کر رہے ہیں اس کی وجہ سے عوام بپھر گئے ہیں - یہ چاہتے ہیں کہ ان کے خلاف کسی طرح کا expression of opinion نہ ہو -آخر جناب والا یہ ایک آزاد ملک ہے یا یہ کوئی ریاست ہے یا صدر مملکت کا بسایا ہوا جزیرہ ہے جس میں ان کے حواری اس قسم کے قوانین لا رہے ہیں - ہم ایک آزاد مملکت ہیں - مجھ میں ان قوانین کو دیکھنے کے بعد بغاوت کا جذبہ ابھر رہا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ ایسے شرمناک قوانین لانے والے صدر مملکت سے زیادہ ان کے حواری ہیں - اور اس mal-administration کی سزا جو آج اس ملک میں پا رہا ہے یا جس شخص کو اس کی سزا مل رہی ہے وہ صرف صدر مملکت کی ذات ہے -

Mr. Speaker : The question is :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*n*) be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Amendment No. 25 is not moved. It also stands in the names of Khwaja Muhammad Safdar, Mr. Hamza, Mr. Mahmood Azam Farooqi, Major Muhammad Aslam Jan and Malik Miraj Khalid. Next amendment Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, for para (*p*), the following be substituted, namely :—

"(*p*) makes a livelihohd, or extorts money or other property or seeks any concession or favour from any one, by any form of intimidation and has previously been convicted on this charge; or".

Sir, I don't want to press this amendment.

Mr. Speaker : Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*q*) be deleted.

Mr. Speaker : The amendment moved is :

That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*q*) be deleted.

Minister for Law : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور ۲) ۔ جناب والا آپ غور فرمائیں کہ اگر کوئی قانون کو defy کرتا ہے تو آخر پی پی سی کی چار پانچ سو دفعات ہیں اور جو شخص ان کو violate کرتا ہے اس کے لئے ان میں سزائیں بھی ہیں مقرر تو "defy" کا لفظ میں سمجھتا ہوں ایک vague لفظ ہے ۔

ملک معراج خالد ۔ جناب والا کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Let there be a count (*count was taken*). The House is in quorum.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ defy کا لفظ vague ہے اور defy the ban بھی ایک vague term ہے اور پھر یہ کہہ دینا کہ کوئی قانون شکنی کرتا ہے مناسب نہیں ہے ۔ جناب والا میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر کوئی قانون کو defy کرتا ہے تو اس کو یقیناً سزا ملتی ہے لیکن ایک vague term کے ذریعے کسی کو غنڈہ ایکٹ میں پھنسانا اور یہ کہہ دینا کہ یہ امن عالمہ کو خطرہ میں ڈال رہا ہے یہ بے انصافی ہے ۔ سب سے زیادہ تو مجھے اس بات کا خدشہ محسوس ہو رہا ہے کہ اس vague term سے کئی بے گناہ اشخاص کو سزا مل جائے گی ۔ جناب والا اس حکومت سے کسی قسم کی نیکی کی توقع کرنا عبث ہے بر سر اقتدار طبقہ کا مقصد یہ ہے کہ لوگوں کو محکوم بناؤ ۔

Mr. Speaker The question is :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, clause (*q*) be deleted.

The motion was lost

Mr. Speaker : Next 28.

Malik Muhammad Akhtar : Not moving.

Mr. Speaker : Next 29.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*s*) between the words "Code" and semi-colon appearing at the end, the words "and has previously been convicted for the same" be inserted.

I am not pressing it.

Minister for Law : Why did the Member move it?

Mr. Speaker : There is no question of not pressing it. The amendment is either moved or not moved.

Malik Muhammad Akhtar : I am not making a speech on it.

Mr. Speaker : The question is :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*s*) between the word "Code" and semi-colon appearing at the end, the words "and has previously been convicted for the same" be inserted.

The motion was lost

Mr. Speaker : No. 30.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Sir, I beg to move :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the principal Ordinance, in clause (*s*) between the word "Code" and semi-colon occurring in line 4, the words " or which he knows or has reason to believe to be smuggled goods illegally imported into Pakistan" be inserted.

Mr. Speaker : The amendment moved is :

> That in section 5 of the Ordinance, in the proposed section 13 of the Principal Ordinance, in clause (*s*) between the word "Code" and semi-colon occurring in line 4, the

words "or which he knows or has reason to believe to be smuggled goods illegally imported into Pakistan" be inserted.

Minister for Law : Opposed.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - میں اس اختلاف کی وجہ سمجھ نہیں سکا اصل میں اس کلاز کا مدعا یہ ہے کہ کوئی شخص جو چوری کا مال رکھتا ہو اور اس مال کا لین دین کرتا ہو وہ غنڈہ قرار دیا جا سکتا ہے میں نے اضافہ یہ کیا ہے کہ اگر کوئی شخص smuggled چیز جو پاکستان کے قانون کے خلاف درآمد کی گئی ہو رکھتا ہو یا اس کا کاروبار کرتا ہو تو اس کو اس طرح treat کیا جائے جس طرح چوری کرنے والے شخص کو treat کیا جاتا ہے یہاں کئی معزز لوگ ہیں جو سمگل کئے ہوئے سگریٹ پیتے ہیں یہ عام چیز ہے کہ انگلینڈ اور امریکہ کے سمگل شدہ سگریٹ بغیر کسی قانون کے درآمد کئے جاتے ہیں اور اگر میں ان اشخاص کا نام لوں جو اس کاروبار میں شریک ہیں تو شاید مناسب نہ ہو -

مسٹر حمزہ - وہ اس کو جائز کاروبار تصور کرتے ہیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - میرے سامنے بھی بہت سے معزز لوگ بیٹھے ہیں تو میں نے ترمیم اس لئے پیش کی ہے کہ ایسے لوگ جو اس قسم کا غیر قانونی کاروبار کرتے ہوں اس میں شریک ہوں کیوں کہ میں سمجھتا ہوں کہ خریدنا بھی شریک ہونا ہے اور یہ ایک ایسا فعل ہے جسے میں اس ملک کے ساتھ اور ملک کے خزانے کے ساتھ بددیانتی سمجھتا ہوں اور یہی وجہ ہے کہ میں نے یہ اپنی ترمیم پیش کی ہے میں سمجھ نہیں سکا کہ محترم وزیر صاحب نے کیوں اس کے اختلاف فرمایا کیا smuggled goods کو رکھنا آپ جائز سمجھتے ہیں ؟

مسٹر حمزہ (لائلپور-۶) - جناب سپیکر - جب اللہ تعالی نے ہماری بد اعمالیوں کی وجہ سے سزا دینے کے لئے ہم پر اس حکومت کو مسلط کیا تھا تو اس نے اس وقت کی جو حکومت تھی اور اس کے حکمرانوں کے خلاف سب سے بڑا الزام یہ لگایا تھا کہ ان کے دور اقتدار میں سمگلنگ بہت بڑھ گئی تھی - میں یہ نہیں سمجھتا کہ آج وہی حکومت اپنی بد اعمالیوں کی وجہ سے اتنی بزدل کیوں ہو گئی ہے کہ اس نے smuggling کو ایک جرم سمجھنا بھی ترک کر دیا ہے - جناب سپیکر اب یہ برائی اس حد تک بڑھ چکی ہے کہ اس سے ہمارے ملک کی اخلاقیات اور معاشرہ ہی نہیں بلکہ اقتصادی حالت بھی اس حد تک متاثر ہوئی ہے صنعت بھی اس حد تک متاثر ہوئی ہے کہ اس پھیلی ہوئی خطرناک بیماری کے انسداد کے لئے سخت اقدامات کرنے چاہیں - جناب سپیکر افسوس یہ ہے کہ ہماری حکومت نے اس سیکشن کے ایک شیڈول R میں یہ الفاظ درج کئے ہوئے ہیں -

"(r) habitually moves, carries, takes or sends, by any means whatsoever, any goods without the payment of any tax, duty or fee imposed by law or in contravention of any lawful order; or ....."

ویسے اگر اس کی تعریف کو زیادہ بڑھایا جائے یا اس کی صحیح روح کو سمجھایا جائے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کے تحت بھی smuggling کرنے والے اشخاص یا سمگل شدہ مال کا کاروبار کرنے والے یا استعمال کرنے والے - ایسے اشخاص کو اس قانون کے تحت دھرا جا سکتا ہے جناب سپیکر جہاں تک R کا تعلق ہے آپ یقین کیجئے کہ اگر یہ حکومت ایسی ہو جس کو حکومت کا نام دیا جا سکے (میں مجبور ہوں کہ اس کو حکومت کہتا ہوں) تو جتنے بھی آپکے بڑے بڑے صنعتکار ہیں ان کو غنڈہ ایکٹ کے تحت غنڈہ قرار دیا جانا چاہئے - الا ماشا اللہ - - - - (قطع کلامی) -

بیگم اشرف برنی - جناب والا - کیا آنریبل ممبران کو ھاؤس میں اخبار پڑھنے کی اجازت ہے -

Mr. Speaker : Not at all

مسٹر محمود اعظم فاروقی - وہ تو کسی reference کے لئے اخبار دیکھ رہے تھے -

مسٹر حمزہ - (لائل پور - ٦) - جناب سپیکر - کیفیت یہ ہے کہ قانون کے تحت کسی جائز ٹیکس کو ادا نہ کرنا اس قسم کا قبیح جرم ہے کہ اس کے مرتکب کو غنڈہ قرار دیا جا سکتا ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - آپ نے ابھی فرمایا کہ ھاؤس میں اخبار پڑھنا منع ہے میں دریافت کرتا ھوں کہ کیا غالم استغراق میں بیٹھنا ناجائز ہے - (قہقہ)

مسٹر حمزہ - تو جتنے ٹیکس اس ملک میں خوردبرد ھو رہے ہیں خاص کر بڑے بڑے صنعتکاروں کی طرف سے اور اس کے باوجود ھماری حکومت کی مشینری حرکت میں نہیں آتی تو یہ اس امر کا ثبوت ہے کہ یہ تمام کے تمام قوانین محض دکھلاوے کے لئے بنائے جاتے ہیں - لیکن جناب سپیکر عرض یہ ہے کہ سمگلنگ ایسا مسئلہ ہے جس پر صدر مملکت ھزار بار اپنے خیالات کا اظہار فرما چکے ہیں -

Mr. Speaker : Time is extended by ten minutes.

مسٹر حمزہ - سمگلنگ اتنا ملک گیر مسئلہ ہے - اور میں سمجھتا ھوں کہ اس میں ھمیں موقع ملا ہے کہ اس پر تھوڑی بہت اپنے عقل وفہم اور علم و تجربہ کی بنا پر روشنی ڈال سکیں - عرض یہ ہے کہ یا تو حکومت کو چاھئے کہ اس کاروبار کو کھلے بندوں جائز قرار دے دے - لیکن اگر آپ اسے جائز تصور نہیں کرتے تو آپ پر لازم ہے کہ ان برائیوں کی بیخ کنی کے لئے جن کا آپ اس میں ذکر کرتے ہیں اس

بل کی فہرست میں سمگلنگ کو بھی شامل کریں ۔ سمگلنگ سے محض ہماری قومی سالمیت ہی کو نقصان نہیں پہنچتا بلکہ اس سے حقیقتاً ہماری قوم کا اخلاق بھی بہت بری طرح تباہ ہو رہا ہے ۔ آپ کو علم ہو گا کہ بہت سے ایسے افراد سابقہ پنجاب یا سابقہ صوبہ سرحد یا سابقہ سندھ میں دیکھنے میں آئے ہیں ۔ جو چند ہی دنوں میں ناجائز طور پر دولت کما کر بہت زیادہ دولت مند ہو گئے ہیں ۔ اور ناجائز طریقوں میں سمگلنگ سر فہرست ہے ۔ پھر جو ناجائز طریق سے کماتا ہے وہ بے دریغ خرچ کرتا ہے ۔ اور اس کی مثال معاشرہ کے لئے مفید ثابت نہیں ہو سکتی ۔ میں پچھلے دنوں پشاور حاضر ہوا تھا ۔ سب سے بڑی قباحت جو وہاں دیکھنے اور سننے میں آئی یہ تھی کہ پشاور شہر کا جو کاروبار ہے وہ سمگلنگ کی وجہ سے بہت بری طرح متاثر ہوا ہے ۔ اس کے گردونواح کا علاقہ ناجائز کاروبار سے بھرا پڑا ہے ۔ اس کی وجہ سے جو لوگ جائز طریق سے کاروبار کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے مواقع محدود ہو جاتے ہیں اور رزق کی راہیں بند ہو جاتی ہیں ۔ آج ہی حاجی گلاب خان شنواری کا ایک نشان زدہ سوال تھا جس کی غرض و غایت یہ تھی کہ ہمارے قبائلی علاقہ میں کوئی صنعت قائم کی جائے ۔ آپ یقین کیجئے کہ جتنی سمگلنگ اس علاقہ میں ہو رہی ہے حکومت ہزار کوشش کرے اس علاقہ میں کوئی صنعت خاص طور پر چھوٹی صنعت قائم کرنا بالکل ناممکن ہو گا ۔ موجودہ صورت میں بیرونی مال کے مقابلہ میں جو بغیر روک ٹوک ملک کے اندر داخل ہو رہا ہے ہماری صنعت کے لئے جو بالکل نئی ہوگی پنپنا نا ممکن ہو گا ۔ میں اس کی زندہ مثال دیتا ہوں ۔ حکومت نے پشاور میں چھوٹی صنعتیں قائم کرنے کے لئے جو علاقہ مخصوص کیا تھا وہاں صرف ایک کارخانہ قائم ہوا ہے باقی تمام کے تمام پلاٹ بیکار پڑے ہیں ۔ جس آدمی کو وہاں کارخانے کے لئے لائسنس ملتا ہے وہ اسے وہاں نصب کرنے کی بجائے ملک کے دوسرے حصوں کی طرف بھاگتا ہے اور اس کی

وجوھات میں سے ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ وھاں غیر ملکوں سے مال اتنی بہتات میں آتا ہے کہ وھاں کوئی نئی صنعت قائم کرنا منفعت بخش نہیں سمجھتا ۔

آپ نے چند دن پہلے اخبارات میں پڑھا ھو گا کہ ھندوستانی چائے جو افغانستان میں برآمد کی جاتی ہے وھاں سے پاکستان میں ناجائز طریقہ سمگل کی جاتی ہے ۔ اس کا یہ نتیجہ ھوا ہے کہ ھندوستان جسے ھم اپنا دشمن نمبر ایک کہتے ہیں اور جس کا مال ھم اپنے ملک کے اندر درآمد کرنا کبھی پسند نہیں کریں گے ۔ اس کی چیز ناجائز طریق سے ھمارے ھاں آ رھی ہے ۔ ھندوستان وہ ملک ہے جس نے آج تک ھمارے ملک کے وجود کو تسلیم نہیں کیا ۔ اور اس ملک کی کوتاہ اندیشانہ پالیسی اور دشمنی کی وجہ سے یہاں ھنگامی حالات کا نفاذ ہے ایک طرف تو ھم یہ کہتے ہیں اور دوسری طرف تو ھم اس کے ناپسندیدہ عزائم کو پورا کرنے کے لئے خود اس قسم کے مواقع بہم پہنچاتے ہیں ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ انہوں نے سمگلنگ کو اس میں شامل کرنے کی کوشش کی ہے اور ھم سمگلنگ کو ملک اور قوم کے لئے بہت بڑا خطرہ سمجھتے ہیں ۔

Mr. Speaker : The Member is now discussing the political and the international position, and that is not relevant to this amendment.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ معزز اراکین کے علم میں ھو گا دوسری بات یہ ہے کہ ھم ملک میں سمگل شدہ مال پر کسی قسم کی پابندی عائد نہیں کرتے اس کا نتیجہ یہ ہے کہ امپورٹ ڈیوٹی جو کہ حکومت کے خزانے کا ایک بہت بڑا ذریعہ آمدنی شمار کی گئی ہے ۔ اس سے ھماری قوم محروم ھو جاتی ہے ۔ میں بلا خوف تردید کہتا ھوں

کہ کروڑوں روپے کی آمدنی جو ہمیں امپورٹ ڈیوٹی کی شکل میں وصول ہونی تھی وہ سمگلنگ کی وجہ سے ضائع ہو رہی ہے اور یہی کیفیت ہماری ایکسائز ڈیوٹی کی ہے ۔ مرکزی حکومت کی آمدنی میں ایکسائز بہت اہم مد ہے ۔ لیکن سمگلنگ کی وجہ سے کروڑوں روپے کی ایکسائز ڈیوٹی جو وصول ہونا چاہئے تھی وصول نہیں ہو رہی ۔ ان حالات میں میری حکومت سے یہ التجا ہے کہ اگر وہ چاہتی ہے کہ سمگلنگ کے اس پھیلتے ہوئے جرم کو سختی سے روکے تو انہیں چاہئیے کہ ہماری اس ترمیم کو قبول کریں ۔ لیکن اگر حکومت اس ترمیم کو قبول کرنے کے لئے تیار نہیں تو ہم لوگ یہ بات کہنے میں حق بجانب ہوں گے کہ اس میں حکومت کا اپنا ہاتھ ہے ۔ حکومت خود سمگلنگ کرا رہی ہے ۔ خصوصاً شاہی خاندان کے لوگوں کا اس میں حصہ ہے ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

Minister for Law : One moment Sir. I am inclined to argee to accept this amendment and I request the House that they may vote in favour of the amendment.

Mr. Speaker : In this very form "or which he knows or has reason to beleive to be smuggled goods illegally imported into Pakistan".

Minister for Law : As you will see, Sir, the word "habitually" is there in the beginning. I am looking at the section itself.

Mr. Speaker : It reads :

> "habitually receives or deals in property which he knows or has reason to believe to be stolen property as defined in section 410 of the Pakistan Penal Code or which he knows or has reason to believe to be smuggled goods illegally imported into Pakistan."

Even for a packet of cigarettes he should be declared a goonda ?

Minister for Law : I leave it to the opinion of the House. I think it would be better if it is deferred till tomorrow.

Mr. Speaker : I will put this amendment to the House tomorrow.

The House is adjourned to meet again tomorrow, the 28th * January, 1969, at 9.00 A.M.

The Assembly then adjourned (at 1.40 p.m.) till 9.00 a.m. on Tuesday the 28th January, 1969.*

**Sessions of the Assembly could not be held on 28th and 29th January, 1969, on account of the imposition of curfew in Lahore, and was held on 30th January.*

APPENDIX I

(*Ref*; Starred Question No. 14540)

STATEMENT

Year	(*a*) Names and addresses of persons killed by Police in clashes with the Police in 1958—1968	(*b*) Circumstances under which each of them was killed	(*c*) In case, number of persons so killed in the said districts inordinately increased during 1967 and 1968 reasons therefor
	LAHORE DISTRICT		
1958 ...	*Nil*		...
1959 ...	Do.		...
1960 ...	Do.		...
1961 ...	Do.		...
1962 ...	Do.		...
1963 ...	Do.		...
1964 ...	Do.		...
1965 ...	Do.		...
1966 ...	(1) Akbar Latif, son of Muhammad Latif, resident of Bazar Sathan, Inside Bhati Gate, Lahore (killed in case F.I.R. No. 19, dated 13th	Although Section 144, Cr. P.C. was imposed yet the students of M.A.O. College and Hailey College, Lahore took out a procession against Tashkent	...

	October, 1966 under section 307/148/149/332, P.P.C. and 47, Defence of Pakistan Ordinance, 1965, Police Station Old Anarkali, Lahore).	Declaration on 13th October 1966 in contravention of the orders under section 144, Cr. P.C. DSP, Anarkali directed the procession to disperse, but the mob not only disobeyed the orders, but they encircled the Police force and started brickbatting. The Police party in self-defence opened fire on the mob and 6 students were injured, out of whom student Akbar Latif succumbed to his injuries at the spot.	
1967 ...	(1) Barkat, son of Karam Din, caste Machhi, resident of Jhugian Babuki, Police Station Chung (killed in case F.I.R. No. 16, dated 8th February 1967 under section 307/353, P.C.P., and 13th February 1965, Arms Ord., Police Station Chung).	Barkat accused, was a P.O. in many dacoity and murder cases. On a secret information a raiding party under the command of Sh. Abdul Ahmad, Inspector, Pattoki was organized. The P.O. on seeing the Police party opened fire on them with his rifle. The Police party also opened fire at him in self-defence. As a result of this firing the P.O. was killed at the spot and rifle was taken into Police possession.	...
	(2) Sardar *alias* Dari, son of Waryam, caste Od, resident of Naul Itar, Police Station Raiwind killed in case F.I.R. No. 50, dated 20th March 1967 under section 307/353, P.P.C. and 13th February 1965, Arms Ordinance, Police Station Raiwind.	Assistant Sub-Inspector Liaqat Ali Shah of Police Station Khudian raided the village for the arrest of this accused who was wanted in case F.I.R. No. 17/67, under section 379, P.P.C., Police Station Khudian. The accused alongwith his party instead of surrendering themselves to the Police party attacked the Police raiding party and osened fire at them with a pistol. The Police party also opened fire at them in self-defence, as a result of which Sardar *alias* Dari died at the spot.	...

Year	(a) Names and addresses of persons killed by Police in clashes with the Police in 1958—1968	(b) Circumstances under which each of them was killed	(c) In case, number of persons so killed in the said districts inordinately increased during 1967 and 1968 reasons therefor
1967—*Concld.*	(3) Sikandar *alias* Sikandri, son of Rahim, caste Nanari, resident of Mandi Hira Singh, District Sahiwal (killed in case F.I.R. No. 56, dated 21st April 1967 under section 307/353, P. P. C., Police Station Chunian).	This man was a P.O. in many dacoity cases. On receipt of secret information that the P. O. was entering the area of Police Station Chunian, S.H.O., Chunian organized a nakabandi party when he came across there, he was challenged but he opened fire with his rifle at the Police party. The Police party also exchanged fire, in self-defence and the P.O. was killed in encounter with the Police.	...
1968 ...	(1) Abdul Rashid *alias* Shani, son of Noor Muhammad, caste Rajput, resident of Keet, Police Station Kahna. (2) Sarwar, son of Ramzan, Kutpal, Police Station Chunian.	On 14th June 1968 it was reported that Abdul Rashid *alias* Shani, who was a P.O. had come to his village alongwith Sarwar, son of Ramzan with the intention of killing his certain relatives to take revenge of his previous enmity with them. A raiding party under the command of D.S.P., Sadar was organized. When the Police party reached there he instead of surrendering himself opened fire at the Police party. The Police party also exchanged fire, in self-defence as a result of	The increase of 13 cases during the year 1968 is attributable to the desperate behaviour of some of the cultprits who had committed some serious crime and were avoiding arrest. Due to intensive drive against anti-social elements these desperados

	which he along with his companion was killed in the encounter.	came into clash with the Police and were killed in encounter.
(3) Abdul Ghaffar *alias* Ghaffari, son of Faqir Muhammad, Rajput, resident of Bagarian, Police Station Kahna.	On 10th August 1968 DSP/Sadar was on Nakabandi alongwith Police party. This man who was a P.O. and wanted in many criminal cases passed there. The Nakabandi party challenged him to stop, but he opened fire at them with his pistol. The Nakabandi party also opened fire at him in self defence, as a result of which he was killed in encounter with the Police.	Ditto.
(4) Miraj Din *alias* Kaka, son of Nabi Bux Mashki, resident of Changar Mohallah, Mozang, Lahore.	The man who was a B.C. on Bundle 'A' was coming on a bicycle on the night between 3rd/4th September 1968. When he came near the Nakabandi party, the Police party challenged him to stop but instead of obeying them, he opened fire at them. The Police party also exchanged fire, as a result of which he was killed at the spot.	Ditto.
(5) Muhammad Sharif *alias* Jagga, son of Bahali, caste Gujjar, resident of Shadi Park, Mozang, Lahore. (6) Riaz Ahmad *alias* Rajo, son of Mian Khan, Moghal, resident of Quarter No. 32, Military Lines, Moghalpura, Lahore.	On 3rd July 1968, S.H.O., Nawankot alongwith his Police party was on Nakabandi on Band Road, when two men reached there and were challenged to stop. They instead of complying with opened fire at the Police party with a sten gun. The Police also opened fire at them, in self-defence, as a result of which both of them were killed in an encounter with the Police.	Ditto.

Year	(a) Names and addresses of persons killed by Police in clashes with the Police in 1958—1968	(b) Circumstances under which each of them was killed	(c) In case, number of persons so killed in the said districts inordinately increased during 1967 and 1968 reasons therefor
1968—*Contd.*	(7) Muhammad Din *alias* Manna, son of Nadir Beg, caste Moghal, resident of Imamia Colony, Ferozwala, District Sheikhupura.	On 7th October 1968, he after committing theft in Match Factory, Shahdara was trying to escape, when the people of the locality noticed the occurrence and raised an alarm. The Police party on patrol duty in the area followed him in pursuit and challenged him to stop. At this, this man opened fire at the Police party with his pistol. The Police party also exchanged fire in self-defence, as a result of this firing this accused was killed at the spot.	The increase of 13 cases during the year 1968 is attributable to the desperate behaviour of some of the culprits who had committed some serious crime and were avoiding arrest. Due to intensive drive against anti-social elements these desperados came into clash with the Police and were killed in encounter.
	(8) Muhammad Siddique *alias* Abdul Rashid, son of Feroze Din, Rangar, resident of Bhuller, Police Station Pasrur, district Sialkot, temporarily living at Singpura, Police Station Baghbanpura, Lahore.	On 13th October 1968 he was found cutting telephone wire malaciously when Police patrolling party reached there. Seeing the Police party he opened fire at them with his pistol. The Police party als exchanged fire whereon he was killed at the spot.	Ditto.

(9) Mehar Shah, son of Rehman Shah, Syed, resident of Per Moti, District Mardan B.C.	A Nakabandi party under the command of Inspector, Qasur was functioning at night, when at about 2 a.m. this accused was seen coming from Qasur side bringing smuggled goods on his car. He was signalled by the Police party to stop, but he opened fire at them by his gun. The Nakabandi party also opened fire at him which hit him and he was killed.	Ditto.
(10) Sardar Laddi son of Nawab, caste Faqir, resident of Roor Singhwala, Police Station Sadar Qasur (P.O. and B.C).	On 17th August, 1968, the Police was organizing Nakabandi near Rajbah Daftuh. At about 3 a.m. this accused tried to cross the bridge when he was challenged by the Nakabandi party to stop but he opened fire at them with his gun. The Police party also exchanged fire in self-defence, as a result of which he was killed.	Ditto.

Year	(a) Names and addresses of persons killed by Police in clashes with the Police in 1958—1968	(b) Circumstances under which each of them was killed	(c) In case, number of persons so killed in the said districts inordinately increased during 1967 and 1968 reasons therefor.
